# فتاویٰ حامدیہ

تصنیف :

حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں

قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ

جمع و ترتیب

مولانا محمد عبد الرحیم نشتر فاروقی

مرکزی دار الافتاء بریلی شریف

شبیر برادرز ۴۰۔ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں

# فتاویٰ حامدیہ

تصنیف

حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدس سرہ

جمع و ترتیب

مولانا محمد عبدالرحیم نشتر فاروقی مرکزی دارالافتاء بریلی شریف

ناشر:

شبیر برادرز ۴۰۔ اردو بازار لاہور

marfat.com

كل الحقوق محفوظة

نام کتاب :- فتاویٰ حامدیہ

نام مصنف :- حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ

نام مرتب :- مولانا محمد عبد الرحیم نشتر فاروقی مرکزی دار الافتاء بریلی شریف

ناشر :- شبیر برادرز۔ ۴۰ بی، اردو بازار۔ لاہور

تقسیم کار

حسب فرمائش :- شہزادۂ تاج الشریعہ حضرت مولانا محمد عسجد رضا خاں قادری، بریلوی

پروف ریڈرس :- مولانا احتشام الدین، مولانا یونس رضا، مولانا جمیل اختر، مولانا محمد احسن رضوی
حافظ محمد ضیاء الحق قادری، حافظ محمد شاہد رضا

صفحات :- ۴۵۶/ 456 چار سو چھپن صفحات

تعداد :- ایک ہزار

سن اشاعت :- ۲۰۰۴ء

ہدیہ :- 200 روپے

marfat.com

# کلماتِ ناشر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

دنیائے اسلام میں اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا جیسے نام اور مقام ہے ویسے ہی بریلی شریف کو شہرت و عظمت حاصل ہے۔

جہاں فتاویٰ میں فتاویٰ رضویہ کی مثال محال ہے جو تیس (30) ضخیم مجلدات پر مشتمل ترجمہ و تخریج کے ساتھ جدید دور کے تقاضا کے مطابق رضا فاؤنڈیشن کی طرف سے مسلسل شائع ہو رہا ہے۔

**شبیر برادرز** کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ پاک و ہند میں موجودہ دور میں چھپنے والے قابل قدر فتاویٰ شائع کرنے کی سعادت میسر ہے۔ اس ادارہ نے اپنی شاندار روایتی طباعت کو برقرار رکھتے ہوئے درج ذیل کتب فتاویٰ شائع کی ہیں۔

فتاویٰ فیض الرسول (کامل ۳ جلد)

فتاویٰ المصطفویہ

اب فتاویٰ حامدیہ ملک و قوم کو پیش کیا جا رہا ہے جسے حجۃ الاسلام حضرت علامہ مولانا حامد رضا خان بریلوی علیہ الرحمۃ شہزادۂ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے تفقہ کا شاہکار ہے جو جدید و قدیم مسائل کے مدلل و محقق جوابات کو اپنے دامن میں محفوظ کیے ہوئے ہے۔

ساتھ ساتھ ''فتاویٰ مرکزی دار الافتاء'' بھی اشاعت کے حسین لباس سے مارکیٹ میں آ چکا ہے۔

الحمد للہ علیٰ منہ و کرمہ تعالیٰ ہم اپنے کرم فرما حضرات کو یقین دلاتے ہیں کہ ہماری جملہ مطبوعات کا معیار بلند سے بلند تر ہوتا جائے گا اور مستقبل قریب میں مزید خدمات کا شرف حاصل کریں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

فقط

آپ کی دعاؤں کا طالب

**ملک شبیر حسین** (لاہور)

marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | شرف انتساب | ۳۳ |
| ۲ | پیغام منانی (حضرت علامہ محمد منان رضا خاں قادری بریلوی مدظلہ) | ۳۴ |
| ۳ | عرض سمنانی (حضرت مولٰینا محمد عمران رضا خاں قادری برکاتی سمنانی) | ۳۶ |
| ۴ | حجۃ الاسلام ایک مختصر تعارف (ڈاکٹر محمد عبدالنعیم عزیزی بلرام پوری) | ۴۸ |
| ۵ | تقریب (حضرت مولٰینا محمد عزیز الرحمٰن صاحب منانی بریلوی) | ۸۰ |
| ۶ | تقدیم (محمد عبدالرحیم نشتر فاروقی مرکزی دارالافتاء بریلی شریف) | ۸۴ |
| | **کتاب العقائد** | ۱۰۶ |
| ۷ | امام کے پاس بعد غسل کافرہ مسلمان کرنے کیلئے لائی گئی امام نے کہا جمعہ کے بعد، اس کے لئے حکم شرع کیا ہے؟ | ۱۰۷ |
| ۸ | جتنی دیر اسے غسل کرایا پھر امام کے پاس لایا اتنی دیر کا اس کے ذمہ ''رضا ببقاء الکفر'' کا الزام ہے۔ | ۱۰۸ |
| ۹ | زید پر تو حکم مختلف فیہ ہے مگر اس امام و مفت کے مفتی پر حکم میں کوئی اختلاف نہیں کہ ایسے اہم کام کیلئے تو نماز بھی توڑنے کی اجازت ہے۔ | ۱۰۸ |
| ۱۰ | کافر نے مسلمان سے کہا: مجھ پر اسلام پیش کر، اس نے کہا ''فلاں کے پاس جا'' تو اس نے کفر کیا۔ | ۱۰۹ |
| ۱۱ | چور کا ہاتھ کاٹنا جائز ہے اگرچہ ایک ہی درہم ہو اسی طرح اس شخص کا | |


marfat.com

# فہرست مضامین



| نمبرشمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | جس سے کافر نے اسلام طلب کیا اور اس نے نہیں پیش کیا۔ | ۱۱۰ |
| ۱۲ | کافر نے واعظ سے کہا: مجھ پر اسلام پیش کر اس نے کہا ''مجلس ختم ہونے تک بیٹھا رہ'' تو اس نے کفر کیا۔ | ۱۱۱ |
| ۱۳ | کافر غیر جنبی اسلام لائے تو اس پر غسل مندوب ہے واجب نہیں۔ | ۱۱۳ |
| ۱۴ | طالب اسلام کو کلمہ پڑھانے میں تاخیر کی تو تاخیر کا گناہ الگ اور اگر وہ اس درمیان میں مر گیا تو یہ کفر اسی کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے گا۔ | ۱۱۵ |
| ۱۵ | اگر اس پر غسل فرض تھا تو نماز کے لئے نہ کہ اسلام لانے کے لئے؟ | ۱۱۶ |
| ۱۶ | علماء نے سولہ چیزیں گنائیں جس کے بعد غسل مستحب ہے انھیں میں سے ایک یہ قبول اسلام بطہارت کے بعد غسل ہے۔ | ۱۱۸ |
| ۱۷ | قبول اسلام کے لئے ہرگز غسل فرض نہیں یہ اس مفتی کے لئے شامت ایمان واعمال ہے۔ | ۱۱۹ |
| ۱۸ | رسالہ ''الصارم الربانی علی اسراف القادیانی'' | ۱۲۰ |
| ۱۹ | کیا حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ذی حیات آسمان پر اٹھائے گئے؟ | ۱۲۰ |
| ۲۰ | مقدمۂ اولیٰ: گمراہ فرقوں کی شناخت وپہچان وغیرہ۔ | ۱۲۶ |
| ۲۱ | قرآن ہر چیز کا روشن بیان ہے۔ | ۱۲۶ |
| ۲۲ | علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔ | ۱۲۶ |



marfat.com

# فہرست مضامین



| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۳ | ہم پر تقلید ائمہ واجب اور ائمہ پر تقلید رسول اللہ واجب ہے۔ | ۱۲۷ |
| ۲۴ | اگر رسول اللہ قرآن کی تفصیل نہ فرماتے تو قرآن یونہی مجمل رہتا اور اگر ائمہ حدیث کی تشریح نہ فرماتے تو حدیث یونہی مجمل رہتی۔ | ۱۲۷ |
| ۲۵ | اللہ قرآن سے بہتیروں کو ہدایت اور قرآن ہی سے بہتیرں کو گمراہ فرماتا ہے۔ | ۱۲۸ |
| ٦٦ | حضرت عمر کا قول کہ ''عنقریب کچھ لوگ ایسے آئیں گے جو تم قرآن کے کے متشابہات کے بارے میں جھگڑیں گے تم انھیں حدیثوں سے پکڑو کہ حدیث والے قرآن کو خوب جانتے ہیں''۔ | ۱۲۸ |
| ۲۷ | امام سفیان ابن عیینہ کا قول کہ ''حدیث گمراہ کر دینے والی ہے سوائے ائمۂ مجتہدین کے''۔ | ۱۲۹ |
| ۲۸ | جو کہے کہ ''ہم حدیث کو نہیں جانتے ہمیں تو صرف قرآن وحدیث چاہیئے'' تو جان لو کہ گمراہ بددین اور منکر قرآن ہے۔ | ۱۲۹ |
| ۲۹ | جو چیز رسول اللہ ﷺ نے حرام فرمائی وہ اسی کی مثل ہے جو اللہ نے حرام کی۔ | ۱۳۰ |
| ۳۰ | جب بد مذہب وگمراہ تمہیں قرآن میں شبہ ڈالیں تو تم حدیث کی پناہ لو اور اگر حدیث میں این وآں کریں تو ائمہ کا دامن پکڑو۔ | ۱۳۲ |
| ۳۱ | مقدمۂ ثانیہ: تسلیم شدہ امور کے اقسام کے بیان میں۔ | ۱۳۴ |
| ۳۲ | ضروریات دین اور ضروریات مذہب اہلسنت کی تفصیلات۔ | ۱۳۴ |



marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۳۳ | جو کہے کہ ''اللہ عالم الغیب والشہادۃ ہے اس کے علم سے کوئی بھی ذرہ پوشیدہ نہیں مگر ممکن ہے کہ کسی بات سے جاہل ہو'' تو کافر ہے۔ | ۱۳۵ |
| ۳۴ | نسب شہرت وتسامع سے بھی شرعاً ثابت ہو جاتا ہے۔ | ۱۳۶ |
| ۳۵ | مقدمہ ثالثہ: اپنے دعویٰ پر دلیل دینا مدعی کی ذمہ داری ہے۔ | ۱۳۶ |
| ۳۶ | مقدمہ رابعہ: مدعی کی خارج از موضوع بحثوں کا رد بلیغ۔ | ۱۳۷ |
| ۳۷ | مقدمہ خامسہ: کسی نبی کا انتقال دوبارہ دنیا میں اس کی تشریف آوری کو محال نہیں کرسکتا۔ | ۱۳۷ |
| ۳۸ | جب چرند وپرند مر کر پھر دنیا میں پلٹے اور عزیر یا ارمیا علیہ الصلوٰۃ والسلام موت کے سو برس بعد دوبارہ دنیا میں تشریف لائے تو حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام بعد انتقال دنیا میں کیوں نہیں تشریف لاسکتے؟۔ | ۱۳۹ |
| ۳۹ | تنبیہ اول: حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں مسئلہ ثلثہ کا بیان۔ | ۱۴۰ |
| ۴۰ | مسئلہ اولیٰ: حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نہ قتل کئے گئے نہ سولی دیئے گئے۔ | ۱۴۰ |
| ۴۱ | ارشاد باری تعالیٰ: ہم نے لعنت کی یہودیوں پر ان کے یہ کہنے کے سبب کہ ''ہم نے عیسی ابن مریم اللہ کے رسول کو قتل کیا''۔ | ۱۴۱ |
| ۴۲ | مسئلہ ثانیہ: حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قرب قیامت آسمان سے دوبارہ دنیا میں اترنا اور دین محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نصرت | |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | ﷺ پر حاضر ہو کر سلام کرنا اور حضور ﷺ کا جواب دینا۔ | ۱۵۷ |
| ۶۳ | انیسویں حدیث: عہد رسالت ﷺ کے دو مردوں کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ پانا اور دجال سے قتال میں شریک ہونا۔ | ۱۵۸ |
| ۶۴ | بیسویں حدیث: اس امت کا محفوظ رہنا جس کے اوّل حضور ﷺ اور آخر حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ | ۱۵۹ |
| ۶۵ | اکیسویں حدیث: دجال لعین کو سوائے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کوئی قتل نہیں کرسکتا۔ | ۱۵۹ |
| ۶۶ | بائیسویں حدیث: ان گروہوں کا نار دوزخ سے محفوظ رہنا ایک وہ جو کفار ہند سے جہاد کرے اور ایک وہ جو عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہو۔ | ۱۵۹ |
| ۶۷ | تیئیسویں حدیث: بعد نزول عیسیٰ باذن الٰہی زمین وآسمان کا اسقدر مطیع ہو جانا کہ پتھر کی چٹھان بھی دانہ اگائے۔ | ۱۶۰ |
| ۶۸ | چوبیسویں حدیث: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایسے لوگوں میں نزول فرمانا جو تمام روئے زمین کے لوگوں میں سب سے بہتر ہوں گے۔ | ۱۶۱ |
| ۶۹ | پچیسویں حدیث: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اس طور پر نزول فرمانا کہ آپ کے بالوں سے موتی جھڑ رہے ہوں گے۔ | ۱۶۱ |
| ۷۰ | چھبیسویں حدیث: حضور ﷺ کا صحابۂ کرام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو | |


marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۶۱ | سلام کہنے کی وصیت فرمانا۔ | |
| ۱۶۲ | ستائیسویں حدیث: بعد نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا شادی کرنا پھر اولاد ہونا اور بعد وصال روضۂ انور ﷺ میں دفن ہونا۔ | ۷۱ |
| ۱۶۳ | اٹھائیسویں حدیث: حضرت عمر کا ابن صیاد پر دجال ہونے کے شبہ میں حضور ﷺ سے قتل کی اجازت طلب کرنا اور حضور ﷺ کا منع فرمانا۔ | ۷۲ |
| ۱۶۳ | انتیسویں حدیث: یاجوج ماجوج کا دجلہ وفرات کو خشک کر دینا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا انھیں ہلاک کرنا۔ | ۷۳ |
| ۱۶۵ | تیسویں حدیث: اس امت کو بشارت جس کے اوّل حضور اور آخر حضرت عیسیٰ اور وسط امام مہدی ہیں۔ | ۷۴ |
| ۱۶۵ | اکتیسویں حدیث: حضرت عیسیٰ کا امام مہدی کی اقتدا میں نماز پڑھنا۔ | ۷۵ |
| ۱۶۵ | بتیسویں حدیث: حضرت امام مہدی کا عترت رسالت ﷺ اور بنی فاطمہ سے ہونے کا ثبوت۔ | ۷۶ |
| ۱۶۶ | تینتیسویں حدیث: سب سے پہلے ستر ہزار یہود ونصاریٰ کا دجال لعین کی حمایت کرنا۔ | ۷۷ |
| ۱۶۸ | چونتیسویں حدیث: اہل خراسان کی خلافت کی مداومت اور ان کا اسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سپرد کرنا۔ | ۷۸ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۷۹ | پینتیسویں حدیث: حضور ﷺ کا اپنے روضۂ انور کو حضرت ابوبکر و عمر اور عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مدفن بتانا۔ | ۱۶۸ |
| ۸۰ | چھتیسویں حدیث: ایک لاکھ عورتوں اور بائیس ہزار مردوں کا قبلۂ اوّل ''بیت المقدس'' میں محصور ہونا۔ | ۱۶۸ |
| ۸۱ | سینتیسویں حدیث: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حضور ﷺ سے کلام کرنا۔ | ۱۶۹ |
| ۸۲ | اڑتیسویں حدیث: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امت محمدیہ ﷺ کے سب سے اواخر کے لوگوں میں ہونا۔ | ۱۶۹ |
| ۸۳ | انتالیسویں حدیث: توریت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حضور ﷺ کے پاس دفن ہونا مذکور ہے۔ | ۱۷۰ |
| ۸۴ | چالیسویں حدیث: حضور ﷺ کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سواری پر حج یا عمرہ کو جاتے ہوئے ملاحظہ فرمانا۔ | ۱۷۰ |
| ۸۵ | اکتالیسویں حدیث: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوہ افیق پر نزول فرمانا۔ | ۱۷۱ |
| ۸۶ | بیالیسویں حدیث: بعد نزول عیسیٰ نہ کوئی بادشاہ ہوگا نہ کوئی قاضی و مفتی، سارے لوگوں کا آپ ہی کی طرف رجوع کرنا۔ | ۱۷۱ |
| ۸۷ | تینتالیسویں حدیث: بعد نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے لوگوں کا امامت کی فرمائش کرنا اور ان کا امت محمدیہ کی فضیلت کا اقرار کرنا۔ | ۱۷۲ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۸۸ | مذکورہ وقائع کے بعد حضرت عیسیٰ کا وصال فرمانا اور مسلمانوں کا ان کی نماز جنازہ پڑھنا اور تجہیز و تکفین کرنا۔ | ۱۷۴ |
| ۸۹ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول قیامت کی نشانیوں میں سے ہونا۔ | ۱۷۵ |
| ۹۰ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے یہ جان لیا جائے گا کہ قیامت آنے والی ہے۔ | ۱۷۶ |
| ۹۱ | مسئلۂ ثالثہ: روح اللہ کی حیات کی بحث میں۔ | ۱۷۷ |
| ۹۲ | ہر یہودی حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات سے قبل ان پر ایمان لانے والا ہے۔ | ۱۷۸ |
| ۹۳ | مصنف مدظلہ العالی کا شرح بخاری کی عبارت سے استدلال فرمانا۔ | ۱۷۹ |
| ۹۴ | آیۂ کریمہ "متوفیک ورافعک" کی تفسیر و تشریح۔ | ۱۸۰ |
| ۹۵ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بغیر موت آسمان کی طرف اٹھالیا جانا۔ | ۱۸۰ |
| ۹۶ | قتل دجال کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا وفات پانا۔ | ۱۸۲ |
| ۹۷ | امام بصری کا قول کہ "ہر کتابی موت عیسیٰ سے قبل ان پر ایمان لانے والا ہے وہ خدا کی قسم زندہ ہیں"۔ | ۱۸۳ |
| ۹۸ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایسے صحابی رسول ہونے کا ثبوت جو صحابہ میں تمام کے بعد وصال فرمائیں گے۔ | ۱۸۴ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ٩٩ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام بحالت بیداری آسمان پر اٹھالئے گئے نہ ان کا انتقال ہوا نہ سولی دیئے گئے۔ | ١٨٦ |
| ١٠٠ | حضرت ابوبکر کا روئے انور ﷺ کو بوسہ دینا اور روتے ہوئے عرض کرنا کہ ''اللہ حضور پر دو موتیں جمع نہ فرمائے گا''۔ | ١٨٧ |
| ١٠١ | تنبیہ دوم: حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہودیوں کے مکروفریب سے بچاکر آسمان پر اٹھالئے گئے۔ | ١٨٨ |
| ١٠٢ | پہلا افتراء حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔ | ١٨٩ |
| ١٠٣ | دوسرا افتراء حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔ | ١٨٩ |
| ١٠٤ | تیسرا افتراء امام بخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔ | ۔١٨٩ |
| ١٠٥ | مدعی کی کذب بیانی کا آشکار ہونا۔ | ١٩٠ |
| ١٠٦ | مدعی کی نری جہالت اور صریح غلط فہمیاں۔ | ١٩٥ |
| ١٠٧ | حرف ''واؤ'' ترتیب کو واجب نہیں کرتا۔ | ١٩٧ |
| ١٠٨ | لفظ ''توفی'' خواہ مخواہ معنیٔ موت میں نص نہیں۔ | ١٩٩ |
| ١٠٩ | ''توفی'' استیفائے اجل کے معنی میں ہے۔ | ١٠٠ |
| ١١٠ | ''وفات'' بمعنی خواب خود قرآن میں بھی وارد ہے۔ | ٢٠١ |
| ١١١ | آیۂ کریمہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے تین بشارتیں تھیں۔ | ٢٠٣ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۱۲ | بعد نزول حضرت عیسیٰ سارے عالم میں صرف دین، دین محمدی ہوگا۔ | ۲۰۴ |
| ۱۱۳ | مدعی کا قول کہ ''ہمیں ثبوت حیات صرف قرآن سے چاہیئے'' یکسر عقل سے بے گانہ ہے۔ | ۲۰۵ |
| ۱۱۴ | تنبیہ سوم: مدعی کے قول ''حضرت عیسیٰ نبی نہ رہیں گے...... یا اللہ انھیں خود اس منصب جلیلہ سے معزول کردے گا'' کی بخیہ دری۔ | ۲۰۶ |
| ۱۱۵ | حضور ﷺ کا قول کہ ''اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام میرا زمانہ پاتے تو ضرور میری اتباع کرتے''۔ | ۲۰۷ |
| ۱۱۶ | تمام انبیاء و رسل کے حضور ﷺ کے امتی ہونے کا ثبوت۔ | ۲۰۹ |
| ۱۱۷ | وہ مبارک وقت قریب تر ہے جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول فرما کر تمام اہل بدعت کا قلع قمع فرمائیں گے۔ | ۲۱۰ |
| ۱۱۸ | تنبیہ چہارم: انسان کو اللہ تعالیٰ نے صفات ملکی و بہیمی پر پیدا فرمایا ہے۔ | ۲۱۱ |
| ۱۱۹ | ایسے ہی وہ لوگ ہوں گے جو دجال کی اتباع اور اس کا ساتھ دیں گے۔ | ۲۱۳ |
| ۱۲۰ | قادیانی پیشوائے مدعی کے خیالات فاسدہ کا رد بلیغ۔ | ۲۱۴ |
| ۱۲۱ | تنبیہ پنجم: نزول عیسیٰ علیہ السلام سے مراد مماثل عیسیٰ کا نزول ہے یا کچھ اور؟ اس سلسلے میں دل نشیں بحث؛ | ۲۱۵ |
| ۱۲۲ | مسلمانوں کا ابلیس لعین کی زبانی خروج دجال کی غلط خبر سن کر پلٹنا۔ | ۲۱۶ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۲۳ | مقارنات: قلع بند مسلمانوں کو آواز آنا کہ ''گھبراؤ نہیں فریادرس آپہنچا ہے۔ | ۲۱۷ |
| ۱۲۴ | واقعات عہد مبارک: صلیب توڑنے سے روئے زمین پر کسی بھی محتاج کے نہ ہونے تک کے واقعات کا تفصیلی ذکر۔ | ۲۱۸ |
| ۱۲۵ | مصنف کی جرح پر مدعی کی بولتی کا بند ہونا۔ | ۲۱۹ |
| | کتاب الطہارۃ | ۲۲۲ |
| ۱۲۶ | اشیاء میں اصل طہارت ہے۔ | ۲۲۳ |
| ۱۲۷ | جب تک پڑیا میں اسپرٹ وغیرہ نجاست کی آمیزش یقینی طور پر ثابت نہ ہو اس پر حکم رجماً بالغیب ہوگا۔ | ۲۲۳ |
| ۱۲۸ | متاخرین اہل فتویٰ کو اصل مذہب سے عدول اور روایت اخریٰ امام محمد کا قبول جائز نہیں۔ | ۲۲۴ |
| ۱۲۹ | ہمارے یہاں پڑیا سے رنگے ہوئے کپڑوں پر نماز بلاکراہت جائز ہے۔ | ۲۲۴ |
| | کتاب الصلوٰۃ باب الاذان والاقامۃ | ۲۲۶ |
| ۱۳۰ | اذان ثانی زمانۂ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کہاں ہوتی تھی؟۔ | ۲۲۷ |
| ۱۳۱ | کہیں منقول نہیں کہ حضور ﷺ نے اذان کبھی خارج مسجد دلوائی۔ | ۲۲۹ |
| ۱۳۲ | خلفائے راشدین کے عہد مبارک میں بھی اذان خارج مسجد فوق الباب محاذیٔ خطیب ہوتی تھی۔ | ۲۲۹ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۲۳۰ | کتب میں فقہ میں اذان داخل مسجد کو صراحۃً مکروہ لکھا ہے۔ | ۱۳۳ |
| ۲۳۱ | خطبۂ جمعہ مثل اذان ذکر ہے حدود مسجد میں کیونکہ مسجد میں اذان مکروہ ہے۔ | ۱۳۴ |
| ۲۳۲ | "بین یدی" کے معنی صرف اس قدر ہیں کہ امام کے روبرو ہو اندر یا باہر کی تخصیص اس سے مفہوم نہیں لفظ دونوں صورتوں پر صادق ہے اور سنت یہی ہے کہ اذان باہر ہو تو وہی معنی مراد لئے جائیں گے جو سنت کے موافق ہو۔ | ۱۳۵ |
| ۲۳۳ | ہم پر حکم شرع کی پیروی لازم ہے یا قدیم رسم ورواج کی؟ | ۱۳۶ |
| ۲۳۳ | جو بات خلاف سنت اور متصادم حکم شرع ہو وہی نئی بات ہے۔ | ۱۳۷ |
| ۲۳۳ | مکہ معظّمہ میں اذان بر کنارۂ مطاف ہوتی ہے کہ زمانہ اقدس ﷺ میں مسجد حرام مطاف ہی تک تھی۔ | ۱۳۸ |
| ۲۳۴ | اگر مکبرہ قدیم ہے تو وہ مثل منارہ ہوا جو اذان کے لئے مستثنیٰ ہے۔ | ۱۳۹ |
| ۲۳۵ | مؤذنوں کے افعال ہمارے لئے حجت نہیں ہو سکتے۔ | ۱۴۰ |
| ۲۳۵ | مؤذنین جو خطبہ کے وقت "رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کہتے ہیں باتفاق مکروہ ہے۔ | ۱۴۱ |
| ۲۳۷ | کیا احادیث مبارکہ میں سنت کو زندہ کرنے کا حکم ہے؟ اور اس کا زندہ کرنے والا مستحق اجروثواب ہے؟ | ۱۴۲ |
|  | حدیث پاک "جو میری کوئی سنت زندہ کرے جسے لوگوں نے چھوڑ دی ہو تو جتنے لوگ اس پر عمل کریں سب کے برابر اسے ثواب ملے اور اس کے | ۱۴۳ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | ثوابوں میں کوئی کمی بھی نہ واقع ہو''۔ | ۲۳۷ |
| ۱۴۴ | ہر مسلمان کو چاہیئے کہ اپنے اپنے شہر یا کم از کم اپنی اپنی مساجد میں اس سنت کو زندہ کریں اور سو شہیدوں کا ثواب حاصل کریں۔ | ۲۳۸ |
| ۱۴۵ | قبل مسجدیت بانیٔ مسجد نے حوض بنایا اگرچہ بیچ مسجد میں ہو تو وہ اور اس کی فصیل خارج مسجد کے حکم میں ہیں۔ | ۲۳۹ |
| ۱۴۶ | جن مساجد میں منبر کے سامنے دیوار وغیرہ ہونے کے سبب محاذات ممکن نہ ہو تو وہاں لکڑی کا منبر بنا کر گوشۂ محراب میں محاذیٔ خطیب و مؤذن رکھیں۔ | ۲۳۹ |
| ۱۴۷ | فتویٰ: سماحۃ الشیخ العلامۃ المفتی احمد الجزائری مفتیٔ مالکیہ مدینہ منورہ | ۲۴۱ |
| ۱۴۸ | فتویٰ: فضیلۃ الشیخ المفتی محمد توفیق الایوبی الحنفی استاد حرم نبوی شریف | ۲۴۶ |
| | باب القرأۃ و الجمعۃ | ۲۵۰ |
| ۱۴۹ | اگر قرأت ثنائے الٰہی پر ختم ہو تو وصل بہتر ورنہ فصل اولیٰ ہے۔ | ۲۵۱ |
| ۱۵۰ | استماع قرآن مجید فرض کفایہ ہے۔ | ۲۵۲ |
| ۱۵۱ | جب سب مل کر پڑھیں گے تو رفض فرض اور ترک واجب کے سبب گنہگار ہوں گے۔ | ۲۵۳ |
| ۱۵۲ | لوگوں کی مصروفیت کے وقت تلاوت ممنوع ہے پڑھنے والا گنہگار ہوگا۔ | ۲۵۳ |
| ۱۵۳ | جمعہ وعیدین کے لئے شہر یا متعلقات شہر مثلاً اسٹیشن، کچہری وغیرہ ہونا | |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | شرط ہے لہٰذا دیہات میں جمعہ و عیدین جائز نہیں۔ | ۲۵۴ |
| ۱۵۴ | مفتی کو اپنے مذہب سے عدول ناجائز اور اتباع قول ارجح واجب ہے۔ | ۲۵۵ |
| ۱۵۵ | عوام جہاں جمعہ و عیدین پڑھتے ہوں انھیں نہ روکا جائے۔ | ۲۵۵ |
| ۱۵۶ | آفتاب نکلتے وقت نماز جائز نہیں مگر علمائے کرام فرماتے ہیں کہ اگر عوام پڑھتے ہوں تو انھیں منع نہ کیا جائے۔ | ۲۵۶ |
| | **باب الوتر و النوافل** | ۲۵۷ |
| ۱۵۷ | اگر فرض نماز تنہا پڑھی تو جماعت وتر میں شریک نہیں ہو سکتا۔ | ۲۵۸ |
| ۱۵۸ | علامہ قہستانی کا قول ''جب امام کے ساتھ فرض نہ پڑھے ہوں تو وتر میں امام کی اقتدا نہ کرے''۔ | ۲۵۹ |
| ۱۵۹ | ''درمختار'' کی عبارت اور مصنف کی تفہیم جمیل۔ | ۲۵۹ |
| ۱۶۰ | رسالہ ''درالفرید'' کے حاشیہ سے متعلق ایک شبہ کا ازالہ۔ | ۲۶۰ |
| ۱۶۱ | فرض بلا جماعت اور وتر با جماعت سے متعلق مصنف کی تحقیق انیق۔ | ۲۶۲ |
| ۱۶۲ | جنگ بلقان کے وقت امام صاحب نے نماز صبح میں قنوت پڑھنا شروع کیا تھا ایک مولوی صاحب نے فتویٰ لکھ دیا کہ یہ قنوت مشروع نہیں ہے۔ | ۲۶۴ |
| ۱۶۳ | کیا مذہب امام اعظم میں سوائے وتر کے کسی فرض نماز میں کسی حالت میں قنوت پڑھنا مشروع نہیں؟ | ۲۶۴ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۶۴ | کیا حضور کے مشرکین پر ایک مہینہ تک دعائے ہلاکت فرمانے کے بعد قنوت پڑھنا منسوخ ہو گیا؟ | ۲۶۵ |
| ۱۶۵ | نقل اعتراض۔ | ۲۶۶ |
| ۱۶۶ | جواب اعتراض۔ | ۲۶۷ |
| ۱۶۷ | مجیب کا صاحب کبیری اور شامی کے حوالوں کی تغلیط کرنا۔ | ۲۶۸ |
| ۱۶۸ | کیا آیۂ کریمہ لیس لك من الامر سے قنوت فی الفجر منسوخ ہو گیا؟ | ۲۶۹ |
| ۱۶۹ | مجیب کا عبارت عینی سے استدلال کرنا۔ | ۲۷۰ |
| ۱۷۰ | کیا انس ابن مالک کی روایت ترک قنوت پر دلالت کرتی ہے؟ | ۲۷۲ |
| ۱۷۱ | کیا قنوت فی الفجر کی تخصیص بلا دلیل ہے؟ | ۲۷۴ |
| ۱۷۲ | کیا امام طحاوی نے قنوت فی الفجر کو منسوخ لکھا ہے؟ | ۲۷۴ |
| ۱۷۳ | وقت نزول نوازل وحلول مصائب ان کے دفاع کیلئے قنوت فی الفجر احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ | ۲۷۹ |
| ۱۷۴ | جب کوئی مصیبت نازل ہو تو قنوت پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ | ۲۸۰ |
| ۱۷۵ | جب کوئی سختی نازل ہو تو امام جہری نمازوں میں قنوت پڑھے۔ | ۲۸۳ |
| ۱۷۶ | قنوت کا منسوخ ہونا غیر نوازل میں ہے اور اگر کوئی سختی نازل ہو تو اس وقت قنوت پڑھنا باقی ہے۔ | ۲۸۴ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۷۷ | نازلہ کے وقت قنوت پڑھنا باقی ہے منسوخ نہیں ہوا۔ | ۲۸۴ |
| ۱۷۸ | نازلہ کے وقت قنوت پڑھنا مشروع ہے یہی ہمارا مذہب اور اسی پر جمہور علماء کا عمل ہے۔ | ۲۸۵ |
| ۱۷۹ | اتنی سی نظر و فہم پر مجیب نے علامہ محقق ابراہیم حلبی کی تغلیط کردی۔ | ۲۸۶ |
| ۱۸۰ | مجیب کا امام طحاوی پر استدلال اور انہیں کی عبارت سے مجیب کا ردّ بلیغ۔ | ۲۸۷ |
| | رسالہ اجتناب العمال | ۲۸۹ |
| ۱۸۱ | کیا غلبۂ کفار کا ہونا قنوت نوازل کے لئے شرط ہے؟ | ۲۹۰ |
| ۱۸۲ | ضروری سوال نام نہاد تحقیق اور مخالفت احناف پر مشتمل ایک پلندہ ہے۔ | ۲۹۱ |
| ۱۸۳ | فقہاء مطلقاً نازلہ کے لئے قنوت کے قائل ہیں خاص غلبۂ کفار کی قید کسی سے منقول ہرگز نہیں۔ | ۲۹۱ |
| ۱۸۴ | اگر مسلمانوں پر کوئی مصیبت نازل ہو تو امام قنوت پڑھ سکتا ہے۔ | ۲۹۲ |
| ۱۸۵ | امام عینی کا قول کہ ’’جب کوئی سختی واقع ہو تو امام قنوت پڑھے‘‘۔ | ۲۹۳ |
| ۱۸۶ | علامہ آفندی کی تحقیق کہ ’’سختیوں کے وقت نماز صبح میں منسوخ نہیں‘‘۔ | ۲۹۳ |
| ۱۸۷ | علامہ طحاوی کا قول کہ ’’ہمارے یہاں نازلہ وحادثہ ہی محل قنوت ہیں‘‘۔ | ۲۹۴ |
| ۱۸۸ | علامہ حموی نے امام طحاوی کے قول کی تائید فرمائی کہ ’’اگر کسی بلا کے سبب فجر میں قنوت پڑھے تو قبل رکوع پڑھے‘‘۔ | ۲۹۶ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۸۹ | ردالمحتار کی عبارت کہ قنوت ''سختی کے وقت ہمارے یہاں فجر میں خاص ہے'' | ۲۹۷ |
| ۱۹۰ | عبارات فقہاء میں کہیں بھی نازلہ وبلیہ کے ساتھ ''غلبۂ کفار'' کی تخصیص نہیں، نازلہ ہر وہ سختی ہے جو لوگوں پر نازل ہو۔ | ۲۹۸ |
| ۱۹۱ | خطیب بغدادی کی روایت کہ ''حضور ﷺ قنوت نہیں پڑھتے تھے مگر جب کسی قوم کے لئے دعا فرمانی ہوتی یا کسی قوم پر بددعا فرمانی ہوتی تھی''۔ | ۳۰۰ |
| ۱۹۲ | دفع قحط ووبا کے لئے قنوت ''دعالقوم'' کے اطلاق میں داخل یہ کہ بھی مسلمانوں کے لئے دعائے نفع ہے۔ | ۳۰۱ |
| ۱۹۳ | امام نووی کا قول کہ ''قنوت فی الفجر ہمیشہ مسنون ہے''۔ | ۳۰۳ |
| ۱۹۴ | امام ابن حجر کی تصریح کہ ''جس نازلہ کے لئے قنوت پڑھی جاتی ہے وہ قحط ووباء اور طاعون سب کو شامل ہے''۔ | ۳۰۴ |
| ۱۹۵ | علامہ مصری کا قول کہ ''قنوت یہی ہے کہ دفع بلا کے لئے دعا کی جائے اور کوئی شک نہیں طاعون سخت تر بلاؤں میں سے ہے''۔ | ۳۰۶ |
| ۱۹۶ | مصنف ''ضروری سوال'' کی کھلی ہوئی جہالت۔ | ۳۰۷ |
| ۱۹۷ | اخیر زمانۂ فتن میں مختلف اقسام کے منشیات، باجے گاجے، بدعات و منکرات پیدا ہوئے جن کی حرمت وحلت کا ذکر نہ تو کتاب وسنت نہ اقوال | |
| ۱۹۸ | علماء، فقہاء میں ہے تو کیا انھیں حرام نہ کہا جائے گا؟ | ۳۰۸ |


marfat.com

# فہرست مضامین



| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۹۹ | زید کا قول مردود کہ "طاعون ووبا کے لئے قنوت ثابت نہیں وہ ایک قسم کا کذب اور بہتان ہے" اور رد بلیغ۔ | ۳۱۰ |
| ۲۰۰ | اگر بفرض باطل قنوت صرف امام شافعی کا مذہب ہوتا ہمارے ائمہ اس سے انکار کرتے تو زیادہ سے زیادہ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہوتا اسے کذب و بہتان کہنا اس حال میں بھی جائز نہیں۔ | ۳۱۰ |
| ۲۰۱ | زید کی ترکیب و بندش اور الفاظ واملا کی بے شمار فحش غلطیوں کے علاوہ پچاسوں جہالتوں ذکر۔ | ۳۱۲ |
| ۲۰۲ | جہالت نمبر۱: انکشاف اغلاط۔ | ۳۱۲ |
| ۲۰۳ | جہالت نمبر۲: انکشاف اغلاط۔ | ۳۱۳ |
| ۲۰۴ | نسخ عموم اور عموم نسخ کی مباحث۔ | ۳۱۳ |
| ۲۰۵ | آیہ کریمہ "لیس لک الامر......" سے متعلق معنوی بحثیں۔ | ۳۱۴ |
| ۲۰۶ | علامہ علی قاری کی مدلل بحث۔ | ۳۱۵ |
| ۲۰۷ | زید کے اپنے ہی ایک کلام سے دوسرے کلام کے رد کا ثبوت۔ | ۳۱۹ |
| ۲۰۸ | جہالت نمبر۳: انکشاف اغلاط۔ | ۳۲۰ |
| ۲۰۹ | زید کی صریح نافہمیاں اسے واحد و تثنیہ کی بھی خبر نہیں۔ | ۳۲۰ |
| ۲۱۰ | جہالت نمبر۴: انکشاف اغلاط۔ | ۳۲۱ |



marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| | جہالت نمبر ۵ تا ۸: زید کی عربی دانی کا پول کھلنا اور اوّل تا رابع اس کی بے | ۲۱۱ |
| ۳۲۱ | علمی و بے مائیگی کا ظہور۔ | ۲۱۲ |
| ۳۲۳ | جہالت نمبر ۹: انکشاف اغلاط۔ | ۲۱۳ |
| | حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف غلط انتساب کہ ''میں نے حضور | ۲۱۴ |
| ۳۲۴ | ﷺ اور دیگر صحابہ کے پیچھے نماز پڑھی کسی نے قنوت نہ پڑھی۔ | |
| ۳۲۴ | جہالت نمبر ۱۰: انکشاف اغلاط۔ | ۲۱۵ |
| ۳۲۵ | جہالت نمبر ۱۱: انکشاف اغلاط۔ | ۲۱۶ |
| | جسے ہر حرف سناش عربی بے تکلف سمجھ لے زید ایسی واضح عبارت کو بھی | ۲۱۷ |
| ۳۲۷ | خاک نہ سمجھ سکا۔ | |
| ۳۲۸ | جہالت نمبر ۱۲: عبارت کچھ اور ترجمہ کچھ۔ | ۲۱۸ |
| ۳۲۹ | جہالت نمبر ۱۳: سوال چنیں جواب چناں۔ | ۲۱۹ |
| ۳۲۹ | جہالت نمبر ۱۴: انکشاف اغلاط۔ | ۲۲۰ |
| | جہالت نمبر ۱۵: حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر | ۲۲۱ |
| ۳۳۰ | جاہلانہ افتراء پردازیاں۔ | ۲۲۲ |
| ۳۳۲ | جہالت نمبر ۱۶: زید کی کج صریح فہمیاں۔ | ۲۲۳ |
| ۳۳۳ | جہالت نمبر ۱۷ا: زید کی نادانیوں کا چٹہ۔ | ۲۲۴ |


marfat.com

# فہرست مضامین



| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۲۵ | جہالت نمبر ۱۸: منسوبات کاذبہ اور غلط بیانیاں۔ | ۳۳۳ |
| ۲۲۶ | جہالت نمبر ۱۹: صاحب اشباہ کی طرف غلط منسوبات۔ | ۳۳۴ |
| ۲۲۷ | زید کی مجوث عنہ سے جداگانہ اور لایعنی بحثیں۔ | ۳۳۶ |
| ۲۲۸ | جہالت نمبر ۲۰: زید خود اپنا لکھا سمجھنے سے معذور۔ | ۳۳۷ |
| ۲۲۹ | زید کا صرف پانچ ورقی تحریر میں دس صفحے نفیٔ قنوت میں صرف کرنا اور وقت طاعون قنوت پڑھنے کا طریقہ بھی لکھنا۔ | ۳۳۸ |
| ۲۳۰ | اغلاط تصحیف: یعنی لکھنا کچھ اور سمجھنا کچھ۔ | ۳۴۰ |
| ۲۳۱ | خلاف واقع نقل عبارت اور زید کی بددیانتی۔ | ۳۴۰ |
| ۲۳۲ | اغلاط ترجمہ: زید سیدھی سادی عربی کا ترجمہ بھی کرنے سے قاصر۔ | ۳۴۲ |
| ۲۳۳ | مصنّف کی دل نشیں تحقیق۔ | ۳۴۳ |
| ۲۳۴ | زید کی الٹی سمجھ کا نادر کرشمہ۔ | ۳۴۵ |
| ۲۳۵ | اغلاط روایت: یعنی اصلیت کا خون۔ | ۳۴۶ |
| ۲۳۶ | ''حبیب خدا'' خاص کلمۂ اسلامی ہے یہ عامر نے ہرگز نہیں کہا تھا۔ | ۳۴۷ |
| ۲۳۷ | بیرٔ معونہ کے شہدا کو قرا اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بکثرت تلاوت کرتے تھے۔ | ۳۴۹ |
| ۲۳۸ | اہل قبیلہ نے عامر کو کمک دینے سے صاف انکار کردیا تھا کہ تیرے چچا نے مسلمانوں کو پناہ دیدی ہے، ہم اس کا ذمہ ہرگز نہ توڑیں گے۔ | ۳۵۰ |



marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۳۵۱ | عامر بن طفیل کا حرام بن ملحان کو شہید کرنا بھی خلاف تحقیق ہے۔ | ۲۳۹ |
| ۳۵۳ | عامر کا فرمان اقدس ﷺ پڑھ کر آگ بگولہ ہونا یکسر غلط اس بد بخت کو تو نامۂ مبارکہ کی زیارت تک بھی نہ ہوئی۔ | ۲۴۰ |
| ۳۵۴ | حضرت منذر کا قید کیا جانا بھی کذب ہے کہ آپ عین معرکہ میں شہید ہوئے۔ | ۲۴۱ |
| ۳۵۷ | فریب دہیٔ عوام: | ۲۴۲ |
| ۳۵۷ | فریب نمبر۱: کہ سوا اس کے پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مصیبت میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔ | ۲۴۳ |
| ۳۵۸ | فریب نمبر۲: ترجمہ میں تصرف بیجا اور کلام فقہائے کرام میں من گڑھت عبارتوں کا الحاق۔ | ۲۴۴ |
| ۳۵۹ | زید کی بعض منقولہ عبارتوں کا کلام علماء میں اصلاً کہیں بھی پتہ نہیں۔ | ۲۴۵ |
| ۳۶۰ | فریب نمبر۳: اثبات ونفی کے جلوے۔ | ۲۴۶ |
| ۳۶۱ | صاحب ''اشباہ والنظائر'' پر افترا پردازی اور تحریف وبد دیانتی۔ | ۲۴۷ |
| ۳۶۱ | زید کی تقیہ بازی کے متعدد نمونے۔ | ۲۴۸ |
| ۳۶۲ | جمہور علماء کی مخالفت کی بنا پر زید کی توبہ پھر توبہ شکنی۔ | ۲۴۹ |
| ۳۶۴ | زید کی وہابیت پر متعدد دلائل وبراہین۔ | ۲۵۰ |
| ۳۶۵ | خلاصۂ کلام وتریب مرام۔ | ۲۵۱ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۵۲ | جاہل کو مفتی بننا ہرگز حلال نہیں اور نہ عوام الناس کو اس کے فتوے پر اعتماد جائز و روا ہے۔ | ۳۶۶ |
| ۲۵۳ | زید گمراہ اور گمراہ گر ہے اس کی اعانت کرنا ضلالت و گمراہی کی بنیاد تعمیر کرنا اور قعر مذلت میں گرنا ہے۔ | ۳۶۷ |
| ۲۵۴ | زید سے میل جول ناجائز جب وہ ازسرے نو اپنی تمام حرکات و مزخرفات سے تائب ہو جائے اور ایک عرصہ گزر جائے پھر اس کا اپنی توبہ پر قائم رہنا ظاہر ہو اس وقت اس سے کوئی تعارض نہ کیا جائے۔ | ۳۶۷ |
| ۲۵۵ | تصدیق اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدس سرہ۔ | ۳۶۸ |
| ۲۵۶ | تصدیق محدث سورتی حضرت علامہ مفتی وصی احمد صاحب پیلی بھیتی۔ | ۳۶۸ |
| ۲۵۷ | تصدیق سراج العلماء حضرت علامہ مفتی سلامۃ اللہ صاحب رامپوری۔ | ۳۷۰ |
| ۲۵۸ | تصدیق حضرت علامہ مفتی محمد اعجاز حسین صاحب رامپوری۔ | ۳۹۴ |
| ۲۵۹ | تصدیق حضرت علامہ مفتی محمد عبدالغفار خاں صاحب رامپوری۔ | ۳۹۵ |
| ۲۶۰ | تصدیق حضرت علامہ مفتی ظہور الحسین صاحب رامپوری۔ | ۳۹۵ |
| ۲۶۱ | تصدیق حضرت علامہ مفتی خواجہ احمد صاحب رامپوری، | ۳۹۸ |
| ۲۶۲ | تصدیق حضرت علامہ مفتی ارشد علی صاحب رامپوری۔ | ۳۹۹ |
| ۲۶۳ | تصدیق حضرت علامہ مفتی رکن الدین مبارک اللہ صاحب پھلسانوی۔ | ۴۰۰ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۶۴ | تصدیق حضرت علامہ مفتی عبدالباقی صاحب لکھنوی۔ | ۴۰۰ |
| ۲۶۵ | تصدیق حضرت علامہ مفتی قیام الدین صاحب لکھنوی۔ | ۴۰۱ |
| ۲۶۶ | تصدیق حضرت علامہ مفتی عبدالمجید صاحب لکھنوی۔ | ۴۰۱ |
| ۲۶۷ | تصدیق حضرت علامہ مفتی عبدالحمید صاحب لکھنوی۔ | ۴۰۱ |
| ۲۶۸ | تصدیق حضرت علامہ مفتی عبدالعلی صاحب مدراسی لکھنوی۔ | ۴۰۲ |
| ۲۶۹ | تصدق حضرت علامہ مفتی ہدایت رسول صاحب لکھنوی۔ | ۴۱۳ |
| ۲۷۰ | تصدیق حضرت علامہ مفتی عبداللہ صاحب پٹنوی۔ | ۴۱۰ |
| ۲۷۱ | تصدیق حضرت مفتی محمد نجم الدین صاحب داناپوری۔ | ۴۱۱ |
| ۲۷۲ | تصدیق حضرت علامہ مفتی وحید حنفی فردوسی عظیم آبادی۔ | ۴۱۴ |
| ۲۷۳ | تصدیق حضرت علامہ مفتی عبدالواحد قادری مجددی۔ | ۴۱۵ |
| ۲۷۴ | تصدیق حضرت علامہ مفتی نبی بخش صاحب عظیم آبادی۔ | ۴۱۵ |
| ۲۷۵ | تقریظ وقطع تاریخ حضرت علامہ مفتی محمد ضیاء الدین صاحب پیلی بھیتی۔ | ۴۱۶ |
| | **کتاب البیوع** | ۴۲۰ |
| ۲۷۶ | نفس عقد میں یہ شرط لگایا کہ نقد اتنے اور ادھار اتنے میں تو یہ بیع فاسد ہے۔ | ۴۲۱ |
| ۲۷۷ | مشتری کو قرض لیتا دیکھ کر دبایا اور نقد قیمت سے زائد میں بیچا تو یہ بیع بلا کراہت جائز ہوئی لیکن خلاف اولیٰ۔ | ۴۲۱ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۴۲۳ | کتاب الحظر و الاباحۃ | |
| ۴۲۴ | مسلم لیگ کے زہر آلود اغراض و مقاصد کہ ''دیوبندی، وہابی، روافض و اہل سنت کے تفرقے مٹادو!'' | ۲۷۸ |
| ۴۲۵ | کیا سنی علماء پر فرض ہے کہ وہ کانگریس کے ساتھ ساتھ مسلم لیگ کا بھی واضح طور پر رد فرمائیں۔ | ۲۷۹ |
| ۴۲۷ | جھوٹ بہتان وہی باندھتے ہیں جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتے۔ | ۲۸۰ |
| ۴۲۷ | حدیث پاک ''جس نے کسی مسلمان کو اذیت دیا بے شک اس نے مجھے اذیت دی۔ | ۲۸۱ |
| ۴۲۸ | جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ نے ان کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ | ۲۸۲ |
| ۴۳۰ | مصنف کے تصلب فی الدین کی ایک عظیم مثال۔ | ۲۸۳ |
| ۴۳۰ | مسلم لیگ قابل اصلاح ہے اس میں سینکڑوں شرعی خامیاں موجود ہیں۔ | ۲۸۴ |
| ۴۳۱ | اعلیحضرت کا مصنف علیہ الرحمہ کو مولانا عبد الباری فرنگی محلی کی دعوت پر لکھنؤ ایک جلسے میں بھیجنا۔ | ۲۸۵ |
| ۴۳۲ | عمل کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ | ۲۸۶ |
| | اگر ہماری کوئی منظم جماعت ہوتو اس کی آواز ملک وقوم کے کانوں تک | ۲۸۷ |


marfat.com

# فہرست مضامین



| نمبر شمار | اشارات مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۸۸ | ہی نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں میں بھی اثر کرے گی۔ | ۴۳۳ |
| ۲۸۹ | اسلام کے نام لیوا محض اس بنا پر کہ وہ مسلمان ہیں ذبح کئے جارہے ہیں | |
| ۲۹۰ | کیا اب بھی ضرورت شرعی کا تحقق نہیں ہوتا؟ | ۴۳۴ |
| ۲۹۱ | اگر ضرورت شرعی داعی ہو تو مردار یا سوئر کا گوشت بقدر حاجت کھا سکتا ہے۔ | ۴۳۵ |
| ۲۹۲ | اگر بھوک و پیاس کا غلبہ اس قدر سخت ہو کہ اندیشۂ ہلاکت ہو تو بقدر رمق حیات سوئر یا مردار کا گوشت کھانے کی رخصت ہے اگر نہ کھایا اور اسی حالت میں مر گیا تو گنہگار مرا۔ | ۴۳۶ |
| ۲۹۳ | اگر زبان پر اجرائے کلمۂ کفر پر مجبور کیا جائے تو اطمینان قلب کے ساتھ اجراء کرسکتا ہے۔ | ۴۳۷ |
| ۲۹۴ | جب حضرت عمار کو کفار نے مجبور کیا تو آپ نے اپنی زبان پر کلمۂ کفر کا اجراء کیا مگر آپ کا قلب ایمان سے مملو تھا۔ | ۴۳۸ |
| ۲۹۵ | علامہ مرغینانی کا قول کہ ”اللہ کے ساتھ کفر یا گستاخی رسول پر مجبور کیا جائے اور اسے جان یا کسی عضو کے کاٹے جانے کا خوف ہو تو اسے جائز ہے کہ جس پر مجبور کیا جارہا ہے کرے۔ | ۴۳۹ |
| ۲۹۶ | ضرورت شرعیہ سے محظورات یعنی ممنوعات شرعیہ مباح ہو جاتے ہیں۔ | ۴۴۰ |
| ۲۹۷ | اگر کفار کے مذہبی میلوں میں مسلمان بغرض تجارت چلا جائے تو شرعاً | |



marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۴۴۱ | جائز ہے۔ | |
| ۴۴۲ | جو لوگ کسی غرض شرعی سے مسلم لیگ میں شریک ہو گئے انہیں کافر فاسق وگمراہ کہنے والا فقہ سے نابلد ہے۔ | ۲۹۸ |
| ۴۴۳ | مسلم لیگ میں ضرور شرعی مفاسد ہیں جن کی اصلاح کی ضرورت ہے۔ | ۲۹۹ |
| ۴۴۴ | کانگریس کی شرکت کی حرمت پر ایک مدلل فتویٰ قرآنی براہین سے مزین بریلی شریف سے شائع ہوا تھا۔ | ۳۰۰ |
| ۴۴۵ | مصنف کا تنظیم اہل سنت کے لئے بے لوث کوشش اور اسکی تخریب کاری جس کے مخرب ہمارے ہی بعض افراد تھے۔ | ۳۰۱ |
| ۴۴۶ | کافر و فاسق، مرتد و مبتدع کو بے ضرورت ابتدأ بسلام اور بلا وجہ شرعی میل جول حرام۔ | ۳۰۲ |
| ۴۴۷ | پارلیمنٹری بورڈ کی اعانت اور اس میں شرکت جائز نہیں۔ | ۳۰۳ |
| ۴۴۷ | جو جماعت اللہ ورسول کو گالیاں دینے والوں کی جماعت ہو اس سے اللہ ورسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیزار ہیں۔ | ۳۰۴ |
| ۴۴۸ | الیکشن کی اہمیت ہرگز ناسخ احکام شرعیہ نہیں ہو سکتی۔ | ۳۰۵ |
| ۴۴۸ | حدیث پاک ''جس سے مسئلہ پوچھا گیا اس نے بلا عذر شرعی اسے چھپایا تو اس کے منہ پر آگ کی لگام چڑھائی جائے گی۔ | ۳۰۶ |


marfat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | اشارات مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۴۴۸ | جو حق بات کہنے سے باز رہے وہ گونگا شیطان ہے۔ | ۳۰۷ |
| ۴۴۹ | بلاجہ شرعی کسی مسلمان کو گالی دینا حرام قطعی ہے۔ | ۳۰۸ |
| ۴۵۰ | حدیث پاک ''جس نے کسی مسلمان کو اذیت دیا اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ کو اذیت دی۔ | ۳۱۹ |
| ۴۵۱ | زن محصنہ یعنی پاکدامن عورت پر زنا کی تہمت لگانے والے پر اسّی کوڑے لگائے جائیں گے اور وہ ہمیشہ کے لئے مردود الشہادۃ ہو جائے گا۔ | ۳۱۰ |
| ۴۵۱ | فتویٰ شرعیہ کی بے حرمتی کرنے والا کافر ہے۔ | ۳۱۱ |
| ۴۵۲ | جس نے کہا ''یہ کیا شرع ہے'' وہ کافر ہو گیا۔ | ۳۱۲ |
| ۴۵۲ | ایسے مرتد صریح کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، سلام کلام بالا جماع حرام ہے۔ | ۳۱۳ |


تمت

تمت

تمت

تمت

تمت

marfat.com

# انتساب

ترتیب وتبیض کی ہماری یہ حقیر کاوش افق اسلام پر چمکنے والے علم و

فضل کے اس

## "سورج"

کے نام جسے دنیائے اسلام فقیہ اسلام، تاج الشریعہ، بدر الطریقہ

حضرت العلام الحاج الشاہ المفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری بریلوی

(متعنا اللہ بطول حیاتہ) کے نام نامی اسم گرامی سے جانتی اور پہچانتی

ہے۔

جن کے فیضان علمی نے مجھ ہیچ مدان کو کسی قابل بنا دیا!

گر قبول افتد زہے عز و شرف

**نشتر فاروقی**

یکے از خدام حضور تاج الشریعہ و مرکزی دار الافتاء

marfat.com

# پیغام منانی

مجاہد اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد منان رضا خاں صاحب منانی میاں دام ظلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

مخدوم العلماء حجۃ الاسلام شہزادۂ اعلیٰ حضرت جد اکرم علامہ الحاج الشاہ محمد حامد رضا خاں صاحب قبلہ نور اللہ مرقدہ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں علم شریعت کی مہارت اور حدیث پاک کی تعلیم، علوم عقلیہ پر تعلیم و تدریس کا عبور اور تمام علوم دینیہ پر کامل دسترس، یہ ایسی باتیں ہیں جن کو سارے اہل علم و اہلسنت جانتے ہیں۔

حجۃ الاسلام متحدہ ہندستان کے جید علمائے اعلام میں سے تھے جن کے علم و فضل زہد و تقوی کی روشنی نے پورے برصغیر میں چودھویں صدی کے نصف آخر کو روشن اور منور و مجلّی کر رکھا ہے جن کے خوان حکمت و دانائی کے ریزہ خوار اور آفتاب علم و معرفت کے مقتبس پوری دنیا میں ستاروں کی طرح روشن و منتشر ہیں، کردار سازی میں آپ کو امامت کا درجہ حاصل تھا کم ہی محروم القسمت لوگ ہوں گے جو آپ کی صحبت سے بے فیض اٹھے ہوں ورنہ جو ذرہ اٹھا آفتاب ہوا جو قطرہ چمکا درشاہوار ہوا جو کلی چٹکی مشکبار ہوئی، آج پورا ہندو پاک کی اکثریت بالواسطہ یا بلاواسطہ آپ سے منسلک ہے۔

marfat.com

حضرت حجۃ الاسلام قدس سرہ کے فتاویٰ کی تعداد کیا ہے یہ کسی کو نہیں معلوم زیادہ تر آپ کی فرصت کے اوقات بھی سوال و جواب اور دینی تربیت میں ہی صرف ہوتے روزانہ زبانی طور پر سیکڑوں مسائل آپ سے خواص وعوام معلوم کرتے تھے لیکن کسی نے ان کو قلم بند کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی ورنہ ہمارے پاس دینی معلومات کا ایک شاندار ذخیرہ موجود ہوتا اسلئے فتاویٰ حجۃ الاسلام کی جو نقول احباب کے پاس ہیں انہیں حضرت حجۃ الاسلام کے تمام فتاویٰ کا مجموعہ کسی طرح بھی قرار نہیں دیا جا سکتا لیکن جو ہے وہ بھی ایک عظیم فقہی سرمایا ہے۔

مجھے بڑی مسرت ہو رہی ہے کہ میرے دادا حضرت حجۃ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کے بعض فتاویٰ میرے فرزندار جمند مولانا محمد عمران رضا خاں سمنانی میاں، مولانا نشتر فاروقی سلمہما اور ان کے احباب کتابی شکل میں منظر عام پر لا رہے ہیں ان حضرات کی کاوش سے علماء اور دیندار لوگوں کو اس کتاب سے مستفید ہونے کا موقع ملے گا، ارکان ادارہ اشاعت تصنیفات رضا اپنی گراں بہا پیش کش پر لائق صد تحسین و تبریک ہیں مولا تعالیٰ ان حضرات کے ساتھ ساتھ فقیر کو بھی دارین کی سعادتوں سے مالا مال فرمائے!

آمین و صلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین.

محمد منان رضا خاں قادری منانی

مہتمم جامعہ نوریہ رضویہ عقب درگاہ اعلیٰ حضرت بریلی شریف

marfat.com

# عرض سمنانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اس دنیائے رنگ و بو میں کوئی کتاب ایسی نہیں جس کی حفاظت کی ضمانت دی جا سکے بجز قرآن مجید فرقان حمید کے کہ اس کی حفاظت کی ذمہ داری خدائے تعالیٰ نے خود لے رکھی ہے جیسا کہ ارشاد ہوا:

"اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ یعنی ہم نے اسے اتارا اور اس کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔

مولیٰ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ سے قرآن پاک کو قلوب انسانی میں محفوظ فرما دیا، قرآنی الفاظ اپنے وجود کیلئے صفحۂ قرطاس کے محتاج نہیں بلکہ اسکا ایک ایک حرف اور ہر ہر لفظ قلب انسانی پر مرقوم ہے یہی وہ کتاب ہے جو پوری نسل انسانی کیلئے دستور حیات ہے، انسانی زندگی کا کوئی ایسا گوشہ نہیں جہاں قرآن مجید نے رہنمائی نہ فرمائی ہو اس لئے کہ قرآن کریم ہی ہر علم کا ماخذ و منبع ہے جیسا کہ خود قرآن مجید میں آیا:

"تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ یعنی جس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے"

marfat.com

تو کوئی ایسی بات نہیں جو قرآن میں موجود نہ ہو مگر ساتھ ہی فرما دیا:

"وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعٰلِمُوْنَ یعنی اس کی سمجھ نہیں مگر عالموں کو"

اس لئے فرماتا ہے:۔

"فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنی علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہ ہو"

اور پھر یہی نہیں کہ علم والے از خود کتاب اللہ کے سمجھنے پر قادر ہوں نہیں! بلکہ اس کے متصل ہی فرما دیا:

"وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ اے نبی! ہم نے یہ قرآن تیری طرف اس لئے اتارا کہ لوگوں سے شرح بیان فرما دے اس چیز کی جو ان کی طرف اتاری گئی"

اللہ اللہ قرآن عظیم کے لطائف و نکات کبھی منتہی نہ ہوں گے۔

الغرض خدائے تعالیٰ نے ہم پر تقلید ائمہ واجب فرمائی اور ائمہ پر تقلید رسول اور رسول پر تقلید قرآن، اب ہم پر جو لازم ہے وہ تقلید ائمہ کرام ہے، ائمہ کرام نے ہماری آسانی کیلئے تدوین فقہ فرمائی۔

علم فقہ کی اہمیت و فضیلت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ اس

marfat.com

دولت بے بہا سے سرفراز ہونے کے بعد انسان نہ صرف اپنی انفرادی زندگی بلکہ معاشرتی اور اجتماعی زندگی میں بھی بھرپور کردار ادا کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہو جاتا ہے، جب تک وہ علم فقہ کی دولت عظمیٰ سے مشرف نہیں ہوتا نہ صرف خود جہالت و ضلالت کی وادیوں میں بھٹکتا رہتا ہے بلکہ معلومات نہ ہونے کی بنا پر دوسروں کو بھی غلط راستے پر ڈال دیتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اللہ رب العزت نے اسلام کی تبلیغ کیلئے علم فقہ کا حصول لازمی قرار دیا قرآن پاک میں فرمایا:

"فَلَوْ لَانَفَرَمِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْاقَوْ مَهُمْ اِذَا رَجَعُوْااِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ یعنی تو کیوں نہ ہوا کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور واپس آکر اپنی قوم کو ڈر سنائیں"

حدیث پاک میں بھی فقیہ کی عظمت و برتری کی جانب واضح اشارہ موجود ہے رسول پاک ﷺ فرماتے ہیں:

"فقيه واحد اشد على الشيطان من الف عابد یعنی ایک فقیہ شیطان پر ایک ہزار عابد کی بہ نسبت زیادہ سخت ہوتا ہے"

marfat.com

ایک حدیث پاک میں فقہ کی عظمت کو یوں ظاہر فرمایا:

''من یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین یعنی اللہ جس سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے''

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

''تفقھوا قبل ان تسودوا یعنی حصول سیادت سے پہلے فقہ (دین کی سمجھ) حاصل کرو''

فقہ اسلامی کی تاریخ، تاریخ اسلام یا نزول وحی کے دوش بدوش چلتی آ رہی ہے عہد رسالت ﷺ میں خود سید عالم محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی ہادیٔ برحق کی طرح ایک فقیہ اعظم کی بھی تھی۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جب کوئی ایسی صورت حال پیش آتی یا ان کو کسی معاملہ میں سرکار اقدس ﷺ کے ارشاد گرامی یا نص قرآنی تک رسائی نہ ہوتی یا اس وقت تک کسی مخصوص صورت حال کیلئے وحی الٰہی کا نزول نہ پایا جاتا تو یہ حضرات سرور کونین جناب محمد رسول اللہ ﷺ سے رجوع فرماتے۔

حضور سید عالم ﷺ کی حیات ظاہری سے جب مسلمانوں کو محرومی کا سامنا کرنا پڑا تو پھر ان کے لئے حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق اعظم، حضرت عثمان غنی، حضرت مولیٰ علی، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت عبداللہ ابن مسعود، حضرت ابی

بن کعب، عمار بن یاسر، زید بن ثابت، حذیفہ بن یمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جیسے مفتیان مطلق موجود تھے مسلمان ان حضرات میں سے کسی کی طرف رجوع کرتے اور یہ حضرات نور مجسم سید عالم رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقوال، اعمال، تقریرات یعنی احادیث کی روشنی میں ان کا فیصلہ صادر فرما دیتے صحابہ کرام کے زریں دور کے بعد تابعین ہوئے اور تابعین حضرات نے اس امر کی طرف خصوصی توجہ مبذول فرمائی کہ جیسے احادیث رسول کی تدوین کا کام شروع ہو گیا ہے اسی طریقہ پر امور شرعیہ اور مسائل فقہیہ کو بھی مرتب کیا جائے۔

اس اہم کام کی ضرورت کو سب سے پہلے ''تابعین کے سردار، فقیہ اعظم، حضرت نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' نے محسوس فرمایا اور آپ نے اس اہم کام کے لئے ایک ادارہ ۱۲۰ھ میں قائم فرمایا جسکو ''بیت العلماء'' کے نام سے جانا جاتا تھا جس میں حضرت ابو یوسف، امام زفر، امام محمد، حضرت حسن، شیخ طریقت فضیل ابن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہم جیسے چالیس کبار ائمہ، فقہاء شریک ہوتے تھے فقہ حنفی کی تدوین میں سب سے زیادہ حصہ حضرت امام محمد بن حسن شیبانی کا ہے۔

امام محمد کی مؤلفہ کتب دو قسم کی ہیں ''کتب ظاہر الروایۃ یا مسائل اصول'' دوسری قسم کی کتب ''کتب نوادر'' یا ''مسائل النوادر'' کے نام سے مشہور ہیں اور دوسری قسم کی کتب میں سے ''مبسوط و جامع کبیر و صغیر و سیر کبیر و صغیر'' نے شہرت دوام حاصل کی۔

حضرات مجتہدین کے بعد فقہاء کرام کا ایک ایسا طبقہ پیدا ہوا جس نے اجتہاد نہ

marfat.com

کر کے متقدمین کی تائید میں عظیم فقہی کتب مرتب کیں اور اسکے ساتھ ہی فتاوی کی تدوین بھی ہوتی رہی، فقہ حنفی میں متقدمین نے بہت فتاوی لکھے اور متاخرین نے بھی لکھے۔

متاخرین فقہاء کی مشہور و معروف کتب فتاویٰ یہ ہیں:

(۱)............فتاویٰ قاضی خان/ فتاویٰ خانیہ

(۲)............فتاویٰ ظہیریہ

(۳)............فتاویٰ طرطوسیہ

(۴)............فتاویٰ تاتارخانیہ

(۵)............فتاویٰ بزازیہ

(۶)............فتاویٰ خیریہ

(۷)............فتاویٰ عالمگیری/ فتاویٰ ہندیہ

(۸)............فتاویٰ عزیزیہ

(۹)............فتاویٰ رضویہ

مصنف فتاویٰ رضویہ شریف مجدد اعظم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی علیہ رحمۃ القوی کے بعد ان کے شہزادۂ اکبر شیخ الانام، حجۃ الاسلام حضرت علامہ مولانا مفتی محمد المعروف بحامد رضا قدس سرہ العزیز فتاویٰ نویسی کے اہم منصب پر ''باضابطہ'' جلوہ فگن ہوئے۔

حجۃ الاسلام نے ۱۳۱۲ھ سے ۱۳۶۲ھ تک لگاتار ۵۰ رسال فتاویٰ نویسی فرمائی

marfat.com

یعنی حجۃ الاسلام نے اعلیٰ حضرت کے دور میں ہی فتاویٰ نویسی کا سلسلہ شروع فرمادیا تھا اور یہ سلسلۃ الذہب تادم حیات نہیں ٹوٹا چنانچہ اعلیٰ حضرت نے آپ کے بہت سے فتاویٰ ملاحظہ فرمائے اور داد تحسین سے نواز کر اکثر پر مہرِ تصدیق ثبت فرمائی اور اپنی نیابت اور جانشینی سے سرفراز فرمایا۔

مرجع العلماء الکرام، تاج الفقہاء العظام حجۃ الاسلام کی تاریخ ساز شخصیت عالم اسلام میں محتاج تعارف نہیں، آپ علم وفضل، حسن اخلاق، عزت وعظمت، شان وشوکت، جاہ وجلال، حسن وجمال غرضکہ تمام ملی ومذہبی محاسن میں اپنی مثال آپ اور یکتائے روز گار تھے اور اپنے والد ماجد امجد الاماجد مجدد دین وملت امام اہل سنت اعلی حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی علیہ رحمۃ القوی کے مظہر وجانشین تھے اسی لئے خود اعلی حضرت نے ایک موقع پر یوں فرمایا:

''اگرچہ میں اپنی دینی مصروفیات کی بنا پر حاضری سے معذور ہوں مگر حامد رضا کو بھیج رہا ہوں ان کو حامد رضا نہیں احمد رضا سمجھا جائے'' (تذکرۂ جمیل ص ۱۲۲)

حجۃ الاسلام کے تفقہ فی الدین اور علمی جلالت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے اور ایسے ہی بہت سے واقعات حجۃ الاسلام کے معتمد اعلیٰ حضرت ہونے پر دال ہیں اور یہ بات تو معتمد خاص ہونے پر شاہد عدل ہے کہ ''جب لکھنؤ میں کسی سے مناظرہ ومباحثہ کرنے کیلئے اعلیٰ حضرت کو مدعو کیا گیا اور وقت مانگا گیا تو آپنے اپنی

marfat.com

مصروفیات کی بنا پر معذرت کر لی اور حضرت حجۃ الاسلام کو اپنا وکیل بنا کر روانہ فرمایا۔

**فتاوی حامدیہ:** حجۃ الاسلام جیسے اپنے ظاہری حسن و جمال میں بے مثال تھے ویسے ہی ان کا قلم حق رقم بھی اپنی مثال آپ تھا، اسی قلم کے ذریعہ ''حجۃ الاسلام'' نے دیگر معاملات (امور خانقاہ، اہتمام مدرسہ، درس و تدریس، مہمان نوازی وغیرہ) کی انجام دہی کے علاوہ پچاس سال تک فتاوی نویسی کی خدمت انجام دی۔

ہم ان جواہر پاروں میں سے بمشکل تمام حاصل شدہ چند ''فتاویٰ حامدیہ'' ہدیہ ناظرین کر رہے ہیں جنہیں ان کے مجموعۂ فتاوی کا ایک باب بھی نہیں کہا جاسکتا، آپ کے فتاویٰ کی صحیح تعداد کیا ہے یہ کسی کو نہیں معلوم آپ کی فرصت کے اکثر اوقات بھی دینی و مذہبی سوال و جواب میں صرف ہوتے، کاش آپ کے فتوؤں کا ذخیرہ محفوظ ہوتا تو فقہ حنفی کا ایک عظیم شاہکار ثابت ہوتا مگر افسوس حجۃ الاسلام کو عوام تو عوام خواص نے بھی یکسر فراموش کر دیا اور آپ کے وہ زریں کارنامے جو ہماری نسل کے لئے مشعل راہ ثابت ہوتے ایک قصہ پارینہ بنکر رہ گئے حالانکہ وہ آب زر سے لکھنے کے قابل تھے۔

اہل سنت کیلئے یہ امر المیہ سے کم نہیں کہ آپ کے رہے سہے فتاویٰ بھی منظر عام پر نہیں آسکے، آپ کے فتاویٰ حقائق و دقائق کا خزینہ اور علوم و معارف کا گنجینہ ہیں، بعض فتاویٰ اگرچہ مختصر ہیں لیکن نہایت جامع ہیں اور بعض فتاویٰ پر سیر حاصل کلام کر کے نہایت تک پہونچا دیا ہے انداز بیاں عام فہم مگر دلائل کا انبار کثرت براہین آیات و احادیث اور اقوال ائمہ سے مملو ہیں اور بہت سی جگہ ایسا گمان ہوتا ہے کہ یہ قلم حق رقم تو

marfat.com

مجدد اعظم امام احمد رضا کا ہے۔

چنانچہ جب میں نے ''الصارم الربانی علیٰ اسراف القادیانی'' کو پہلی مرتبہ دیکھا (جو آپ کی پہلی باقاعدہ تصنیف ہے، ارباب حل وعقد پر یہ حقیقت مخفی نہیں کہ قادیانی دجال مرزا غلام احمد قادیانی کے مزخرفات کی جس نے باقاعدہ سب سے پہلے خبر لی وہ تنہا آپ کی ذات ستودہ صفات ہے) تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی اور میری عقل دنگ رہ گئی کہ بلاشبہ اگر قاری کو معلوم نہ ہو کہ یہ کس کی تصنیف ہے تو وہ اعلیٰ حضرت ہی کی تصنیف سمجھے گا کہ اعلیٰ حضرت کے یہاں جو مقفیٰ الفاظ ملتے ہیں بعینہ اس قلم کی جولانیت وروانی آپ کے اس فتویٰ میں موجود ہے گویا آپ کے فتاویٰ الولد سر لابیہ کی سچی تصویر اور روشن تفسیر ہیں۔

مجھ جیسے کم علم وبے بضاعت کا حضرت حجۃ الاسلام کے بارے میں کچھ لکھنا آفتاب کو چراغ دکھانے کے مانند ومترادف ہے کہاں میں ہیچمداں اور کہاں حضرت حجۃ الاسلام چرخ علم وفضل کے آفتاب نیم روز جو کسی کو دیکھ کر اس پر روشن نہیں ہوا کرتا بلکہ جدھر چلا جاتا ہے اُدھر اندھیرے سے اجالا اور گھٹاٹوپ تاریکی کو روشنی میں بدل دیتا ہے۔ ؎

ان کا سایہ اک تجلی ان کا نقش پا چراغ
وہ جدھر گزرے ادھر ہی روشنی ہوتی گئی

میرے پاس ''یادگار رضا'' کی کچھ کاپیاں ہیں ایک روز میں ان مطالعہ کر رہا تھا کہ اچانک میری نگاہ حجۃ الاسلام کے ایک ''فتوے'' پر پڑی میں اسے دل چسپی کے ساتھ پڑھنے لگا فتویٰ پڑھنے کے بعد دل کی عجیب سی کیفیت ہوگئی دل میں شوق و اشتیاق کا ایک طوفان موجیں لینے لگا: کیا حجۃ الاسلام کے تمام فتاویٰ اسی قدر اہم اور دلپذیر ہوں گے؟ یہ فتاویٰ منظر عام پر کیوں نہیں آئے؟ کیا ہوئے آپ کے تمام فتاوی؟ عجب عالم تھا دل کے ہیجان کا لیکن میرے پاس ان سوالوں کا کوئی جواب نہ تھا، دل کے کسی گوشے سے امید کی ایک کرن پھوٹی، کیوں نہ آپ کے فتاویٰ کی تلاش شروع کی جائے اور زیور طبع سے آراستہ کر دیا جائے۔

جب میں نے ان فتاویٰ کا تذکرہ سیدنا الوالد امجد الاماجد مجاہد اہلسنت قائد اسلام حضرت علامہ مولانا محمد منان رضا خاں صاحب منانی میاں دام ظلہم الاقدس اور استاذ گرامی حضرت العلام مولانا حافظ و قاری محمد عزیز الرحمٰن صاحب منانی قادری رضوی بریلوی (وائس پرنسپل جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف) سے کیا تو والد گرامی نے اظہار خوشی کے ساتھ فرمایا:

> ''سمنانی یہ ہمارے جد محترم حضرت حجۃ الاسلام کی عظیم علمی یادگار ہیں جس قدر بھی آپ کے فتاویٰ دستیاب ہو سکیں ان کی طباعت نہایت اہتمام سے کراؤ''

جبکہ حضرت استاذ گرامی نے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا پھر میں نے اس اہم کام

marfat.com

کی انجام دہی کا عزم مصمم کرلیا اور یہ حقیقت ہے کہ کوئی بندہ جب کسی نیک کام کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو غیبی امداد ضرور مل جاتی ہے اسی کے مصداق مجھے حضرت مولانا مفتی نشتر فاروقی صاحب مل گئے جب اس سلسلے میں ان سے ہمارا تبادلۂ خیال ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ:

"میں نے "سوانح حجۃ الاسلام" کی ترتیب کے دوران
کچھ آپ کے فتاویٰ جمع کیے ہیں اگر آپ فرمائیں تو
مزید فتاویٰ کی تلاش و جستجو شروع کردوں مناسب
سمجھیں تو ان کو بھی اس مجموعہ میں شامل کرلیں"

پھر میری خوشی کی انتہا نہ رہی کہ یہ مجھ جیسے بے بضاعت کا کام نہ تھا اگرچہ میں نے ارادہ کرلیا تھا چنانچہ میں نے مفتی صاحب موصوف سے کہا کہ اس اہم کام کو آپ ہی بخوبی انجام دے سکتے ہیں لہٰذا یہ کام آپ ہی کریں تو بہتر ہوگا ہم ان کے شکر گزار ہیں کہ ہماری اس گزارش پر انہوں نے اس عظیم کام کی انجام دہی کی ذمہ داری قبول فرمائی اور ملک کی مختلف جگہوں اور لائبریریوں کی خاک چھان کر اس مجموعے میں شامل فتاویٰ جمع کیے اور بڑی ہی عرق ریزی کے ساتھ اس کی تبییض و ترتیب فرمائی۔

آخر میں ہم حضرت مفتی محمد یونس رضا اویسی اور مولانا مفتی محمد احتشام الدین، مولانا محمد جمیل خاں بریلوی، حافظ و قاری ضیاء الحق صاحبان کا شکریہ ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتے کہ حدیث شریف میں آیا: من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ ان حضرات نے

marfat.com

پروف ریڈنگ وغیرہ میں ہمارا بھرپور تعاون کیا مولیٰ تعالیٰ ان سب لوگوں کو اجر جمیل اور جزائے جزیل عطا فرمائے! آمین ثم آمین۔

ادارہ اشاعت تصنیفات رضا اپنی نشاۃ ثانیہ کے بعد ''فتاوی حامدیہ'' کو پیش کر کے اپنی زندگی کا احساس دلا رہا ہے اور اس بات پر فخر محسوس کرتا ہے کہ اعلیٰ حضرت کے شہزادۂ اکبر کے فتاویٰ کو پہلی بار شائع کر رہا ہے مولیٰ تعالیٰ حضور سرکار دو عالم ﷺ کے صدقہ وطفیل اسی طرح ادارہ سے اپنی رضا کے کام لیتا رہے، آمین!

بجاہ سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ ازواجہ اجمعین۔

محمد عمران رضا قادری سمنانی

جنرل سیکریٹری اعلی حضرت لائبریری

درگاہ اعلیٰ حضرت ۳۴ سوداگران بریلی شریف

marfat.com

# حجۃ الاسلام، ایک مختصر تعارف

از ڈاکٹر محمد عبدالنعیم عزیزی ایڈیٹر اسلامک ٹائمز اردو ۱۰۴ محلہ جسولی بریلی شریف

چودھویں صدی کے مجدد، مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز کے فرزند اکبر ماہ ربیع الاول ۱۲۹۲ھ مطابق ۱۸۷۵ء محلہ سوداگران بریلی شریف میں تولد ہوئے۔

محمد نام پر عقیقہ ہوا عرف حامد رضا رکھا گیا اس طرح پورا نام محمد حامد رضا ہوا، لفظ محمد کے اعداد ۹۲ رہیں اور اس لحاظ سے عقیقہ کا یہ نام حجۃ الاسلام کا تاریخی نام بھی بن جاتا ہے اسلئے کہ ۱۲۹۲ھ آپ کی سن ولادت بھی ہے۔

حجۃ الاسلام آپ کا خطاب ہے شیخ الانام اور جمال الاولیاء کے القاب سے بھی آپ کو یاد کیا گیا۔

**درس و تدریس:** ۔حضرت حجۃ الاسلام نے جملہ علوم وفنون اپنے والد گرامی سے حاصل کیے، درس کے وقت آپ کے بعض سوالات حضور اعلیٰ حضرت کو ایسے پسند آتے کہ "قال الولد الاعز" لکھ کر سوال اور جواب قلمبند فرما دیتے۔

مدینہ طیبہ کے جید عالم حضرت علامہ عبدالقادری طرابلسی شامی سے حجۃ الاسلام کا جو مکالمہ ہوا اس کا تذکرہ اعلیٰ حضرت نے ملفوظات میں خود فرمایا۔

۱۳۲۳ھ میں حضور اعلیٰ حضرت کے دوسرے اور تاریخی حج و زیارت کے موقع پر

marfat.com

جب آپ پہلی باران کے ہمراہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ حاضر ہوئے تو مکہ مکرمہ میں شیخ العلی حضرت علامہ محمد سعید بابصیل اور مدینہ طیبہ میں حضرت علامہ سید احمد برزنجی کے حلقۂ درس میں شریک ہوئے، اکابر علماء نے انہیں سندیں عطا کیں حضرت علامہ خلیل خربوطی نے سندِ فقہ حنفی عطا فرمائی جو علامہ سید طحطاوی سے انہیں صرف دو واسطوں سے حاصل تھی۔

حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ کے تلامذہ کو خود سیدنا اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے سندات عطا فرمائیں دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف کے درجۂ اعلیٰ میں صدر المدرسین اور شیخ الحدیث کی جگہ پر بھی آپ نے کام کیا، آپ تفسیر ''بیضاوی شریف'' کے درس میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔

**بیعت و خلافت** :- حضور حجۃ الاسلام کو بیعت و خلافت کا شرف نور العارفین حضرت سیدنا ابوالحسین احمد نوری نور اللہ مرقدہ سے حاصل ہے۔

حضور اعلیٰ حضرت نے بھی جمیع سلاسل جس قدر خود ان کو اجازت تھی، اجازت فرمائی اور تمام علوم وفنون، اوراد و اعمال اور اذکار و اشغال کا مجاز و ماذون کیا۔

**حج و زیارت** :- حضور حجۃ الاسلام حضرت علامہ الحاج الشاہ مفتی محمد حامد رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ نے پہلا حج تو اپنے والد گرامی سیدنا اعلیٰ حضرت کے ہمراہ ۱۳۲۳ھ میں کیا اور دوسری بار حج و زیارت کا شرف ۱۳۲۴ھ میں حاصل ہوا۔

آپ بھی اپنے والد ماجد فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کی طرح ہمہ وقت مدینہ امینہ کی بارگاہ میں حاضری کے لئے بیتاب رہتے تھے اپنی ایک نعت پاک کے مقطع

marfat.com

میں سرکارِ اعظم کی بارگاہ میں حاضری کیلئے اپنی بیقراری کا اس طرح اظہار فرماتے ہیں:

اب تو مدینے لے بلا گنبد سبز دے دکھا
حامد و مصطفیٰ تیرے ہند میں ہیں غلام دو

اس مقطع سے جہاں آپ کی زیارتِ طیبہ کی بیتابی کا اظہار ہوتا ہے وہیں اپنے برادر اصغر مفتی اعظم حضرت علامہ مصطفیٰ رضا خاں علیہ الرحمہ سے غایت درجہ محبت اور ساتھ میں ان کیلئے بھی حاضری کی تمنا کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

**مظہر اعلیٰ حضرت حجۃ الاسلام ہیں:-** اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں صاحب فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز کو اپنے اس فرزند ارجمند سے بڑی محبت تھی اور وہ ان پر بڑا ناز بھی کرتے تھے اور کیوں نہ ہو ایسا لائق و فائق، عالم و فاضل، ادیب و خطیب، دیندار و پارسا اور حسین و جمیل بیٹا قسمت والوں کو ہی ملا کرتا ہے۔

حجۃ الاسلام ہر لحاظ سے اپنے والد کے جانشین اور وارث و امین تھے، ان کی ہر تحریک اور ان کے ہر کام میں معاون و مددگار، ان کے ہمدم و ہمراز، قدم قدم پر ان کے ساتھی اور پیروکار، ان کے دست راست اور وکیل تھے، تصدیقات حسام الحرمین اور الدولۃ المکیہ سے لے کر وہابیوں، دیوبندیوں اور ندویوں کے رد اور ان کی سرکوبی نیز بدایونیوں اور فرنگی محلیوں کے تعاقب تک ہر موڑ پر اپنے والدگرامی کا ساتھ دیا۔

وہ تمام دینی خدمات جو اعلیٰ حضرت کے ساتھ مواجہہ اقدس میں آپ نے حرمین طیبین میں سرانجام دیں ان کو اعلیٰ حضرت نے بیحد سراہا ہے، حضور اعلیٰ حضرت پوکھریرا (جواب ضلع

سیتامڑھی بہار میں اس وقت ضلع مظفر پور میں تھا) کے ایک جلسہ کیلئے حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب مخمیؔ نے دعوت دی، مصروفیت کے سبب اعلیٰ حضرت نے حضرت حجۃ الاسلام کو اپنی جگہ پر وہاں ایک گرامی نامہ کے ساتھ روانہ کردیا جس میں یہ تحریر فرمایا:

''اگرچہ میں اپنی مصروفیت کی بنا پر حاضری سے معذور
ہوں مگر حامد رضا کو بھیج رہا ہوں یہ میرے قائم مقام ہیں ان
کو حامد رضا نہیں احمد رضا ہی کہا جائے''

اور کیوں نہ ہو انہیں کیلئے تو حضور اعلیٰ حضرت نے فرمایا ہے:

حامد منّی انا من حامد
حمد سے ہمد کماتے یہ ہیں

یعنی حامد مجھ سے اور میں حامد سے ہوں۔

اعلیٰ حضرت کا اس طرح فرمانا ایک طرف تو اپنے فرزند اکبر سے ان کی ازحد محبت اور ان پر بے انتہا ناز کا غماز ہے ہی، اس میں اعلیٰ حضرت کی ایک کرامت بھی پوشیدہ ہے، اعلیٰ حضرت کو معلوم تھا کہ ان کا خاندانی سلسلہ ان کے بڑے بیٹے حامد رضا خاں سے ہی چلے گا۔

اعلیٰ حضرت کے فرزند اصغر مفتی اعظم حضرت علامہ مصطفیٰ رضا خاں صاحب کے ایک ہی اولاد نرینہ ہوئی تھی جو بچپن ہی میں فوت ہوگئی تھی، آج اعلیٰ حضرت کا خاندان حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ ہی کی اولاد سے چل رہا ہے۔

marfat.com

حضور اعلیٰ حضرت نے ''الاستمداد'' میں اپنے خلفاء کی فہرست حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ کے نام سے شروع کی اور بڑے پیارے الفاظ سے ان کو نوازا۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اور حجۃ الاسلام کے ناموں میں اتحاد جملی ہے اسی بناء پر ایک مرتبہ اعلیٰ حضرت نے اپنا تعویذ حجۃ الاسلام کے گلے میں ڈال دیا، ایک وقف نامہ کی رجسٹری میں حجۃ الاسلام کو متولی قرار دیتے ہوئے یہ تحریر فرمایا:

''مولوی حامد رضا خاں پسر کلاں جو لائق، ہوشیار اور دیانتدار
ہیں متولی کر کے قابض ودخیل بحثیت تولیت کاملہ کر دیا''

اعلیٰ حضرت نے حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ کو اپنا ولی عہد اور جانشین مقرر کیا اور اپنی نماز جنازہ پڑھانے کی انہیں کیلئے وصیت فرمائی، اعلیٰ حضرت نے اپنے وصال سے ایک جمعہ قبل اپنے پاس مرید ہونے کیلئے آنے والوں کو حجۃ الاسلام سے بیعت کی ہدایت ان الفاظ میں فرمائی:

''ان کی بیعت میری بیعت ہے، ان کا ہاتھ میرا ہاتھ، ان
کا مرید میرا مرید، ان سے بیعت کرو''

**علمی و تبلیغی کارنامے:۔** جانشین اعلیٰ حضرت حجۃ الاسلام حامد رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ ایک بلند پایہ خطیب، مایہ ناز ادیب، اور یگانہ روزگار عالم و فاضل تھے دین متین کی تبلیغ واشاعت، ناموس مصطفےٰ کی حفاظت، قوم کی فلاح و بہبود ان کی زندگی کے اصل مقاصد تھے اور یہی سچ ہے کہ وہ غلبۂ اسلام کی خاطر زندہ رہے اور سفر

marfat.com

آخرت فرمایا تو پرچم اسلام بلند کر کے اس دنیا سے سرخرو و کامران ہو کر گئے۔

اپنی صدی کے مجدد ان کے والد محترم سیدنا اعلیٰ حضرت نے خود ان کی علمی و دینی خدمات کو سراہا ہے، ان پر ناز کیا ہے، حجۃ الاسلام نے مسلک حقہ اہلسنت و جماعت کی ترویج و اشاعت کی خاطر برصغیر کے مختلف شہروں اور قصبوں کے دورے فرمائے ہیں۔

گستاخان رسول وہابیہ سے مناظرہ کئے ہیں، سیاستدانوں کے دام فریب سے مسلمانوں کو نکالا ہے، شدھی تحریک کی پسپائی کیلئے جی توڑ کر کوشش کی ہے اور ہر جہت سے باطل اور باطل پرستوں کا رد اور انسداد کیا ہے۔

**مناظرۂ لاہور:**- ملت اسلامیہ کے منتشر شیرازہ کو مجتمع کرنے کی خاطر ۱۵ ر شوال المکرم ۱۳۵۲ھ / ۱۹۳۴ء میں لاہور میں جماعت اہلسنت اور دیوبندی جماعت کے سربر آوردہ لوگوں کی ایک میٹنگ رکھی گئی جو بعد میں مناظرہ میں تبدیل ہو گئی، دونوں طرف کے ذمہ داروں کی یہ خواہش تھی کہ گفتگو کے ذریعہ مسئلہ طے ہو جائے اور حق واضح ہونے پر حق کو تسلیم کرتے ہوئے دونوں ایک ہو جائیں۔

لہٰذا دیوبندی مکتبہ فکر کی طرف سے مولوی اشرف علی تھانوی کا انتخاب ہوا اور جماعت اہلسنت کی طرف سے حضرت حجۃ الاسلام کا، آپ بریلی سے لاہور تشریف لے گئے، مگر اُدھر سے تھانوی جی نہیں پہنچے، اس موقع پر حجۃ الاسلام نے جو خطبہ دیا وہ بے مثال خطبہ تھا اور سننے والے بڑے بڑے علما و فضلا ان کی فصاحت و بلاغت اور علم و فضل کی جلوہ سامانیاں دیکھ کر دنگ رہ گئے۔

marfat.com

اسی موقع پر پنجابی مسلمانوں نے نعرہ لگایا کہ دیوبندی مناظر نہیں آیا تو چھوڑو، اِن کے بھی چہرے دیکھ لو (حجۃ الاسلام کی طرف اشارہ کر کے) اور اُن کے بھی چہرے دیکھ لو (دیوبندیوں کی جانب اشارہ کر کے) اور فیصلہ کر لو کہ حق کدھر ہے۔

اس مناظرہ کے موقع پر حضرت حجۃ الاسلام کی ملاقات ڈاکٹر اقبال سے بھی ہوئی، حجۃ الاسلام اور ڈاکٹر اقبال کی ملاقات کا حال حضرت علامہ تقدس علی خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک مکتوب میں تحریر کیا ہے، جس کا عکس ''دعوت فکر'' از علامہ منشا تابش قصوری ص ۳۵ پر چھپا بھی ہے۔

ڈاکٹر اقبال کو جب حجۃ الاسلام نے دیوبندی مولوی کی گستاخانہ عبارتیں سنائیں تو وہ سنکر حیرت زدہ رہ گئے اور بیساختہ بولے کہ مولانا یہ ایسی عبارات گستاخانہ ہیں کہ ان لوگوں پر آسمان کیوں نہیں ٹوٹ پڑا، ان پر تو آسمان ٹوٹ پڑ جانا چاہیئے۔

اسی مناظرہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے سید ایوب علی صاحب رضوی علیہ الرحمہ نے اپنی ایک منقبت میں مندرجہ ذیل اشعار کہے ہیں:

ہندوستان میں دھوم ہے کس بات کی معلوم ہے
لاہور میں ذولہا بنا حامد رضا حامد رضا
سمجھے تھے کیا اور کیا ہوا ارمان دل میں رہ گیا
تیرے ہی سر سہرا رہا حامد رضا حامد رضا

marfat.com

ایوب قصہ مختصر آیا نہ کوئی وقت پر
تیرے مقابل مَن چلا حامد رضا حامد رضا

**حجۃ الاسلام کی سیاسی بصیرت** :- حجۃ الاسلام سیاستدانوں کی چالوں کو خوب سمجھتے تھے اور اپنے زمانہ کے حال سے پوری طرح باخبر رہ کر مسلمانوں کو سیاست وریاست کے چنگل سے بچانے کی ہر ممکن جد و جہد کرتے رہتے تھے ساتھ ہی ساتھ اس آندھی میں اڑنے والے مسلم علماء قائدین اور دانشوروں سے افہام و تفہیم اور حق نہ قبول کرنے پر ان سے ہر طرح کی نبرد آزمائی کیلئے بھی تیار رہتے، چند واقعات ملاحظہ ہوں۔

**ابوالکلام آزاد کی تھرتھراہٹ** :- بریلی شریف میں تحریک خلافت کے اراکین نے ایک جلسہ رکھا جس میں چند علمائے اہل سنت بھی مدعو تھے اور بوقت جلسہ وہ بھی سیاسی نیتاؤں اور مولویوں کے ساتھ براجمان تھے اسی موقع پر مناظرہ کی ٹھن گئی، مخالفین کو ابوالکلام آزاد کی طلیق اللسانی اور زبان آوری پر بڑا ناز تھا، اہلسنت و جماعت کی طرف سے حضرت علامہ سید سلیمان اشرف صاحب بہاری علیہ الرحمہ جو اس وقت علی گڑھ یونیورسٹی میں کے شعبۂ دینیات کے صدر تھے مناظر اور حجۃ الاسلام اپنی طرف کے صدر منتخب ہوئے۔

علامہ سید سلیمان اشرف صاحب نے سوالات کی بوچھار شروع کی، حجۃ الاسلام بیچ بیچ میں انھیں ضروری ہدایات دیتے رہے، تھوڑی ہی دیر میں ابوالکلام آزاد اور ان کے

marfat.com

رفقاء گھبرا اٹھے حتیٰ کہ جس وقت علامہ سید سلیمان اشرف صاحب نے تقریر شروع کی تو ابوالکلام گونگے بن گئے، ہر شخص اپنا اور بے گانہ متعجب تھا کہ آزاد اور ان کے رفقاء کو یہ سانپ کیوں سونگھ گیا؟ ابوالکلام اس موقع پر بید کی طرح کانپ رہے تھے۔

ابوالکلام آزاد نے ایک بار عربی زبان میں مناظرہ کا چیلنج دیا تو حجۃ الاسلام نے منظور کرتے ہوئے یہ شرط رکھی تھی کہ مناظرہ بے نقطہ عربی میں ہوگا، یہ سنکر وہ ہکا بکا رہ گئے اور خاموشی سے نکل جانے ہی میں اپنی عافیت سمجھی۔

**مولٰینا عبد الباری فرنگی محلّی کی توبہ:** -مولانا عبد الباری صاحب فرنگی محلّی پر ان کے کچھ سیاسی حرکات اور تحریرات کی بناء پر سیدنا اعلیٰ حضرت نے ان پر فتویٰ صادر فرمادیا انہیں مولانا عبد الباری صاحب نے نجدیوں کے ذریعہ حرمین شریفین کے قبہ جات گرانے اور بیحرمتی کرنے کے سلسلہ میں لکھنؤ میں ایک کانفرنس منعقد کی گئی تھی۔

حضرت حجۃ الاسلام صاحب جماعت رضائے مصطفٰے کی طرف سے چند مشہور علماء کے ہمراہ لکھنؤ تشریف لے گئے، وہاں عبد الباری صاحب اور ان کے متعلقین و مریدین نے زبردست استقبال کیا، جب مولانا عبد الباری صاحب نے حجۃ الاسلام سے مصافحہ کرنا چاہا تو آپ نے ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا جب تک میرے والدگرامی کے فتویٰ پر عمل کرتے ہوئے آپ توبہ نہیں کرلیں گے میں آپ سے نہیں مل سکتا۔

حضرت مولانا عبد الباری فرنگی محلّی علیہ الرحمہ کا لقب ''صوت الایمان'' تھا لہٰذا انہوں نے حق کو حق سمجھ کر کھلے دل سے توبہ کرلی اور یہ فرمایا:

marfat.com

''لاج رہے یا نہ رہے، میں اللہ تعالیٰ کے خوف سے توبہ

کررہا ہوں، مجھ کو اس کے دربار میں جانا ہے مولوی احمد

رضا خاں نے جو کچھ لکھا ہے صحیح لکھا ہے'

**احکام شرعیہ اور جرح وبیبا کی:** - لکھنؤ ہی میں مسلمانوں کے نکاح وطلاق کے معاملے میں قانون بنائے جانے کے سلسلے میں ایک کانفرنس کے موقع پر حضرت حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ اور صدر الافاضل علیہ الرحمہ اور مولانا تقدس علی خاں علیہ الرحمہ بریلی شریف سے شرکت کیلئے گئے تھے، اس کانفرنس میں شیعہ اور ندوی مولویوں کے علاوہ شاہ سلیمان چیف جسٹس ہائی کورٹ اور حضرت مولانا عبدالباری فرنگی محلی علیہ الرحمہ کے داماد بھتیجے عبدالوالی بھی تھے، حجۃ الاسلام صاحب نے جرح میں سب کو اکھاڑ پھینکا اور فیصلہ آپ ہی کے حق میں ہوا۔

حمایت اسلام اور شریعت مصطفےٰ وناموس رسالت کے معاملہ میں حجۃ الاسلام نے ہمیشہ حق گوئی سے کام لیا، کبھی بھی کسی بھی مصلحت کو پاس پھٹکنے نہیں دیا۔

**مصلحانہ شان وعظمت:** - ۱۹۳۵ء میں مسلمانوں کے مذہبی وقومی، سیاسی وسماجی اور ملی ومعاشی استحکام کے سلسلہ میں ایک لائحہ عمل تیار کرنے کی غرض سے مراد آباد میں چار روزہ کانفرنس منعقد کی گئی تھی جس کی صدارت حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ نے فرمائی تھی اور اس موقع پر آپ نے جو فصیح وبلیغ، پرمغز وپرتدبیر خطبہ دیا تھا وہ آپ کی سیاسی بصیرت، علمی جلالت، مذہبی قیادت وسیادت اور ملی وقومی ہمدردی اور دینی حمایت کی ایک

marfat.com

شاندار مثال ہے اور جس سے ان کے عالمانہ، مصلحانہ و مفکرانہ شان و عظمت کا بھرپور اظہار ہوتا ہے۔

یہ خطبہ سب سے پہلے ۱۹۳۵ء میں شہزادۂ حجۃ الاسلام مفسر اعظم حضرت علامہ ابراہیم رضا خاں جیلانی میاں علیہ الرحمہ نے ''خطبۂ صدارت جمعیت عالیہ'' کے نام سے شائع کیا تھا۔ اس خطبہ کی فوٹو کاپی حضرت علامہ عبدالحکیم شرف قادری صاحب لاہوری نے فقیر کی درخواست پر روانہ فرمائی اور فقیر نے بحکم مخدوم مکرم موجودہ مفتی اعظم حضرت علامہ اختر رضا خاں ازہری صاحب قبلہ ادارہ سنی دنیا سے ۱۹۸۸ء میں شائع کیا۔

خطبہ ہٰذا عوام و خواص، علماء و طلبہ ہر ایک کیلئے لائق مطالعہ ہے، اس خطبہ سے حجۃ الاسلام کی ادبی شان بھی جھلکتی ہے۔

**زبان وادب پر مہارت:** - حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ کی زبان دانی، ان کی فصاحت و بلاغت نثر نگاری و شاعری خصوصاً عربی زبان وادب پر عبور اور مہارت کی تعریف علمائے عرب نے بھی کی ہے ۱۳۴۲ھ میں حجۃ الاسلام کے دوسرے حج و زیارت کے موقع پر عرب کے معروف عربی داں حضرت شیخ سید حسن دباغ اور سید محمد مالکی ترکی نے آپ کی عربی دانی اور قابلیت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس طرح اعتراف کیا ہے:

''ہم نے ہندوستان کے اکناف واطراف میں حجۃ الاسلام جیسا فصیح و بلیغ دوسرا نہیں دیکھا جسے عربی زبان میں اتنا عبور حاصل ہو''

marfat.com

حضور اعلیٰ حضرت کی عربی زبان کی کتب الدولۃ المکیہ اور کفل الفقیہ الفاہم کی طباعت کے وقت اعلیٰ حضرت کے حکم پر اسی وقت عربی زبان میں تمہیدات تحریر کردیں جنہیں دیکھ کر اعلیٰ حضرت بہت خوش ہوئے، خوب سراہا اور دعائیں دیں۔

**عربی دانی کا ایک اہم واقعہ:-** حجۃ الاسلام کو ایک بار دار العلوم معینیہ اجمیر شریف میں طلبہ کا امتحان لینے اور دار العلوم کے معائنہ کیلئے دعوت دی گئی، طلبہ کے امتحان وغیرہ سے فارغ ہو کر جب آپ چلنے لگے تو مولانا معین الدین صاحب نے دار العلوم کے معائنہ کے سلسلہ میں کچھ لکھنے کی فرمائش کی۔

آپ نے فرمایا فقیر تین زبانیں جانتا ہے، عربی، فارسی اور اردو، آپ جس زبان میں کہیں لکھ دوں، مولانا معین الدین صاحب اس وقت تک اعلیٰ حضرت یا حجۃ الاسلام سے مکمل طور پر متعارف نہیں تھے، انہوں نے کہہ دیا عربی میں تحریر کردیجئے۔

حضور حجۃ الاسلام نے قلم برداشتہ کئی صفحہ کا نہایت ہی فصیح و بلیغ عربی میں معائنہ تحریر فرمادیا، حجۃ الاسلام کے اس طرح قلم برداشتہ لکھنے پر معین الدین صاحب حیرت زدہ بھی ہو رہے تھے اور سوچ بھی رہے تھے کہ جانے کیا لکھ رہے ہیں کیوں کہ ان کو بھی اپنی عربی دانی پر بڑا ناز تھا۔

جب معائنہ لکھ کر حجۃ الاسلام چلے آئے تو بعد میں اس کے ترجمہ کیلئے مولانا مرحوم بیٹھے تو انہیں حجۃ الاسلام کی عربی سمجھنے میں بڑی دقت پیش آئی بمشکل تمام لغت دیکھ دیکھ کر ترجمہ کیا وہ بھی پورا ترجمہ نہیں کر سکے، بعض الفاظ انہیں لغت میں بھی نہ ملے

marfat.com

بعد میں انہیں وہ الفاظ عرب علماء کی زبانی اور کچھ ان کی کتب سے حاصل ہوئے تب جا کر انہیں ان الفاظ اور محاوروں کا علم ہوا۔

اسی لئے عرب کے بڑے بڑے علماء حجۃ الاسلام کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ:

ان کی عربی زبان، ان کی گفتگو اور تحریر سب کچھ اہل عرب جیسی بلکہ ان سے بہتر ہے۔

**منظومات حجۃ الاسلام:** ۔حضور حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ عربی کے زبر دست عالم ہونے کے علاوہ اردو کے بھی بہترین شاعر اور ادیب بھی تھے آپ نے حمد ونعت کے علاوہ منقبتیں بھی کہی ہیں لیکن آپ کا دیوان آپ کی زندگی میں چھپ نہ سکا جس کی وجہ سے آپ کے کلام محفوظ نہیں رہ سکے، صرف ایک حمد اور تین نعتیں موجود ہیں انھیں میں سے چند اشعار پیش ہیں تاکہ شعر وادب کے شائقین اور نعت خوان حضرات حجۃ الاسلام کے کلام کو ملاحظہ کریں، ان سے محظوظ ہوں اور ایمان وعقیدہ تازہ کریں اور ان کی شاعرانہ عظمت کا اندازہ کریں۔

## حمد

اللہ اللہ اللہ اللہ

دل مرا گد گداتی رہی آرزو — آنکھیں پھر پھر کے کرتی رہیں جستجو

عرش تا فرش ڈھونڈ آیا میں تجھ کو تو — نکلا اقرب زحبل ورید گلو

اللہ اللہ اللہ اللہ

marfat.com

طور سینا پہ تو جلوہ آرا ہوا      صاف موسیٰ سے فرما دیا لن ترا

اور انی انا اللہ شجر بول اٹھا      تیرے جلووں کی نیرنگیاں چار سو

اللہ اللہ اللہ اللہ

کون تھا جس نے سبحانی فرما دیا      اور ما اعظم شانی کس نے کہا

بایزید اور بسطام میں کون تھا      کب انا الحق تھی منصور کی گفتگو

اللہ اللہ اللہ اللہ

میں نے مانا کہ حامد گنہگار ہے      معصیت کیش ہے اور خطا کار ہے

میرے مولیٰ مگر تو تو غفار ہے      کہتی رحمت ہے مجرم سے لاتقنطوا

اللہ اللہ اللہ اللہ

# نعت شریف

گنہگاروں کا روز محشر شفیع خیر الانام ہوگا

دولہن شفاعت بنے گی دولہا نبی علیہ السلام ہوگا

کبھی تو چمکے گی نجم قسمت ہلال ماہ تمام ہوگا

کبھی تو ذرہ پہ مہر ہوگی وہ مہر ادھر خوش خرام ہوگا

خدا کی مرضی ہے انکی مرضی، ہے ان کی مرضی خدا کی مرضی

انہیں کی مرضی پہ ہو رہا ہے انہیں کی مرضی پہ کام ہوگا

marfat.com

حضور روضہ ہوا جو حاضر تو اپنی سج دھج یہ ہوگی حامدؔ

خمیدہ سر آنکھیں بند لب پر مرے درود و سلام ہوگا

# نعت پاک

محمد مصطفیٰ نورِ خدا نام خدا تم ہو

شہ خیر الوریٰ شانِ خدا صلے علیٰ تم ہو

نہ کوئی ماہ وش تم سا نہ کوئی مہ جبیں تم سا

حسینوں میں ہو تم ایسے کہ محبوب خدا تم ہو

حسینوں میں تمہیں تم ہو نبیوں میں تمہیں تم ہو

کہ محبوب خدا تم ہو نبی الانبیاء تم ہو

انا من حامدؔ و حامدؔ رضا منّی کے جلووں سے

بحمد اللہ رضا حامدؔ ہیں اور حامد رضا تم ہو

# نعت شریف

چاند سے ان کے چہرے پر گیسوئے مشکفام دو

دن ہے کھلا ہوا مگر وقتِ سحر ہے شام دو

ان کے جبین نور پر زلف سیہ بکھر گئی

جمع ہیں ایک وقت میں ضدین صبح و شام دو

marfat.com

پی کے پلا کے میکشو ہم کو بچی کچھی ہی دو
قطرہ دو قطرہ ہی سہی کچھ تو برائے نام دو
ایک نگاہ ناز پر سیکڑوں جام مئے نثار
گردش چشم مست سے ہم نے پئے ہیں جام دو
نام حبیب کی ادا جاگتے سوتے ہو ادا
نام محمدی بنے جسم کو یہ نظام دو
تلووں سے انکے چار چاند لگ گئے مہر و ماہ کو
ہیں یہ انہیں کی تابشیں ہیں یہ انہیں کے نام دو
اب تو مدینے لے بلا گنبد سبز دے دکھا
حامد و مصطفیٰ تیرے ہند میں ہیں غلام دو

**تصانیف وتراجم:**- حجۃ الاسلام کی تصانیف میں الصارم الربانی علیٰ اسراف القادیانی، سدالفرار، سلامۃ اللہ لاہل السنۃ من سبیل العنادوالفتنہ، الاجازات المتینہ، حاشیۃ ملاجلال مشہور ہیں، الدولۃ المکیہ کا ترجمہ بھی ان کا علمی وادبی شاہکار ہے اس کے علاوہ یہ مجموعہ ''فتاویٰ حامدیہ'' آپ کی فقہی شان وعظمت کا بین ثبوت ہے جسے فاضل نوجوان حضرت مولانا مفتی محمد عبدالرحیم نشترؔ فاروقی صاحب نے انتہائی محنت ومشقت اورکافی تلاش وجستجو کے بعد جمع فرمایا ہے جو اپنے آپ میں ایک عظیم کارنامہ ہے۔

**نوٹ:**- اعلیٰ حضرت نوراللہ مرقدہ کی مشہور زمانہ کتاب ''حسام الحرمین علی

منحر الکفر والمین'' جسے انہوں نے اپنے دوسرے حج وزیارت کے موقع پر ۱۳۲۴ھ کو عربی زبان میں تالیف فرمایا تھا اور جس پر علماء حرمین شریفین کی تقریظات وتصدیقات ہیں، اس کے ترجمہ کے بارے میں مشہور ہے کہ اس کا ترجمہ حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ نے کیا ہے لیکن یہ غلط ہے اس کا ترجمہ حضور اعلیٰ حضرت کے برادر زادہ یعنی ان کے منجھلے بھائی استاد زمن حضرت علامہ حسن رضا خاں علیہ الرحمہ کے صاحبزادے علامہ حسنین رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ نے کیا ہے۔

اس ترجمہ کا نام حضرت علامہ حسنین رضا خاں صاحب نے مبین احکام و تصدیقات اعلام رکھا یہ تاریخی نام ہے اور ۱۳۲۵ھ میں اس کا ترجمہ ہوا ہے، شروع سے اب تک حسام الحرمین کے جتنے بھی ایڈیشن چھپ چکے ہیں سب پر مترجم کی حیثیت سے علامہ حسنین رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ کا ہی نام ہے یہ بھی اعلیٰ حضرت کے خلیفہ ہیں، اعلیٰ حضرت نے ''الاستمداد'' میں ان کیلئے اس طرح تحریر فرمایا ہے ع

دے حسنین وہ تقبیع ان کو
جس سے برے کھسیاتے یہ ہیں

علامہ حسنین رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ نے حضور اعلیٰ حضرت کا وصیت نامہ بھی ''وصایا شریف'' کے نام سے مرتب کیا ہے، وصیت میں اعلیٰ حضرت نے اپنے دونوں صاحبزادگان کے ساتھ انھیں بھی شامل کیا ہے۔

marfat.com

اعلیٰ حضرت کے بیشتر کتب ورسائل انہیں کے اہتمام میں شائع ہوئے ہیں ان سے اعلیٰ حضرت کی چوتھی صاحبزادی بھی منسوب تھیں ان سے ایک صاحبزادی بھی تھیں جو اس دار فانی سے کوچ کر گئیں۔

**فن تاریخ گوئی میں کمال:-** آپ اپنے والد ماجد اعلیٰ حضرت کی طرح حجۃ الاسلام علیہ الرحمۃ والرضوان کو بھی تاریخ گوئی کے فن میں کمال حاصل تھا ۱۳۴۴ھ میں حضرت مولانا عبدالکریم درسؔ رحمۃ اللہ علیہ کے وصال پر حجۃ الاسلام نے درج ذیل تاریخیں کہیں:

تواریخ وصال ۱۳۴۴ھ

مولٰینا القرشی الصدیقی الکرانچوی ۱۳۴۴ھ

رحمۃ اللہ المولیٰ تعالیٰ برحمۃ واسعہ ۱۳۴۴ھ

الشھداء عندربھم لھم اجرھم ونورھم ۱۳۴۴ھ

حضرۃ مولٰینا وبکل مجد اولٰینا ۱۳۴۴ھ

ادخلوا خالدین بھا ۱۳۴۴ھ

نمقہ العبد امجانی حامد رضا ۱۳۴۴ھ

النوری الرضوی ۱۳۴۴ھ

درس عبدالکریم عبدکریم کرد جان خودش بحق تسلیم

موت العالم تمیۃ العالم ثامنہ دین احمد بے میم

marfat.com

روح الراوحہ وسقاہ زاب کوثر و جعفر وتسلیم
درس ووعظ وحمایت سنت ردبدعات وطرفہ اہل جحیم
امرمعروف ونہی عن المنکر کاراوبوددرحیات کریم
درس دین نبی بگوحاند ختم شددرکراچی والتسلیم

۱۳۴۴ھ

نوری مسجد جنکشن بریلی شریف جب بن کر تیار ہوئی تو آپ نے برجستہ عربی میں درج ذیل تاریخیں کہیں:

انما یعمر المسجد من آمن باللہ والاخریٰ
من بناہ بنی لہ اللہ بیت دربجنۃ الماویٰ
شکر اللہ سعی قیمہ ذی محمد رضانقی رضیٰ
بخ لعمری بناہ ماشمخ ازخ اسّہ فایہ نجل رضیٰ
قلت سبحٰن ربی الاعلیٰ مسجد اسّس علی تقویٰ

۲۹ ۱۳

آپ نے اپنے والد ماجد اعلیٰ حضرت کے وصال کے موقع پر درج ذیل تاریخیں کہیں:

تواریخ الوفاۃ ۱۳۴۰ھ

نورالله ضریح ۱۳۴۰ھ

marfat.com

شیخ الاسلام والمسلمین ۱۳۴۰ھ

امام ھداۃ السنۃ الحاج احمدرضا ۱۳۴۰ھ

الھاوالبریلوی القادری البرکاتی ۱۳۴۰ھ

رضی اللہ الحوزعنہ ۱۳۴۰ھ

راح شیخ الکل فی کل ۱۳۴۰ھ

مولوی معنوی قرآن زبانت ماوری ۱۳۴۰ھ

ھم اولیائی تحت قبائی لایعرفھم ۱۳۴۰ھ

**مریدین، خلفا اور تلامذہ:۔** حجۃ الاسلام کے مریدین کی تعداد یوں تو لاکھوں میں تھی لیکن اب بھی ہزاروں کی تعداد میں ان کے مریدین موجود ہیں، چتوڑ گڑھ، جے پور، اودے پور، جودھپور، سلطان پور، بریلی واطراف، کانپور، فتح پور، بنارس اور صوبہ بہار وغیرہ میں ان کے مریدین زیادہ ہیں، کراچی اور پاکستان کے مختلف شہروں میں بھی آپ کے مریدین پائے جاتے ہیں۔

آپ کے خلفاو تلامذہ میں مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مفتی مصطفٰے رضا خاں قادری بریلوی، مفسر اعظم ہند حضرت علامہ محمد ابراہیم رضا خاں قادری بریلوی، حضرت علامہ محمد حماد رضا خاں قادری بریلوی، محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ محمد سردار احمد گرداسپوری ثم لائل پوری، حضرت علامہ مفتی محمد تقدس علی خاں قادری بریلوی، حضرت علامہ محمد عنایت محمد خاں غوری، حضرت علامہ محمد عبدالغفور ہزاروی، حضرت علامہ محمد سعید شبلی

فریدکوٹی ، حضرت علامہ احسان علی صاحب فیض پوری سابق شیخ الحدیث دارالعلوم منظر اسلام ، حضرت علامہ ولی الرحمن پوکھریروی ، حضرت علامہ حافظ محمد میاں اشرفی ، حضرت علامہ ابوالخلیل انیس عالم صاحب بہاری ، حضرت علامہ قاضی فضل کریم صاحب بہاری ، حضرت علامہ رضی احمد صاحب وغیرہ سرفہرست ہیں۔

پاکستان کے مشہور شاعر حسان العصر جناب اختر الحامدی بھی حضور حجۃ الاسلام ہی سے شرف بیعت وارادت رکھتے ہیں، حضور حجۃ الاسلام اپنے تلامذہ اور خلفاء میں سب سے زیادہ محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ سردار احمد گرداسپوری سے محبت فرماتے تھے۔

حضرت علامہ سردار احمد صاحب جو میٹرک کر چکے تھے اور پٹواری کی ملازمت بھی اختیار کرلی تھی انھوں نے جب مناظرۂ لاہور کے موقع پر حجۃ الاسلام کے چہرۂ زیبا کو دیکھا تو ان پر فریفتہ ہوگئے آپ ہرروز ان کے رخ انور کی زیارت کو جلسہ گاہ میں حاظر ہوجاتے اور یک لخت حضور حجۃ الاسلام ہی کو دیکھتے رہتے۔

حضور حجۃ الاسلام کے استفسار پر انھوں نے ان کے ساتھ بریلی شریف چلنے کی تمنا ظاہر کی تو حجۃ الاسلام بکمال شفقت اپنے ہمراہ بریلی شریف لائے اور برسوں اپنی صحبت وخدمت میں رکھ کر ایسی وتعلیم وتربیت فرمائی کہ آپ ایک معمولی پٹواری سے محدث اعظم بن کر افق عالم پر چھا گئے۔

محدث اعظم پاکستان نے دارالعلوم منظر اسلام اور دارالعلوم مظہر اسلام میں بھی تدریسی خدمات انجام دیں، تقسیم ہند کے بعد آپ پاکستان تشریف لے گئے اور لائل پور

marfat.com

میں ایک مدرسہ بنام ''مظہرِ اسلام'' قائم فرمایا اورتادم آخری وہیں دین متین کی خدمت انجام دیتے رہے، آپ کا مزار مبارک لائل پور میں زیارت گاہ خاص وعام ہے۔

**حسن سیرت:**۔ جس طرح حجۃ الاسلام کا چہرہ خوبصورت تھا اسی طرح ان کا دل بھی حسین تھا وہ ہر اعتبار سے حسین تھے، صورت وسیرت، اخلاق وکردار، گفتار و رفتار، علم وفضل، زہد وتقویٰ سب میں بے مثل وبے نظیر تھے۔

حجۃ الاسلام بلند پایہ کرداراور پاکیزہ اخلاق کے مالک تھے، متواضع اور خلیق، مہربان اوررحیم وکریم تھے، اپنے ہوں یا بیگانے سبھی ان کے حسن صورت وسیرت اور حسن اخلاق کے معترف تھے، البتہ وہ دشمنان دین وسنیت اور گستاخان خدااور رسول کے لئے برہنہ شمسیر تھے اور غلامان مصطفےٰ کے لئے شاخ گل کی مانند لچکدار ونرم خو تھے۔

شب برأت آتی توسب سے معافی مانگتے حتیٰ کہ چھوٹے بچوں، خادماؤں، خادموں اورمریدوں سے بھی فرماتے کہ ''اگر میری طرف سے کوئی بات ہوگئی ہوتو معاف کردواور کسی کا حق رہ گیا ہوتو بتادو'' حضور حجۃ الاسلام الحب فی اللہ والبغض فی اللہ اوراشداء علی الکفار رحماء بینھم کی جیتی جاگتی تصویر تھے۔

حجۃ الاسلام اپنے شاگردوں اورمریدوں سے بھی بڑے لطف وکرم اور محبت سے پیش آتے تھے اور لطف یہ کہ ہر مرید وشاگرد یہی سمجھتا کہ اسی سے زیادہ محبت فرماتے ہیں، ایک بار کاواقعہ ہے کہ آپ کلکتہ کے طویل سفر سے بریلی شریف واپس ہوئے ابھی گھر پراترے بھی نہ تھے کہ بہاری پور بریلی شریف کا ایک شخص آیا جس کا

marfat.com

بڑا بھائی آپ سے مرید تھا اور اس وقت بستر مرگ پر پڑا ہوا تھا اس نے عرض کیا: حضور روز ہی دیکھ جاتا ہوں لیکن چونکہ حضور سفر پر تھے اس لئے دولت کدے پر معلوم کر کے واپس مایوس لوٹ جاتا تھا میرے بھائی حضور کے مرید ہیں اور سخت بیمار ہیں چل نہیں سکتے، ان کی بڑی تمنا ہے کہ کسی صورت اپنے مرشد کا دیدار کرلوں، اتنا کہنا تھا کہ آپ نے گھر کے سامنے تانگہ رکوا کر اس پر بیٹھے بیٹھے ہی اپنے چھوٹے صاحبزادے نعمانی میاں کو آوازی دی اور فرمایا کہ یہ سامان اتروالو میں بیمار کی عیادت کر کے ابھی آتا ہوں اور آپ فوراً اس شخص کے ساتھ روانہ ہو گئے۔

اللہ اکبر! کلکتہ سے بریلی تک کا لمبا سفر طے کر کے کئی روز کے بعد گھر تشریف لائے، سفر کی تکان مگر اپنے آرام کا کچھ خیال نہیں فرمایا اور ایک غریب کے گھر اس کی عیادت کو اسی عالم میں تشریف لے گئے۔

بنارس کے ایک مرید آپ سے بے پناہ عقیدت و محبت رکھتے تھے ایک بار انھوں نے آپ کی دعوت کی، احباب میں گھرے رہنے کے سبب آپ ان کے یہاں وقت پر کھانے میں نہیں پہنچ سکے ان صاحب نے کافی انتظار کیا اور جب آپ نہ پہنچے تو گھر میں تالا لگا کر بیوی کے ساتھ کہیں چلے گئے ہجوم ختم ہونے کے بعد جب آپ ان کے یہاں تشریف لے گئے تو دیکھا کہ گھر میں تالا لگا ہوا ہے اور صاحب خانہ ندارد، آپ مسکراتے ہوئے لوٹ آئے، بعد میں آپ سے ایک ملاقات میں انھوں نے اپنی ناراضگی کا اظہار بھی کیا لیکن حجۃ الاسلام نے بجائے ان پر ناراض ہونے یا اپنی ہتک عزت محسوس کرنے کے انھیں الٹا منایا اور ان کی دلجوئی

marfat.com

فرمائی، یہ تھی احباب کے ساتھ آپ کی شان رحیمی وکریمی اور یہی شان ولایت بھی ہے۔

آپ خلفائے اعلیٰ حضرت اور اپنے ہم عصر علماء سے نہ صرف محبت رکھتے تھے بلکہ ان کا احترام بھی کرتے تھے جبکہ بیشتر آپ سے عمر میں اور تقریباً علم میں بھی آپ سے چھوٹے اور کم پایہ کے تھے۔

سادات کرام خصوصاً مارہرہ شریف کے مخدوم زادگان کے سامنے تو بچھ جاتے اور ان کو آقاؤں کی طرح احترام دیتے تھے، حضرت اشرفی میاں علیہ الرحمہ سے آپ کو بے پناہ انسیت والفت تھی اور دونوں میں اچھے اور گہرے مراسم بھی تھے، ان کو آپ ہی نے ''شبیہ غوث اعظم'' کا لقب دیا تھا حجۃ الاسلام ہر جلسہ خصوصاً بریلی شریف کی تقریبات میں ان کا شاندار تعارف کراتے، حجۃ الاسلام کے محدث اعظم علیہ الرحمہ سے بھی خوشگوار تعلقات تھے۔

صدرالافاضل حضرت علامہ محمد نعیم الدین صاحب مرادآبادی اور صدرالشریعہ حضرت علامہ محمد امجد علی صاحب اعظمی کو بہت چاہتے تھے، شیر بیشۂ اہلسنت حضرت علامہ محمد حشمت علی صاحب پیلی بھیتی سے بھی بڑے لطف وعنایت کے ساتھ پیش آتے تھے آپ نے شیر بیشۂ اہلسنت کی شادی میں بھی شرکت فرمائی تھی۔

حافظ ملت حضرت علامہ محمد عبدالعزیز صاحب بانی الجامعۃ الاشرفیہ پر بھی آپ خصوصی توجہ فرماتے تھے حافظ ملت کی دعوت پر آپ اپنے فرزندار جمند حضرت مولانا حماد رضا خاں قادری نعمانی میاں کے ہمراہ ۱۹۳۴ء میں مبارکپور اعظم گڑھ تشریف لے گئے۔

marfat.com

آپ کو اپنے داماد و تلمیذ اور خلیفہ حضرت علامہ تقدس علی خاں قادری بریلوی سے بھی بڑی محبت تھی، علامہ تقدس علی خاں سفر میں آپ کے ہمراہ رہا کرتے تھے۔

الغرض حجۃ الاسلام کے بارے میں مختصراً یہی کہا جاسکتا ہے کہ آپ زہرہ صورت اور مشتری سیرت انسان تھے۔

**حسنِ صُورت** :- حضور حجۃ الاسلام بہت ہی حسین و جمیل اور وجیہہ و شکیل تھے، جانے کتنے غیر مسلم حتی کہ عیسائی پادری بھی آپ کے نورانی چہرہ کو دیکھ کر مشرف بہ اسلام ہوئے، آپ کا چہرہ ہی برہان تھا اور آپ صورت و سیرت ہر اعتبار اور ہر ادا سے اسلام کی حجت، حقانیت کی دلیل اور سچائی کی برہان تھے۔

جے پور، چتوڑ گڑھ، اودے پور اور گوالیر کے راجگان آپ کے دیدار کیلئے بیتاب رہا کرتے تھے اور آپ جب ان راجگان میں سے کسی کے شہر میں بسلسلۂ پروگرام یا مریدین و متوسلین کے یہاں آپ تشریف لے جاتے تھے تو آپ کی زیارت کے لئے امنڈ پڑتے تھے۔

کئی بد مذہب اور مرتدین صرف آپ کے چہرہ زیبا ہی کو دیکھ کر تائب ہوئے، آپ کو شہسواری کا بھی شوق تھا آپ کی زمینداری میں اچھی نسل کے گھوڑے موجود تھے حجۃ الاسلام کی شہ سواری کا ایک واقعہ بڑا مشہور ہے نوجوانی کا عالم تھا، گرمی کی دوپہر میں آپ محلہ سوداگران کی مسجد کی فصیل پر کچھ دوسرے لوگوں کے ساتھ املی کے درخت کے سایہ میں کھڑے تھے، ناگاہ ایک شخص گھوڑے پر سوار آیا اور چیلنج کرنے لگا کہ ہے کوئی جو

میرے اس سرکش گھوڑے پر سواری کر سکے؟

حضرت حجۃ الاسلام اس کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے آگے بڑھے اور جست لگا کر گھوڑے پر سوار ہو گئے، ابتداء میں تو گھوڑے نے شرارت کی لیکن آپ نے ایڑ لگا کر اسے دوڑنے پر مجبور کر دیا بالآخر گھوڑا آپ کو لے کر ہوا ہو گیا، احباب گھبرا اٹھے اور فوراً جا کر ان کے عم محترم حضرت علامہ حسن رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ کو خبر کی، وہ آئے اور گھوڑے والے کو پکڑا اور فرمایا ''اگر میرے بچے کو کچھ ہو گیا تو تیری خیر نہیں'' ادھر سرکش گھوڑا حجۃ الاسلام کا مطیع ہو چکا تھا تھوڑی دیر میں وہ اس پر بڑی شان کے ساتھ سواری کرتے ہوئے واپس تشریف لے آئے۔

گھوڑے کا مالک یہ ماجرا دیکھ کر دنگ رہ گیا اور اس نے آپ کی شہسواری کی بڑی تعریف کی اور آپ کے عم محترم سے معافی طلب کر کے چلا گیا۔

**زہد وتقویٰ:-** حجۃ الاسلام حضرت علامہ، محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدسرہ العزیز نہایت ہی متقی اور پرہیزگار شخصیت کے مالک تھے، علمی وتبلیغی کاموں سے فراغت پاتے ہی ذکر الٰہی اور اوراد ووظائف میں مصروف، ہو جاتے، ایک بار آپ کے جسم اقدس میں ایک پھوڑا نکل آیا جس کا آپریشن ناگزیر تھا، ڈاکٹر نے بیہوشی کا انجکشن لگانا چاہا تو آپ نے سختی کے ساتھ منع فرمایا اور صاف کہہ دیا کہ میں نشے کا انجکشن نہیں لے سکتا بالآخر ہوش کے عالم میں ہی دو تین گھنٹے تک آپریشن ہوتا رہا، اور آپ کسی بھی درد وکرب سے بے خبر درود شریف کا ورد کرتے رہے یہاں تک کہ آپریشن ہو گیا، یہ

marfat.com

دیکھ کر ڈاکٹر آپ کی ہمت واستقامت پر حیران وششدر رہ گئے۔

حجۃ الاسلام بکثرت درود شریف کا ورد فرماتے تھے، سرکار ابد قرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ کو سچا عشق تھا سرکار ہی کے دین کی خدمت میں اپنی زندگی کا لمحہ لمحہ صرف کردیا، آپ کی عزت وعظمت اور آپ سے عقیدت ومحبت کو سرمایۂ حیات تصور کرتے تھے اور مصطفےٰ کی عظمت وناموس کی حفاظت وصیانت کرتے ہوئے آپ پر زندگی قربان کردی۔

حجۃ الاسلام کو زیارت روضۂ انور کی ہر دم تڑپ رہا کرتی تھی سرکار کی بارگار میں اپنی حاضری کی کیفیت یوں بیان کرتے ہیں: ع

حضور روضہ ہوا جو حاضر تو اپنی سج دھج یہ ہوگی حامدؔ

خمیدہ سر آنکھیں بند لب پر میرے درود وسلام ہوگا

**کشف وکرامات:**۔آپ کے علمی وتبلیغی کارنامے دین میں آپ کی استقامت، حق گوئی وبے باکی ہی کیا کسی کرامت سے کم ہے، آپ نائب رسول اکرم، شریعت میں نائب امام اعظم اور طریقت میں نائب غوث اعظم اور اپنے وقت کے حجۃ الاسلام تھے بیشتر کرامتیں آپ سے صادر ہوئیں۔

آپ کے چہرۂ اقدس کو دیکھ کر نہ جانے کتنوں کو ایمان نصیب ہوا اور نہ معلوم کتنے مرتد تائب ہوئے، لیکن عوام عموماً جس بات کو کرامت کہتے اور سمجھتے ہیں یعنی خوارق عادات یا کسی ناممکن یا محال کام کو پورا کرکے دکھا دینا اس طور پر بھی آپ سے بہت سی کرامتیں ظہور پذیر ہوئیں جس کا تفصیلی ذکر مفتی نشتر فاروقی صاحب نے ''سوانح

marfat.com

حجۃ الاسلام'' (زیر ترتیب) میں فرمایا ہے چند واقعات یہاں بھی ذکر کئے جاتے ہیں۔

بنارس میں آپ کے تبلیغی دورے بہت ہوا کرتے تھے، یہاں کا ایک ہندو جس کی شادی کو برسوں ہو گئے تھے مگر کوئی اولاد نہیں ہوتی تھی، جب وہ اپنے پنڈتوں اور گروؤں سے مایوس ہو گیا تو آپ کا شہرہ سنکر حاضر خدمت ہوا اور آپ سے اولاد کیلئے درخواست کی، آپ نے اسے دعوت اسلام دی تو اس نے شرط رکھی کہ اگر لڑکا ہو گیا تو مسلمان ہو جاؤں گا اس پر آپ نے فرمایا ''ایک نہیں دو'' اور نام بھی تجویز فرما دیا، ایک سال کے بعد اس غیر مسلم کے یہاں لڑکا ہوا اور اس کے چند سال بعد دوسرا لڑکا ہوا۔

چنانچہ اولاد کی پیدائش کے بعد وہ آپ کے ہاتھوں پر مشرف بہ اسلام ہو گیا اور آپ سے مرید بھی ہو گیا، بنارس کی دعوت کا واقعہ آپ کی دعا سے پیدا ہونے والے اسی شخص کے بڑے لڑکے کا ہے۔

☆

اپنی والدہ ماجدہ کے وصال کے موقع پر حضور حجۃ اسلام نے قبر کو ڈھکنے کیلئے اپنے خادم فدا یار خاں سے پتھر لانے کو کہا، مگر ایک پتھر کے بجائے دو پتھر لانے کو کہا (جبکہ ایک قبر کو ڈھکنے کے لئے ایک ہی بڑا پتھر کافی تھا)

فدا یار خاں صاحب یہ سن کر پریشان ہو گئے اور وہ سمجھ گئے کہ دوسرا پتھر حضرت اپنی قبر شریف کیلئے فرما رہے ہیں شاید جلد ہی حضرت حجۃ الاسلام بھی پردہ فرمانے والے ہیں وہ غمگین ہو گئے اور عرض کی حضور دو کی کیا ضرورت ہے ایک کیوں نہ لائیں، اس پر حجۃ الاسلام نے فرمایا، پتھر بڑی مشکل سے ملتا ہے، بعد میں دوسرا پتھر لانے

marfat.com

کیلئے تمہیں ہی پریشانی ہوگی۔

اس اشارہ سے فدایار خاں صاحب اور دوسرے لوگوں کو اور بھی یقین ہوگیا کہ حضرت کو خبر ہے کہ وہ بھی جلد ہی پردہ فرمانے والے ہیں اسی لئے دوسرا پتھر لانے کو فرمارہے ہیں۔

بہر حال فدایار خاں حضرت سے معذرت کر کے ایک ہی پتھر لائے والدہ ماجدہ کے پردہ فرمانے کے کچھ ہی ایام بعد حضور حجۃ الاسلام کا بھی وصال ہوگیا اور آپ کی تدفین کے سلسلہ میں قبر شریف ڈھکنے کیلئے پتھر تلاش کرنے میں بڑی دشواری پیش آئی۔

اللہ اکبر حضرت حجۃ اسلام کو اپنے وصال کی خبر تھی اور یہ بھی علم تھا کہ پتھر دستیاب کرنے میں احباب کو دشواری ہوگی، یہی وجہ تھی کہ والدہ ماجدہ کے وصال کے موقع پر اپنے لئے بھی پتھر لانے کو فرمادیا تھا، حضرت حجۃ الاسلام اللہ کے سچے ولی تھے اور انہیں اپنے مولیٰ سے قبل وصال ہی اپنے وصال کی خبر ہو چکی تھی۔ ☆

ایک بار حضور حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ نے بغیر کسی پروگرام کے اچانک بنارس جانے کی تیاری شروع کر دی اور خادم کو حکم دیا کہ جلد تیار ہو جاؤ بنارس چلنا ہے، گھر والے بھی حیران کہ اچانک ایسی کیا بات ہوگئی کہ بنارس جانا پڑ رہا ہے لوگوں نے عرض کی حضور موسم بھی ناساز گار ہے اور ہر طرف سیلاب ہے، خصوصاً بنارس و اطراف میں سیلاب کا زیادہ زور ہے اس لئے ایسی حالت میں سفر مناسب نہیں ہے۔

مگر حجۃ الاسلام نے کسی کی نہیں سنی اور بنارس کیلئے گھر سے نکل پڑے اور ٹرین

marfat.com

کے بعد کشتیوں اور پالکیوں سے بنارس کے ایک غیر معروف مقام پر پہنچ گئے، حضرت کے وہاں پہنچتے ہی ایک بزرگ نے بڑی بیتابی سے اٹھ کر آپ کا استقبال کیا جیسے وہ آپ ہی کے منتظر ہوں۔

حجۃ الاسلام سے ملاقات کے بعد وہ بزرگ بیٹھ گئے اور آپ بھی ان سے بہت قریب مگر مؤدب طریقہ پر دوزانو ہو کر بیٹھ گئے اور پھر دونوں ایک دوسرے سے اتنا قریب ہوئے کہ ایک دوسرے سے مل گئے، اب ان بزرگ نے اپنے دامن کو تین بار حجۃ الاسلام کی طرف جھٹکا پھر حجۃ الاسلام بڑے ہی اطمینان کے ساتھ ان سے مل کر رخصت ہوئے اور بنارس میں کسی کے یہاں رُکے بغیر بریلی شریف واپس آ گئے۔

سفر میں آپ کو کوئی دقت بھی نہ ہوئی، اس دن حجۃ الاسلام نے ذکر الٰہی بہت دیر تک کیا جس سے آپ کے چہرے پر ایک عجیب نکھار پیدا ہو گیا، آپ تو پہلے ہی حسین اور نکھرے سنورے چہرہ والے تھے کہ دیکھنے والے فدا ہو جاتے تھے اور جانے کتنے تاریک دل ان کے چہرہ کے نور سے نور ایمان پا جاتے تھے، مگر اس روز سے نورانیت میں مزید اضافہ ہو گیا تھا۔

یہ راز آج تک نہیں کھل سکا کہ ان بزرگ نے آپ کو کیا دیا، کوئی خبر، کوئی پیغام یا کوئی امانت، یہ تو یہی دونوں بزرگ جانیں، ولی ہی ولی کو پہچانتا ہے ایک ولی کو خبر ہوئی اور وہ دوسرے ولی سے ملنے کیلئے اچانک بہ ہزار دشواری بنارس پہنچ گیا۔

ایک واقعہ جو کراچی میں حضور حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ کے بڑے صاحبزادے

مفسر اعظم علیہ الرحمہ حضرت علامہ ابراہیم رضا خاں صاحب قدسرہ، کے بڑے داماد الحاج شوکت حسن خاں صاحب نے روایت کیا وہ بھی حجۃ الاسلام کے کشف اوران کی کرامت کی زبردست مثال ہے۔

**اولادوامجاد:** ۔حضور حجۃ الاسلام کے دوصاحبزادے مفسر اعظم ہند حضرت علامہ محمد ابراہیم رضاخاں قادری بریلوی عرف جیلانی میاں خلف اکبر، حضرت علامہ حماد رضاخاں قادری بریلوی عرف نعمانی میاں خلف اصغراور چارصاحبزادیاں تھیں۔

حجۃ الاسلام کے بڑے صاحبزادے جیلانی میاں قدس سرہ العزیز کے صاحبزادگان بریلی شریف میں ہیں آپ کی تیسری اولاد اور پہلے فرزند مفکر اسلام حضرت علامہ محمد ریحان رضاخاں قادری بریلوی علیہ الرحمہ وصال فرماچکے ہیں، تعلیمی اور تبلیغی، سیاسی اورسماجی میدان میں ان کی خدمات نمایاں ہیں۔

حضور مفسر اعظم کی چھٹی اولاد تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری بریلوی دام ظلہ العالی اس وقت دنیائے سنیت میں اپنے علم وفضل، زہدو تقویٰ اور دینی وتبلیغی خدمات میں نمایاں شان کے حامل ہیں۔۵۰/۵۵/ ہی سال کی عمر میں آپ کے مریدین کی تعداد لاکھوں تک پہنچ گئی ہے جو ہندوپاک، نیپال وبنگلہ دیش، سری لنکا اور ہالینڈ وانگلینڈ، امریکہ وافریقہ اورعرب ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں، تاج الشریعہ حضور مفتیٔ اعظم کے حقیقی جانشین اور موجودہ مفتیٔ اعظم ہیں۔

مشہور اسلامی اسکالر، ماہر رضویات ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب پرنسپل سائنس

marfat.com

کالج ٹھٹھ سندھ پاکستان نے اپنی تصنیف ''اجالا'' میں آپ کے علم وفضل کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کیا ہے۔

**وصال مبارک:**۔حضور حجۃ الاسلام اپنے وصال سے ایک سال قبل ہی اپنی رحلت کے حالات وکوائف بیان فرمانے لگے تھے، آپ اپنے وصال کی کیفیت بیان کرتے اور فرمایا کرتے تھے: زبان سرکار کے درود وسلام اور ذکر میں مشغول ہوگی روح قرب ووصال کے چھلکتے ہوئے کیف وسرور کے جام سے محظوظ ہوگی۔

۱۷؍جمادی الاولیٰ ۱۳۶۲ھ مطابق ۲۳ مئی ۱۹۴۳ء دوران نماز عشاء عالم تشہد میں آپ کا وصال ہوا، نماز جنازہ آپ کے تلمیذ ارشد محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ سردار احمد صاحب لائل پوری نے پڑھائی۔

**مزار پرانوار:**۔حضور حجۃ الاسلام کا مزار مقدس روضۂ اعلیٰ حضرت کے مغرب جانب ''گنبد رضا'' میں واقع زیارت گاہ خاص وعام ہے آپ کا عرس ہر سال ۱۷؍جمادی الاولیٰ کو ''عرس حامدی'' کے نام سے ہوتا ہے اسی موقع پر جامعہ رضویہ منظر اسلام کے طلباء کی دستار بندی بھی کی جاتی ہے۔

**یادگاریں:**۔ خانقاہ اعلیٰ حضرت آپ کی یادگاروں میں سے مخصوص یادگار ہے آپ نے اس کی تعمیر کرائی آپکی تصانیف وتبرکات بھی آپ کی یادگار ہیں بیشتر تبرکات علامہ سردار احمد صاحب کے مدرسہ مظہر اسلام لائلپور پاکستان میں محفوظ ہیں۔

عبدالنعیم عزیزی

marfat.com

# تقریب

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

نائب رسول اکرم جانشین اعلیٰ حضرت حجۃ الاسلام قطب عالم حضرت العلام مفتی محمد حامد رضا خان صاحب قبلہ نور اللہ مرقدہ جن کے فتاویٰ کا مجموعہ آپ کے ہاتھ میں ہے دنیائے اسلام میں انکا ایک عظیم مقام ہے صورت ایسی نورانی تھی کہ غیر بھی دیکھ کر مشرف بہ اسلام ہو جاتے تھے اور سیرت ایسی کہ بیگانے بھی آپ کے گرویدہ اور دیوانے ہو جاتے۔

آپ کے افتاء اور تفقہ کی عظمت کے لئے صرف اتنا ہی کافی ہے کہ آپ اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت امام احمد رضا کے معتمد خاص تھے اور ان کے دست وبازو بنے رہے۔

افتاء کا لغوی معنی ہے ”جواب دینا“ اسی معنی کے اعتبار سے بادشاہ حصہ کا یہ قول قرآن عظیم میں منقول ہے:

”یٰاَیُّھَا الْمَلَأُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ یعنی اے درباریو میرے خواب کا جواب دو“

marfat.com

اور اصطلاح میں ''شرعی فیصلہ سے آگاہ کرنے'' کو افتاء کہتے ہیں۔

احکام شرعیہ کے علم حاصل کرنے کو تفقہ فی الدین کہتے ہیں خدائے تعالیٰ نے اس کے بارے میں یوں حکم فرمایا ہے:

''فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ یعنی تو کیوں نہ ہو کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور واپس اپنی قوم کو ڈر سنائیں اس امید پر کہ وہ بچیں''

اور خدائے تعالیٰ اس دولتِ بے بہا سے اسے سرفراز فرماتا ہے جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے حدیث پاک میں ہے:

''من یرد اللہ به خیرا یفقهه فی الدین یعنی اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے تفقہ فی الدین عطا فرماتا ہے''

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت حجۃ الاسلام نور اللہ مرقدہ کو اس دولتِ عظمیٰ سے بھرپور سرفراز فرمایا تھا آپ کی جلالت کو علمی دیکھ کر یہ کہنا صد فیصد درست ہے کہ خدا نے آپ کے ضمیر، آپ کے خمیر اور آپ کی شرشت وفطرت کو تفقۃ فی الدین کے سانچے میں ڈھال کر اس دنیا میں ارسال فرمایا تھا۔

چودھوی صدی ہجری میں صاحب فتاویٰ رضویہ امام اہلسنت شیخ الاسلام و المسلمین حجۃ اللہ فی الارضین مولانا شاہ محمد احمد رضا خانصاحب قبلہ رضی المولیٰ تعالیٰ عنہ کی رحلت کے بعد باقاعدہ طور پر فتوی نویسی کا یہ اہم منصب ان کے خلف اکبر حجۃ الاسلام شیخ الاسلام قائد اسلام علامہ شاہ محمد حامد رضا خانصاحب قبلہ اور انکے برادر اصغر قطبِ عالم تاجدار اہلسنت نور الاسلام والمسلمین مفتیٔ اعظم مصطفٰے رضا خاں قادری کے سپرد ہوا۔

پیش نظر ''فتاویٰ حامدیہ'' ان ہی فتاویٰ کا مجموعہ ہے جو حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد حامد رضا خان صاحب رضی المولیٰ تعالیٰ عنہ نے سائلین کے جواب میں تحریر فرمائے۔

''فتاویٰ حامدیہ'' کا مطالعہ کرنے کے بعد حضرت حجۃ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کے تبحر علمی فقیہانہ بالغ نگاہی طرز استدلال اور طریق استناد کی داد دینی پڑتی ہے آپ جزئیات کے استنباط اور طریق استدلال میں ان تمام جہات اور اصول کو پیش نظر رکھتے ہیں جو ایک بالغ نظر فقیہ کیلئے ضروری ہے اور یہ مقام رفیع آپ کو اپنے والدِ محترم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ العزیز کے فیضِ صحبت سے حاصل ہوا۔

آپ مسئلۂ مسؤلہ کے جواب میں وہی طرز استدلال اختیار کرتے ہیں اور متون مشہورہ سے جواب اخذ کرتے ہیں جو آپ کے فقیہ بے مثال والد محترم کا تھا مسئلہ کے جواب میں تفصیلی استدلال اور متونِ فقہ کے حوالوں سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی نظر فقہ حنفیہ کے تمام اہم متون پر تھی اور وہ آپ کو مستحضر تھے آپ جواب کو اس وقت تک ختم نہیں کرتے جب تک کہ مسئلہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ نہ لے لیتے۔

marfat.com

''فتاویٰ حامدیہ'' اس دور میں ہمارے فقہی اور دینی معلومات کے حصول کے لئے ایک اہم سرمایہ ہے مولیٰ تعالیٰ ہم کو اس عظیم سرمایۂ دینی سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کا موقع عنایت فرمائے۔

مقامِ خوشی ہے کہ ''فتاویٰ حامدیہ'' کتابی شکل میں پہلی بار زیور طباعت سے مزین ہو کر آپ تک پہنچ رہی ہے اور اس کی طباعت کا سہرا ''ادارہ اشاعت تصنیفات رضا'' بریلی شریف کے سر جاتا ہے یہ ادارہ قطب عالم مرشد برحق حضور مفتی اعظم ہند رضی اللہ المولیٰ تعالیٰ عنہ نے قائم فرمایا تھا، ماضی میں اس کے ذریعہ بہت ساری کتب منظر عام پر آچکی ہیں اس کے بعد یہ ادارہ نظر بد کا شکار ہو گیا تھا الحمد للہ امسال اس کی نشاۃ ثانیہ حجۃ اسلام کے پرپوتے اہل علم کے قدرداں عزیز گرامی مولانا محمد عمران رضا خان قادری رضوی برکاتی کے جدوجہد سے ہوئی موصوف اس کی ترقی میں مسلسل کوشاں ہیں مولیٰ تعالیٰ ان کے علم وعمر میں بے پناہ برکتیں عطا فرمائے آمین۔

محمد عزیز الرحمٰن منانی رضوی بریلوی

وائس پرنسپل جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف

marfat.com

# تقدیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

عمید العلماء، وحید الفقہاء، شیخ الانام، حجۃ الاسلام، حضرۃ العلام، الحاج الشاہ المفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدس سرہ القوی ایک صاحب نظر مفکر، عظیم المرتبت محدث جلیل القدر مدرس، مایۂ ناز مصنف اور نکتہ رس فقیہ ومفتی تھے، آپ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا خاں قادری بریلوی قدس سرہ العزیز کے خلف اکبر اور ان کے تمام تر ملی ومذہبی علم وفضل کے وارث وامین تھے۔

آپ کی شخصیت حقانیت اسلام کی منہ بولتی تصویر تھی یہی وجہ تھی کہ اکثر غیر مسلم اور بیشتر گم گشتگان راہ آپ کے چہرۂ انور کی تابشوں کو دیکھ کر مشرف بہ اسلام ہوئے حسن ظاہری کا یہ عالم تھا کہ دیکھنے والا ایک ہی نظر میں پکار اٹھتا تھا کہ......

''ھذا حجۃ الاسلام یعنی یہ اسلام کی دلیل ہیں''

حجۃ الاسلام اپنے عہد کے لاثانی مدرس، بے نظیر محدث اور بے مثال مفسر تھے، تفسیر وحدیث، اصول فقہ وکلام، منطق وفلسفہ، ہیأت وریاضی وغیرہا فنون میں تو آپ کو ید طولیٰ حاصل تھا ہی آپ کا درس ''تفسیر بیضاوی، شرح عقائد اور شرح چغمنی'' بھی بہت مشہور تھا۔

marfat.com

آپ کے اس درس میں دور دور سے فارغ التحصیل علماء وفضلاء بھی حاضر ہوتے اور آپ سے اکتساب علم کرتے تھے، آپ کو عربی ادب میں مہارت تامہ حاصل تھی یہی وجہ تھی کہ جب آپ عربی میں گفتگو فرماتے تو سامعین اور مخاطب کو یہ گمان ہوتا کہ کوئی عربی النسل محو تکلم ہے چنانچہ علمائے حرمین طیبین نے ان الفاظ میں آپ کے علم وفضل اور خداداد صلاحیت کا اعتراف کیا:

ہم نے ہندوستان کے اکناف اطراف میں حجۃ الاسلام
جیسا فصیح و بلیغ نہیں دیکھا (تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ ۴۸۳)

چونکہ اعلیٰ حضرت نے آپ کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ فرمائی تھی لہذا آپ زمانہ طالب علمی ہی میں درسیات کی امہات الکتب خیالی، توضیح وتلویح، ہدایہ آخرین تفسیر بیضاوی صحیح بخاری اور ملا جلال وغیرہ پر حواشی لکھ کر اپنے والد ذیشان کے تعلیمی دور کی یاد تازہ فرمادی۔

۱۳۱۱ھ ۱۸۹۴ء میں فراغت کے بعد آپ نے دار العلوم منظر اسلام میں باقاعدہ درس وتدریس کا آغاز فرمایا اور تفسیر وحدیث کے علاوہ معقولات ومنقولات میں اعلیٰ درجے کی کتابیں اس شان سے پڑھائیں کہ شاید و باید ہی کوئی ایسا پڑھائے۔

آپ اپنی درسی مصروفیت کا ذکر اپنے ایک مکتوب میں یوں فرماتے ہیں:

''اس سال بوجہ حدیث شریف پڑھانے کے فقیر کو قطعاً
فرصت نہ ملی درمیان سال میں مدرس اول دار العلوم

منظر اسلام بعض احباب کے اصرار سے میرٹھ بھیج دیے
گئے درس فقیر کے سر رہا" (تذکرہ جمیل ۱۸۱)

حجۃ الاسلام درس و تدریس کے علاوہ فتاوی نویسی میں اپنے والد فاضل بریلوی کا بھی ہاتھ بٹاتے ان کے لئے حوالوں کی عبارتیں کتابوں سے تلاش کرتے کبھی کبھی آپکے فتاوی نقل کرتے نیز آپ کی تصنیفات و تالیفات کی تبییض بھی کرتے تھے جیسا کہ "الدولة المکیة" سے متعلق خود اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں:

"اسی حالت تپ میں رسالہ تصنیف کرتا اور حامد رضا
تبیض کرتے" (الملفوظ جلد ۲ ص ۱۱)

یہی وجہ ہے کہ آپ کے فتاوی میں فاضل بریلوی کے فتاوی کا رنگ و آہنگ بدرجۂ اتم موجود ہے آپ کے مضامین تصنیفات و تالیفات، تصدیقات و تقریظات، تمہیدات و تقدیمات کا طرز تحریر انداز بیان فاضل بریلوی ہی کی طرح محققانہ و منصفانہ ہے فتاویٰ ہوں یا دیگر تصنیفات آپ اس پر تمہید و تقریظ اردو میں نہیں بلکہ شستہ اور رواں عربی میں وہ بھی نظم و نثر دونوں میں ایسی قلم بند فرماتے کہ فصحائے عرب و عجم عش عش کر اٹھتے اور اسے عربی کا ایک شاہکار قرار دیتے۔

ملاحظہ ہو "الدولة المکیة" پر حجۃ الاسلام کی تمہید کا ایک اقتباس جو تمہید کے ساتھ ساتھ کتاب کا نہایت ہی جامع اور مختصر تعارف و خلاصہ بھی ہے، اس کا اردو ترجمہ بھی آپ ہی نے فرمایا ہے:

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

الحمدلله العلام الغیوب غفارالذنوب ،ستار العیوب ، المظهرمن ارتضی من رسول علی السر المحجوب و افضل الصلاه و اکمل السلام علی ارضی من ارتضی و احب محبوب سیدالمطلعین علی الغیوب ،الذی علمه ربه تعلیما و کان فضل الله علیه عظیما ،فهوعلی کل غائب امین و هو علی الغیب بضنین و لاهوبنعمة ربه بمجنون مستورعنه ماکان او یکون فهوشاهدالملک و الملکوت ومشاهدالجبارو الجبروت مازاغ البصروماطغی افتمْرونه علی مایری نزل علیه القرآن تبیانالکل شئی فاحاط لعلوم الاولین والآخرین وبعلوم لاتنحصر بحدود ینحسبر دونها العدولایعلمهااحدمن الغلمیٖن فعلوم آدم وعلوم العالم وعلوم اللوج وعلوم القلم کلهاقطرةمن بحارعلوم حبیبناصلی الله تعالیٰ علیه وسلم لان

marfat.com

علوم مایدریك علومه علیه صلوات الله و تسلیمه

هی اعظم رشحة واكبر غرفة من ذلك البحر

الغیرالمتناهی اعنی العلم الازلی الالٰهی فهو

یستمدمن ربه والخلق یستمدون منه فماعندهم

من العلوم انماهی له وبه ومنه وعنه ؎

وکلهم من رسول الله ملتمس

غرقامن البحراورشفامن الدیم

وواقفون لدیه عندحدهم

من نقطة العلم اومن شکلة الحکم

صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعلی آله وصحبه

وبارك وکرم آمین.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

ترجمہ: سب خوبیاں اللہ کو جو جمیع غیوب کا کمال جاننے والا

ہے، گناہوں کا بڑا بخشنے والا، عیبوں کو بہت چھپانے والا،

پوشیدہ راز پر اپنے پسندیدہ رسولوں کو مسلّط[1] کرنے والا اور

---

[1] مظہر کا ترجمہ ''مسلط کرنے والا'' اس لئے کیا گیا کہ ''ظہور'' یا ''اظہار'' کے صلہ میں (بقیہ اگلے صفحہ پر)

marfat.com

سب سے افضل درود اور سب سے کامل تر سلام ان پر جو
ہر پسندیدہ سے زیادہ پسندیدہ اور ہر پیارے سے بڑھ کر
پیارے ہیں غیبوں پر اطلاع پانے والوں کے سردار جن کو
ان کے رب نے خوب سکھایا اور اللہ کا ان پر فضل بہت
بڑا ہے اور وہ ہر غیب پر امین اور غیب کے بتانے میں بخیل
نہیں اور نہ وہ اپنے رب کے احسان سے کچھ پوشیدگی
میں ہیں کہ جو ہو گذرا یا آنے والا ہو ان سے چھپا ہو تو وہ
ملک اور ملکوت کے مشاہدہ فرمانے والے ہیں اور اللہ عز
وجل کی ذات وصفات کے ایسے دیکھنے والے ہیں کہ نہ
آنکھ کج ہوئی اور نہ حد سے بڑھی، تو کیا تم جو کچھ دیکھ رہے
ہو اس میں ان سے جھگڑتے ہو اللہ نے ان پر قرآن اتارا
ہر چیز کا روشن بیان کر دینے کو تو حضور نے تمام اگلے پچھلے
علوم پر احاطہ فرمایا اور ایسے علموں پر جو کسی حد پر نہ رکیں اور
گنتی ان تک پہنچنے سے تھک رہے اور تمام جہاں میں ان
کو کوئی نہیں جانتا تو آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم اور

(بقیہ ص ۸۸/ کا حاشیہ) کے صلہ میں ''علی'' آئے تو اس کے معنی ''چیرہ شدن'' یا ''چیرہ گردانیدن'' ہو جاتے ہیں یعنی
مسلط کر دینا یا قبضہ میں دینا کما یقال ظهر عليه اى غلب عليه كذا فى الصراح ۱۲/ حامد رضا غفرلہ

marfat.com

تمام عالم کے علم اور لوح و قلم کے علم یہ سب مل کر ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علموں کے سمندروں سے ایک بوند ہیں، اس واسطے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم (اور تو نے کیا جانا کہ حضور کے علم کیا ہیں؟ ان پر اللہ تعالیٰ کے درود و سلام) سب سے بڑا چھینٹا اور عظیم تر چلو ہیں، ان غیر متناہی سمندر یعنی علم قدیم الٰہی سے تو حضور اپنے رب سے مدد لیتے ہیں اور تمام جہاں حضور سے مدد لیتا ہے تو اہل عالم کے پاس جو کچھ علوم ہیں وہ سب حضور کے علم ہیں اور حضور کے سبب ہیں اور حضور کی سرکار سے آئے اور حضور سے اخذ کئے گئے ہیں ؎

رسول اللہ تجھ سے مانگتا ہے ہر چھوٹا بڑا
تیرے دریا سے چلو یا ترے باراں سے اک چھینٹا
ترے آگے کھڑے ہیں اپنی حد پر تیرے علموں سے
کوئی نقطہ ہی پڑھ رہے کوئی اعراب پر ٹھٹکا

اللہ تعالیٰ ان پر درود و سلام بھیجے اور ان کے آل و اصحاب پر برکتیں اور اعزاز نازل فرمائے! الٰہی ایسا ہی کر۔

(الدولة المكية بالمادة الغيبية ص)

اس کے علاوہ اس امر پر امام اہل سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری بریلوی کی کتب ''الکفل الفقیہ الفاهم، الوظیفة الکریمه، الاجازات المتینه اور دوسرے افاضل علمائے کرام کی وہ تصنیفات جن پر حجۃ الاسلام کی تصدیقات و تمہیدات ہیں شاہد عدل ہیں۔

حضور حجۃ الاسلام ایک عظیم دقیقہ رس بالغ النظر مفتی وفقیہ تھے آپ فقہ کے اصول ومعانی اس کے جزئیات ومبادیات پر ملکۂ راسخہ رکھتے تھے فقہ حنفی کا شاید ہی کوئی ایسا باب ہو جس کے جزئیات ومبادیات، دلائل وبراہین آپ کو متحضر نہ ہوں۔

**افتاء:**- افتاء کا لغوی معنی ''جواب دینے'' کے ہیں اور اصطلاح شرع میں ''احکام شرعیہ بیان کرنے'' کو افتاء کہتے ہیں علامہ سید شریف جرجانی قدس سرہ ''التعریفات'' صفحہ ۲۶ ر پر فرماتے ہیں:

''الافتاء بیان حکم المسئلة یعنی حکم مسئلہ بیان کرنے کو ''افتاء'' کہتے ہیں''

اللہ رب العزۃ نے افتاء کی نسبت اپنی طرف یوں فرمائی:

''یَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِی الْكَلٰلَةِ یعنی اے محبوب تم سے (لوگ) فتوی پوچھتے ہیں تم فرمادو کہ اللہ تمہیں کلالہ کے بارے میں فتوی دیتا ہے''

**مفتی:**- لغت میں ''جواب دینے والے'' کو مفتی کہتے ہیں اور اصطلاح شرع

marfat.com

میں ''احکام شرعیہ بیان کرنے والے'' کومفتی کہتے ہیں۔

علم فقہ وافتاء اپنے اندر بے پناہ گہرائی وگیرائی اور وسعت وجامعیت رکھتا ہے ہرکس وناکس کو یہ حق نہیں کہ وہ فقیہ ومفتی بن جائے الا ماشاء اللہ کہ یہ اسی کے فضل وکرم سے ہے وہ جس پر بارش رحم وکرم کرنا چاہتا اسے دین کا فقیہ بنادیتا ہے چنانچہ وجہ وجود کائنات فخر موجودات ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''من یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین یعنی اللہ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا اسے دین کا فقیہ بناتا ہے'' (مشکوٰۃ شریف)

محض درسی کتب پڑھ لینے سے علم فقہ وفتویٰ حاصل نہیں ہوتا جیسا کہ اکثر علماء اور بیشتر اہل مدرسہ یہ سمجھتے ہیں کہ درس نظامیہ کا ہر وہ فارغ التحصیل جو قدرے صلاحیت رکھتا ہو فتویٰ دے سکتا ہے امام اہل سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری فاضل بریلوی قدس سرہ القوی فرماتے ہیں:

''آج کل درسی کتابیں پڑھنے پڑھانے سے آدمی فقہ کے دروازے میں بھی داخل نہیں ہوتا'' (فتاوی ج ۴ ص ۵۶۵)

دوسری جگہ یوں رقمطراز ہیں:

''علم الفتوی پڑھنے سے حاصل نہیں ہوتا جب کہ مدتہا کسی طبیب حاذق کا مطب نہ کیا ہو'' (فتاوی جلد دہم ۲۳۱)

marfat.com

صحابۂ کرام، تبع تابعین عظام اور ائمۂ اسلام جو منصب افتاء پر فائز ہوئے سب مجتہد اور مفتی مطلق تھے لیکن حضرت امام شافعی کے بعد کوئی بھی مفتی مطلق نہیں ہوا سب مفتی منتسب ہیں جیسا کہ ''ردالمحتار'' جلد ا ص ۶۹ ر پر ہے:

''وقد اسقر رأی الاصولیین علی ان المفتی هو المجتهد فاما غیر المجتهد ممن یحفظ اقوال المجتهد فلیس بمفت و الواجب علیه اذا سئل ان یذکر قول المجتهد کالامام علی وجه الحکایة فعرفت ان ما یکون فی زماننا من فتوی الموجودین لیس بفتوی بل هو نقل کلام المفتی لیاخذ بها لمستفتی یعنی اصولیین کی رائے اس امر پر متفق ہے کہ مفتی مجتہد ہی ہوتا ہے، رہے غیر مجتہدین جو اقوال مجتہد حفظ کر لیتے ہیں تو وہ حقیقۃً مفتی نہیں اور ان پر واجب ہے کہ جب ان سے سوال کیا جائے تو وہ اقوال مجتہد بطریق حکایت بیان کریں جیسے امام پس تم نے جان لیا کہ موجودین کا فتویٰ جو ہمارے زمانے میں ہے فتویٰ نہیں بلکہ مفتی کے کلام کی نقل ہے جسے مستفتی کے لئے نقل کیا گیا ہے''

مگر خداوند قدوس نے انہیں بھی ایک اعتبار سے حسب درجہ قوت اجتہاد عطا فرمائی ہے کیوں کہ اس کے بغیر وہ نوزائدہ مسائل حل ہی نہیں کر سکتے جیسا کہ علامہ شامی قدس سرہ السامی ''ردالمحتار'' جلد ثانی ص ۳۹۸ ر پر فرماتے ہیں:

''التحقيق ان المفتى فى الوقائع لا بد له من ضرب اجتهاد و معرفة باحوال الناس یعنی مسائل جدیدہ کو حل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مفتی اجتہادی قوت کا حامل اور لوگوں کے حالات کا عالم ہو''

فقہ وافتاء کا میدان اس قدر سنگلاخ اور دشوار گزار ہونے کے باوجود حجۃ الاسلام کے فتاوی کا مطالعہ کرنے سے یہ امر اظہر من الشمس وابیض من الامس ہو جاتا ہے کہ آپ اس خاردار اور پر پیچ و پتھریلے میدان کے بھی شہسوارِ یگانۂ روزگار تھے اور کیوں نہ ہوں کہ آپ ''حجۃ الاسلام'' تھے۔

حجۃ الاسلام کے نام کی مہر میں درج تاریخ ۱۳۱۲ھ سے پتہ چلتا ہے کہ امام اہل سنت نے اسی سال اپنے اس لائق و فائق بیٹے کو کار افتاء کیلئے تیار کر دیا تھا تو گویا حجۃ الاسلام نے ۱۳۱۲ھ تا ۱۳۶۲ھ فتاوی نویسی فرمائی، آپ کی اس پچاس سالہ فتاوی نویسی سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اس فن میں بھی امام اہل سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری بریلوی کی کما حقہ نیابت کی ہے لیکن افسوس کہ آپ کے سارے فتاوی محفوظ نہ رہ سکے، کاش فقہ وافتاء اور علوم و معارف کے اس بحر ذخار کے تمام فتوؤں کا

marfat.com

ریکارڈ محفوظ و موجود ہوتا تو یقیناً علم دوست اور اہل ذوق خصوصاً ''ارباب افتاء'' کے لئے ایک عظیم علمی و فقہی سرمایہ فراہم ہو جاتا۔

تاہم آپ کے وہ فتاوی جو زمانے کے دست برد سے کسی طرح محفوظ رہ سکے نذر قارئین ہیں جو آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ اصول فقہیہ اور فقہائے احناف کے محقق، مرجح و مؤفق اور مختار و مفتی بہ اقوال وارشادات سے منور و مزین ہیں۔

اس مجموعے میں حجۃ الاسلام کے ۱۳ر تیرہ فتاوے شامل ہیں جن میں دو مستقل رسالے ''اجتناب العمال عن فتاویٰ الجہال'' اور ''الصارم الربانی علی اسراف القادیانی'' درج ہیں۔

''اجتناب العمال'' قنوت نازلہ عندالطاعون وآفات وبلیات کے ساتھ غلبۂ کفار کی تخصیص پر ایک اجہل الجہلاء کی ہفوات وخرافات کا چھ ورقی چٹہ ''ضروری سوال'' کا نہایت ہی فاضلانہ اور محققانہ رد ہے جس میں حجۃ الاسلام نے مصنف ''ضروری سوال'' کی تیس جہالتیں اور تین فریب دہیاں اور لاتعداد کج فہمیاں شمار کرائیں ہیں۔

اس فتوے میں آپ نے ہر مصیبت مثل طاعون وغیرہ کے دفع کے لئے کتب فقہیہ معتبرہ سے قنوت پڑھنے کا اثبات فرماتے ہوئے فتنہ وفساد اور غلبۂ کفار کی تخصیص کا سخت رد کیا ہے۔

چنانچہ حجۃ الاسلام نے ''غنیۃ شرح منیہ، شرح نقایہ برجندی، بحرالرائق، منحۃ الخالق، اشباہ والنظائر، مراقی الفلاح، فتح اللہ المعین، طحطاوی، درمختار'' اور مرقاۃ وغیرہ سے اپنا

marfat.com

مسلک ثابت کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''اولاً ان سب عبارات میں ''نازلہ'' بلیہ حادثہ سب لفظ مطلق ہیں کسی میں فتنہ وغلبۂ کفار کی تخصیص نہیں نازلہ ہر سختی زمانہ کو کہتے ہیں جو لوگوں پر نازل ہو ''اشباہ'' میں ہے: قال فی المصباح النازلة المصيبة الشديدة تنزل بالناس انتهى وفی القاموس النازلة الشديدة انتهى و فی الصحاح النازلة الشديدة من شدائد الدهر تنزل بالناس انتهى خود مصنف ''ضروری سوال'' کو اقرار ہے کہ ''عندالنازلہ کی قید سے ہر سختی سمجھی جاتی ہے'' بایں ہمہ بر خلاف اطلاقات علماء اپنی طرف سے خاص فتنہ وفساد وغلبۂ کفار کی قید لگانا اور کہنا کہ ''ہر ایک نازلہ نہیں'' کلام علماء میں تصرف بیجا ہے''

آگے آپ نے مصنف ''ضروری سوال'' کی ۳۰ رجہالتوں اور بے شمار صریح غلط بیانیوں اور گستاخیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے:

''ضروری سوال کی ساری محنت وجانکاہی اپنے اس ادعائے باطل کے اثبات کو تھی کہ فتنہ وغلبۂ کفار کے سوا طاعون وغیرہ نوازل کی قنوت کذب باطل و بہتان بے ثبوت و گناہ و

بدعت وضلالت وفی النار ہے جو اسے ثابت مانے اس پر
حکم تعجیل توبہ واستغفار ہے ساڑھے پانچ ورق کی تحریر میں
دس صفحے اسی مضمون میں سیاہ۔کیے یہ سب کچھ لکھ لکھا کر اب
چلتے وقت حاشیے پر ایک فائدے کا نشان دیا ''ف'' زمانۂ
طاعون میں نماز پڑھنے کی ''ترکیب'' اور متن میں لکھا: هذه
الکیفیة لصلوة الطاعون پہلے دل میں نیت کر کے زبان
سے کہے: نویت ان اصلی للّٰه تعالیٰ رکعتین صلوة
النفل لدفع الطاعون متوجها الی جهة الشریفة اللّٰه
اکبر پھر دوسری رکعت کے آخر رکوع میں جو قنوت ماثورہ
ہو پڑھے کہ مشتمل ہو اوپر طاعون کے اور اگر ایسی قنوت
اس کو یاد ہی نہ ہو تو رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی
الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّار پڑھے یہ آیہ وافی ہدایہ
جامع وجمیع ادعیہ کی ہے اللہ تعالیٰ دلوں کے ارادے سب
جانتا ہے'' چلئے وہ اگلا پچھلا لکھا یا بھولنا درکنار یہی یاد
نہ رہا کہ ''ضروری سوال'' کی تحریر کس غرض کے لئے تھی کس
بات کا دعوی کا ہے کا انکار تھا اپنے زعم میں کیا جنت کا راستہ
کیا طریق نار تھا خود ہی کذب و بہتان بنانے لگے ضلالت و

marfat.com

فی النار کی ترکیبیں بتانے لگے یارب مگر اسے اختلال حواس
کے سوا کیا کہئے طرفہ یہ کہ اوپر سوال قائم کیا تھا ''بارادۂ دفع
طاعون یا وبا کون سی قنوت ہے'' اور جواب دیا تھا ''کہیں پتا
نہیں'' اب حکم ہوتا ہے کہ ''قنوت ماثورہ پڑھے کہ مشتمل ہو
اوپر طاعون کے'' اب خدا جانے کہاں سے اس کا پتا لگ گیا''

مصنف ''ضروری سوال'' نے اس میں تغلیط روایت اور تصحیف عبارت کے ذریعہ عوام کو گمراہ کرنے کی ناپاک جسارت کی ہے حجۃ الاسلام نے اپنے جواب میں اس کی ساری قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔

اس فتوے پر امام اہلسنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری فاضل بریلوی اور محدث سورتی قدس سرہما کے علاوہ ۳؍ دیگر علمائے بریلی شریف ۸؍ فضلائے رامپور ۶؍ مفتیان لکھنؤ ۳؍ علمائے عظیم آباد ۳؍ فضلائے بہار شریف کی تصدیقات ومواہیر ثبت ہیں جس سے اس فتوے کی اہمیت وافادیت کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

''الصارم الربانی'' مرزا غلام احمد قادیانی کی تردید میں پہلی علمی کوشش تھی حجۃ الاسلام کا یہ معرکۃ الآرا فتویٰ ماہنامہ ''تحفۂ حنفیہ'' عظیم آباد پٹنہ رجب المرجب ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء میں بعنوان ''فتویٰ عالم ربانی بر مزخرفات قادیانی'' شائع ہوا جس نے قصر قادیانیت میں زلزلہ برپا کر دیا، اس وقت آپ کی عمر صرف ۲۳؍ سال کی تھی، مرزا غلام احمد قادیانی اس وقت زندہ تھا اور اپنے علمی جنازہ پر محض مرثیہ خوانی کر رہا تھا بعد

marfat.com

میں حجۃ الاسلام کا یہ تاریخی فتویٰ ''الصارم الربانی علی اسراف قادیانی'' کے نام سے کتابی شکل میں رضوی پریس بریلی شریف سے شائع ہوا۔

اس سلسلے میں خود اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں:

''پہلے اس ادعائے کاذب کی نسبت سہارنپور سے سوال آیا تھا جس کا مبسوط جواب ولد اعز فاضل نوجوان مولوی محمد حامد رضا خاں حفظہ اللہ تعالیٰ نے لکھا اور بنام تاریخی ''الصارم الربانی علی اسراف القادیانی'' مسمّٰی کیا یہ رسالہ حامیٔ سنن ماحیٔ فتن ندوی فگن مکرمنا قاضی عبد الوحید صاحب فردوسی حین عن الفتن نے اپنے رسالہ مبارکہ ''تحفۂ حنفیہ'' میں کہ عظیم آباد سے ماہوار شائع میں طبع فرمادیا''

حجۃ الاسلام سے مرزا غلام احمد قادیانی کے ایک خلیفہ کے اس قول کے بارے میں پوچھا گیا کہ ''حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام بجسدہ العنصری ذی حیات آسمان پر اٹھا لئے گئے اسے آیت قطعیۃ الدلالۃ سے ثابت کریں ہم کو صرف قرآن شریف سے ثبوت چاہئے کہ جس کے تواتر کے برابر کوئی تواتر نہیں''

اس سلسلے میں حجۃ الاسلام نے تحریر فرمایا:

''ضروریات دین میں بھی بہت باتیں ضروریات دین سے ہیں جن کا منکر یقیناً کافر مگر بالتصریح ان کا ذکر آیات

واحادیث میں نہیں مثلاً باری عز وجل کا جہل محال ہونا قرآن
وحدیث میں اللہ عز وجل کے علم واحاطۂ علم کا لاکھ جگہ ذکر
ہے مگرامکان وامتناع کی بحث کہیں نہیں پھر کیا جوشخص کہے
کہ: واقع میں تو بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے عالم
الغیب والشہادۃ ہے کوئی ذرہ اس کے علم سے چھپا نہیں مگر
ممکن ہے کہ جاہل ہو جائے'' تو کیا وہ کافر نہ ہوگا؟ کہ اس
امکان کا سلب صریح قرآن میں مذکور نہیں، حاش للہ ضرور
کافر ہے اور جو اسے کافر نہ کہے خود کافر، تو جب ضروریات
دین ہی کے ہر جزئیہ کی تصریح صریح قرآن وحدیث میں
نہیں تو ان سے اتر کر اور کسی درجے کی بات پر یہ مڑ چڑا پن
کہ ہمیں تو قرآن ہی میں دکھاؤ ورنہ ہم نہ مانیں گے، نری
جہالت ہے یا صریح ضلالت۔

اس کی نظیر یوں سمجھنی چاہئے کہ: کوئی کہے فلاں
بیگ کا باپ قوم کا مرزا تھا زید کہے کہ اس کا ثبوت کیا ہے؟
ہمیں قرآن میں لکھا دکھا دو کہ مرزا تھا ورنہ ہم نہ مانیں گے
کہ قرآن کے تواتر کے برابر کوئی تواتر نہیں ہے ایسے سفیہ کو
مجنون سے بہتر اور کیا لقب دیا جا سکتا ہے؟''

marfat.com

حجۃ الاسلام نے قرآن عظیم سے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذی حیات آسمان پر تشریف لے جانا ثابت کرنے کے بعد ۴۳؍احادیث کریمہ سے آپ کا قرب قیامت نزول فرمانا، دجال کو قتل کرنا اور چالیس سال تک اس دنیا میں قیام فرمانے کے بعد آپ کی وفات اور عامۂ مسلمین کا آپ کی نماز جنازہ پڑھنا ثابت کیا ہے۔

چند صفحات کے بعد یوں فرماتے ہیں:

> ''قرآن مجید سے اتنا ثابت اور مسلمان کا ایمان کہ سیدنا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام یہود عنود کے مکروکیود سے بچکر آسمان پر تشریف لے گئے، رہا یہ کہ تشریف لے جانے سے پہلے زمین پر ان کی روح قبض کی گئی اور جسم یہیں چھوڑ کر صرف روح آسمان پر اٹھائی گئی اس کا آیت میں کوئی ذکر نہیں یہ دعویٰ زائد ہے جو مدعی ہو ثبوت پیش کرے ورنہ بے ثبوت محض مردود ہے''

حجۃ الاسلام سے فارسی میں ایک سوال ہوا کہ ایک شخص نے بلا وجہ شرعی ایک مسلمان کو حرام زادہ کہا اور ایک پاکباز و محصنہ عورت پر زنا کا الزام لگایا اس پر استفتاء کیا گیا تو اس نے فتویٰ کی توہین کرتے ہوئے کہا کہ ''میں نے شریعت کے ایسے فتوے کو پھاڑ کر دریا برد کر دیا'' تو ایسے شخص کے لئے حکم شرع کیا ہے؟

حضور حجۃ الاسلام ارشاد فرماتے ہیں:

marfat.com

''الجواب: سب وشتم مسلم بے وجہ شرعی سخت کبیرہ است حرام قطعی قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم ساب المسلم الفسوق دشنام دادن مسلمان را معصیت ست کبیرہ...... ومی فرمایند صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ساب المسلم کالمشرف علی الهلکة مسلم را دشنام دہندہ گویا در ہلاکت زنندہ...... نیز می فرمایند صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من اذی مسلماً فقد اذانی و من اذانی فقدا اذی الله کسے کہ مسلمان را ایذا داد ما بدولت را ایذا داد (سرت گردم وقربانت شوم) وہر کہ ما بدولت را ایذا داد منتقم حقیقی را ایذا داد (عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) وتعالیٰ شانہ می فرماید وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ومی فرماید جل جلالہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا لاریب کسانیکہ اللہ ورسول را ایذا می دہند ایشاں را لعنت کرد در دنیا و آخرت مہیا کردہ است مر ایشان را عذاب دردناک و خوار کنندہ، پس از فرمان حضور بہرور دو جہاں علیہ التحیۃ

والثناء کہ بروفق شکل اولست نتیجہ کہ حاصل شد من اذی مسلما فقد اذی اللہ صغری کنیم وآیۃ کریمہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الآیہ را کبری پنداریم نتیجہ بہیجہ برمی خیزد کہ برناحق شاتم مسلم بلاہامی ریز دوچین است حکم قذف محصنہ کہ بے حجت شرعیہ معصیت ست کبیرہ سزایش ہستاددرہ ونامقبول شہادت ابدیت برآن طرہ، پس درصورت مستفسرہ این کس ناکس فاسق ست وبرفسقش خودقرآن ناطق وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَأْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَةً وَّلَاتَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ"

ان فتاویٰ میں حجۃ الاسلام کا تحریری اسلوب صاف وسلیس اور شستہ وشگفتہ ہے بعض فتاویٰ اگرچہ مختصر ہیں مگر اختصار وجامعیت کا نادر نمونہ ہیں اور جہاں تفصیل فرمائی ہے دلائل وبراہین کے موتی بکھیر کر تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔

راقم تلاش بسیار کے بعد ان فتاویٰ کو "خدابخش لائبریری" پٹنہ "رضا لائبریری" رامپور کے علاوہ بعض علم دوست حضرات کی ذاتی لائبریریوں سے جمع کرنے میں بمشکل تمام کامیاب ہوسکا اس سلسلے میں حضرت علامہ سید شاہد علی رضوی سربراہ اعلیٰ الجامعۃ

marfat.com

الاسلامیہ رامپور کا خصوصی تعاون رہا جس کے لئے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

ان فتاویٰ میں بعض تو بالکل ہی پڑھنے میں نہیں آرہے ہیں، بعض کہیں کہیں سے کرم خوردہ ہیں اور بعض کے صفحات اس قدر بوسیدہ کہ ہاتھ لگتے ہی جھڑ جاتے ہیں یہی وجہ تھی کہ ان کی تبییض نہایت ہی دقت ودشوار طلب اور وقت طلب رہی۔

ایک ایک فتوے کی تبییض، حوالوں اور سندوں کا ان کے مآخذ سے مقابلہ کرنے اور کرم خوردہ جگہوں پر مرقوم عبارتوں کی تحقیق (کہ یہاں کون سی عبارت ہوسکتی ہے) میں ہفتہ اور پندرہ دن تک صرف ہو جاتے چونکہ سیدی ومرشدی واستاذی حضور تاج الشریعہ حضرت علامہ الحاج الشاہ المفتی **محمد اختر رضا خاں قادری ازہری بریلوی** متعنا اللہ بطول حیاتہ کے فتاوی کی ترتیب بھی راقم ہی کے سپرد ہے اس کے علاوہ چند دیگر مصروفیات بھی ہیں جس کی وجہ سے چند فتاویٰ تبییض سے رہ گئے۔

ہر چند کہ یہ چھوٹا سا مجموعہ ''فتاوی حامدیہ'' حجۃ الاسلام جیسی عظیم اور عبقری شخصیت کے شایان شان نہیں تاہم مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ کے تحت وقت پر جس قدر فتاویٰ فراہم اور مبیض ہو سکے انہیں محض اس ارادے سے شائع کیا جارہا ہے کہ اس راہ میں حجۃ الاسلام کے نشان قدم مٹنے سے محفوظ ہو جائیں۔

قارئین کرام سے ہم ملتمس ہیں کہ کتاب میں ترتیب وتبییض، کمپوزنگ یا اور کسی قسم کی شرعی خامی رہ گئی ہو تو مصنف کی ذات کو اس سے مبرا سمجھتے ہوئے اسے ہماری بے بضاعتی وکم علمی پر محمول کریں اور ہمیں اس غلطی سے مطلع فرمائیں ان شاء اللہ العزیز اگلے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔

marfat.com

ہم نے آپ کے فتاوی کی مزید تلاش جاری رکھی ہے اور ہمیں اللہ رب العزت اور ماہتاب رسالت ﷺ کے صدقے ان آقاؤں سے امید قوی ہے کہ تلاش و جستجو کی اس راہ پر خار میں ان کے فیوض و برکات دائمی شامل حال رہیں گے اور ان شاء اللہ الرحمٰن مستقبل قریب میں ہم ''فتاوی حامدیہ'' مکمل ترتیب و تہذیب کے ساتھ نذر قارئین کر سکیں گے اگر کسی صاحب کے پاس حجۃ الاسلام کا کوئی فتویٰ ہو تو برائے کرم ''ادارہ اشاعت تصنیفات رضا'' یا براہ راست راقم کو ارسال فرمائیں تاکہ آپ کا یہ علمی و فقہی سرمایہ یکجا ہو کر منظر عام پر آسکے۔

''فتاوی حامدیہ'' کی ترتیب و تبییض اور اس کی پروف ریڈنگ میں جن احباب نے ہمارا ساتھ دیا ہم ان کے دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہیں خصوصاً برادر گرامی حضرت مولانا مفتی محمد محبوب عالم صاحب مولانا احتشام الدین صاحب منظری مولانا محمد یونس رضا صاحب اویسی، مولانا احسن رضوی، مولانا عاصم رضا، مولانا مطیع الرحمٰن، مولانا محمد جمیل خاں بریلوی، حافظ وقاری محمد ضیاء الحق رضوی وحافظ شاہد رضا وحافظ وقاری غلام مرتضیٰ وغیرہم کے جنہوں نے از اول تا آخر مکمل ہمارا تعاون کیا رب قدیر ان کو ان کے اس خلوص و محبت کا اجر عظیم عطا فرمائے اور ہمارے لئے اس کتاب کو نجات اخروی کا ذریعہ بنائے!

آمین بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم

**محمد عبدالرحیم المعروف بنشتر فاروقی**

یکے از خدام حضور تاج الشریعۃ و مرکزی دار الافتاء

# فتاویٰ حامدیہ

# کتاب العقائد

marfat.com

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلۂ ذیل میں کہ

زید ایک کافرہ کو جامع مسجد میں امام مسجد کی خدمت میں جو مولوی اور مفتی بھی ہیں مسلمان کرنے کی غرض سے لایا اور مسلمان کرنے کو کہا امام صاحب نے فرمایا بعد جمعہ مسلمان کروں گا۔

حالانکہ جمعہ کی نماز میں اتنی تاخیر تھی کہ امام صاحب نے کچھ دیر بیٹھ کر بعدہ سنتیں پڑھیں اور نصف گھنٹہ وعظ فرمایا پھر خطبہ پڑھا زید نے کہا کہ کافرہ کو نہلا کر لایا ہوں ابھی مسلمانِ کر دیجئے تو وہ جمعہ بھی پڑھ لے امام صاحب نے فرمایا اسلام لانے کے بعد غسل اس پر فرض ہے لہٰذا بعد جمعہ بہتر ہوگا۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ بعد اسلام تجدید غسل فرض ہے یا نہیں نیز امام صاحب اس تاخیر کرنے مین حق بجانب ہیں یا نہیں بینوا توجروا.

**الجواب**:- زید اور اس مولوی پر توبہ وتجدید اسلام وتجدیدِ نکاح لازم، عورت نے زید سے جس وقت کہا تھا کہ میں مسلمان ہونا چاہتی ہوں اسی وقت زید پر لازم تھا کہ وہ اسے مسلمان کرتا، تفصیل سے تلقین اسلام پر اگر وہ قادر نہ تھا تو ''کلمہ طیبہ'' تو پڑھا سکتا تھا، اللہ عزوجل کی توحید اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی رسالت کا اقرار تو لے سکتا تھا، یہ ایمان مجمل کی تلقین اس کے اسلام کو کافی تھی اتنا کرنے کے بعد پھر عالم کے پاس لے جاتا کہ وہ مفصّل تلقین کرتا۔

marfat.com

جتنی دیر اس نے اسے غسل کرایا پھر عالم کے پاس لے گیا اتنی دیر کا اس کے ذمہ "رضا ببقاء الکفر" کا الزام ہے، عالم کے پاس جب وہ پہنچی تھی عالم پر فرض تھا کہ فوراً اسے مسلمان کرتا، زید نے تو ایک وجہ سے یہ تاخیر کی تھی مگر اس عالم نے بالکل بے وجہ تاخیر کی، اس پر اس زید سے زائد الزام ہے، زید پر تو حکم مختلف فیہ ہے مگر اس عالم پر حکم میں کوئی اختلاف نہیں معلوم ہوتا اور عقلاً بھی اس پر الزام بشدت ہے کہ جاہل کے لئے جہل اگر چہ شرعاً عذر نہ ہو مگر عقلاً عذر ہو سکتا ہے۔

نماز اگر قائم ہوتی جب بھی قطع صلاۃ کی اس اہم کام کے لئے شرعاً اجازت تھی۔

"خلاصہ" پھر "شرح فقہ اکبر" علی قاری میں ہے:

"کافر قال لمسلم اعرض علی الاسلام فقال اذھب الی فلان العالم کفر" یعنی اگر کسی کافر نے مسلمان سے کہا: مجھ پر اسلام پیش کر تو اس نے کہا فلاں عالم کے پاس جا، کافر ہو گیا۔ (فاروقی)

"شرح فقہ اکبر" میں اس کی وجہ یہ لکھی:

"لانہ رضی ببقائہ فی الکفر الی حین ملازمۃ العالم ولقائہ او لجھلہ بتحقیق الایمان لمجرد اقرارہ بکلمتی الشھادۃ فان الایمان الاجمالی صحیح

اجماعا وقال ابو الليث ان بعثه الیٰ عالم لا یکفر لان العالم ربما یحسن مالا یحسن الجاهل فلم یکن راضیا بکفره ساعة بل کان راضیاً باسلامه اتم واکمل" یعنی اس لئے کہ وہ اس کے کفر میں باقی رہنے پر راضی رہا عالم سے ملازمت وملاقات ہونے تک یا حقیقت ایمان سے جاہل ہونے کے سبب کہ وہ تو محض شہادت کے دو کلموں کا اقرار کرنا ہے، بے شک ایمان اجمالی اجماعاً صحیح ہے اور فقیہ ابواللیث نے کہا کہ اگر عالم کے پاس بھیجا تو کافر نہ ہوا اس لئے کہ عالم بہتر طریقہ اپناتا ہے جو جاہل نہیں کرسکتا تو گویا وہ راضی نہیں ہوا ایک ساعت کے لئے بھی اس کے کفر پر بلکہ وہ راضی ہے اس کے ایمان کے تمام وکمال پر۔ (فاروقی)

''مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر'' میں ہے:

''کافر جاء الیٰ رجل وقال اعرض علی الاسلام فقال اذهب الیٰ فلان یکفر وقیل لا یکفر'' یعنی کوئی کافر ایک شخص کے پاس آیا اور کہا: مجھ پر اسلام پیش

کر تو اس شخص نے کہا فلاں کے پاس جا، تو کفر کیا اور بعض نے کہا کفر نہیں کیا۔ (فاروقی)

''نور ایضاح'' اور اس کی ''شرح مراقی الفلاح'' میں ہے:

''یجوز قطعها بسرقة ما یساوی درهما اوطلب منه کافر عرض الاسلام علیه ''یعنی جائز ہے اس کا ہاتھ کاٹنا چوری کے سبب اگر چہ ایک ہی درہم کے برابر ہو یا اس سے کافر کے مطالبے کے سبب کہ اس پر اسلام پیش کرے۔ (فاروقی)

حاشیہ علامہ ''طحطاوی علی المراقی'' میں ہے:

''انما ابیح له البقاء فی الصلاة لتعارض عبادتین ولا یعد بذلك راضیا ببقائه علی الکفر بخلاف ما اذا اخره عن الاسلام وهو فی غیر الصلوٰة ''یعنی مباح ہے اس کے لئے نماز میں قائم رہنا دو عبادتوں کے معارض ہونے کی وجہ سے اور اس پر الزام نہیں عائد ہوگا اس کے بقا علی الکفر پر راضی ہونے کا، بخلاف اس کے کہ وہ تاخیر کرے اس پر اسلام پیش کرنے میں در آں

حالے کہ وہ نماز میں نہ ہو۔ (فاروقی)

امام ابن حجر مکی ''اعلام الاعلام بقواطع الاسلام'' میں فرماتے ہیں:

''ومن المکفرات ایضا ان یرضی بالکفر ولو ضمنا کان یسأله کافر یرید الاسلام ان یلقنه کلمة الاسلام فلم یفعل اویقول له اصبر حتی افرغ من شغلی او خطبتی لو کان خطیبا''یعنی کفریات میں سے یہ بھی ہے کہ وہ راضی رہے کفر پر اگرچہ سوال ہی کہ ضمن میں ہو، (مثلاً) کافر نے سوال کیا کہ وہ اسلام لانے کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ اسے کلمۂ اسلام تلقین کرے، تو اس نے ایسا نہیں کیا یا اس نے یہ کہا کہ تو صبر کر یہاں تک کہ میں اپنے کام سے یا خطبے سے فارغ ہو جاؤں اگر خطیب ہو۔ (فاروقی)

اسی میں ہے:

''لو قال کافر لمسلم اعرض علی الاسلام فقال حتی اری او اصبر الی الغد او طلب عرض الاسلام من واعظ فقال اجلس الی آخر المجلس

کفر وقد حکینا نظیرها عن المتولی ''یعنی اگر کافر نے مسلم سے کہا: مجھ پر اسلام پیش کر تو اس نے کہا دیکھ لینا یا کل تک انتظار کر، یا کافر نے مطالبہ کیا اسلام پیش کرنے کا واعظ سے تو اس نے کہا بیٹھا رہ اختتام مجلس تک تو کافر ہو گیا۔ (فاروقی)

اسی میں ہے:

''قال له کافر اعرض علی الاسلام فقال لا ادری صفة الایمان او قال لذهب الیٰ فلان الفقیه (الیٰ قوله) ماذکره فی المسئلتین الاولیتین هو المعتمد کما قدمته بمافیه لما مرانه متضمن ببقائه علی الکفر ولو لحظبة والرضا بالکفر کفر '' یعنی اس سے کافر نے کہا مجھ پر اسلام پیش کر تو اس نے کہا: میں صفت ایمان نہیں جانتا یا یہ کہا کہ فلاں فقیہ کے پاس جا تو یہ شامل ہوگا اس کے بقا علی الکفر پر رضا کو اگرچہ ایک ہی لمحہ کے لئے ہو اور رضا بالکفر کفر ہے۔ (فاروقی)

marfat.com

دونوں پر توبہ وتجدید ایمان وتجدید نکاح فرض ہے کہ کفر متفق علیہ ومختلف فیہ کا اس بارے میں ایک ہی حکم ہے۔

''مجمع الانہر'' میں فرمایا:

"ما کان فی کونه کفر اختلاف یؤمر قائله بتجدید النکاح و بالتوبة الرجوع عن ذلك احتیاطًا والله تعالیٰ اعلم ''یعنی ہر وہ بات جس کے کفر ہونے میں ائمہ کا اختلاف ہے احتیاطاً اس کے قائل کو تجدید نکاح اور توبہ ورجوع کا حکم دیا جائے گا۔ (فاروقی)

کافر غیر جنبی اگر اسلام لائے تو بعد اسلام اسے غسل مندوب ہے اس پر واجب نہیں اور اگر جنبی تھا اور اسلام لایا تو بعد اسلام اس پر وجوب غسل میں اختلاف روایت ہے، ایک روایت میں واجب اور ایک میں واجب نہیں۔

''ملتقی الابحر'' اور اس کی شرح ''مجمع الانہر'' میں ہے:

"یجب علیٰ من اسلم جنبا فی روایة عن الامام یجب علیه الغسل اذا اسلم جنبا و وجوبه بارادة الصلوٰة وهو عندها مکلف فصار کالوضوء ولان

الجنابة صفة مستد امة ودوامها بعد الاسلام

کانشائها فیجب الغسل والاندب ای ان اسلم

ولم یکن جنبا فان الغسل مندوب له "یعنی واجب

ہے اس پر غسل جو حالت جنب میں اسلام لائے اور ایک

روایت میں امام سے ہے کہ اس پر غسل واجب ہے جبکہ

وہ حالت جنب میں اسلام لایا اور یہ وجوب ارادۂ نماز کی

وجہ سے ہے اس لئے وہ شرعاً مکلّف ہے تو یہ وضو ہی کی

طرح ہو گیا اس لئے کہ جنابت صفت متدامہ ہے اور

اس کی ہمیشگی بعد اسلام اس کے انشاء کی طرح ہے تو غسل

واجب ہے ورنہ مستحب یعنی اگر اسلام لایا اور جنبی نہیں

ہے تو غسل اس کے لئے مندوب ہے۔" (فاروقی)

اور یہاں تو وہ عورت نہلا دھلا کر لائی گئی تھی اب اس کے بعد بھی اس پر غسل

فرض بتانا عجیب ہے ولاحول ولاقوۃ الا باللہ اس عالم پر کتنے ہی الزام ہیں سب

سے توبہ و رجوع لازم واللہ تعالیٰ اعلم

فقیر محمد مصطفےٰ رضا قادری غفرلہ

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جواب حق وصواب ومجیب مصیب ومثاب ہے بلا شبہ وصورت مستفسرہ میں جب کہ زید سے صاف کہہ دیا تھا کہ عورت کو نہلا کر مسلمان کرانے لایا ہے کہ نماز جمعہ بھی ادا کرلے پھر کون وجہ اسے اسلام سے روکنے محروم رکھنے کی تھی؟

آہ! مفتی نے اتنی دیر اسے کفر پر رکھا اور کفر پر راضی رہا والعیاذ باللہ تعالیٰ موت کا وقت معلوم نہیں کوئی حادثہ ہالکہ پیش آجاتا اور عورت مرجاتی یا شیطان خناس کوئی وسواس اس کے دل میں پیدا کر دیتا تو عورت جہنمیہ ابدیہ ہو کر مرتی اور نعمت اسلام سے محروم ہو جاتی اور یہ کفر زید اور مفتی صاحب کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا۔

ان مفت کے مفتی صاحب کو بفرض غلط اگر تلقین اسلام سے بھی کوئی اشد واہم کام تھا تو کلمہ توحید کے دو حرف پڑھاتے کیا چھپن پہر لگتے تھے؟ کسی کے خواہش اسلام کے وقت تو نماز جیسی افضل واہم عبادت کا توڑ دینا اور اسے مسلمان کرنا حسب تصریحات فقہائے کرام جائز ہے۔

پھر مسجد میں معطل بیٹھے رہنا اور سنتیں پڑھنا آدھ گھنٹہ خطبہ جمعہ سے پہلے وعظ گوئی میں گذارنا کون اہم فریضہ تھا کہ دو حرف کلمہ شہادت کے نہ پڑھائے گئے اور پھر عذر بھی کتنا معقول کہ اسلام لانے کے بعد غسل اس پر فرض ہے لہذا بعد جمعہ بہتر ہے

marfat.com

سبحان اللہ اسلام بعد جمعہ بہتر ہے قبل جمعہ اچھا نہیں؟

اعوذ بـالـلّٰـه من همزات      یعنی اللہ کی پناہ شیطان کے وسوسوں

الشیاطین و ان یحضرون.      سے اور اس سے کہ وہ پاس آئیں.

یہ عجیب منطق الطیر ہے   ع

بریں عقل و دانش بباید گریست

غسل بالفرض اگر فرض تھا تو نماز کے لئے نہ اسلام لانے کے لئے، بغیر غسل اتنا ہی تھا کہ نماز ترک ہوتی کیا کلمہ پڑھنا بھی بے غسل کفر وحرام تھا؟ اور بعد اسلام اگر اس پر غسل فرض بھی ہو جاتا تو وہ فرض غسل ادا کرتی یا نہ کرتی مفتی صاحب پر تو اس تاخیر تلقین اسلام سے کفر لازم نہ آتا اور نجاست کفر سے تو وہ پاک ہو جاتی پھر اتنا وقت بھی تھا کہ وہ فریضہ غسل بھی ادا کر لیتی!

لطف یہ کہ یہ مسئلہ ہی غلط کہ پاک ہو کر بھی کوئی اسلام لائے تو اس پر بھی غسل فرض، وہ عورت نہا کر پاک ہو کر قبول اسلام کے لئے بقصد نماز آئی تھی اس پر کون حدث حکمی باقی تھا جس پر فرضیت غسل کا جبروتی حکم جڑ دیا گیا۔

عامہ کتب فقہ میں تصریح ہے کہ اسلام لانے سے پہلے اگر نہا لیا اور پاک ہو کر قبول اسلام کیا تو دوبارہ نہانا ہرگز فرض نہیں صرف نظافت کے لئے نہالے تو اچھا ہے محبوب ومندوب ہے فرض نہیں۔

marfat.com

''درمختار'' میں ہے:

''ان اسلم طاھرا او بلغ بالسن فمندوب ''یعنی اگر اسلام لایا پاکی میں یا بالغ ہوا تو اسے غسل مندوب ہے۔ (فاروقی)

علامہ شامی نے فرمایا:

''ای من الجنابة والحیض والنفاس بان کان اغتسل او اسلم صغیرا فتامل '' یعنی جنابت اور حیض ونفاس سے پاک ہو کر بعد غسل اسلام لایا، یا نابالغی کی حالت میں اسلام لایا تو اس پر غسل مندوب ہے۔ (فاروقی)

پھر علامہ عبد الغنی نابلسی نے تصریح نقل فرمائی دربارۂ اغتسالات اربعہ مذکورہ میں فرمایا:

''حاصلہ انهم صرحوبان هذه الاغتسالات الاربعة للنظافة لاللطهارة یعنی نہا کر اسلام لانے اور پورے پندرہ برس کا ہو کر بالغ ہونے اور نماز جمعہ ونماز عیدین کے لئے غسل بتصریح ائمہ محض نظافت کے لئے

نہ بضرورت طہارت''

علمائے کرام نے سولہ چیزیں گنائیں جن کے بعد غسل مستحب فرمایا، ایک انہیں میں سے یہی قبول اسلام بطہارت ہے اور تصریح فرمادی کہ یہ سب غسل بغرض نظافت ہیں نہ بضرورت طہارت۔

''مراقی الفلاح'' اور ''نورالایضاح'' میں ہے:

"ویندب الاغتسال فی ستة عشر شیئًا لمن اسلم طاھراً الخ" یعنی غسل مندوب ہے سولہ چیزوں میں انھیں میں سے یہ قبول اسلام بطہارت کے بعد غسل ہے۔ (فاروقی)

اس پر علامہ شرنبلالی نے فرمایا:

"لمن اسلم طاھرااای عن جنابة و حیض و نفاس للتنظیف عن اثر ما کان منه" یعنی جو پاک ہوکر اسلام لایا یعنی جنابت سے اور حیض ونفاس سے پاک ہوکر مزید پاکیزگی کے لئے۔ (فاروقی)

طہارت تو اسے حاصل تھی پھر کیوں اسے کلمہ نہ پڑھا کر جھوٹے حیلہ بہانوں سے شریک عبادت نہ ہونے دیا گیا، بہ نیت اسلام جو غسل ہوا اس سے ازالۂ حدث حکمی

نہیں ہوتا جنابت وحیض ونفاس سے پاک نہیں ہوتا طہارت نہیں ہوتی نماز اس سے حرام ہے؟ لاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم۔

بالجملہ ظاہراً قبول اسلام کے بعد ہرگز غسل فرض نہیں مفتی ومغطی امام مرتکب حرام اور مستحق آثام اس پر اور زید پر توبہ وتجدید نکاح وتجدید اسلام کا حکم ضرور صحیح و صواب بلاشک وبلاکلام واللہ الموفق المنعام واللہ تعالیٰ اعلم

فقیر محمد حامد رضا غفرلہ قادری نوری

صدق اللہ العظیم

# رسالہ

# اَلصَّارِمُ الرَّبَّانِیُ

# عَلٰی

# اَسْرَافِ الْقَادْیَانِیُ

marfat.com

مسئلہ از: سرساوہ ضلع سہارنپور، مرسلہ یعقوب علی خاں کلارک پولیس

۱۵رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ

قبلہ وکعبہ ام مدظلہ بعد آداب فدویانہ کے معروض خدمت کے اس قصبہ سرساوہ میں ایک شخص جو اپنے آپ کو "نائب مسیح" یعنی مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود کا خلیفہ بتلاتا ہے۔

پرسوں اس نے ایک عبارت پیش کی جس کا مضمون ذیل میں تحریر کرتا ہوں ایک دوسرے صاحب نے وہی عبارت مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو بھیجی ہے مگر میں خدمت والا میں پیش کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ بہت جلد جواب سے مشرف ہوں گا اور درصورت تاخیر کئی مسلمانوں کا ایمان جاتا رہے گا اور وہ اپنی راہ پر لے آئے گا زیادہ حد ادب!

تحریر یہ ہے

"ایک مدت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات
وحیات میں ہر جگہ گفتگو ہوتی ہے اور اس میں دو گروہ
ہیں ایک وہ گروہ ہے جو مدعیٔ حیات ہے اور ایک وہ
گروہ ہے جو منکر حیات ہے اور ان دونوں فریق کی

marfat.com

طرف سے کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

اب آپ کی خدمت میں التماس کرتا ہوں کہ ان دونوں فریق میں سے کون حق پر ہے؟ بس اس بارے میں ایک آیت قطعیۃ الدلالۃ اور صریحۃ الدلالۃ یا کوئی حدیث مرفوع متصل اس مضمون کی عنایت فرمائیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بجسدہ العنصری ذی حیات جسمانی آسمان پر اٹھا لئے گئے ہیں اور کسی وقت میں بعد حضرت خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آسمان سے رجوع کریں گے اور اس دوبارہ رجوع میں وہ نبی نہ رہیں گے اور وہ نبوت یا رسالت سے خود مستعفی ہوں گے یا ان کو خدا تعالیٰ اس عہدۂ جلیلہ سے معزول کر دے گا؟ تو پہلے تو کوئی آیت بشروط متذکرۂ بالا ہونی چاہئے اور بعد اس کے کوئی حدیث، تاکہ ہم اس حالت تذبذب سے بچیں اور جو آیت ہو اس میں لفظ ''حیات'' ہو خواہ وہ کسی صیغے سے

marfat.com

ہو یہاں کئی صاحب ایسے ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات پر گفتگو کرتے ہیں اور ''متوفیک و فلماتوفیتی'' دو آیت پیش کرتے ہیں اور ان دونوں آیتوں کا ترجمہ حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ابن عباس سے پیش کرتے ہیں اور سند میں صحیح بخاری اور اجتہاد بخاری موجود کرتے ہیں۔

اب آپ ان آیتوں کے ترجمے جو کسی صحابی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہوں اور صحیح بخاری میں موجود ہوں عنایت فرمائیے اور دونوں طرف روایتیں ہر قسم کی موجود ہیں ہم کو صرف ''قرآن شریف'' سے ثبوت چاہئے جس تواتر کے برابر کوئی تواتر نہیں ہے اور دوسرا سوال یہ ہے کہ حضرت امام مہدی اور دجال کا ہونا قرآن شریف میں ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو اس کی آیت اور نہیں ہے تو وجہ فقط بینوا توجروا۔

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الذین کذبوا بآیاتنا
واستکبروا عنھا لا تفتح
لھم ابواب السماء
الحمدللہ الذی خلق
عبدہ وابن امتہ عیسیٰ
ابن مریم رسول اللہ
بکلمۃ منہ وجعلہ فی
البدء مبشراً برسول یاتی
من بعدہ اسمہ احمدوٗ
فی الختم ناصراً لملتہ
اماماً من امتہ نائباً عنہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وعلیٰ سائر انبیائہ وکل
محبوب لدیہ وعلینا بھم

یعنی بے شک وہ جو ہماری نشانیوں
کو جھٹلاتے ہیں اور اکڑتے ہیں ان
کے لئے آسمان کے دروازے نہیں
کھولے جائیں گے اور تمام تعریفیں
اس کے لئے جو اپنے بندے اور اس
کی امت کا بیٹا عیسیٰ ابن مریم علیہما
الصلوٰۃ والسلام اللہ کے رسول کو پیدا
فرمایا بولتا ہوا اور ان کو خوشخبری سنانے
والا اپنے بعد ایک رسول کی آمد کی جن
کا نام نامی اسم گرامی ''محمد'' (صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم) ہے اور آخر میں ان
کے ملت کی مدد کرتے ہوئے ان کی
امت کی امامت کرتے ہوئے رسول
اللہ کی نیابت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ
درود بھیجے ان پر اور تمام نبیوں پر اور ہر

الی یوم الدین آمین آمین
یارب العلمین قال الفقیر
محمد المدعو بحامد
رضا القادری البریلوی
غفرلہ اللہ تعالیٰ لہ
واوردہ من مناھل المنی
کل موردروی.

ان پر جوان کا پیارا ہے اوران کے
طفیل ہم پر بھی قیامت تک آمین
آمین اے! سارے جہاں کے مالک
اسے کہا محمد نے جسے حامد رضا قادری
بریلوی کہا جاتا ہے اللہ اسے بخشے اور
اسے تمناؤں کی ان گھاٹوں پر اتارے
جہاں سے وہ سیراب ہو۔ (فاروقی)

# الجواب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

برادران مسلمین حفظکم اللہ تعالیٰ عن شرور المفسدین حفظ ناموس وحفظ جان وحفظ جسم وحفظ مال میں سب مؤمن وکافر ہمیشہ ساعی وسرگرم رہتے ہیں، اللہ عزوجل کو یاد کر کے اپنے وقت عزیز کا ایک حصہ اپنے حفظ دین بھی صرف کیجئے کہ یہ سب سے اہم یعنی بگوش ہوش یہ چند کلمے سن لیجئے اور انہیں میزان عقل وانصاف میں تول کر حق وناحق کی تمیز کیجئے فضل الٰہی عزوجل سے امید واثق ہے کہ دم کے دم میں صبح حق تجلی فرمائے گی اور شب ضلالت کی ظلمت دھواں ہو کر اڑ جائے گی۔

مخالفین اگر برسر انصاف آئیں فھو المراد ورنہ آپ تو بعنایت الٰہی راہ حق پر

ثابت قدم ہو جائیں گے وباللہ التوفیق میں پیش از جواب چند مقدمات نافعہ ذکر کرتا ہوں جن سے بعونہ تعالیٰ حق واضح ہو اور صواب لائح:

واللّٰہ المعین وبہ نستعین. یعنی اللہ ہی مددگار ہے اور ہم اسی سے مدد کے طلب گار ہیں۔ (فاروقی)

**مقدمہ اولیٰ:-** مسلمانو! میں پہلے تمہیں ایک سہل پہچان گمراہوں کی بتاتا ہوں جو خود قرآن مجید وحدیث حمید میں ارشاد ہوئی۔

اللہ عزوجل نے قرآن عظیم اتارا:

"تِبۡیَانًا لِّکُلِّ شَیۡءٍ (یعنی) جس میں ہر چیز کا روشن بیان"

تو کوئی ایسی بات نہیں جو قرآن میں نہ ہو مگر ساتھ ہی فرمادیا:

"وَمَا یَعۡقِلُهَاۤ اِلَّا الۡعٰلِمُوۡنَ (یعنی) اس کی سمجھ نہیں مگر عالموں کو"

اس لئے فرماتا ہے:

"فَاسۡئَلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّکۡرِ اِنۡ کُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ (یعنی) علم والوں سے پوچھو اگر تم نہ جانتے ہو"

اور پھر یہی نہیں کہ علم والے آپ سے آپ کتاب اللہ کے سمجھ لینے پر قادر ہوں، نہیں بلکہ اس کے متصل ہی فرمادیا:

"وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکَ الذِّکۡرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیۡهِمۡ (یعنی) اے نبی ہم نے یہ قرآن تیری طرف اس لئے اتارا کہ تو

marfat.com

لوگوں سے (اس کی) شرح بیان فرمادے اس چیز کی جوان

کی طرف اتاری گئی"

اللہ اللہ قرآن عظیم کے لطائف ونکات منتہی نہ ہوں گے، ان دو آیتوں کے اتصال سے رب العالمین نے ترتیب وار سلسلۂ فہم کلام الٰہی کا منتظم فرمادیا کہ: اے جاہلو تم کلام علما کی طرف رجوع کرو اور اے عالمو تم ہمارے رسول کا کلام دیکھو تو ہمارا کلام سمجھ میں آئے غرض ہم پر تقلید ائمہ واجب فرمائی اور ائمہ پر تقلید رسول اور رسول پر تقلید قرآن:

وللّٰہ الحجۃ البالغۃ — اللہ ہی کے لئے حجت بالغہ ہے اور اللہ

والحمدللہ رب العلمین . — ہی کے لئے حمد ہے، جو رب العالمین ہے

امام عارف باللہ عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی کتاب مستطاب "میزان الشریعۃ الکبریٰ" میں اس معنی کو جابجا بتفصیل تام بیان فرمایا از اں جملہ فرماتے ہیں:

"لولا ان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فصل بشریعۃ ما اجمل فی قرآن بقی علی عجالہ کما ان الائمۃ المجتہدین لولم یفصلوا ما اجمل فی السنۃ لبقیت علی اجمالہا وھکذا الی عصرنا ھذا اپس اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی شریعت سے مجملات قرآن کی تفصیل نہ فرماتے تو قرآن یونہی مجمل رہتا اور اگر ائمہ مجتہدین مجملات حدیث کی تفصیل نہ کرتے تو حدیث

یونہی مجمل رہتی اور اسی طرح ہمارے زمانے تک کہ اگر کلام ائمہ کی علمائے مابعد شرح نہ فرماتے تو ہم اسے سمجھنے کی لیاقت نہ رکھتے''

تو یہ سلسلہ ہدایت رب العزت کا قائم فرمایا ہوا ہے جو اسے توڑنا چاہے وہ ہدایت نہیں چاہتا بلکہ صریح ضلالت کی راہ چل رہا ہے اسی لئے قرآن عظیم کی نسبت ارشاد فرمایا:

"یُضِلُّ بِهٖ کَثِیْرًا وَّیَهْدِیْ بِهٖ کَثِیْرًا اللہ تعالیٰ اسی قرآن سے بہتیروں کو گمراہ کرتا اور بہتیروں کو سیدھی راہ عطا فرماتا ہے"

جو سلسلے سے چلتے ہیں بفضلہٖ تعالیٰ ہدایت پاتے ہیں اور جو سلسلہ توڑ کر اپنی ناقص اوندھی سمجھ کے بھروسے قرآن عظیم سے بذات خود مطلب نکالنا چاہتے ہیں چاہِ ضلالت میں گرتے ہیں اسی لئے امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

سیاتی ناس یجادلونکم بشبهات القرآن فخذوهم بالسنن فان اصحاب السنن اعلم بکتاب الله (یعنی) قریب ہے کہ کچھ لوگ ایسے آئیں گے جو تم سے قرآن عظیم کے مشتبہ کلمات سے جھگڑیں گے تم انہیں حدیثوں سے پکڑو کہ حدیث والے قرآن کو خوب جانتے ہیں رواه الدارمی و نصر المقدسی فی الحجة

marfat.com

والـلالكائى فى السنة وبن عبدالبرفى العلم وابن ابى زمنين فى اصل السنة ولدارمى والدارقطنى و الاصبهانى فى الحجة ابن النجار" (یعنی دارمی نے اور نصر مقدسی نے ''حجۃ'' میں اور لالکائی نے ''سنۃ'' میں اور ابن عبدالبر نے ''العلم'' میں اور ابن ابوزمین نے ''اصول السنۃ'' میں اور دارقطنی اور اصبہانی نے ''حجۃ'' میں اور ابن نجار نے اس حدیث پاک کو روایت کی۔ فاروقی)

اسی لئے امام سفیان بن عیینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

"الحدیث مضلۃ الاالفقھاء (یعنی) حدیث گمراہ کردینے والی ہے مگر ائمۂ مجتہدین کو''

تو وجہ وہی ہے کہ قرآن مجمل ہے جس کی توضیح حدیث نے فرمائی اور حدیث مجمل ہے جس کی تشریح ائمۂ مجتہدین نے کر دکھائی تو جو ائمہ کا دامن چھوڑ کر قرآن و حدیث سے اخذ کرنا چاہے بہکے گا اور جو حدیث چھوڑ کر قرآن مجید سے لینا چاہے وادیٔ ضلالت میں پیاسا مرے گا تو خوب کان کھول کر سن لو اور لوح دل پر نقش کر رکھو کہ جسے کہتا سنو ہم اماموں کا قول نہیں جانتے ہمیں تو قرآن وحدیث چاہئے جان لو یہ گمراہ ہے اور جسے کہتا سنو کہ ہم حدیث نہیں جانتے ہمیں تو قرآن درکار ہے سمجھ لو کہ یہ بد دین

marfat.com

دین خدا کا بدخواہ ہے، پہلا فرقہ قرآن عظیم کی پہلی آیت "فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ" (یعنی اے لوگو! علم والوں سے پوچھو) کا مخالف مستکبر اور دوسرا طائفہ قرآن عظیم کی دوسری آیت "لِتَبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَانَزَلَ اِلَیْھِمْ" (یعنی لوگوں کو اس کی شرح بیان فرمادیں جوان کی طرف اترا) کا منکر ہے۔

رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے پہلے فرقۂ مخزولہ کا رداس حدیث میں فرمایا کہ ارشاد فرماتے ہیں:

"الا سألوا اذالم یعلموا فانما شفاء العی السوال کیوں نہ پوچھا جب نہ جانتے تھے کہ تھکنے کی دوا تو پوچھنا ہے رواہ ابو داؤد عن جابر بن عبداللّٰہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھما" (یعنی اس حدیث پاک کو امام ابوداؤد نے حضرت جابر ابن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔ فاروقی)

اور دوسرے طائفہ ملعونہ کا رداس حدیث میں فرمایا کہ ارشاد فرماتے ہیں:

"الا انی اوتیت القرآن ومثله معه الا یوشك رجل شبعان علی اریکته یقول علیکم بھٰذاالقرآن فما وجدتم فیه من حلال فاحلوه وماوجدتم فیه من حرام فحرموه وان ماحرم رسول اللّٰه (صلی الله تعالیٰ علیه وسلم) کماحرم اللّٰه (یعنی) سن لو مجھے

marfat.com

قرآن عطا ہوا اور قرآن کے ساتھ اس کا مثل خبردار نزدیک
ہے کہ کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر پڑا کہے یہی قرآن لئے
رہو اس میں حلال پاؤ اسے حلال جانو اور جو حرام پاؤ اسے
حرام مانو حالانکہ جو چیز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
حرام کی وہ اسی کے مثل ہے جو اللہ نے حرام فرمائی رواہ
الائمة احمد والدارمی وابو داؤد والترمذی وابن
ماجة عن المقدام بن معدیکرب ونحوه عندهم ما
خلا الدارمی وعندالبیهقی فی الدلائل عن ابی رافع
وعندابی داؤد عن العرباض بن ساریة رضی الله
تعالیٰ عنهم " (یعنی اس حدیث پاک کو امام احمد، امام
دارمی، امام ابوداؤد، امام ترمذی اور امام ابن ماجہ نے حضرت
مقدام ابن معدیکرب سے روایت کیا اور ایسے ہی ان کے
نزدیک سوائے دارمی کے اور امام بیہقی کے نزدیک "دلائل"
میں حضرت ابورافع سے اور ابوداؤد کے نزدیک عرباض ابن
ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔ فاروقی)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشن گوئی کے مطابق اس زمانۂ فساد میں
ایک تو پیٹ بھرے بے فکرے نیچری حضرات تھے جنھوں نے حدیثوں کو یکسر رد کر دیا

marfat.com

اور بزورِ زبان صرف قرآن عظیم پر دارومدار رکھا حالانکہ واللہ وہ قرآن کے دشمن اور قرآن ان کا دشمن وہ قرآن کو بدلنا چاہتے ہیں اور مرادالٰہی کے خلاف اپنی ہوائے نفس کے موافق اس کے معنی گڑھنا۔

اب دوسرے یہ حضرات نئے فیشن کے مسیحی اس انوکھی آن والے پیدا ہوئے کہ ہم کو صرف قرآن شریف سے ثبوت چاہئے جس کے تواتر کے برابر کوئی تواتر نہیں ہے تو بات کیا ہے کہ یہ دونوں گمراہ طائفے دل میں خوب جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دربار میں ان کا ٹھکانا نہیں حضور کی روشن حدیثیں ان کے مردود خیالات کے صاف پرزے پارچے بکھیر رہی ہیں اسی لئے اپنی بگڑی بنانے کو پہلے ہی دروازے بند کرتے ہیں کہ ہمیں صرف قرآن شریف سے ثبوت چاہیئے جس میں عوام بیچاروں کے سامنے اپنے سے لگتے لگا لینے کی گنجائش ہو۔

**مسلمانو!** تم ان گمراہوں کی ایک نہ سنو اور جب تمہیں قرآن میں شبہ ڈالیں تم حدیث کی پناہ لو اگر اس میں این وآں نکالیں تم ائمہ کا دامن پکڑو اس تیسرے درجے پر آ کر حق وباطل صاف کھل جائے گا اور ان گمراہوں کا اڑایا ہوا سارا غبار حق کے برستے ہوئے بادلوں سے دھل جائے گا، اس وقت یہ ضال مضل طائفے بھاگتے نظر آئیں گے:

"کَاَنَّھُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَۃٌ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَۃٍ" یعنی گویا وہ بھڑکے ہوئے گدھے ہوں کہ شیر سے بھاگے ہوں (کنز)

اوّل تو حدیثوں ہی کے آگے انہیں کچھ نہ بنے گی صاف منکر ہو بیٹھیں گے اور وہاں کچھ چوں وچرا کی تو ارشادات ائمہ معانی حدیث کو ایسا روشن کر دیں گے کہ پھر انھیں یہی کہتے بن آئے گی کہ ہم حدیث کو نہیں جانتے یا اماموں کو نہیں مانتے اس وقت معلوم ہو جائے گا کہ ان کا امام ابلیس لعین ہے جو انھیں لئے پھرتا ہے اور قرآن وحدیث وائمہ کے ارشادات پر نہیں جمنے دیتا و لاحول و لاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

یہ نفیس وجلیل فائدہ ہمیشہ کے لئے محفوظ رکھو ہر جگہ کام آئے گا اور باذن اللہ تعالیٰ ہزار گمراہیوں سے بچائے گا۔

| | |
|---|---|
| کیف لاوانہ من زواھر | یعنی کیوں نہیں کہ وہ سیدنا والد العلام |
| جواھر افادات سیدنا | مقدام المحققین الاعلام مدظلہ العالی الی |
| الوالد العلام مقدام | یوم القیام کے افادات کے جواہر کی |
| المحققین الاعلام مدظلہ | کلیوں میں سے ہے جو ان کی کتاب |
| العالی الیٰ یوم القیام فی | مستطاب ''البارقۃ الشارقۃ |
| کتابہ المستطاب البارقۃ | علی مارقۃ المشارقۃ'' میں ہے اور |
| الشارقۃ علیٰ مارقۃ المشارقۃ | اللہ ہی کے لئے حمد ہے جو سارے |
| والحمدللہ رب العلمین. | جہان کا رب ہے۔ (فاروقی) |

marfat.com

مقدمہ ثانیہ:- مانی ہوئی باتیں چار قسم کی ہوتی ہیں۔

اوّل:- ضروریات دین جن کا منکر کافر ان کا ثبوت قرآن عظیم یا حدیث متواتر یا اجماع قطعیات الدلالات واضحۃ الافادات سے ہوتا ہے جن میں نہ شبہے کو گنجائش نہ تاویل کو راہ۔

دوم:- ضروریات مذہب اہل سنت و جماعت جن کا منکر گمراہ بدمذہب ان کا ثبوت بھی دلیل قطعی سے ہوتا ہے اگرچہ باحتمال تاویل باب تکفیر مسدود ہو۔

سوم:- ثابتات محکمہ جن کا منکر بعد وضوح امر خاطی و آثم قرار پاتا ہے ان کے ثبوت کو دلیل ظنی کافی جبکہ اس کا مفاد اکبر رائے ہو کہ جانب خلاف کو مطروح و مضمحل کردے یہاں حدیث آحاد صحیح یا حسن کافی اور قول سواد اعظم و جمہور علماء سند وافی فان ید اللّٰہ علی الجماعۃ (یعنی بے شک اس جماعت پر اللہ کا دست قدرت ہے)۔

چہارم:- ظنیات محتملہ جن کے منکر کو صرف مخطی کہا جائے ان کے لئے ایسی دلیل ظنی بھی کافی جس نے جانب خلاف کے لئے گنجائش بھی رکھی ہو۔

ہر بات اپنے ہی مرتبے کی دلیل چاہتی ہے جو فرق مراتب نہ کرے اور ایک مرتبے کی بات کو اس سے اعلیٰ درجے کی دلیل مانگے جاہل بیوقوف ہے یا مکار فیلسوف ع

ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مقامے دارد
گر فرق مراتب نکنی زندیقی

marfat.com

اور بالخصوص قرآن عظیم بلکہ حدیث ہی میں تصریح صریح ہونے کی تو اصلاً ضرورت نہیں حتی کہ مرتبہ اعلیٰ اعنی ضروریات دین میں بھی بہت باتیں ضروریات دین سے ہیں جن کا منکر یقیناً کافر مگر بالتصریح ان کا ذکر آیات واحادیث میں نہیں۔

مثلاً باری عزوجل کا جہل محال ہونا قرآن وحدیث میں اللہ عزوجل کے علم و احاطہ، علم کا لاکھ جگہ ذکر ہے مگر امکان وامتناع کی بحث کہیں نہیں پھر کیا جو شخص کہے کہ:

"واقع میں تو بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے عالم الغیب والشہادۃ ہے کوئی ذرہ اس کے علم سے چھپا نہیں مگر ممکن ہے کہ جاہل ہو جائے"

تو کیا وہ کافر نہ ہوگا؟ کہ اس امکان کا سلب صریح قرآن میں مذکور نہیں حاش للہ ضرور کافر ہے اور جو اسے کافر نہ کہے خود کافر تو جب ضروریات دین ہی کے ہر جزئیہ کی تصریح صریح قرآن وحدیث میں نہیں تو ان سے اتر کر اور کسی درجے کی بات پر یہ مڑ چڑا پن کہ ہمیں تو قرآن ہی دکھاؤ ورنہ ہم نہ مانیں گے نری جہالت ہے یا صریح ضلالت؟

اس کی نظیر یوں سمجھنا چاہئے کہ: کوئی کہے فلاں بیگ کا باپ قوم کا مرزا تھا زید کہے کہ اس کا ثبوت کیا ہے؟ ہمیں قرآن میں لکھا دکھا دو کہ مرزا تھا ورنہ ہم نہ مانیں گے کہ قرآن کے تواتر کے برابر کوئی تواتر نہیں ہے ایسے سفیہ کو مجنون سے بہتر اور کیا لقب دیا جا سکتا ہے؟

marfat.com

شرع میں نسب شہرت وتسامع سے ثابت ہو جاتا ہے بالخصوص قرآن مجید ہی میں تصریح کیا ضرور؟ یا کہا جائے کہ حضرت سیدنا یحیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انتقال فرمایا زید کہے میں نہیں مانتا ہمیں خاص قرآن میں دکھادو کہ ان کی رحلت ہو چکی "سَلٰمٌ عَلَیۡہِ یَوۡمَ وُلِدَ وَیَوۡمَ یَمُوۡتُ" فرمایا ہے مات یحیٰ کہیں نہیں آیا تو اس احمق سے یہی کہا جائے گا کہ قرآن مجید میں بالتصریح کتنے انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی موت وحیات کا ذکر فرمایا جو خاص یحیٰ وعیسیٰ علیہما الصلوۃ والسلام کے انتقال وزندگی کا ذکر ہوتا بلکہ قرآن نے تو انبیاء ہی گنتی کے گنائے اور باقی کو فرمادیا:

"وَمِنۡهُمۡ مَن لَّمۡ نَقۡصُصۡعَلَيۡكَ بہت انبیاء وہ ہیں جن کا ذکر ہی ہم نے تمہارے سامنے نہ کیا"

تو عاقل کے نزدیک جس طرح ہزاروں انبیاء کا اصلاً تذکرہ نہ ہونے سے ان کی نبوت معاذ اللہ باطل نہیں ٹھہر سکتی یونہی موت یحیٰ یا حیات عیسیٰ علیہما الصلوٰۃ و السلام کا ذکر نہ فرمانے سے ان کی موت اور ان کی حیات بے ثبوت نہیں ہو سکتی عقل وانصاف ہو تو بات تو اتنے ہی فقرے میں تمام ہوگئی اور جنون وتعصب کا علاج میرے پاس نہیں۔

**مقدمہ ثالثہ**:- جو شخص کسی بات کا مدعی ہو اس کا بار ثبوت اسی کے ذمے ہوتا ہے آپ اپنے دعوے کا ثبوت نہ دے اور دوسروں سے الٹا ثبوت مانگتا پھرے وہ پاگل ومجنون کہلاتا ہے یا مکار پرفنون وھذا ظاھر جداً۔

marfat.com

**مقدمہ رابعہ:-** جو جس بات کا مدعی ہو اس سے اس دعوے کے متعلق بحث کی جائے گی خارج از بحث بات کہ ثابت ہو تو اسے مفید نہیں نہ ثابت ہو تو اس کے خصم کو مضر نہیں ایسی بات میں اس کا بحث چھیڑنا وہی جان بچانا اور مکر کی چال کھیلنا اور عوام ناواقفوں کے آگے اپنے فریب کا ٹھیلنا ہوتا ہے۔

مثلاً زید مدعی ہو کہ میں قطب وقت ہوں اپنی قطبیت کا تو کچھ ثبوت نہ دے اور بحث چھیڑ دے کہ اس زمانے کے جو قطب تھے ان کا انتقال ہو گیا اس عیار سے یہی کہا جائے گا کہ اگر ان کا انتقال ثابت بھی ہو جائے تو تیرے دعوے کا کیا ثبوت اور تجھے کیا نافع تیرے خصم کو کیا مضر ہوا کیا ان کے انتقال سے یہ ضرور ہے کہ تو ہی قطب ہو جائے تو اپنے دعوے کا ثبوت دے ورنہ گریبان ذلت میں ڈال کر الگ بیٹھ۔

**مقدمہ خامسہ:-** کسی نبی کا انتقال دوبارہ دنیا میں اس کی تشریف آوری کو محال نہیں کرسکتا۔

اللہ عزوجل قرآن عظیم میں فرماتا ہے:

"اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ج
قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ج فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ
ثُمَّ بَعَثَهٗ ط قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ط قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ط
قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ
یَتَسَنَّهْ ج وَ انْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ

وَانظُرْ اِلَی العِظَامِ کَیفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَکسُوهَا لَحمًاؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ ○

یا اس کی طرح جو گزرا ایک بستی پر اور وہ گری ہوئی تھی اپنی چھتوں پر بولا کہاں جلائے گا اسے اللہ بعد اس کی موت کے سو اسے موت دی اللہ نے سو برس پھر اسے زندہ کیا اور فرمایا تو یہاں کتنا ٹھہرا بولا میں ایک دن یا دن کا کچھ حصہ فرمایا بلکہ تو یہاں ٹھہرا سو برس اب دیکھ اپنے کھانے اور پینے کو (جو دو روز میں بگڑ جانے کی چیز تھے وہ اب تک) نہ بگڑے) اور دیکھ اپنے گدھے کو (جس کی ہڈیاں تک گل گئیں) اور تا کہ ہم تجھے نشانی بنائیں لوگوں کے لئے (کہ اللہ تعالیٰ یوں مردوں کو جلاتا ہے) اور دیکھ ان ہڈیوں کو کہ ہم کیونکر انھیں اٹھاتے پھر گوشت پہناتے ہیں جب یہ سب اس کے لئے ظاہر ہو گیا (اور اس کی آنکھوں کے سامنے ہم نے اس کے گدھے کی گلی ہوئی ہڈیوں کو درست فرما کر گوشت پہنا کر زندہ کر دیا) بولا میں جانتا ہوں کہ اللہ سب کچھ کر سکتا ہے"

اس کے بعد رب جل وعلا نے سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والتسلیم کا قصہ ذکر فرمایا ہے کہ انھوں نے اپنے رب سے عرض کی مجھے دکھا دے تو کیونکر مردے جلائے گا! حکم

ہوا چار پرندے اپنے اوپر بلالے پھر انھیں ذبح کر کے متفرق پہاڑوں پر ان کے اجزاً رکھ دے سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے ایسا ہی کیا ان کے پر اور خون اور گوشت قیمہ قیمہ کر کے سب خلط ملط کئے اور اس مجموع مخلوط کے حصے کر کے متفرق پہاڑوں پر رکھے، حکم ہوا انھیں بلا تیرے پاس دوڑے چلے آئیں گے سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے بیچ میں کھڑے ہو کر آواز دی، ملاحظہ فرمایا کہ ہر جانور کے گوشت پوست پروں کا ریزہ ریزہ ہر پہاڑ سے اڑ کر ہوا میں باہم ملتا اور پورا پرند بن کر زندہ ہو کر ان کے پاس دوڑتا آرہا ہے۔

تو جب پرند چرند مر کر دنیا میں پھر پلٹے اور عزیر یا ارمیا علیہما الصلوۃ والسلام سو برس مَوت کے بعد دنیا میں پھر تشریف لا کر ہادئ خلق ہوئے تو اگر سیدنا عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے بالفرض انتقال بھی فرمایا ہو تو یہ ان کے دوبارہ تشریف لانے اور ہدایت فرمانے کا کیا مانع ہو سکتا ہے۔

یہاں مسلمانوں سے کلام ہے جو اپنے رب کو قادر مطلق مانتے اور اس کے کلام کو حق یقینی جانتے ہیں نیچری ملحدوں کا ذکر نہیں جن کا معبود ان کے زعم میں نیچر کی زنجیروں میں جکڑا ہے کہ ان کے ساختہ نیچر کے خلاف دم نہیں مار سکتا جو بات ان کی ناقص عقل، معمولی قیاس سے باہر ہے کیا مجال کہ ان کا خدا کر سکے ان کے نزدیک قرآن مجید کے ایسے ارشادات معاذ اللہ بناوٹ کی کہانیاں ہیں کہ گڑھ گڑھ کر من سمجھوتے کو بنائی گئی ہیں۔

marfat.com

تَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يَقُوْلُ | اللہ کو برتری ہے ان ظالموں کی باتوں
الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝ | سے بڑی برتری، اللہ انھیں مارے
قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ | کہاں اوندھے جاتے ہیں، بلکہ اللہ
بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ | نے ان پر لعنت کی ان کے کفر کے
فَقِلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَسَيَعْلَمُ | سبب تو ان میں تھوڑے ایمان لاتے
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَيَّ مُنْقَلَبٍ | ہیں اور اب جاننا چاہتے ہیں ظالم
يَّنْقَلِبُوْنَ ۝ | کہ کس کروٹ پلٹا کھائیں گے۔

اب فقیر غفرلہ المولی القدیر ان مقدمات خمس سے منکر شمس کے حواس خمسہ درست کر کے بتوفیق اللہ تعالیٰ جانب جواب عطف عنان اور چند تنبیہوں میں حق واضح کو ظاہر و بیان کرتا ہے۔

**تنبیہ اوّل:** -سیدنا عیسیٰ بن مریم رسول اللہ وکلمۃ اللہ وروح اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا الکریم وعلیہ سائر الانبیاء وبارک وسلم کے بارے میں یہاں تین مسئلے ہیں۔

**مسئلہ اولیٰ:** -یہ کہ نہ وہ قتل کئے گئے نہ سولی دیئے گئے بلکہ ان کے رب جل وعلا نے انھیں مکر یہود عنود سے صاف سلامت بچا کر آسمان پر اٹھالیا اور ان کی صورت دوسرے پر ڈال دی کہ یہود ملاعنہ نے ان کے دھوکے میں اسے سولی دی یہ ہم مسلمانوں کا عقیدۂ قطعیہ یقینیہ ایمانیہ پہلی قسم کے مسائل یعنی ضروریات دین سے ہے جس کا منکر یقیناً کافر اس کی دلیل قطعی رب العزۃ جل وعلا کا ارشاد ہے:

marfat.com

وبکفرهم وقولهم علیٰ مریم بهتاناعظیماوقولهم
اناقتلناالمسیح عیسیٰ ابن مریم رسول الله وماقتلوه
وماصلبوه ولکن شبه لهم وان الذین اختلفوافیه
لفی شك منه مالهم به من علم الااتباع الظن
وماقتلوه یقینابل رفعه الله الیه وکان الله
عزیزاحکیماوان من اهل الکتٰب الالیومنن به قبل
موته ویوم القیٰمة یکون علیهم شهیدا اورہم نے
یہود پرلعنت کی بسبب ان کے کفر کرنے اور مریم پر بہتان
اٹھانے اوران کے اس کہنے کے کہ ہم نے قتل کیا مسیح عیسی
بن مریم خدا کے رسول کواورانھوں نے نہ اسے قتل کیانہ
اسے سولی دی بلکہ اس کی صورت کا دوسرا بنادیا گیاان کے
لئے اور بے شک وہ جواس کے بارے میں مختلف ہوئے
(کہ کسی نے کہاکہ اس کا چہرہ تو عیسیٰؑ کا سا ہے مگر بدن عیسیٰ
کا سانہیں کسی نے کہانہیں بلکہ وہی ہیں) البتہ اس سے
شک میں ہیں انھیں خود بھی اس کے قتل کا یقین نہیں مگر گمان
کے پیچھے ہولینااور بالیقین انھوں نے اسے قتل نہ کیا بلکہ
اللہ نے اسے اپنی طرف اٹھالیااوراللہ غالب حکمت والا

marfat.com

ہے اور نہیں اہل کتاب سے کوئی مگر یہ ضرور ایمان لانے
والا ہے عیسیٰ پر اس کے موت سے پہلے اور قیامت کے دن
عیسیٰ ان پر گواہی دے گا''

اس مسئلے میں مخالف یہود و نصاریٰ ہیں اور مذہب نیچری کا قیاس چاہتا ہے کہ وہ مخالف ہوں یہود تو خلاف کیا ہی چاہیں اور یہ ساختہ نیچری کی سمجھ سے دور ہے کہ آدمی سلامت آسمان پر اٹھالیا جائے اور اس کی صورت کا دوسرا بن جائے اس کے دھوکے میں سولی پائے مگر ختم الٰہی کا ثمرہ کہ نصاریٰ بھی اس عبداللہ ورسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو معاذ اللہ اللہ وابن اللہ مان کر پھر باتباع یہود اسی کے قائل ہوئے کہ دشمنوں نے انھیں سولی دیدی، قتل کیا نہ ان کی خدائی چلی نہ بیٹے ہونے نے کام دیا، طرفہ (یہ کہ ان کا) خدا (ایسا) جسے آدمی سولی دیں **ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم**۔

**مسئلہ ثانیہ:** -اس جناب رفعت قباب علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قرب قیامت آسمان سے اترنا دنیا میں دوبارہ تشریف فرما ہو کر اس عہد کے مطابق جو اللہ عزوجل نے تمام انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے لیا دین محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدد کرنا، یہ مسئلہ قسم ثانی یعنی ضروریات مذہب اہل سنت و جماعت سے ہے جس کا منکر گمراہ خاسر بدمذہب فاجر اس کی دلیل احادیث متواترہ واجماع اہل حق ہے ہم یہاں بعض احادیث ذکر کرتے ہیں:

marfat.com

**حدیث اوّل:** -صحیح بخاری وصحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"کیف انتم اذانزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم (یعنی) کیسا حال ہوگا تمہارا جب تم میں ابن مریم نزول کریں گے اور تمہارا امام تمہیں میں سے ہوگا"

یعنی اس وقت کی تمہاری خوشی اور تمہارا فخر بیان سے باہر ہوگا کہ روح اللہ تم میں اتریں تم میں رہیں تمہارے معین ویار بنیں اور تمہارے امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں۔

**حدیث دوم:** -نیز صحیحین وجامع ترمذی وسنن ابن ماجہ میں انھیں سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

- "والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان نزل فیکم ابن مریم حکماعدلافیکسر الصلیب ویقتل الخنزیرویضع الجزیة ویفیض المال حتیٰ لایقبلہ احدحتی یکون السجدة الواحدةخیرامن الدنیاوما فیھاثمیقول ابوھریرةفاقرؤاان شئتم وان من اھل الکتٰب الالیؤمنن بہ قبل موتہ قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے بے شک ضرور نزدیک

آتا ہے کہ ابن مریم تم میں حاکم عادل ہو کر اتریں پس صلیب کو توڑ دیں اور خنزیر کو قتل کریں اور جزیہ کو موقوف کر دیں گے (یعنی کافر سے سوا اسلام کے کچھ قبول نہ فرمائیں گے) اور مال کی کثرت ہوگی یہاں تک کہ کوئی لینے والا نہ ملے گا یہاں تک کہ ایک سجدہ تمام دنیا اور اس کی سب چیزوں سے بہتر ہوگا، یہ حدیث بیان کر کے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں تم چاہو تو اس کی تصدیق قرآن مجید میں دیکھ لو کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''عیسیٰ کی موت سے پہلے سب اہل کتاب ان پر ایمان لے آئیں گے''

**حدیث سوم:-** صحیح مسلم میں انھیں سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

''قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ رومی نصاریٰ اعماق یا دابق میں اتریں (کہ ملک شام کے موضع ہیں) ان کی طرف مدینہ طیبہ سے ایک لشکر جائے گا جو اس دن بہترین اہل زمین سے ہوں گے. جب دونوں لشکر مقابل ہوں گے رومی کہیں گے ہمیں ہمارے ہم قوموں سے لڑنے دو جو ہم میں قید ہو کر تمہاری طرف گئے (اور جو مسلمان ہو گئے) ہیں

marfat.com

مسلمان کہیں گے نہیں واللہ ہم اپنے بھائیوں کو تمہارے
مقابلے میں تنہا نہ چھوڑیں گے پھر ان سے لڑائی ہوگی لشکر اسلام
سے ایک تہائی بھاگ جائیں گے اللہ تعالیٰ کبھی انھیں توبہ
نصیب نہ کرے گا اور ایک تہائی مارے جائیں گے وہ اللہ
کے نزدیک بہترین شہدا ہوں گے اور ایک تہائی کو فتح ملے
گی یہ کبھی فتنے میں نہ پڑیں گے پھر یہ مسلمان قسطنطنیہ کو (کہ
اس سے پہلے نصاریٰ کے قبضے میں آچکا ہوگا) فتح کریں گے وہ
غنیمتیں تقسیم ہی کرتے ہوں گے اپنی تلواریں درختان زیتون
پر لٹکادی ہوں گی کہ ناگاہ شیطان پکار دے گا کہ تمہارے
گھروں میں دجال آگیا مسلمان پلٹیں گے اور یہ خبر جھوٹی
ہوگی جب شام میں آئیں گے دجّال نکل آئے گا: فبینماھم
یعدون للقتال یسوون الصفوف اذاقمیت الصلوۃ
فینزل عیسیٰ بن مریم فامھم فاذا رآہ عدو اللہ ذاب
کمایذوب الملح فی الماء فلوترکہ لانذاب حتیٰ
یھلک ولکن یقتلہ اللہ بیدہ فیریھم دمہ فی حربتہ اسی
اثنا میں کہ مسلمان دجّال سے قتال کی تیاریاں کرتے صفیں
سنوارتے ہوں گے کہ نماز کی تکبیر ہوگی عیسیٰ بن مریم نزول

marfat.com

فرمائیں گے ان کی امامت کریں گے ،وہ خدا کا دشمن جال
جب انھیں دیکھے گا ایسا گلنے لگے گا جیسے نمک پانی میں گل جاتا
ہے اگر عیسیٰ رسول اللہ اسے نہ ماریں جب بھی گل گل کر
ہلاک ہو جائے مگر اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ سے اسے قتل کرے گا
مسیح مسلمانوں کو اس کا خون اپنے نیزے میں دکھائیں گے''

**حدیث چہارم** :- نیز صحیح مسلم و سنن ابی داؤد و جامع ترمذی و سنن نسائی و سنن ابن ماجہ میں حضرت حذیفہ بن اسد غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

''انہا لن تقوم حتیٰ تروا قبلہا عشر آیات فذکر الدخان والدابۃ وطلوع الشمس من مغربہا ونزول عیسیٰ بن مریم ویاجوج وماجوج الحدیث بے شک قیامت نہ آئے گی جب تک تم اس سے پہلے دس نشانیاں نہ دیکھ لو از اں جملہ ایک دھواں اور دجّال اور دابۃ الارض اور آفتاب کا مغرب سے طلوع کرنا اور عیسیٰ بن مریم کا اترنا اور یاجوج ماجوج کا نکلنا''

**حدیث پنجم** :- مسند امام احمد و صحیح مسلم میں حضرت ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دجّال کے ذکر میں فرمایا:

marfat.com

"یاتی بالشام مدینة بفلسطین بباب لدفینزل عیسیٰ علیه الصلاة والسلام فیقتله ویمکث عیسیٰ فی الارض اربعین سنة اماماعدلا وحکمامقسطا وہ ملک شام میں شہر فلسطین دروازۂ شہر لد کو جائے گا عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام اتر کر اسے قتل کریں گے عیسیٰ علیہ الصلوۃ و السلام زمین میں چالیس برس رہیں گے امام عادل وحاکم منصف ہو کر"

**حدیث ششم** :- نیز مسند وصحیح مذکورین حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"لاتزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاهرین الی یوم القیٰمة فینزل عیسیٰ بن مریم فیقول امیرهم تعال صل لنافیقول لاان بعضکم علی بعض امیرتکرمه الله تعالیٰ لهٰذه الامة ہمیشہ میری امت کا ایک گروہ حق پر قتال کرتا قیامت تک غالب رہے گا عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام اتریں گے امیر المؤمنین ان سے کہے گا آئیے ہمیں نماز پڑھائیے وہ فرمائیں گے نہ! تم میں بعض بعض پر سردار ہیں بسبب اس

امت کی بزرگی کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے''

**حدیث ہفتم** :- نیز مسند احمد و صحیح مسلم و جامع ترمذی و سنن ابن ماجہ میں مطولاً اور سنن ابی داؤد میں مختصراً حضرت نوّاس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دجّال کا ذکر فرمایا کہ:

''وہ شام و عراق کے درمیان سے نکلے گا چالیس دن رہے گا پہلا ایک دن ایک سال کا ہوگا اور دوسرا ایک مہینے کا تیسرا ایک ہفتہ کا باقی دن جیسے ہوتے ہیں اس قدر جلد ایک شہر سے دوسرے شہر میں پہنچے گا جیسے بادل کو ہوا اڑائے لئے جاتی ہو جو اسے مانیں گے ان کے لئے بادل کو حکم دے گا برسنے لگے گا زمین کو حکم دے گا کھیتی جم اٹھے گی جو نہ مانیں گے ان کے پاس سے چلائے جائے گا ان پر قحط ہو جائے گا تہی دست رہ جائیں گے ویرانے پر کھڑا ہو کر کہے گا اپنے خزانے نکال خزانے نکل کر شہد کی مکھیوں کی طرح اس کے پیچھے ہولیں گے پھر ایک جوان گٹھے ہوئے جسم کو بلا کر تلوار سے دو ٹکرے کرے گا دونوں ٹکرے ایک نشانہ تیر کے فاصلے سے رکھ کر مقتول کو آواز دے گا وہ زندہ ہو کر چلا آئے گا دجّال لعین اس پر بہت خوش ہوگا ہنسے گا

marfat.com

فبينماهو كذلك اذبعث الله المسيح عيسىٰ بن مريم
عليه الصلاة و السلام فينزل عندالمنارة البيضاء
شرقی دمشق بين مهرو دتين و اضعا كفيه علىٰ
اجنحة ملكين اذاطأطارأسه قطرو اذارفعه تحدرمنه
جمان كاللؤلؤفلايحل لكافريجدريح نفسه
الامات و نفسه ينتهى حيث ينتهى طرفه فيطلبه
حتى يدركه بباب لدفيقتله دجال لعین اسی حال میں
ہوگا کہ اللہ عزوجل مسیح عیسیٰ بن مریم علیہ الصلوۃ والسلام کو
بھیجے گا وہ دمشق کی شرقی جانب منارۂ سپید کے پاس نزول
فرمائیں گے دو کپڑے ورس وزعفران سے رنگے ہوئے
پہنے دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے جب اپنا سر
جھکائیں گے بالوں سے پانی ٹپکے گا اور جب سر اٹھائیں
گے موتی سے جھڑنے لگیں گے کسی کافر کو حلال نہ ہوگا کہ
ان کے سانس کی خوشبو پائے اور مر نہ جائے اور ان کا
سانس وہاں تک پہنچے گا جہاں تک ان کی نگاہ پہنچے گی وہ
دجال لعین کو تلاش کر کے بیت المقدس کے قریب جو شہر لُد
ہے اس کے دروازے کے پاس اسے قتل فرمائیں گے“

اس کے بعد سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے زمانے میں یاجوج ماجوج کا نکلنا پھر اس کا ہلاک ہونا بیان فرمایا پھر ان کے زمانے میں برکت کی افراط یہاں تک کہ انار اتنے بڑے بڑے پیدا ہوں گے کہ ایک انار سے ایک جماعت کا پیٹ بھرے گا چھلکے کے سایہ میں ایک جماعت آجائے گی، ایک اونٹنی کا دودھ آدمیوں کے گروہ کو کافی ہوگا ایک گائے کا دودھ سے ایک قبیلے ایک بکری کے دودھ سے ایک قبیلے کی شاخ کا پیٹ بھر جائے گا۔

**حدیث ہشتم:** - نیز مسند احمد و صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"یخرج الدجال فی امتی فیمکث اربعین فیبعث
الله عیسی بن مریم فیطلبه فیهلك الحدیث دجال
میری امت میں نکلے گا ایک چلہ ٹھہرے گا پھر اللہ عزوجل
عیسیٰ بن مریم کو بھیجے گا وہ اسے ڈھونڈھ کر قتل کریں گے"

**حدیث نہم:** - سنن ابی داؤد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"لیس بینی و بینه نبی یعنی عیسیٰ علیه السلام و انه
نازل فاذارأیتموه فاعرفوه رجل موبوع الی
الحمرة والبیاض بین ممصرتین کان رأسه یقطرو

marfat.com

ان لم یصبه بلل فیقاتل الناس علی الاسلام فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویهلك الله فی زمانه الملل کلها الا الاسلام ویهلك المسیح و یهلك المسیح الدجال فیمکث فی الارض اربعین سنة ثم یتوفی فیصلی علیه المسلمون

میرے اور عیسیٰ کے بیچ کوئی نبی نہیں اور بے شک وہ اترنے والے ہیں جب تم انھیں دیکھنا پہچان لینا وہ میانہ قد ہیں رنگ سرخ وسپید دو کپڑے ہلکے زرد رنگ کے پہنے ہوئے گویا ان کے بالوں سے پانی ٹپک رہا ہے اگرچہ انھیں تری نہ پہنچی ہو وہ اسلام پر کافروں سے جہاد فرمائیں گے صلیب توڑیں گے خنزیر کو قتل کریں گے جزیہ اٹھادیں گے ان کے زمانے میں اللہ عزوجل اسلام کے سوا سب مذہبوں کو فنا کردے گا وہ مسیح دجال کو ہلاک کریں گے دنیا میں چالیس برس رہ کر وفات پائیں گے مسلمان ان کے جنازے کی نماز پڑھیں گے"

**حدیث دہم:**- جامع ترمذی میں حضرت مجمع بن جاریہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

marfat.com

"یقتل ابن مریم الدجال بباب لد عیسٰی بن مریم علیہ الصلوٰۃ والسلام دجال کو دروازۂ شہر لُد پر قتل فرمائیں گے"

امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے اور اس باب میں حدیثیں وارد ہیں حضرت عمران بن حصین و نافع بن عتبہ و ابو برزہ و حذیفہ بن اسید و ابو ہریرہ و کیسان و عثمان بن ابی العاص و جابر و ابو امامہ و ابن مسعود و عبداللہ بن عمرو و سمرہ بن جندب و نواس بن سمعان و عمرو بن عوف و حذیفہ بن الیمان سے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

**حدیث یازدہم:**۔ سنن ابن ماجہ و صحیح ابن خزیمہ و مستدرک حاکم و صحیح مختارہ میں حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل جلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بالتفصیل عجائب احوال اعور دجال اعاذنا اللہ تعالیٰ منہ بیان فرمائے پھر فرمایا:

اہل عرب اس زمانے میں سب کے سب بیت المقدس میں ہوں گے اور ان کا امام ایک مرد صالح ہوگا (یعنی حضرت امام مہدی) فبینما امامھم قد تقدم یصلی بھم الصبح اذنزل علیھم عیسٰی بن مریم الصبح اس اثنا میں کہ ان کا امام نماز صبح پڑھانے کو بڑھے گا ناگاہ عیسٰی بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام وقت صبح نزول فرمائیں گے مسلمانوں کا امام الٹے قدموں پھرے گا

marfat.com

کہ عیسیٰ (علیہ الصلاہ والسلام) امامت کریں عیسیٰ اپنا ہاتھ اس کی پشت پر رکھ کر کہیں گے آگے بڑھو نماز کہ تکبیر تمہارے ہی لئے ہوئی تھی ان کا امام نماز پڑھائے گا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سلام پھیر کر دروازہ کھلوائیں گے اس طرف دجال ہوگا جس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہتھیار بند ہوں گے جب دجال کی نظر عیسیٰ علیہ الصلوۃ و السلام پر پڑے گی پانی میں نمک کی طرح گلنے لگے گا بھاگے گا عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام فرمائیں گے میرے پاس تجھ پر ایک وار ہے جس سے تو بچ کر نہیں جا سکتا پھر شہر لُد کے شرقی دروازے پر اسے قتل فرمائیں گے''

اس کے بعد یہود کے قتل وغیرہ کے احوال ارشاد ہوئے۔

**حدیث دوازدہم:**۔ نیز سنن ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے شب اسرا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم الصلوۃ والسلام سے ملے باہم قیامت کا چرچہ ہوا انبیاء نے پہلے ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام سے ان کا حال پوچھا انھیں خبر نہ تھی موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام سے پوچھا انھیں بھی معلوم نہ تھا انھوں نے عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام پر رکھا عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا:

''قیامت جس وقت آکر گرے گی اسے تو اللہ کے سوا
کوئی نہیں جانتا ہاں اس کے گرنے سے پہلے کے باب
میں مجھے رب العزۃ نے ایک اطلاع دی ہے پھر خروج
دجال ذکر کر کے فرمایا: فانزل فاقتله میں اتر کر اسے قتل
کروں گا پھر یاجوج ماجوج نکلیں گے میری دعا سے ہلاک
ہوں گے فعهد الی متی کان ذلك كانت الساعة من
الناس كالحامل التی لایدری اهلها متی تفجؤهم
بولادة یعنی مجھے رب العزۃ نے اطلاع دی ہے کہ جب یہ
سب ہولے گا تو اس وقت قیامت کا حال لوگوں پر ایسا ہوگا
جیسے کوئی عورت پورے دنوں پیٹ سے ہو گھر والے نہیں
جانتے کہ کس وقت اس کے بچہ ہو پڑے''

**حدیث سیزدہم** :- امام احمد مسند اور طبرانی معجم کبیر اور رویانی مسند اور ضیا صحیح مختارہ میں حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذکر دجال بیان کر کے فرمایا:

''ثم یجئی عیسیٰ بن مریم من قبل المغرب
مصدقا بمحمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و علیٰ
ملته فیقتل الدجال ثم انما هو قیام الساعة اس کے

marfat.com

بعد عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام جانب مغرب سے آئیں گے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے ہوئے اور انھیں کی ملت پر، پس دجال کو قتل کریں گے پھر آگے قیامت ہی قائم ہونا ہے“

**حدیث چہاردہم:** ۔معجم کبیر میں حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعد ذکر دجال فرمایا:

”یلبث فیکم ماشاء اللہ ثم ینزل عیسیٰ بن مریم مصدقا بمحمد علیٰ ملتہ اماما مھدیا و حکما عدلا فیقتل الدجال وہ تم میں رہے گا جب تک اللہ چاہے پھر عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام اتریں گے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے حضور کی ملت پر امام راہ پائے ہوئے اور حاکم عدل کرنے والے وہ دجال کو قتل کریں گے“

**حدیث پانزدہم:** ۔مسند احمد و صحیح ابن خزیمہ و مسند ابی یعلی و مستدرک حاکم و مختارہ مقدسی میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث طویل ذکر دجال میں فرمایا:

marfat.com

''مسلمان ملک شام میں ایک پہاڑ کی طرف بھاگ جائیں
گے وہ وہاں جا گران کا حصار کرے گا اور سخت مشقت وبلا
میں ڈالے گا ثم ینزل عیسیٰ فینادی السحر فیقول
یایھا الناس مایمنعکم ان تخرجوا الی الکذاب
الخبیث فیقولون ھذا رجل حتی فینطقون فاذاھم
بعیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کے بعد عیسیٰ علیہ
الصلوٰۃ والسلام اتریں گے پچھلی رات مسلمانوں کو پکاریں
گے لوگو اس کذاب خبیث کے مقابلے کو کیوں نہیں نکلتے
مسلمان کہیں گے یہ کوئی مرد زندہ ہے (یعنی گمان میں یہ
ہوگا کہ جتنے مسلمان یہاں محصور ہیں ان کے سوا کوئی نہ بچا
عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آواز سن کر کہیں گے یہ مرد
زندہ ہے) جواب دیں گے دیکھیں تو وہ عیسیٰ ہیں علیہ
الصلوٰۃ والسلام''

اس کے بعد نماز صبح میں امام مسلمین کی امامت پھر دجال لعین کے قتل کا ذکر فرمایا۔

**حدیث شانزدہم:۔** نعیم بن حماد ''کتاب الفتن'' میں حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

marfat.com

"قلت یارسول الله الدجال قبل او عیسی بن مریم قال الدجال ثم عیسیٰ بن مریم الحدیث میں عرض کی یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پہلے دجال نکلے گا یا عیسیٰ بن مریم فرمایا دجال پھر عیسیٰ بن مریم"

**حدیث ہفتم:** -طبرانی کبیر میں اوس بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"ینزل عیسیٰ بن مریم عندالمنارۃ البیضاء شرقی دمشق عیسیٰ بن مریم دمشق کی شرقی جانب منارۂ سپید کے پاس نزول فرمائیں گے"

**حدیث ہیژدہم:** -مستدرک حاکم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"لیھبطن عیسیٰ بن مریم حکما واماما مقسطا و لیسلکن فجا فجا حاجا او معتمرا ولیأتین قبری حتی یسلم علی و لاردن علیه خدا کی قسم ضرور عیسیٰ ابن مریم حاکم وامام عادل ہوکر اتریں گے اور ضرور شارع عام کے رستے رستے حج یا عمرے کو جائیں گے اور ضرور میرے سلام کے لئے میرے مزاراقدس پر حاضر آئیں

گے اور ضرور میں ان کے سلام کا جواب دوں گا صلی اللہ
تعالیٰ علیك و علیه و علی جمیع اخوانکمامن
الانبیاء و المرسلین و آلك و آلهم و بارك و سلم"

**حدیث نوز دہم** :- صحیح ابن خزیمہ و مستدرک حاکم میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

سیدرك رجلان من امتی عیسیٰ بن مریم
ویشهدان قتال الدجال "عنقریب میری امت سے دو
مرد عیسیٰ بن مریم کا زمانہ پائیں گے اور دجال سے قتال
میں حاضر ہوں گے"

**اقول** ظاہراً امت سے مراد امت موجودہ زمانۂ رسالت ہے علیہ افضل الصلوۃ والتحیۃ ورنہ امت حضور سے تو لاکھوں مرد زمانۂ کلمۃ اللہ علیہ صلوات اللہ پائیں گے اور قتال لعین دجال میں حاضر ہوں گے اس تقدیر پر دونوں مرد سیدنا الیاس وسیدنا خضر علیہما الصلاۃ والسلام ہیں کہ اب تک زندہ ہیں اور اس وقت تک زندہ رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| کماورد فی حدیث افادہ | جیسا کہ وارد ہے ہمارے سردار والد |
| سیدنا الوالد المحقق دام | محقق دام ظلہ کے افادہ کی اس گفتگو |
| ظلہ علی هامش التیسیر | میں جو "تیسیر شرح جامع صغیر" |
| شرح الجامع الصغیر | کے ہامش پر موجود ہے۔ (فاروقی) |

marfat.com

**حدیث بستم** :-امام حکیم ترمذی نوادر الاصول اور حاکم مستدرک میں حضرت جبیر بن نغیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"لن یخزی اللہ تعالیٰ امۃ انااولھاو عیسیٰ بن مریم
آخرھا اللہ عزوجل ہرگز رسوانہ فرمائے گا اس امت کو جس
کا اول میں ہوں اور آخر عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام"

**حدیث بست ویکم** :-ابوداؤد طیالسی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"لم یسلط علی دجال الاعیسیٰ بن مریم دجال
لعین کے قتل پر کسی کو قدرت نہ دی گئی سوا عیسیٰ بن مریم
علیہما الصلاۃ والسلام کے"

**حدیث بست ودوم** :-مسند احمد و سنن نسائی و صحیح مختارہ میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"عصابتان من امتی احرزھما اللہ تعالیٰ من النار
عصابۃ تغزو الہند و عصابۃ تکون مع عیسیٰ بن مریم
میری امت کے دو گروہوں کو اللہ عزوجل نے نار سے
محفوظ رکھا ہے ایک گروہ وہ جو کفار ہند پر جہاد کرے گا
دوسرا وہ جو عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام کے ساتھ ہو گا"

marfat.com

**حدیث بست وسوم:**۔ابونعیم حلیہ اور ابوسعید نقاش ''فوائد العراقیین'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"طوبی لعیش بعد المسیح یؤذن للسماء فی القطرویؤذن للارض فی النبات حتی لوبذرت حبك علی الصفا لنبت وحتی یمر الرجل علی الاسد فلایضره ویطأعلی الحیة فلاتضره و لاتشاحح و لاتحاسدو لاتباغض خوشی اور شادمانی ہے اس عیش کے لئے جو بعد نزول عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہوگا آسمان کو اذن ہوگا کہ برسے اور زمین کو حکم ہوگا کہ اگے یہاں تک کہ اگر تو اپنا دانہ پتھر کی چٹان پر ڈال دے تو وہ بھی جم اٹھے گا اور یہاں تک کہ آدمی شیر پر گزرے گا اور وہ اسے نقصان نہ پہنچائے گا اور سانپ پر پاؤں رکھ دے گا اور وہ اسے مضرت نہ دے گا نہ آپس میں مال کا لالچ رہے گا نہ حسد نہ کینہ فی التیسیر شرح الجامع الصغیر طوبی لعیش بعد المسیح ای بعد نزول عیسیٰ علیه الصلاة و السلام الی الارض فی اخر الزمان"

marfat.com

**حدیث بست و چہارم** :-مسند الفردوس میں انہیں سے ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

"ینزل عیسیٰ بن مریم علیٰ ثمان مائة رجل
واربع مائة امرأة اخیرا من علی الارض الحدیث
عیسیٰ بن مریم ایسے آٹھ سو مردوں اور چار سو عورتوں پر
آسمان سے نزول فرمائیں گے جو تمام روئے زمین پر
سب سے بہتر ہوں گے"

**حدیث بست و پنجم** :-امام رازی وابن عساکر بطریق عبدالرحمٰن بن ایوب بن نافع بن کیسان عن ابیہ عن جدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

"ینزل عیسی بن مریم عند باب دمشق عند المنارة
البیضاء لست ساعات من النهار فی ثوبین ممشوئین
کانما ینحدر من راسه اللؤلؤ عیسیٰ بن مریم علیہما
الصلاة والسلام دروازۂ دمشق کے نزدیک سپید منارے
کے پاس چھ گھڑی دن چڑھے دو رنگین کپڑے پہنے اتریں
گے گویا ان کے بالوں سے موتی جھڑتے ہیں"

**حدیث بست و ششم** :-صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

"انی لا رجوان طال بی عمرا ان القی عیسیٰ بن مریم فان عجل بی موت فمن لقیه منکم فلیقرأه منی السلام میں امید کرتا ہوں کہ اگر میری عمر دراز ہوئی تو عیسیٰ بن مریم سے ملوں اور اگر میرا دنیا سے تشریف لے جانا جلد ہو جائے تو تم میں جو انہیں پائے ان کو میرا سلام پہنچائے"

**حدیث بست وہفتم** :- ابن الجوزی کتاب الوفا میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

ینزل عیسی بن مریم الی الارض فیتزوج ویولد له ویمکث خمسا واربعین سنة ثم یموت فیدفن معی فی قبری فاقوم انا وعیسی بن مریم من قبر واحد بین ابی بکر و عمر عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام زمین پر اتریں گے یہاں شادی کریں گے ان کے اولاد ہوگی پینتالیس برس رہیں گے اس کے بعد ان کی وفات ہوگی میرے ساتھ میرے مقبرۂ پاک میں دفن ہوں گے روز قیامت، میں اور وہ ایک ہی مقبرے سے اس طرح اٹھیں گے کہ ابو بکر و عمر ہم دونوں کے

marfat.com

داہنے بائیں ہوں گے رضی اللہ تعالیٰ عنہما''

**حدیث بست وہشتم** :- بغوی شرح السنہ میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حدیث طویل ابن صیاد میں راوی (جس پر دجال ہونے کا شبہ کیا جاتا تھا):

''امیر المؤمنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مجھے اجازت دیجئے کہ اسے قتل کردوں فرمایا ان یکن ھو فلست صاحبہ انما صاحبہ عیسی بن مریم والایکن ھو فلیس لك ان تقتل رجلا من اھل العھد اگر یہ دجال ہے تو اس کے قاتل تم نہیں دجال کے قاتل تو عیسیٰ بن مریم ہوں گے اور اگر یہ وہ نہیں تو تمہیں نہیں پہنچتا کہ کسی ذمی کو قتل کرو''

**حدیث بست ونہم** :- ابن جریر حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

''اول الآیات الدجال و نزول عیسیٰ و یاجوج وماجوج یسیرون الیٰ حزاب الدنیا حتی یأتوا بیت المقدس و عیسیٰ والمسلمون بجبل طور سینین فیوحی اللہ الیٰ عیسیٰ ان احرز عبادی

بالطور و مایلی ایلة ثم ان عیسیٰ یرفع یدیه الی السماء ویؤمن المسلمون فیبعث الله علیهم دابة یقال لها النغف تدخل فی مناخرهم فیصبحون موتی هذا مختصر قیامت کی بڑی نشانیوں میں پہلی نشانی دجال کا نکلنا اور عیسیٰ بن مریم کا اترنا اور یاجوج و ماجوج کا پھیلنا (وہ گروہ کے گروہ ہیں ہر گروہ میں چار لاکھ گروہ ان میں کا مرد نہیں مرتا جب تک خاص اپنے نطفے سے ہزار شخص نہ دیکھ لے، ہیں بنی آدم سے) وہ دنیا ویران کرنے چلیں گے (دجلہ وفرات وبحیرۂ طبریہ کو پی جائیں گے) یہاں تک کہ بیت المقدس تک پہنچیں گے اور عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام واہل اسلام اس دن کوہ طور سینا میں ہوں گے اللہ عزوجل عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجے گا کہ میرے بندوں کو طور اور ایلہ کے قریب محفوظ جگہ میں رکھ پھر عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام ہاتھ اٹھا کر دعا کریں گے اور مسلمان آمین کہیں گے اللہ عزوجل یاجوج و ماجوج پر ایک کیڑا بھیجے گا نغف نام وہ ان کے نتھنوں میں گھس جائے گا صبح سب مرے پڑے ہوں گے"

marfat.com

**حدیث سیم** :- حاکم وابن عساکر تاریخ اور ابونعیم کتاب ''اخبار المہدی'' میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

''کیف تھلك امة انا فی اولھا و عیسی بن مریم فی آخرھا والمھدی من اھل بیتی فی وسطھا کیوں کر ہلاک ہو وہ امت جس کی ابتدا میں ہوں اور انتہا میں عیسیٰ بن مریم اور بیچ میں میرے اہل بیت سے مہدی''

**حدیث سی ویکم** :- نیز اسی میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

''منا الذی یصلی عیسی بن مریم خلفه میرے اہل بیت میں وہ شخص ہے جس کے پیچھے عیسیٰ بن مریم نماز پڑھیں گے''

**حدیث سی ودوم** :- ابونعیم ''حلیۃ الاولیاء'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا:

'' یا عم النبی (صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم) ان اللہ ابتدأ الاسلام بی وسیختمه بغلام من ولدك وھو الذی یتقدم عیسی بن مریم اے نبی کے چچا بیشک اللہ تعالیٰ نے اسلام کی ابتدا مجھ سے کی اور قریب ہے کہ اسے ختم تیری اولاد

marfat.com

سے ایک لڑکے پر کرے گا وہی جس کے پیچھے عیسیٰ بن مریم نماز پڑھیں گے، حضرت امام مہدی کی نسبت متعدد احادیث سے ثابت کہ وہ عترت رسالت و بنی فاطمہ سے ہیں اور متعدد احادیث میں ان کا علاقۂ نسب حضرت عباس عم مکرم سید عالم ﷺ سے بھی بتایا گیا اور اس میں کچھ بعد نہیں وہ نسباً سید حسنی ہوں گے اور مادری رشتوں میں حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی اتصال رکھیں گے جیسے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رافضیوں کے رد میں فرمایا کہ کیا کوئی شخص اپنے باپ کو بھی برا کہتا ہے ابوبکر صدیق دو بار میرے باپ ہوئے یعنی دو طرح سے میرا نسب مادری حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے''

**حدیث سی وسوم**:- اسحاق بن بشر و ابن عساکر حدیث طویل ذکر دجال میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

فعند ذلك ینزل اخی عیسی بن مریم من السماء علی جبل افیق اماما ھادیا و حکما عادلا علیه برنس له مربوع الخلق اصلت سبط الشعر بیده حربة یقتل الدجال تضع الحرب اوزارھا و کان

marfat.com

المسلم فيلقى الرجل الاسد فلا يهيجه ويأخذ الحية فلا تضره و تنبت الارض كنبا تها على عهد آدم ويؤمن به اهل الارض ويكون الناس اهل ملة واحدة یعنی جب دجال نکلے گا اور سب سے پہلے ستر ہزار یہودی طیلسان پوش اس کے ساتھ ہولیں گے اور لوگ اس کے سبب بلائے عظیم میں ہونگے مسلمان سمٹ کر بیت المقدس میں جمع ہونگے اس وقت میرے بھائی عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام آسمان سے کوہ افیق پر اتریں گے امام راہ نما و حاکم عادل ہو کر ایک اونچی ٹوپی پہنے میانہ قد کشادہ پیشانی موئے سر سیدھے ہاتھ میں نیزہ جس سے دجال کو قتل کریں گے اس وقت لڑائی اپنے ہتھیار رکھ دے گی اور سب جہان میں امن وامان ہو جائے گا آدمی شیر سے ملے تو وہ جوش میں نہ آئے گا اور سانپ کو پکڑے تو وہ نقصان نہ پہنچائے گا کھیتیاں اس رنگ پر اگیں گی جیسے زمانہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام میں اگا کرتی تھیں تمام اہل زمین ان پر ایمان لے آئیں گے اور سارے جہان میں صرف ایک دین اسلام ہوگا''

marfat.com

**حدیث سی و چہارم**:- ابن النجار انہیں سے راوی رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

"واذا سکن بنوك السواد ولبسوا السواد و کان شیعتهم اهل خراسان لم یزل هذا الامر فیهم حتی یدفعوه الی عیسی بن مریم جب تمہاری اولاد دیہات میں بسے اور سیاہ لباس پہنے اور ان کے گروہ اہل خراسان ہوں جب سے خلافت ہمیشہ ان میں رہے گی یہاں تک کہ وہ اسے عیسیٰ بن مریم کو سپرد کریں گے"

**حدیث سی و پنجم**:- ابن عساکر ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی میں نے عرض کی یارسول اللہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں حضور کے پہلو میں دفن کی جاؤں فرمایا:

وانی لی بذلك الموضع مافیه الاموضع قبری و قبر ابی بکر و عمر و عیسیٰ بن مریم بھلا اس کی اجازت میں کیونکر دوں وہاں تو صرف میری قبر کی جگہ ہے اور ابوبکر وعمر وعیسیٰ بن مریم کی علیہم الصلاۃ والسلام"

**حدیث سی و ششم**:- ابونعیم "کتاب الفتن" میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

marfat.com

"المحاصرون ببيت المقدس اذ داك مائة الف
امرأة واثنان و عشرون الفاً مقاتلون اذ غشيتهم
ضبابة من غمام اذ تنكشف عنهم مع الصبح فاذا
عیسیٰ بین ظهر انیهم اس وقت بیت المقدس میں
ایک لاکھ عورتیں اور بائیس ہزار مرد جنگی محصور ہوں گے نا
گاہ ایک ابر کی گھٹا ان پر چھائے گی صبح ہوتے کھلے گی تو
دیکھیں گے کہ عیسیٰ ان میں تشریف فرما ہیں"

**حدیث سی و ہفتم** :- مسند ابی یعلٰی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

"والذی نفسی بیده لینزلن عیسیٰ بن مریم ثم لئن
قام علیٰ قبری فقال یا محمد لا جیبنه قسم اس کی جس
کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے بیشک عیسیٰ بن مریم
اتریں گے پھر اگر میری قبر پر کھڑے ہو کر مجھے پکاریں تو
ضرور میں انہیں جواب دوں گا"

**حدیث سی و ہشتم** :- ابو نعیم "حلیہ" میں عروہ بن رویم سے مرسلاً راوی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

marfat.com

"خیر ھذہ الامۃ اولھا واٰخرھا فیھم رسول اللہ ﷺ واٰخرھا فیھم عیسی بن مریم الحدیث اس امت کے بہتر اول وآخر کے لوگ ہیں اول کے لوگوں میں رسول اللہ ﷺ رونق افروز ہیں اور آخر کے لوگوں میں عیسٰی بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام تشریف فرما ہوں گے"

**حدیث سی ونہم:-** جامع ترمذی میں حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے:

"مکتوب فی التوراۃ صفۃ محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و عیسٰی یدفن معہ رب العزۃ تبارک و تعالٰی نے توریت مقدس میں حضور سید عالم ﷺ کی صفت میں ارشاد فرمایا ہے کہ عیسٰی ان کے پاس دفن کئے جائیں گے علیہ الصلاۃ والسلام" فی المرقاۃ ای و مکتوب فیھا ایضاً ان عیسٰی یدفن معہ قال الطیبی ھذا ھو المکتوب فی التوراۃ"

**حدیث چہلم:-** ابن عساکر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی:

"یھبط عیسی بن مریم فیصلی الصلوات و یجمع الجمع و یزید فی الحلال کانی بہ تجدبہ رواحلہ

marfat.com

ببطن الروحاء حاجاً او معتمراً عیسیٰ بن مریم
اتریں گے نمازیں پڑھیں گے جمعے قائم کریں گے مال
حلال کی افراط کردیں گے گویا میں انہیں دیکھ رہا ہوں ان
کی سواریاں انھیں تیز لئے جاتی ہیں بطن وادی روحاء میں
حج یا عمرے کے لئے"

**حدیث چہل و یکم** :- وہی حضرت ترجمان القرآن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

"لاتقوم الساعة حتی ینزل عیسی بن مریم علی
ذروة افیق بیده حربة یقتل الدجال قیامت قائم نہ
ہوگی یہاں تک کہ عیسی بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام کوہ
افیق کی چوٹی پر نزول فرمائیں ہاتھ میں نیزہ لئے جس
سے دجال کو قتل کریں گے"

**حدیث چہل و دوم** :- وہی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

"ان المسیح بن مریم خارج قبل یوم القیمة و
لیستغن به الناس عمن سواه بیشک مسیح بن مریم علیہما
الصلاۃ والسلام قیامت سے پہلے ظہور فرمائیں گے —

marfat.com

آدمیوں کو ان کے سبب اور سب سے بے نیازی چاہئے

یہ امر بمعنی اخیار ہے زمانۂ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام میں

نہ کوئی قاضی ہوگا نہ کوئی مفتی نہ کوئی بادشاہ انھیں کی طرف

سب کاموں میں رجوع ہوگی''

حدیث چہل وسوم :- وہی حضرت عبد اللہ بن عمر و رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک حدیث طویل ذکر مغیبات آئندہ میں راوی کہ:

''چنین و چناں ہوگا پھر مسلمان قسطنطنیہ و رومیہ کو فتح

کریں گے پھر دجال نکلے گا اس کے زمانہ میں قحط شدید

ہوگا فبینما ھم کذالك اذ سمعوا صوتا من السماء

ابشروا فقد اتاکم الغوث فیقولون نزل عیسی بن

مریم فیستبشرون ویستبشر بھم و یقولون صل

یاروح اللہ فیقول ان اللہ اکرم ھذہ الامۃ فلا

ینبغي لا حدان یؤمھم الا منھم فیصلی امیر

المؤمنین بالناس و یصلی عیسیٰ خلفہ لوگ اسی

ضیق و پریشانی میں ہوں گے ناگاہ آسمان سے ایک آواز

سنیں گے خوش ہو کہ فریاد رس تمہارے پاس آیا مسلمان

کہیں گے کہ عیسیٰ بن مریم اترے خوشیاں کریں گے اور

marfat.com

عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام انہیں دیکھ کر خوش ہوں گے مسلمان عرض کریں گے یاروح اللہ نماز پڑھایئے فرمائیں گے اللہ عزوجل نے اس امت کو عزت دی ہے اس کا امام اسی میں سے چاہئے امیر المومنین نماز پڑھائیں گے اور عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے سلام پھیر کر اپنا نیزہ لے کر دجال کے پاس جا کر فرمائیں گے ٹھہر اے دجال اے کذاب، جب وہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام کو دیکھے گا اور ان کی آواز پہچانے گا ایسا گلنے لگے گا جیسے آگ میں رانگ یا دھوپ میں چربی اگر روح اللہ نے ٹھہر نہ فرمادیا ہوتا تو گل کر فنا ہو جاتا پس عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام اسکی چھاتی پر نیزہ مار کر واصل جہنم کریں گے پھر اس کے لشکر کو کہ یہود و منافقین ہوں گے قتل فرمائیں گے صلیب توڑیں گے خنزیر کو نیست و نابود کریں گے اب لڑائی موقوف اور امن چین کے دن آئیں گے یہاں تک کہ بھیڑئے کے پہلو میں بکری بیٹھے گی اور وہ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے گا بچے سانپ سے کھیلیں گے وہ نہ کاٹے گا ساری زمین عدل سے بھر جائے گی"

پھر خروج یاجوج وماجوج اوران کی فنا وغیرہ کا حال بیان کر کے فرمایا:

"ویقبض عیسیٰ بن مریم و ولیه المسلمون و غسلوه و حنطوه و کفنوه و صلوا علیه وحضروا له ودفنوه الحدیث"

ان سب وقائع کے بعد عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام وفات پائیں گے مسلمان ان کی تجہیز کریں گے نہلائیں گے خوشبو لگائیں گے کفن دیں گے نماز پڑھیں گے قبر کھود کر دفن کریں گے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ سردست بے قصد استیعاب تینتالیس حدیثیں ہیں جن میں ایک چہل حدیث پوری حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہے۔

ثمانیة و ثلثون نصاو اثنان او ثلثة حکما اما عبدالله بن عمر و فکثیر اما یاخذ عن الاوائل.

یعنی اڑتیس حدیثیں نص کے اعتبار سے ہوئیں اور دو یا تین حکم کے اعتبار سے، بہر حال عبد اللہ ابن عمرو تو وہ زیادہ لے لیتے ہیں اوائل سے (فاروقی)

اور ایک حدیث میں تو کلام اللہ تورات مقدس کا ارشاد ہے اور خود قرآن عظیم میں بھی اس کا اشعار موجود۔

قال اللہ عزوجل:

"ولما ضرب ابن مریم مثلا الی قوله تعالیٰ وانه لعلم

للساعة بیشک مریم کا بیٹا علم ہے قیامت کا یعنی ان کے نزول سے معلوم ہو جائے گا کہ قیامت اب آئی''

حضرت ابو ہریرہ و حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قرأت وانہ لعلم للساعة بیشک ابن مریم نشانی ہیں قیامت کے لئے۔

''معالم التنزیل'' میں ہے:

"وانہ یعنی عیسیٰ لعلم للساعة یعنی نزولہ من اشراط الساعة یعلم بہ قربھا و قرأ ابن عباس و ابوھریرة وقتادة وانہ لعلم للساعة بفتح اللام و العین ای امارة و علامة" یعنی حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام قیامت کے لئے علم ہیں یعنی ان کا نزول قیامت کی نشانیوں میں سے ہے اس سے جان لیا جائے گا کہ قیامت قریب تر ہے اور ابن عباس، ابو ہریرہ اور قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اسے "انہ لعلم للساعة" پڑھا یعنی بے شک وہ قیامت کے لئے نشانی ہیں، لام اور عین کے زبر کے ساتھ یعنی ان کا نزول قرب قیامت کی امارت و علامت ہے۔ (فاروقی)

''مدارک التنزیل'' میں ہے:

"وانہ لعلم للساعۃ وان عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام مما یعلم بہ مجئی الساعۃ و قرأ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما العلم وہو العلامۃ ای وان نزولہ علم الساعۃ" یعنی بے شک عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام قیامت کے لئے علامت ہیں جس سے جان لیا جائے گا کہ اب قیامت آنے والی ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "انہ لعلم للساعۃ......" پڑھا یعنی ان کا نزول قرب قیامت کی علامت ہے۔ (فاروقی)

امام جلال الدین محلی "تفسیر جلالین" میں فرماتے ہیں:

"وانہ ای عیسیٰ لعلم للساعۃ تعلم بنزولہ" یعنی بے شک حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے لئے علم ہیں جو ان کے نزول سے پہچان لی جائے گی۔ (فاروقی)

**بالجملہ** یہ مسئلہ قطعیہ یقینیہ عقائد اہل سنت و جماعت سے ہے جس طرح اس کا راساً منکر گمراہ بالیقین یو ہیں اس کا بدلنے والا اور نزول عیسیٰ بن مریم رسول اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کو کسی زید وعمرو کے خروج ڈھالنے والا بھی ضال مضل بددین کہ ارشادات حضور سید عالم ﷺ کی دونوں نے تکذیب کی:

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا اَىَّ    یعنی اور اب جاننا چاہتے ہیں ظالم

مُنقَلَبٍ یَّنقَلِبُوْنَ٥ کہ کس کروٹ پلٹا کھائیں گے۔

مسئلۂ ثالثہ:۔سیدنا روح اللہ صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کی حیات!

**اقول** اس کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ وہ اب زندہ ہیں یہ بھی مسائل قسم ثانی سے ہے جس میں خلاف نہ کرے گا مگر گمراہ کہ اہلسنت کے نزدیک تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام بحیات حقیقی زندہ ہیں انکی موت صرف تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لئے ایک آن کو ہوتی ہے پھر ہمیشہ حیات حقیقی ابدی ہے ائمۂ کرام نے اس مسئلہ کو محقق فرما دیا ہے:

وقد فصلها سیدنا الوالد المحقق دام ظله فی کتابه سلطنة المصطفی فی ملکوت کل الوریٰ. یعنی سیدنا الوالد المحقق دام ظلہ نے اپنی کتاب ''سلطنة المصطفی فی ملکوت کل الوریٰ'' میں اس کی تفصیل فرمائی۔ (فاروقی)

دوسرے یہ کہ اب تک ان پر موت طاری نہ ہوئی زندہ ہی آسمان پر اٹھا لئے گئے اور بعد نزول دنیا میں سالہا سال تشریف رکھ کر اتمام نصرت اسلام وفات پائیں گے یہ مسائل قسم اخیرین سے ہے اس کے ثبوت کو اولاً اسی قدر کافی ووافی کہ رب جل وعلا نے فرمایا:

''وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ'' یعنی کوئی کتابی ایسا نہیں جو اس کی موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لائے۔

جس کی تفسیر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی حضور سید عالم ﷺ سے

marfat.com

گزری مخالف نے اپنی جہالت سے صرف صحیح بخاری کی تخصیص کی تھی یہ تفسیر نہ صرف اس میں بلکہ صحیح بخاری و مسلم دونوں میں موجود۔

شرح ''مشکوٰۃ شریف'' للعلامۃ الطیبی میں ہے:

"استدل بآية على نزول عيسىٰ عليه الصلوٰة والسلام فى آخرالزمان مصدقاللحديث و تحريره ان الضميرين فى به وقبل موته لعيسىٰ والمعنى وان من اهل الكتٰب الاليؤمنن بعيسىٰ قبل موت عيسىٰ وهم اهل الكتٰب الذين يكون فى زمان نزوله فتكون الملة واحدة وهى ملة الاسلام

خلاصہ یہ کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس آیت سے تصدیق حدیث کے لئے نزول عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر استدلال فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہر کتابی عیسیٰ کی موت سے پہلے ضرور اس پر ایمان لانے والا ہے اور وہ یہود و نصاریٰ ہیں جو بعد نزول عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے زمانے میں ہوں گے تو تمام روئے زمین پر صرف ایک دین ہوگا ''دین اسلام'' وبس

نقله عنه الملا علی القاری فی المرقاة".

marfat.com

ثانیاً یہی تفسیر بسند صحیح دوسرے صحابی جلیل الشان ''ترجمان القرآن'' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی مروی جن سے صحیح بخاری میں قول موت منقول ہونے کا مخالف نے ادعا کیا تھا۔

''صحیح بخاری وارشاد الساری'' میں ہے:

''ثم یقول ابو هریرة بالاسناد السابق مستدلا علی نزول عیسیٰ فی اخر الزمان تصدیقا للحدیث (واقرؤا ان شئتم) وان من اهل الکتٰب الا لیؤمنن به قبل موته ای وان من اهل الکتٰب احدالا لیؤمنن به قبل موته عیسیٰ وهم اهل الکتٰب الذین یکونون فی زمانه فتکون الملة واحدة وهی ملة الاسلام ولهذا جزم ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما فیما رواه ابن جریر من طریق سعید بن جبیر عنه باسناد صحیح یعنی اس حدیث کو روایت کر کے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آخر زمانے میں عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے نزول پر دلیل لانے حدیث کی تصدیق قرآن مجید سے بتانے کے لئے فرماتے: تم چاہو تو یہ آیت پڑھو وان من اهل الکتٰب الا لیؤمنن الآیہ اس آیت کے

معنی یہ ہیں کہ ہر کتابی ضرور ایمان لانے والا ہے عیسیٰ پر
ان کی موت سے پہلے اور وہ، وہ کتابی ہیں جو اس وقت
ان کے زمانے میں ہوں گے سارے جہاں میں صرف
ایک دین اسلام ہوگا اور اسی پر جزم کیا حضرت ابن عباس
رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس حدیث میں جوان سے ابن
جریر نے ان کے شاگرد رشید سعید بن جبیر کے واسطے سے
بسند صحیح روایت کی، انتہی''

اور یہی تفسیر امام حسن بصری سے مروی ہوئی کما سیاتی انشاء اللہ تعالیٰ۔

**ثالثاً** تصریحات کثیرۂ ائمۂ کرام ومفسرین عظام وعلمائے اعلام امام جلال الملۃ والدین سیوطی ''تفسیر جلالین'' میں فرماتے ہیں:

''انی متو فیك قابضك ورافعك الی من الدنیا من غیر موت یعنی اللہ عزوجل نے عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے فرمایا میں تجھے اپنے پاس لے لوں گا اور دنیا سے بغیر موت دیئے اٹھالوں گا''

تفسیر ''امام ابوالبقا عکبری'' میں ہے:

''انہ رفع الی السماء ثم یتوفی بعد ذلك عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام آسمان پر اٹھالئے گئے ہیں اور اس کے

بعد وفات دیئے جائیں گے''

تفسیر ''جمین وتفسیر فتوحات الٰہیہ'' میں ہے:

''انہ الی السماء ثم یتوفی بعد ذلك بعد نزولہ الی الارض وحکمہ بشریعۃ محمد ﷺ وہ آسمان پر اٹھالئے گئے اوراس کے بعد زمین پر اتر کر شریعت محمد یہ ﷺ پر حکم کر کے وفات پائیں گے''

امام بغوی تفسیر ''معالم التنزیل'' میں فرماتے ہیں:

''قال الحسن و الکلبی و ابن جریج انی قابضك ورافعك من الدنیا الی من غیر موت بذلك یعنی امام حسن بصری نے کہ اجلۂ ائمۂ تابعین وتلامذۂ امیر المؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ہیں اور محمد بن السائب کلبی اور امام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج نے کہ اجلہ واکابر ائمۂ تبع تابعین سے اور حسب روایت ائمۂ تابعین سے ہیں آیۂ کریمہ کی تفسیر کی، کہ اے عیسیٰ میں تجھے اپنی طرف اٹھالوں گا بغیر اس کے کہ تیرے جسم کو موت لاحق ہو''

امام فخر الدین رازی ''تفسیر کبیر'' میں فرماتے ہیں:

''قد ثبت الدلیل انه حی وورد الخبر عن النبی ﷺ انه سینزل ویقتل الدجال ثم انه تعالیٰ یتوفاه بعد ذالك دلیل سے ثابت ہو چکا ہے کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام زندہ ہیں اور سید عالم ﷺ سے حدیث آئی ہے کہ وہ عنقریب اتریں گے اور دجال کو قتل کریں گے پھر اس کے بعد اللہ عزوجل انہیں وفات دے گا''۔

اسی میں ہے:

''التوفی اخذ الشئ وافیا ولما علم الله تعالیٰ ان من الناس من یخطر ببا له ان الذی رفع الله هو روحه لا جسده ذکر هذ الکلام لیدل انه علیه الصلاة والسلام رفع بتمامه الی السماء بروحه و جسده توفی کہتے ہیں کسی چیز کے پورا لینے کو جبکہ اللہ عز وجل کے علم میں تھا کہ کچھ لوگوں کو یہ وہم گزرے گا کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی روح آسمان پر گئی نہ بدن لہٰذا یہ کلام فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ وہ تمام وکمال مع روح وبدن آسمان پر اٹھا لئے گئے''

marfat.com

"تفسیر عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی" للعلامہ شہاب الدین الخفاجی میں ہے:

"سبق انه علیه الصلاة والسلام لم یصلب ولم یمت
اوپر گزرا کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نہ سولی دیئے گئے نہ
انتقال فرمایا"

امام بدرالدین محمود عینی "عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری" میں فرماتے ہیں:

"کذاروی من طریق ابی رجاء عن الحسن قال قبل
موت عیسیٰ واللہ لحی ولکن اذا نزل آمنوا به
اجمعون وذهب الیه اکثر اهل العلم یعنی آیہ کریمہ
وان من اهل الکتٰب الآیه کی جو تفسیر حضرت سیدنا
ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمائی امام حسن بصری سے
بطریق ابی رجاء مروی ہوئی کہ انہوں نے فرمایا معنی آیت
یہ ہیں کہ تمام کتابی موت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے
پہلے ایمان لانے والے ہیں اور فرمایا خدا کی قسم عیسیٰ علیہ
الصلوٰۃ والسلام زندہ ہیں اور اکثر اہل علم کا یہی مذہب ہے"

امام شمس الدین ابوعبداللہ محمد ذہبی نے "تجرید الصحابہ" اور امام تاج الدین سبکی نے "کتاب القواعد" اور امام ابن حجر عسقلانی نے "اصابہ" میں سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو ہمارے نبی اکرم سید عالم ﷺ کے صحابیوں میں شمار کیا کہ وہ شب معراج حضور اقدس ﷺ

کے دیدار سے بہرہ اندوز ہوئے ظاہر ہے کہ ان کی تخصیص اسی بنا پر ہے کہ انھیں یہ دولت قبل طریان موت نصیب ہوئی ورنہ شب معراج حضور کی زیارت کسی نبی نے نہ کی امام سبکی نے اس مضمون کو ایک چیستاں میں ادا فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کی امت سے وہ کونسا جوان ہے جو باتفاق تمام جہاں کے حضرت افضل الصحابہ صدیق اکبر و فاروق اعظم و عثمان غنی و علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سب سے افضل ہے یعنی سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام۔

''اصابہ فی تمیز الصحابہ'' میں ہے:

"عیسی المسیح بن مریم الصدیقة رسول لله و کلمته القاها الی مریم ذکره الذهبی فی التجرید مستدرکا علی من قبله فقال عیسی بن مریم رسول لله رأی النبی ﷺ لیلة الا سراء فهو نبی وصحابی و هو آخر من یموت من الصحابة والغزه القاضی تاج الدین السبکی فی قصیدته التی فی او اخر القواعد له فقال ؎

من باتفاق جمیع الخلق افضل من
خیر الصحاب ابی بکر و من عمر
و من علی و من عثمن و هو فتی
من امة المصطفی المختار من مضر

یعنی مسیح ابن مریم اللہ کے رسول ہیں اور وہ اللہ کا کلمہ

ہیں جنھیں اس نے حضرت مریم کی طرف القا فرمایا، اسے امام
ذہبی نے ''تجرید الصحابہ'' میں اپنے اگلوں سے استدراک
کرتے ہوئے ذکر کیا تو فرمایا: اللہ کے رسول عیسیٰ ابن مریم
نے شب معراج میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کی تو وہ
نبی اور صحابی ہیں اور وہ ایسے صحابی ہیں جن کا وصال سارے
صحابہ کے بعد ہوگا اور قاضی تاج الدین سبکی نے اسے
اپنے قصیدے میں رکھا جو کہ ''کتاب القواعد'' کے اواخر
میں ہے کہ: وہ کون سا جوان ہے جو باتفاق تمام جہاں افضل
الصحابہ ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم سے بھی افضل ہے
وہ جوان امت مصطفٰے کا قبیلۂ مضر سے ہے۔ (فاروقی)

امام ذہبی کی اس اعبارت میں یہ بھی تصریح ہے کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام ایسے صحابی ہیں جن کا انتقال سب صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بعد ہوگا یہاں کلمات ائمۂ دین و علمائے معتمدین کی کثرت اس حد پر نہیں کہ ان کے احاطہ واستیعاب کی طمع ہو سکے اور اہل حق کے لئے اس قدر بھی کافی اور مخالف متعسف کہ اپنی ناقص عقل کے آگے ائمہ کو کچھ نہیں گنتے ان کے لئے ہزار دفتر ناوافی لہٰذا اسی قدر پر بس کریں۔

**رابعاً** یہی قول جمہور ہے اور قول جمہور ہی معتمد و منصور ابھی شرح ''صحیح بخاری شریف'' سے گزرا ذھب الیہ اکثر اھل العلم (یعنی اکثر اہل علم کا یہی مذہب ہے)۔

**خامساً** یہی قول مصحح و مرجح اور قول صحیح کا مقابل ساقط و نامعتبر امام قرطبی صاحب ''مفہم شرح صحیح مسلم'' پھر علامۃ الوجود امام ابوالسعود ''تفسیر ارشاد العقل السلیم'' میں فرماتے ہیں:

''الصحیح ان اللّٰہ تعالیٰ رفعہ من غیر وفاۃ ولا نوم کما قال الحسن وابن زید ھوا ختیار الطبری و ھوالصحیح عن ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہما

صحیح یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں زندہ بیدار اٹھالیا نہ ان کا انتقال ہوا نہ اس وقت سوتے تھے جیسا کہ امام حسن بصری وابن زید نے تصریح فرمائی اور اس کو امام طبری نے اختیار کیا اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی صحیح روایت یہی ہے''

''عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری'' میں ہے:

''القول الصحیح انہ رفع وھو حی صحیح قول یہ ہے کہ وہ زندہ اٹھالئے گئے''

**اقول** یہ تو بالیقین ثابت کہ وہ دنیا میں عنقریب نزول فرمانے والے ہیں اور اس کے بعد وفات پانا قطعاً ضرور تو اگر آسمان پر اٹھائے جانے سے پہلے بھی وفات ہوئی ہوتی تو دوبارہ ان کی موت لازم آئے گی کیوں کہ امید کی جائے کہ اللہ عزوجل اپنے

marfat.com

ایسے محبوب جمیل ایسے رسول عظیم وجلیل پر (کہ ان پانچ مرسلین اولی العزم صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم سے ہیں جو باقی تمام انبیاء ومرسلین وخلق اللہ اجمعین سے افضل اور زیادہ محبوب رب عزوجل ہیں) دوبار مصیبت مرگ بھیجے گا۔

جب حضور پرنور سید یوم النشور ﷺ کا وصال شریف ہوا اور امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سخت صدمے کی دہشت میں تلوار کھینچ کر کہنے لگے خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ نے انتقال نہ فرمایا اور انتقال نہ فرمائیں گے یہاں تک کہ منافقوں کی زبانیں اور ہاتھ پاؤں کاٹیں اور ان کے قتل کا حکم دیں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نعش اقدس پر حاضر ہوئے جھک کر روئے انور پر بوسہ دیا پھر روئے اور عرض کی:

"بابی انت وامی واللہ لا یجمع اللہ علیك موتین اما الموتۃ التی کتبت علیك فقد متھا میرے ماں باپ حضور پر قربان خدا کی قسم اللہ تعالیٰ حضور پر دو موتیں جمع نہ فرمائے گا وہ جو مقدر تھی ہو چکی بابی انت وأمی طبت حیاً ومیتاً والذی نفسی بیدہ لا یذیقك اللّٰہ الموتتین ابداً میرے ماں باپ حضور پر قربان حضور زندگی میں بھی پاکیزہ اور بعد انتقال بھی پاکیزہ قسم اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اللہ تعالیٰ کبھی حضور کو دو موتیں نہ چکھائے گا رواہ البخاری والنسائی و ابن ماجۃ

marfat.com

عن ام المؤمنین الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها" یعنی

اس حدیث پاک کو بخاری، نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت

عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ (فاروقی)

تو ایسی بات جب تک نص صریح سے ثابت نہ ہو انبیاء اللہ خصوصاً ایسے رسول جلیل کے حق میں ہرگز نہ مانی جائے گی خصوصاً روح اللہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام جن کی دعا یہ تھی کہ الٰہی اگر تو یہ پیالہ یعنی جام مرگ کسی سے پھیرنے والا ہے تو مجھ سے پھیر دے بارگاہ عزت میں رسول اللہ کی جو عزت ہے اس پر ایمان لانے والا بے دلیل صریح واضح التصریح کے کیوں کر مان سکتا ہے کہ وہ یہ دعا کریں اور رب عزوجل اس کے بدلے ان پر موت نازل فرمائے یہ ہرگز قابل قبول نہیں انصاف کیجئے تو ایک یہی دلیل ان کے زندہ اٹھا لئے جانے پر کافی ووافی ہے وباللہ التوفیق۔

تنبیہ دوم:- اقول قرآن مجید سے اتنا ثابت اور مسلمان کا ایمان کہ سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام یہود عنود کے مکر و کید سے بچکر آسمان پر تشریف لے گئے، رہا یہ کہ تشریف لے جانے سے پہلے زمین پر ان کی روح قبض کی گئی اور جسم یہیں چھوڑ کر صرف روح آسمان پر اٹھائی گئی اس کا آیت میں کہیں ذکر نہیں یہ دعویٰ زائد ہے جو مدعی ہو ثبوت پیش کرے ورنہ قول بے ثبوت محض مردود ہے۔

مخالف نے جو کچھ ثبوت میں پیش کیا سب بیہودہ ہے وہ یا تو نرا افتراء اس کے اپنے دل کا اختراع ہے یا مطلب سے محض بیگانہ جس میں مقصود کی بو بھی نہیں یا مراد میں

marfat.com

غیر نص جو مدعی کے لئے ہرگز بکار آمد و کافی نہیں۔

## سب کا بیان سنئے!

**ایک افتراء:** تو اس کا وہ کہنا ہے کہ سید عالم ﷺ نے ان آیات کی تفسیر میں ثابت فرمادیا کہ عیسیٰ الصلاۃ والسلام بعد قبض روح آسمان پر اٹھائے گئے۔

**دوسرا افتراء:-** حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر کہ انہوں نے ایسا فرمایا حالانکہ ہم ابھی ثابت کر آئے کہ ان سے بسند صحیح اس کا خلاف ثابت ہے وہ اسی کے قائل ہیں کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے ابھی وفات نہ پائی ان کی موت سے پہلے یہود و نصاریٰ ان پر ایمان لائیں گے امام قرطبی سے گزرا کہ یہی روایت ابن عباس سے صحیح ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

**تیسرا افتراء:-** صحیح بخاری شریف پر کہ اس میں یہ تفسیر سید عالم ﷺ و ابن عباس سے مروی ہے حالانکہ اس میں بروایت حضرت ابن عباس صرف اس قدر ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"انکم محشورون وان ناسا یؤخذ بهم ذات الشمال فاقول کما قال العبد الصالح و کنت علیهم شهیدا مادمت فیهم الی قوله العزیز الحکیم یعنی تمہارا حشر ہوگا اور کچھ بائیں طرف معاذ اللہ جانب جہنم لے جائے جائیں گے میں وہ عرض کروں

گا جو بندہ صالح عیسیٰ بن مریم نے عرض کیا کہ میں ان پر گواہ تھا جب تک ان میں موجود رہا جب تو نے مجھے وفات دی تو ہی ان پر مطلع رہا اور تو ہر چیز پر گواہ ہے اگر تو انہیں عذاب کرے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو تو ہی ہے غالب حکمت والا''

اس حدیث میں مدعی کے اس دعوے کا کہاں پتا ہے کہ آسمان پر جانے سے پہلے وفات ہوئی اور صرف روح اٹھائی گئی اور بے گانہ و بے علاقہ اس آیہ کریمہ:

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ط

کا ذکر ہے یہاں اگر وفات بمعنیٰ موت ہو بھی تو یہ تو روز قیامت کا مکالمہ ہے۔

رب العزۃ جل جلالہ فرماتا ہے:

"يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ط قَالُوْا لَاعِلْمَ لَنَا ط اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ o اِذْقَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ اِذْاَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَاِذْعَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَاِذْتَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ

الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِىْ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى
بِاِذْنِىْ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِىْٓ اِسْرَآئِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ
مُّبِيْنٌ ۝ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِىْ
وَبِرَسُوْلِىْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝ اِذْ قَالَ
الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ
اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ
قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ
الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ
عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ
اٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ قَالَ
اللّٰهُ اِنِّىْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّىْٓ
اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ
اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِىْ
وَاُمِّىَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا
يَكُوْنُ لِىْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِىْ بِحَقٍّ ط اِنْ كُنْتُ

قُلْتُہٗ فَقَدْ عَلِمْتَہٗ ؕ تَعْلَمُ مَافِیْ نَفْسِیْ وَلَآ اَعْلَمُ
مَافِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۝ مَا قُلْتُ
لَهُمْ اِلَّا مَا اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ج
وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ۚ فَلَمَّا
تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى
كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ج
وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ قَالَ
اللّٰهُ هٰذَا یَوْمُ یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُهُمْ ؕ جس دن جمع
فرمائے گا اللہ تعالیٰ رسولوں کو فرمائے گا تمہیں کیا جواب
ملا؟ بولے ہمیں کچھ خبر نہیں بیشک تو ہی خوب جانتا ہے
سب چھپی باتیں جب فرمایا اللہ نے اے مریم کے
بیٹے عیسیٰ یاد کر میرے احسان اپنے اوپر اور اپنی ماں
پر جب میں نے پاک روح سے تیری مدد کی، تو لوگوں
سے باتیں کرتا پالنے میں اور پکی عمر ہو کر اور جب میں
نے تجھے سکھائی کتاب اور حکمت اور توریت اور انجیل
اور جب تو مٹی سے پرند کی سی مورت میرے حکم سے
بناتا پھر اس میں پھونک مارتا تو وہ میرے حکم سے اڑنے

marfat.com

لگتی اور تو مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو میرے
حکم سے شفا دیتا اور جب تو مردوں کو میرے حکم سے
زندہ نکالتا اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روکا
جب تو ان کے پاس روشن نشانیاں لے کر آیا تو ان میں
کے کافر بولے کہ یہ تو نہیں مگر کھلا جادو اور جب میں
نے حواریوں کے دل میں ڈالا کہ مجھ پر اور میرے
رسول پر ایمان لاؤ بولے ہم ایمان لائے اور گواہ رہ کہ
ہم مسلمان ہیں، جب حواریوں نے کہا اے عیسیٰ بن
مریم کیا آپ کا رب ایسا کرے گا کہ ہم پر آسمان سے
ایک خوان اتارے؟ کہا اللہ سے ڈرو اگر ایمان رکھتے
ہو بولے ہم چاہتے ہیں کہ اس میں سے کھائیں اور
ہمارے دل ٹھہریں اور ہم آنکھوں دیکھ لیں کہ آپ نے
ہم سے سچ فرمایا اور ہم اس پر گواہ ہو جائیں، عیسیٰ بن
مریم نے عرض کی اے اللہ! اے رب ہمارے ہم پر
آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے عید ہو
ہمارے اگلے پچھلوں کی اور تیری طرف سے نشانی اور
ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر رزق دے

دینے والا ہے، اللہ نے فرمایا کہ میں اسے تم پر اتارتا ہوں
پھر اب جو تم میں کفر کرے گا تو بے شک میں اسے وہ عذاب
دوں گا کہ سارے جہان میں کسی پر نہ کروں گا اور جب
فرمایا اللہ نے اے عیسیٰ مریم کے بیٹے کیا تو نے کہہ دیا تھا
لوگوں سے کہ مجھے اور میری ماں کو دو خدا بنا لو اللہ کے سوا؟
بولا پاکی ہے تجھے مجھے روا نہیں کہ وہ کہوں جو مجھے نہیں پہنچتا
اگر میں نے کہا تو تجھے خوب معلوم ہوگا تو جانتا ہے جو
میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے علم میں ہے
بے شک تو ہی جانتا ہے سب چھپی باتیں میں نے نہ کہا ان
سے مگر وہی جس کا تو نے مجھے حکم دیا کہ پوجو اللہ کو جو مالک
ہے میرا اور تمہارا اور میں ان پر گواہ تھا جب تک میں ان میں
تھا جب تو نے مجھے وفات دی تو ہی ان پر مطلع رہا اور تو ہر
چیز پر گواہ ہے اگر تو انہیں عذاب کرے تو وہ تیرے بندے
ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو بیشک تو ہی غالب حکمت
والا ہے فرمایا اللہ نے یہ دن ہے جس میں نفع دے گا سچوں
کو ان کا سچ''

marfat.com

اول سے آخر تک یہ ساری گفتگو روز قیامت کی ہے کس نے کہا کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کبھی وفات پائیں گے ہی نہیں کہ روز قیامت بھی اپنی وفات کا ذکر نہ کر سکیں شاید جاہل یہاں "قَالَ اللّٰهُ" اور "قَالَ سُبْحٰنَكَ" میں ماضی کے صیغے دیکھ کر سمجھا کہ یہ تو گزری ہوئی باتیں ہیں اور قیامت کا دن ابھی نہ گزرا حالانکہ وہ نہیں جانتا کہ کلام فصیح میں آئندہ بات کو جو یقینی ہونے والی ہے ہزار جگہ ماضی کے صیغے سے تعبیر کرتے ہیں یعنی وہ ایسی یقینی الوقوع ہے کہ گویا واقع ہولی۔

قرآن مجید میں بکثرت ایسے محاورات ہیں "سورۂ اعراف" میں دیکھئے:

وَنَادٰى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ جنتیوں نے دوزخیوں کو پکارا کہ ہم نے تو پالیا جو وعدہ دیا ہمیں ہمارے رب نے سچا کیا تم نے بھی پایا جو تمہیں وعدہ دیا تھا سچا قَالُوْا نَعَمْ وہ بولے ہاں فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَیْنَهُمْ تو ندا کی ان میں ایک ندا دینے والے نے کہ خدا کی پھٹکار ستم گاروں پر وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ اعراف والے پکارے جنت والوں کو سلام تم پر وَنَادٰى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا یَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِیْمٰهُمْ اور اعراف والے پکارے دوزخیوں کو ان کی علامت سے پہچان کر وَنَادٰى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اور

دوزخی پکارے جنتیوں کو کہ ہمیں اپنے پانی وغیرہ سے کچھ

دو قَالُوا اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَھُمَا عَلَی الْکٰفِرِیْنَ بولے اللہ

نے یہ نعمتیں کافروں پر حرام کی ہیں۔

اسی طرح ''سورۂ صافات'' میں:

وَاَقْبَلَ بَعْضُھُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَاءَلُوْنَ (الآیات)

اور ''سورۂ صٓ'' میں:

''قَالُوْ بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَباً بِکُمْ سے اِنَّ ذَالِكَ لَحَقٌّ

تُخَاصَمُ اَھْلَ النَّارِ ہ''

تک دوزخ میں دوزخیوں کا باہم جھگڑا!

اور ''سورۂ زمر'' میں:

''وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ

فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ سے وَقَالُ الْحَمْدُ لِلّٰہِ

الَّذِیْ صَدَقَنَا''الآیۃ.

تک تمام وقائع روز قیامت صیغہائے ماضی میں ارشاد ہوئے ہیں اور خود اسی آیت میں دیکھئے جس دن جمع کرے گا اللہ رسولوں کو پھر فرمائے گا تم نے کیا جواب پایا بولے ہمیں کچھ علم نہیں۔

یہاں بھی ان کا جواب بصیغۂ ماضی ارشاد فرمایا اور نا کافی و نا مثبت آیۂ کریمہ:

marfat.com

"اِذْقَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰىٓ اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا"

سے استدلال جس میں ارشاد ہوتا ہے کہ:

"جب فرمایا اللہ نے اے عیسیٰ میں تجھے وفات دینے والا اور اپنی طرف اٹھا لینے والا اور کافروں سے دور کر دینے والا ہوں"

**اولاً:** -حرف واؤ ترتیب کے لئے نہیں کہ اس میں جو پہلے مذکور ہو اس کا پہلے ہی واقع ہونا ضرور ہو تو آیت سے صرف اتنا سمجھا گیا کہ وفات و رفع و تطہیر سب کچھ ہونے والے ہیں اور یہ بلا شبہ حق ہے یہ کہاں سے مفہوم ہوا کہ رفع سے پہلے وفات ہولے گی۔

"تفسیر امام عکبری" میں ہے:

"مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ كلاهما للمستقبل و التقدير رافعك الى و متوفيك لانه رفع الى السماء ثم يتوفى بعد ذالك" یعنی یہ دونوں کلمے مستقبل کے لئے ہیں اور رافعك الى و متوفيك مقدر یعنی تمہیں اپنی طرف اٹھالوں گا اور تمہیں وفات دوں گا اس لئے کہ انھیں آسمان کی طرف اٹھالیا گیا پھر اس کے بعد ان کی وفات ہوگی۔ (فاروقی)

"تفسیر سمیں و تفسیر جمل و تفسیر مدارک و تفسیر کشاف و تفسیر بیضاوی و تفسیر ارشاد العقل" میں ہے:

"واللفظ للنسفی او ممیتك فی وقتك بعد النزول من السماء و رافعك الآن اذالوا ولا یوجب الترتیب" یعنی یہ الفاظ نسفی کے ہیں "یا تمہیں موت دوں گا تمہاری موت کے وقت میں آسمان سے اتارنے کے بعد اور اس وقت میں تمہیں اٹھالیتا ہوں" اس لئے کہ واؤ ترتیب کو واجب نہیں کرتا۔ (فاروقی)

"تفسیر کبیر" میں ہے:

"الآیة تدل علی انه تعالیٰ یفعل به هذه الافعال فاما کیف یفعل ومتیٰ یفعل فالامر فیه موقوف علی الدلیل وقد ثبت الدلیل انه حی" یعنی آیت کریمہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ یہ افعال کرتا ہے تو رہا یہ کہ کس طرح کرتا ہے اور کب کرتا ہے؟ تو یہ معاملہ دلیل پر موموف ہے اور دلیل اس بات قائم ہو چکی ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ (فاروقی)

marfat.com

**ثانیاً:-** ''توفی'' خواہ مخواہ معنی موت میں نص نہیں ''توفی'' کہتے ہیں "تسلم و قبض" اور پورا لے لینے کو ''کبیر'' کی عبارت اوپر گزری کہ معنی یہ ہیں کہ مع جسم و روح تمام وکمال اٹھالوں گا ''تفسیر جلالین'' سے گزرا **متوفیک قابضک و رافعک من غیر موت** ''معالم التنزیل'' سے گزرا کہ حسن کلبی وابن جریج نے کہا **انی قابضک ورافعک من غیر موت.**

اسی میں ہے:

"فعلی هذا للتوفی تاویلان احد هما انی رافعك الیّ وافیاً لم ینالو امنك شیأ من قولهم توفیت من کذاو کذا واستوفیته اذا اخذته تا ماً والأ خرانی متسلمك من قولهم توفیت منه کذا ای تسلمته" یعنی اس بناء پر ''توفی'' کی دو تاویلیں ہیں ان میں سے ایک یہ کہ ''میں تم کو مکمل سلامتی کے ساتھ اٹھالوں گا تو لوگ تمہارا کچھ نہ بگاڑ پائیں گے'' (جیسے) اہل زبان کا قول کہ ''میں نے اسے ایسے لے لیا جبکہ اس کو پورا پورا لے لے'' اور دوسری تاویل یہ ہے کہ ''میں تمہیں ان سے لے لوں گا'' (جیسے) اہل زبان کا قول کہ ''میں نے اس چیز کو ان سے حاصل کرلیا''۔ (فاروقی)

marfat.com

''کشاف وانوار التنزیل وتفسیر ابی السعود وتفسیر نسفی'' میں ہے:

"اوقابضك من الارض من توفیت مالی" یعنی میں تجھے زمین سے اچک لوں گا (جیسے) اہل زبان کا قول کہ میرا مال اچک لیا گیا۔ (فاروقی)

''خفاجی علی البیضاوی'' میں ہے:

"ولذا فسر التوفی برفعه واخذه من الارض کما یقال توفیت المال اذا قبضته" یعنی اس لئے ''توفی'' کی تفسیر ''زمین سے اٹھالئے جانے سے'' کی جیسے کہا جائے کہ ''میرا مال فوت ہوگیا جب اسے لے لیا جائے۔ (فاروقی)

**ثالثاً:**-توفی بمعنی استیفاء اجل ہے یعنی تمہیں تمہاری عمر کامل تک پہنچاؤں گا اوران کافروں کے قتل سے بچاؤں گا ان کاارادہ پورا نہ ہوگا تم اپنی عمر مقرر تک پہنچ کر اپنی موت انتقال کروگے۔

''تفسیر سمیں وتفسیر جمل وتفسیر مدارک وتفسیر کشاف وتفسیر بیضاوی وتفسیر ارشاد'' میں ہے:

"انی مستوفی اجلك و مؤخرك وعاصمك منان یقتلك الکفار الیٰ ان تموت حتف انفك" یعنی میں

پورا کروں گا تمہارے اجل کو اور تمہیں مؤخر کروں گا اور میں تمہیں محفوظ رکھوں گا کفار کے قتل کرنے سے یہاں تک کہ تم اپنی طبعی موت پاؤ۔ (فاروقی)

"تفسیر کبیر" میں ہے:

"ای متمم عمرك فحينئذ اتوفاك فلا اتركهم حتى يقتلوك و هذا تاويل حسن" یعنی میں تمہاری عمر کو مکمل کروں گا تو اس وقت تمہیں وفات دوں گا میں نہیں چھوڑوں گا ان کے لئے وہ کہ تمہیں قتل کر دیں اور یہ تاویل اچھی ہے۔ (فاروقی)

رابعاً: -وفات بمعنی خواب خود قرآن عظیم میں موجود قال اللہ تعالیٰ:

"وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰكُمْ بِالَّیْلِ اللہ ہے جو تمہیں وفات دیتا ہے رات میں یعنی سلاتا ہے"

وقال اللہ تعالیٰ:

"اَللّٰهُ یَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَا مِهَا اللہ تعالیٰ وفات دیتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت اور جو نہ مرے انہیں ان کے سوتے میں"

تو معنی یہ ہوئے کہ میں تمہیں سلاؤں گا اور سوتے میں آسمان پر اٹھالوں گا کہ اٹھائے جانے میں دہشت نہ لاحق ہو یہی قول امام ربیع بن انس کا ہے۔

''معالم'' میں ہے:

''قال الربیع بن انس المراد بالتوفی النوم و کان عیسیٰ قد نام فرفعه الله تعالیٰ الی السماء و معناه انی منیمك و رافعك الیّ '' یعنی ربیع ابن انس نے کہا کہ: ''توفی'' سے مراد ''نوم'' ہے کہ عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سوتے رہے تھے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں آسمان پر اٹھالیا اور اس کا معنی یہ ہے کہ میں تمہیں سلاؤں گا اور تمہیں اپنی طرف اٹھالوں گا۔ (فاروقی)

''مدارک'' میں ہے:

''او متوفی نفسك بالنوم و رافعك وانت نائم حتیٰ لا یلحقك خوف و تستیقظ وانت فی السماء امن مقرب'' یعنی میں تمہیں لے لوں گا سوتے میں اور تمہیں اٹھالوں گا اس حال میں کہ تم سو رہے ہوگے تاکہ تمہیں خوف نہ ہو اور تم بیدار ہو اس حالت

marfat.com

میں کہ آسمان میں مامون ومقرب ہو۔ (فاروقی)

"کشاف وانوار وارشاد" میں ہے:

"او متوفیك نا ئما اذ روی انه رفع نائما" یعنی میں تمہیں خواب میں لے لوں گا اس لئے کہ: مروی ہے عیسیٰ علیہ السلام سوتے میں اٹھا لئے گئے۔ (فاروقی)

اور ان کے سوا آیت میں اور بھی بعض وجوہ کلمات علماء میں مذکور، تو وفات کو بمعنی موت لینا اور اسے قبل از رفع ٹھہرا دینا محض بے دلیل ہے جس کا آیت میں اصلاً پتا نہیں۔

**اقول** بلکہ اگر خدا انصاف دے تو آیت تو اس مزعوم کا رد فرما رہی ہے ان کلمات کریمہ میں اپنے بندے عیسیٰ روح اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کو تین بشارتیں تھیں۔

"متوفیک رافعک مطہرک" اگر معنی آیت یہی ہوں کہ میں تمہیں موت دوں گا اور بعد موت تمہاری روح کو آسمان پر اٹھا لوں گا تو اس میں سوا اس کے کہ انھیں موت کا پیغام دیا گیا اور کون سی بشارت تازہ ہے مرنے کے بعد ہر مسلمان کی روح آسمان پر بلند ہوتی اور کافروں سے نجات پاتی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ:

"اِنَّ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَکْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ بے شک جن لوگوں نے ہماری

آیتیں جھٹلائیں اور ان سے تکبر کیا ان کے لئے نہ

کھولے جائیں گے دروازے آسمان کے"

تو کافر کی روح آسمان پر نہیں جاتی ملائکہ عذاب جب لے کر جاتے ہیں درہائے (دروازہائے) آسمان بند کر لئے جاتے ہیں کہ یہاں اس ناپاک روح کی جگہ نہیں بخلاف مومن کہ اس کی روح بلند ہوتی اور زیرِ عرش اپنے رب جل وعلا کو سجدہ کرتی ہے تو پچھلی باتیں ہر مسلمان کی روح کو حاصل۔

آیت میں صرف خبر موت رہ گئی اور ہمارے طور پر ہر ایک بشارت عظیمۂ مستقلہ ہے کہ میں تمہیں عمر کامل تک پہنچاؤں گا یہ کافر قتل نہ کر سکیں گے اور جیتے جی آسمان پر اٹھالوں گا اور کافروں سے ایسا دور و پاک کر دوں گا کہ عمر بھر کسی کافر کو تم پر اصلاً دسترس نہ ہوگی جب دوبارہ دنیا میں آؤ گے یہ جو تمہیں قتل کرنا چاہتے ہیں تم خود انھیں قتل کرو گے اور انھیں کو بلکہ تمام کافروں سے سارے جہان کو پاک کر دو گے کہ ایک دین حق تمہارے نبی محمد ﷺ کا ہوگا اور تم تمام عالم میں اس کے مرجع و ماویٰ معہذا۔

شروع کلام میں فرمایا ہے:

"وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ

اللّٰهُ يٰعِيْسٰۤى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ الآية"

یہاں یہ ارشاد ہوتا ہے کہ:

marfat.com

"کافروں نے عیسیٰ کے ساتھ مکر کیا انھیں قتل کرنا چاہا اور

اللہ عزوجل نے انہیں ان کے مکر کا بدلہ دیا کہ ان کا مکر الٹا

انھیں پر پڑا جب فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے عیسیٰ میں تیرے

ساتھ یہ یہ باتیں کرنے والا ہوں"

**انصاف** کیجئے اگر کچھ دشمن کسی بادشاہ ذوالاقتدار کے محبوب کو قتل کرنا چاہتے ہوں اور وہ اسے بچائے تو بچانے کے معنی یہ ہوں گے کہ اسے سلامت نکال لے جائے ان کا چاہا نہ ہونے پائے یا یہ کہ ان کے قتل سے یوں محفوظ رکھے کہ خود موت دیدے ان کی مراد تو یوں بھی بر آئی آخر جو کسی کا قتل چاہے اس کی غرض یہی ہوتی ہے کہ جان سے جائے وہ حاصل ہو گیا ان کے ہاتھوں سے نہ سہی اللہ کے ہاتھ سے سہی بخلاف اس کے کہ انھیں ان کے قادر ذوالجلال والاکرام نے زندہ اپنے پاس اٹھا لیا کہ انھیں پھر بھیج کر ان خبیثوں کی شرارتیں انھیں کے دست مبارک سے نیست و نابود کرائے تو یہ سچا بدلہ ان ملعونوں کے مکر کا ہے:

| | |
|---|---|
| وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ ۝ | یعنی اللہ بہتر خفیہ تدبیر کرنے والا |
| هٰكذا ينبغی التحقيق | ہے، ایسی تحقیق ہونی چاہیئے اور اللہ |
| والله ولی التوفيق. | ہی توفیق دینے والا ہے۔ (فاروقی) |

**مسلمانو!** ان منکروں کا ظلم قابل غور ہے ہم سے تو محض بے ضابطہ وہ جبروتی تقاضے تھے کہ ثبوت حیات صرف قرآن سے دو آیت بھی قطعیۃ الدلالۃ ہو حدیث ہو بھی

marfat.com

تو خاص صحیح بخاری کی ہو حالاں کہ از روے قواعد علمیہ ہمارے ذمے ثبوت دینا ہی نہ تھا ہماری تقریرات سے روشن ہو چکا کہ مسئلے میں مخالفین مدعی ہیں اور بارِ ثبوت ذمۂ مدعی ہوتا ہے تو ایک تو الٹا مطالبہ اور وہ بھی ایسی تنگ قیدوں سے جو عقلاً ونقلاً کسی طرح لازم نہیں اور جب خود ان مدعی صاحبوں کو ثبوت دینے کی نوبت آئی تو وہ گل کترے کہ رسول اللہ ﷺ پر افتراء حضرت عبداللہ بن عباس پر افتراء صحیح بخاری شریف پر افتراء محض بیگانہ و اجنبی سے استناد نہ قرآن پر بس نہ قطعیت کی ہوس اور کیا نا انصافی کے سر پر سینگ ہوتے ہیں **ولا حول ولا قوۃ الا با اللہ العلی الظیم**۔

**تنبیہ سوم**:- اس نئے فیشن کے میحوں کا سچے مسیح رسول اللہ وکلمۃ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت یہ سوال کہ اس دوبارہ رجوع میں وہ نبی نہ رہیں گے اور وہ نبوت یا رسالت سے خود مستعفی ہوں گے یا ان کو خدائے تعالیٰ اس عہدۂ جلیلہ سے معزول کر کے امتی بنا دے گا اگر از راہ نادانی ہے تو محض سفاہت و جہالت ورنہ صریح شرارت وضلالت۔

**حاش للہ** نہ وہ خود مستعفی ہوں گے نہ کوئی نبی نبوت سے استعفا دیتا ہے نہ اللہ عزوجل انہیں معزول فرمائے گا نہ کوئی نبی معزول کیا جاتا ہے وہ ضرور اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں اور ہمیشہ نبی رہیں گے اور ضرور محمد رسول اللہ ﷺ کے امتی ہیں اور ہمیشہ امتی رہیں گے یہ سفیہ اپنی حماقت سے نبی ہونے اور محمد رسول اللہ ﷺ کے امتی ہونے میں باہم منافات سمجھا یہ اس کی جہالت اور محمد رسول اللہ ﷺ کی قدر رفیع سے غفلت ہے وہ نہیں

marfat.com

جانتا کہ ایک عیسیٰ روح اللہ علیہ الصلاۃ والسلام پر موقوف نہیں ابراہیم خلیل اللہ وموسیٰ کلیم اللہ ونوح نجی اللہ وآدم صفی اللہ وتمام انبیاء اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہم وسلم سب کے سب ہمارے نبی اکرم سید عالم ﷺ کے امتی ہیں حضور کا نام پاک نبی الانبیاء ہے۔

حدیث میں ہے حضور نبی الانبیاء ﷺ فرماتے ہیں:

"لو کان موسیٰ حیًا ماوسعہ الا اتباعی اگر موسیٰ زندہ ہوتے انھیں میری پیروی کے سوا کچھ گنجائش نہ ہوتی رواہ احمد و البیھقی فی الشعب عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما" (یعنی احمد اور بیہقی نے "شعب الایمان" میں حضرت جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ فاروقی)

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

"والذی نفس محمد بیدہ لو یدألکم موسیٰ فاتبعتموہ وترکتمونی لضللتم عن سواء السبیل ولو کان حیا و ادرك نبوتی لاتبعنی قسم اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمد ﷺ کی جان پاک ہے اگر موسیٰ تمہارے لئے ظاہر ہوں اور تم مجھے چھوڑ کر ان

کی پیروی کرو تو سیدھی راہ سے بہک جاؤ گے اور اگر

وہ زندہ ہوتے اور میری نبوت کا زمانہ پاتے تو ضرور

میرا اتباع کرتے''

اس وقت توریت شریف کا ذکر تھا لہٰذا موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا نام لیا ورنہ انھیں کی تخصیص نہیں سب انبیاء کے لئے یہی حکم ہے۔

یہ سفہاء قرآن مجید کا نام لیتے اور حدیثوں سے منکر ہو کر فریب دہی عوام کے لئے صرف اسی سے استناد کا پیام دیتے ہیں مگر استغفر اللہ قرآن کی انھیں ہوا بھی نہ لگی یہ منہ اور قرآن کا نام اگر قرآن عظیم کبھی سنا بھی ہوتا تو ایسے بیہودہ سوال کا منہ نہ پڑتا۔

اللہ عزوجل قرآن عظیم میں فرماتا ہے:

''وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اور یاد کر جب اللہ نے عہد لیا سب پیغمبروں سے جب میں تمہیں کتاب وحکمت عطا کروں پھر آئے تمہارے پاس ایک رسول تصدیق فرماتا ہوا اس کتاب کی

جو تمہارے ساتھ ہے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے پیغمبرو! کیا تم نے اس بات کا اقرار کیا اور اس عہد پر میرا ذمہ لیا سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا فرمایا تو آپس میں ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں خود تمہارے ساتھ اس عہد کا گواہ ہوں تو جو اس کے بعد پھر جائے تو وہی لوگ بے حکم ہیں"

کیوں قرآن کا نام لینے والو! کیا یہ آیتیں قرآن میں نہ تھیں کیا اللہ عزوجل نے اس سخت تاکید شدید کے ساتھ سب انبیاء و مرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم سے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا عہد نہ لیا کیا اس عہد سے ان سب کو محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی نہ بنا دیا کیا یہ عہد لیتے وقت انھوں نے نبوت سے استعفا کیا یا اللہ عزوجل نے انھیں معزول کر کے امتی کر دیا؟

اے سفیہو! اس عہد عظیم پر حضرت روح اللہ علیہ الصلاۃ والسلام اتریں گے اور باوصف نبوت ورسالت محمد رسول اللہ ﷺ کے امتی و ناصر دین ہو کر رہیں گے

آسمان نسبت بعرش آمد فرود
گرچہ بس عالیست پیش خاک تود

marfat.com

اس آیۂ کریمہ کا نفیس جانفزا بیان اگر دیکھنا چاہو تو سیدنا الوالد المحقق دام ظلہ کی کتاب مستطاب ''تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین'' مطالعہ کرو اور ہمارے نبی اکرم سید عالم ﷺ کے نبی الانبیاء ہونے پر ایمان لاؤ ؎

گرچہ شیریں دہناں بادشہانند ولے

او سلیمان جہان ست کہ خاتم با اوست

صلی اللہ تعالیٰ علیہ علیہم وبارک وسلم

رہا اس کا سوال کہ کس وقت آسمان سے رجوع کریں گے اس کا جواب وہی ہے کہ:

''ما المسئول عنہا با علم من السائل'' یعنی جس

سے پوچھا گیا وہ سائل سے زیادہ جانتا ہے۔ (فاروقی)

اتنا یقینی ہے کہ وہ مبارک وقت بہت قریب آپہنچا ہے کہ وہ آفتاب ہدایت و کمال افق رحمت و جمال وقہر وجلال سے طلوع فرما کر اس زمین تیرہ وتار پر تجلی فرمائے اور ایک جھلک میں تمام کفر بدعت نصرانیت، یہودیت، شرک، مجوسیت نیچریت، قادیانیت، رفض خروج وغیرہا اقسام ضلالت سب کا سویرا کردے تمام جہان میں ایک دین اسلام ہو اور دین اسلام میں صرف ایک مذہب اہل سنت باقی سب تہ تیغ وللہ الحجۃ السامیۃ مگر تعین وقت کے آج سے کے سال کے ماہ باقی ہیں نہ ہمیں بتائی گئی نہ ہم جان سکتے ہیں جس طرح قیامت کے آنے پر ہمارا ایمان ہے اور اس کا وقت معلوم نہیں۔

marfat.com

**تنبیہ چہارم:۔** مسلمانو! اللہ عزوجل نے انسان کو جامع صفات ملکی و بہیمی و شیطانی بنایا ہے جسے وہ ہدایت فرمائے صفات ملکی ظہور کرتے اور اسے بعض یا کل ملائک سے افضل کردیتے ہیں کہ:

"عبدی المؤمن احب الی من بعض ملائکتی"
یعنی میرے نزدیک میرا مؤمن بندہ بعض فرشتوں سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ (فاروقی)

شریعت ان کی شعار ہوتی ہے اور تقویٰ ان کا وثار کہ:

"لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَآ اَمَرَھُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ O
یعنی جو اللہ کا حکم نہیں ٹالتے اور جو انہیں حکم ہو وہی کرتے ہیں۔ (کنزالایمان)

تواضع وفروتنی ان کی شان جبلی اور تکبر و تعلّی سے تنفر کلی کہ:

"ان الملئکة لتضع اجنحتها لطالب العلم" یعنی بے شک فرشتے طالب علم کے لئے اپنے پروں کو بچھادیتے ہیں (فاروقی)

اور جس نے صفات بہیمی کی طرف رجوع کی بہائم دار لیل ونہار بطن وفرج کا خادم خوار اور فکر شہوات کا اسیر و گرفتار کہ:

"اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ ط" یعنی وہ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہ۔ (کنزالایمان)

marfat.com

اور جس پر صفات شیطانیہ غالب آئیں تکبر و ترفع اس کا دین و آئین کہ:

"اَبیٰ وَاستَکبَرَ وَکَانَ مِنَ الکٰفِرِینَ ٥ یعنی منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر ہو گیا۔ (کنزالایمان)

یہ ہر وقت طلب جاہ و شہرت میں مبتلا رہتے ہیں کہ کسی طرح وہ بات نکالتے جس سے آسمان تعلّی پر ٹوپی اچھالے دور دور نام مشہور ہو خاص و عام میں ذکر مذکور ہو، اپنا گروہ الگ بنائیں وہ ہمارا غلام ہم اس کے امام کہلائیں ان میں جن کی ہمت پوری ترقی کرتی ہے وہ "اَنَا رَبُّکُمُ الاَعلیٰ" بولتے اور دعوئے خدائی کی دکان کھولتے ہیں جیسے گزرے ہوؤں میں فرعون و نمرود وغیرہما مردود اور آنے والوں میں مسیح قادیانی کے سوا ایک اور مسیح خرنشین یعنی دجال لعین اور جو ان سے کم درجہ ہمت رکھتے ہیں کذاب یمامہ و کذاب ثقیف وغیرہما خبیثوں کی طرح ادعائے رسالت و نبوت پر تھکتے ہیں اور گھٹ کی ہمت والے کوئی مہدی موعود بنتا ہے کوئی غوث زماں کوئی مجتہد وقت کوئی چنین و چناں۔

ہندوستان جس میں مدتوں سے اسلام بے سردار ہے اور دین بے یاور نفس امارہ کی آزادیاں کھلے بندوں رہنے کی شادیاں یہاں رنگ نہ لائیں تو کہاں ہزاروں مجتہد سیکڑوں ریفارمر مقننان تہذیب مشرعان نیچر کتنے ہی مہدی کتنے مذہب گرحشرات الارض کی طرح نکل پڑے اور خدا کی شان یُضِلُّ مَن یَّشَآءُ وَیَھدِی مَن یَّشَآءُ جو کوئی کیسے ہی کھلے باطل صریح جھوٹ کا نشان باندھ کر آگے بڑھا پچھ عقل کے اندھے قسمت کے اوندھے اس کے پیچھے ہو لئے آخر یہی آدمی تھے جو فرعون کو سجدہ کرتے

یہی آدمی ہوں گے جو دجال کا ساتھ دیں گے ان صدیوں کے دورے میں مہدی تو کتنے ہی نکلے اور زمین کا پیوند ہوئے۔

سنا جاتا ہے ایک صاحب کو پانچ پانی کے زور میں نئی اُپج کی سوجھی کہ مہدی بنتا پرانا ہو گیا اور نرا امتی بننے میں لطف ہی کیا لاؤ عیسیٰ موعود بنیں اور ادعائے الہام کی بنیاد پر نبوت کی دیوار چنیں اور ادھر عیسائیوں کا زمانہ بنا ہوا ہے اگر کہیں صلیب کے صدقے میں نصیب جاگا اور ان کی سمجھ میں آ گیا جب تو جنگل میں منگل ہے سولی کے دن گئے بڑے کی شادی کا دنگل ہے یورپ وامریکہ وبرما وانڈیا سب تخت اپنے ہی ہیں اپنے ہی بندے خداوند تاج و شہی ہیں پاؤں میں چاند تارے کا جوتا سر پر سورج کا تاج ہوگا باپ کو جیتے جی معزول کر کے بیٹے کا راج ہوگا اور ایسا نہ بھی ہوا تو چند گانٹھ کے پورے اندھے تو کہیں گئے ہی نہیں یوں بھی اپنا ایک گروہ الگ تیار شہرت حاصل سرداری برقرار۔

اس خیال کے جمانے کو جہاں ہزاروں گل کھلائے صدہا جل کھیلے وہاں ایک ہلکا سا پیچ یہ بھی چلے کہ سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا الکریم وعلیہ الصلاۃ والتسلیم تو مر بھی گئے اب وہ کیا خاک اتریں گے اور کیا کریں دھریں گے جو کچھ ہیں ہمیں ذات شریف ہیں ہمیں آخری امید گاہ میں حنیف ہیں ہمیں قاتل خنزیر ہمیں قاطع یہود ہمیں کاسر صلیب ہمیں مسیح موعود گویا انھیں کی ماں کنواری انھیں کا باپ معدوم احادیث متواترہ میں انھیں کے آنے کی دھوم مگر یہ ان کی نری خام ہوس ہے اور حیات وموت عیسوی میں ان کی گفتگو عبث۔

ہم پوچھتے ہیں موت عیسوی منافی نزول ہے یا نہیں اگر نہیں اور بیشک نہیں جیسا کہ ہم مقدمۂ خامسہ میں روشن کر آئے جب تو اس دعوے سے تمہیں کیا نفع ملا اور احادیث نزول کو اپنے اوپر ڈھالنے سے کیا کام چلا اور اگر بالفرض منافی جانیئے تو یقیناً لازم کہ موت سے انکار کیجئے حیات ثابت مانیئے کہ اگر موت ہوتی تو نزول نہ ہوتا مگر نزول یقینی کہ مصطفےٰ ﷺ کے ارشادات متواترہ اس کی دلیل قطعی مسلمان ہرگز کسی فریب دہندہ کی بناوٹ مان کر اپنے رسول کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کے ارشادات کو معاذ اللہ غلط و باطل جاننے والے نہیں جو کوئی ان کے خلاف کہے اگرچہ زمین سے آسمان تک اڑے مسلمان اس کا ناپاک قول بدتر از بول اسی کے منہ پر مار کر الگ ہو جائیں گے اور مصطفےٰ ﷺ کے دامن پاک سے لپٹ جائیں گے، اللہ تعالیٰ ان کا دامن نہ چھڑائے دنیا نہ آخرت میں آمین آمین بجاہ عندک یا الرحم الراحمین.

اور بفرض باطل یہ سب کچھ سہی پھر آخر تمہاری مسیحیت کیوں کر ثابت ہوئی؟ ثبوت دو اور اپنے دعوے کی غیرت کی آن ہے تو صرف قرآن سے دو!

وہ دیکھو قرآن کی بارگاہ سے محروم پھرتے ہو اچھا وہاں نہ ملا حدیث سے دو، وہ دیکھو حدیث کی درگاہ سے خائب وخاسر پلٹتے ہو خیر یہاں بھی ٹھکانا نہ لگا تو کسی صحابی ہی کا ارشاد کسی تابعی ہی کا اثر کسی امام کا قول کچھ تو پیش کرو کہ احادیث متواترہ میں مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو نزول عیسیٰ کی بشارت دی ہے اس سے مراد کوئی ہندی پنجابی ہے جہاں جہاں ابن مریم ارشاد ہے وہاں کسی پنجابن کا بچہ مغل زادہ مراد ہے اور ایسے بدیہی

marfat.com

البطلان دعوؤں کا کہیں سے ثبوت نہ دے سکو ہر طرف سے ناامید ہر طرح سے باطل تو عوام کو چھلنے اور پینترے بدلنے اور ترچھے نکلنے اور الٹے اچھلنے سے کیا حاصل حضرت مسیح مع جسم وروح یا صرف روح سے بعد انتقال گئے یا جیتے جاگتے تمہیں کیا نفع اور تم پر ذلت بے ثبوتی کیوں کر دفع تمہارا مطلب ہر طرح مفقود تمہارا دعا ہر طرح مردود پھر اس بے معنی بحث کو چھیڑ کر کیا سنبھالو گے؟ اور عیسیٰ کی وفات سے مغل کو مرسل، پنجابن کو مریم، نطفے کو کلمہ، اول کو اکرم، بیاہی کو کنواری، ادخال کو دم کیوں کر بنالو گے؟ بالجملہ وہی دو حرف کہ مقدمہ ثالثہ ورابعہ میں گزرے ان تمام جہالات فاحشہ کے رد میں کافی ووافی ہیں

واللہ الحمد.

**تنبیہ پنجم** :- بفرض باطل یہ بھی سہی کہ نزول عیسیٰ سے مراد کسی مماثل عیسیٰ کا ظہور ہے مگر مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صرف اتنا ہی تو ارشاد فرمایا کہ نزول عیسیٰ ہوگا بلکہ اس سے پہلے بہت وقائع ارشاد ہوئے ہیں کہ جب یہ واقع ہولیں گے اس کے بعد نزول ہوگا اس کے مقارن بہت احوال واوصاف بتائے گئے کہ اس طور پر اتریں گے یہ کیفیت ہوگی اس کے لاحق بہت حوادث وکوائن بیان فرمائے گئے کہ ان کے زمانے میں یہ یہ ہوگا آخر ان سب کا صادق آنا تو ضرور ہے۔

**مثلاً سابقات** میں روم وشام وتمام بلاد اسلام باستثنائے حرمین شریفین سب مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل جانا سلطان اسلام کا شہادت پانا تمام زمین کا فتنہ وفساد سے بھر جانے کے باعث اولیائے عالم کا مکۂ معظمہ کو ہجرت کر جانا وہاں حضرت امام آخر

الزماں کا طواف کعبہ کرتے ہوئے ظہور فرمانا اولیاءِ کرام وسائر اہل اسلام کا ان کے ہاتھ پر بیعت کرنا نصاریٰ کا وابق یا اعماق ملک شام میں لام باندھنا۔

ان کی طرف مدینہ طیبہ سے لشکر اسلام کا نہضت فرمانا، نصاریٰ کا اپنے ہم قوم نو مسلموں سے لڑائی مانگنا، مسلمانوں کا انھیں اپنی پناہ میں لینا، لشکر مسلمین کا تین حصے ہو جانا، نصاریٰ پر فتح عظیم پانا، فتح یاب حصے کا قسطنطنیہ کو نصاریٰ سے چھیننا، ملحمۂ کبریٰ کا واقع ہونا، ہزارہا مسلمانوں کا تین روز اپنے خیموں سے قسم کھا کر نکلنا کہ فتح کرلیں گے یا شہید ہو جائیں گے اور شام تک سب کا شہید ہو جانا، آخر میں نصرت الٰہی کا نزول فرمانا، مسلمانوں کا فتح اجل و اعظم پانا، اتنے کافروں کا کھیت ہونا کہ پرندہ اگر ان کی لاشوں کے ایک کنارے سے اڑے تو دوسرے کنارے تک پہنچنے سے پہلے مر کر گر جائے۔

مسلمانوں کا اموال غنیمت تقسیم کرتے میں ابلیس لعین کی زبان سے خروج دجال کی غلط خبر سن کر پلٹنا، وہاں اس کا نشان نہ پانا، پھر اس خبیث اعاذنا اللہ منہ کا ظہور کرنا، بیشمار عجائب دکھانا، مینھ برسانا، کھیتی اگانا، زمین کو حکم دے کر خزانے نکلوانا، خزانوں کا اس کے پیچھے ہو لینا، سب سے پہلے ستر ہزار یہود طیلسان پوش کا اس کافر پر ایمان لانا، اس کا لشکر بننا، دجال کا ایک جوان مسلمان کو تلوار سے دو ٹکڑے کر کے پھر زندہ کرنا اس (مسلمان) کا اس پر فرمانا کہ اب مجھے اور بھی یقین ہو گیا کہ تو وہی کانا کذاب ملعون ہے جس کے خروج کی ہمیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی تھی اگر

marfat.com

کچھ کرسکتا ہے تو اب تو مجھے کچھ ضرر پہنچا پھر اس کا ان پر قدرت نہ پانا، خائب وخاسر ہو کر رہ جانا، چالیس روز میں اس ملعون کا حرمین طیبین کے سوا تمام جہاں میں گشت لگانا، اہل عرب کا سمٹ کر ملک شام میں جمع ہونا، اس خبیث کا انھیں محاصرہ کرنا، بائیس ہزار مرد جنگی اور ایک لاکھ عورتوں کا محصور ہونا۔

کیا تمہارے نکلنے سے پیشتر یہ سب وقائع واقع ہو لئے؟ واللہ کہ صریح جھوٹے ہو۔

**اب چلئے مقارنات**: ناگاہ اسی حالت میں قلعہ بند مسلمانوں کو آواز آنا کہ گھبراؤ نہیں فریادرس آ پہنچا عیسیٰ موعود علیہ والصلوٰۃ والسلام کا باب دمشق کے پاس دمشق الشام کے شرقی جانب منارۂ سپید کے نزدیک دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے آسمان سے نزول فرمانا بے نہائے بالوں سے پانی ٹپکنا جب سر جھکائیں یا اٹھائیں موئے مبارک سے موتیوں کا جھڑنا یہاں تکبیر ہو چکی نماز قائم ہے، حضرت امام مہدی کا بامر عیسوی امامت فرمانا، حضرت کا ان کے پیچھے نماز پڑھنا، سلام پھیر کر دروازہ کھلوانا، اس طرف ستر ہزار یہود مسلح کے ساتھ اس مسیح کذاب یک چشم کا ہونا، مسیح صدیق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی اس کا بدن گھلنا، بھاگنا، عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا اس کے تعاقب میں جانا "باب لد" کے پاس اسے قتل فرمانا، اس کا خون ناپاک اپنے نیزۂ پاک پر دکھانا، کیا تم پر یہ صفات صادق ہیں؟ کیا تم سے یہ وقائع واقع ہوئے؟ لا واللہ صریح جھوٹے ہو۔

**آگے سنئے واقعات عہد مبارک**: سید موعود مسیح محمود صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ کا صلیبیں توڑنا، خنزیر کو قتل فرمانا، جزیہ اٹھادینا، کافر سے "اما الا سلام واما السیف" پر عمل فرمانا یعنی "اسلام لاورنہ تلوار" تمام کفار روئے زمین کا مسلمان یا مقتول ہونا، یہود کو گن گن کر قتل فرمانا، پیڑوں پتھروں کا مسلمانوں سے کہنا اے مسلمان آیہ میرے پیچھے یہودی ہے سو دین اسلام کے تمام مذاہب کا یکسر نیست ونابود ہوجانا، روحاء کے راستے سے حج یا عمرے کو جانا، مزار اقدس سید اطہر ﷺ پر حاضر ہو کر سلام کرنا، قبر انور سے جواب آنا اور ان کے زمانے میں ہر طرح کا امن وچین ہونا، لالچ حسد بغض کا دنیا سے اٹھا جانا، شیر کے پہلو میں گائے کا چرنا، بھیڑیئے کی بغل میں بکری کا بیٹھنا، سانپ کو ہاتھوں میں لے کر بچوں کا کھیلنا، کسی کو ضرر نہ پہنچانا، آسمان کا اپنی برکتیں اونڈیل دینا، زمین کا اپنی برکات اگل دینا، پتھر کی چٹان پر دانہ بکھیر دو تو کھیتی ہوجانا، اتنے بڑے اناروں کا پیدا ہونا (کہ) چھلکے کے سایہ میں ایک جماعت کا آجانا، ایک بکری کے دودھ سے ایک قوم کا پیٹ بھرنا، روئے زمین پر کسی کا محتاج نہ ہونا، دینے والا اشرفیوں کے توڑے لئے پھرے کوئی قبول نہ کرے وغیرہ وغیرہ۔

کیا یہ تمہارے اس زمانہ پر شور وشین کے حالات ہیں؟ کلاّ واللہ صریح جھوٹے ہو، اسی طرح اور وقائع کثیرہ مثلاً یاجوج وماجوج کا عہد عیسوی میں نکلنا، دجلہ وفرات وغیرہما دریا کے دریا پی کر بالکل سکھادینا، عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا بحکم الٰہی مسلمانوں کو کوہ طور کے پاس محفوظ جگہ رکھنا، یاجوج وماجوج کا دنیا خالی دیکھ کر آسمان پر تیر پھینکنا

marfat.com

کہ زمین تو ہم نے خالی کرلی اب آسمان والوں کو ماریں، اللہ عالیٰ کا ان خبیثوں کے استدراج کے لئے تیروں کو آسمان سے خون آلودہ واپس فرمانا، ان کا دیکھ کر خوش ہونا کودنا، پھر عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی دعا سے ان اشقیاء پر بلائے نغف کا آنا، سب کا ایک رات میں ہلاک ہو کر رہ جانا، روئے زمین کا ان کی عفونت سے خراب ہونا، دعائے عیسوی سے ایک سخت آندھی آکر ان کی لاشیں اڑا کر سمندر میں پھینک دینا، عیسیٰ و مسلمین کا کوہ طور سے نکلنا، شہروں میں از سر نو آباد ہونا، چالیس سال زمین میں امامت دین وحکومت عدل آئین فرما کر وفات پانا، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پہلوئے مبارک میں دفن ہونا۔

جب تم اپنی عمر جو لکھا کر آئے ہو پوری کرلو تو انشاء اللہ العظیم سب مسلمان علانیہ دیکھ لیں گے کہ حضرت عزرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے تمہیں تو گلا دبا کر تمہارے مقر اصلی کو پہنچایا اور ان باقی واقعوں سے بھی کوئی تم پر صادق نہ آیا پھر تم کیوں کر مماثل عیسیٰ و مراد احادیث ہو سکتے ہو؟ اگر کہیے ہم حدیثوں کو نہیں مانتے، جی یہ تو پہلے ہی معلوم تھا کہ آپ منکر کلام رسول اللہ ہیں (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)۔

مگر یہ تو فرمائیے کہ پھر آپ مسیح موعود کس بنا پر بنتے ہیں؟ کیا قرآن عظیم میں کوئی آیت صریحہ قطعیۃ الدلالۃ موجود ہے کہ عیسیٰ کا نزول موعود ہے؟ تو بتاؤ اور نہیں تو آخر یہ موعود کہاں سے گا رہے ہو؟ انہیں حدیثوں سے، جب حدیثیں نہ مانو گے موعودی کا پھندنا کس گھر سے لاؤ گے؟ ع

شرم بادت از خدا و از رسول

**مگر بحمد اللہ** مسلمان کبھی ایسی زٹلیات پر کان نہ رکھیں گے کیا ممکن ہے کہ معاذ اللہ معاذ اللہ وہ ارشادات مصطفےٰ ﷺ کو جھوٹا جانیں اور ان کے منکر مخالف کو سچا؟

**حاش للہ** اور پھر مخالف بھی وہ جو خود انھیں ارشادات کے سہارے اپنے خیالی پلاؤ پکاتا ہو تمہارے موعود بننے کو تو حدیثیں سچی مگر تطبیق اوصاف و وقائع کے وقت جھوٹی:

| | |
|---|---|
| اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ | یعنی تو کیا خدا کے کچھ حکموں پر ایمان |
| وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا | لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو تو |
| جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ | جو تم میں ایسا کرے اس کا کیا بدلہ ہے |
| مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ | مگر یہ کہ دنیا میں رسوا ہو اور قیامت |
| الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ | میں سخت تر عذاب کی طرف پھیرے |
| اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ | جائیں گے اور اللہ تمہارے کوتکوں سے |
| بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○ وَقِيْلَ | غافل نہیں اور فرمایا گیا کہ دور ہوں بے |
| بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ | انصاف لوگ اور اللہ ہی کے لئے حمد |
| وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ | ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ |

**جواب سوال اخیر** اب نہ رہا مگر سائل کا حضرت امام مہدی و اعور دجال کی نسبت سوال بتوفیق اللہ تعالیٰ اس کے جواب لیجئے۔

**قولہ** حضرت امام مہدی اور دجال کا ہونا قرآن شریف میں ہے یا نہیں؟

marfat.com

**اقول** ہے اور بہت تفصیل ہے۔

**قولہ** ہے تو اس کی آیت۔

**اقول** ایک نہیں متعدد، دیکھو سورۂ والنجم شریف آیت تیسری اور چوتھی، سورۂ فتح شریف آخر آیت کا صدر، سورۂ قلب القرآن مبارک کی پہلی چار آیتیں وغیرہ ذلک مواقع کثیرہ۔

**جواب دوم**:- دیکھو مقدمۂ اولیٰ۔

**جواب سوم**:- قادیانی کا نکلنا اس کا عیسیٰ موعود ہونا قرآن شریف میں ہے یا نہیں اگر ہے تو اس کی آیت اور نہیں تو وجہ؟

| | |
|---|---|
| كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ | یعنی مار ایسی ہوتی ہے اور بے شک آخرت |
| الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ | کی مار سب سے بڑی کیا اچھا تھا اگر وہ جانتے |

**الحمد للہ** کہ یہ مختصر جواب ۲۲ رمضان مبارک روز جان افروز دوشنبہ ۱۳۱۵ھ کو حلہ پوش اختتام اور بلحاظ تاریخ "الصادم الربانی علی اسراف القادیانی" ہوا وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا محمد وآلہٖ وصحبہٖ اجمعین واخر دعونا ان الحمد للہ رب العلمین واللہ سبحنہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم

کتبہ
محمد المعروف بحامد رضا البریلوی
عفی عنہ بحمد ن المصطفیٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

marfat.com

# فتاویٰ حامدیہ

# کتاب

# الطہارۃ

marfat.com

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلۂ ذیل میں کہ

کچی چھینٹ اور رنگے ہوئے کپڑے سے نماز جائز ہے یا نہیں کپڑا پاک ہے یا

پلید؟ بینو او توجروا.

**الجواب**:- علاوہ ازیں کہ ہماری شریعت سمحۂ سہلہ کا ضابطۂ عامہ واصل کلی ہے کہ:

"الاصل فی الاشیاء الطهارة" یعنی اشیاء میں اصل

طہارت ہے۔ (فاروقی)

تو جب تک کہ بطریق شرعیہ پڑیا میں اسپرٹ وغیرہ نجاست کا میل یقینی طور پر

ثابت نہ ہو جائے اس کی نجاست کا حکم رجما بالغیب و بے ثبوت ہوگا، میں کہتا ہوں

اگر بطریق شرعی ثابت ہو جائے کہ پڑیا میں اسپرٹ کا میل ہے تو اس میں شک نہیں

کہ ہندیوں کو اس کی رنگت میں ابتلائے عام ہے اور عموم بلویٰ نجاست متفق علیہا میں

باعث تخفیف حتی فی موضع النص القطعی.

"کما فی ترشش البول قدررؤس الابر کما حققه

المحقق علی الاطلاق فی فتح القدیر" یعنی جیسے سوئی

کی نوک کے برابر پیشاب کے چھینٹے میں ہے جیسا کہ محقق

علی الاطلاق نے "فتح القدیر" میں ثابت کیا۔ (فاروقی)

نہ کہ محل اختلاف میں جو زمانۂ صحابہ سے عہد مجتہدین تک برابر اختلافی چلا آیا نہ

marfat.com

کہ جہاں صاحب مذہب حضرت امام اعظم و امام ابو یوسف رحمہما اللہ تعالیٰ کا اصل مذہب طہارت ہو اور وہی امام ثالث امام محمد سے بھی ایک روایت اور اسی کو طحاوی وغیرہ ائمۂ ترجیح وتصحیح نے مختار مرجح رکھا ہو نہ کہ ایسی حالت میں جہاں اس مصلحت کو بھی دخل نہ ہو جو متاخرین اہل فتویٰ کو اصل مذہب سے عدول اور روایت اخریٰ امام محمد کے قبول پر باعث ہوئی نہ کہ جب مصلحت الٹی اس کے ترک اور اصل مذہب پر افتاد کی موجب ہو تو ایسی جگہ بلا وجہ بلکہ برخلاف وجہ مذہب مہذب صاحب مذہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ترک کر کے مسلمانوں کو ضیق وحرج میں ڈالنا اور عامۂ مؤمنین ومؤمنات جمیع دیار واقطار ہندیہ کی نمازیں معاذ اللہ باطل اور انھیں آثم ومصر علی الکبیرۃ قرار دینا روش فقہی سے یکسر دور پڑنا ہے۔

غرض پڑیا پاک ہے۔

اس مسئلہ میں مذہب حضرت امام اعظم اور امام ابو یوسف رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے عدول کی کوئی وجہ نہیں اور ہمارے ان اماموں کے مذہب پر پڑیا کی رنگت سے نماز بلاشبہ جائز ہے۔

فقیر اس زمانے میں اس پر فتویٰ دینا پسند کرتا ہے:

کما افتی بہ حضرۃ استاذی و والدی ومجدد

یعنی جیسا کہ اس سلسلے میں میرے استاذ اور والد گرامی حضرت مجدد

marfat.com

| | |
|---|---|
| المأة الحاضرة امام اهل | ماۂ ۃ حاضرہ امام اہل سنت مدظلہ |
| السنة مدظلهم العالی. | العالی نے فتویٰ دیا۔ (فاروقی) |

اوراس سے نماز نہ ہونے کا فتویٰ دینا آج کل سخت حرج کا باعث ہے.

| | |
|---|---|
| و الحرج مدفوع بالنص | یعنی حرج دفع ہوتی ہے نص سے |
| وعموم البلوىٰ من موجبات | اور عموم بلویٰ سے موجبات تخفیف |
| التخفیف لا سیمافی مسائل | کے سبب خاص کر مسائل طہارت |
| الطهارة و النجاسة. | اور نجاست میں۔ (فاروقی) |

ہاں بادامی رنگ کی پڑیا کوسوا (کہ اس کی طہارت میں کوئی شبہ نہیں) اور رنگت کی پڑیا سے ورع کے لئے بچنا اولیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| وهذا كله مصرح فی | یعنی ان تمام مسئلے کی تصریح فتاویٰ . |
| الفتاوی المباركة العطایا | مبارکہ "العطایاالنبویة فی الفتاوی |
| النبویة فی الفتاوی الرضویة | الرضویة "میں فرمائی۔ (فاروقی) |

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب.

محمدن المعروف بحامد رضا البریلوی

کتبہ

کان لہ اللہ تعالی بنجاہ حبیبہ احمد المجتبی علیہ التحیة والثناء.

marfat.com

# فتاوٰی حامدیہ

# کتاب الصلوٰۃ

# باب

# الاذان والاقامۃ

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

مسئلہ از: جناب مولانا محمد جمیل الرحمٰن خان صاحب بریلوی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

(۱)...... جمعہ کی اذان ثانی جو منبر کے سامنے ہوتی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسجد کے اندر ہوتی تھی یا باہر؟

(۲)...... خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانے میں کہاں ہوتی تھی؟

(۳)...... فقہ حنفی کی معتمد کتابوں میں مسجد کے اندر اذان دینے کو منع فرمایا اور مکروہ لکھا ہے یا نہیں؟

(۴)...... اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانے میں اذان مسجد کے باہر ہوتی تھی اور ہمارے اماموں نے مسجد کے اندر اذان کو مکروہ فرمایا ہے تو ہمیں اسی پر عمل لازم ہے یا رسم و رواج پر اور جو رسم و رواج حدیث شریف و احکام فقہ سب کے خلاف پڑ جائے تو وہاں مسلمانوں کو پیروی حدیث و فقہ کا حکم ہے یا رسم و رواج پر اڑا رہنا؟

(۵)...... نئی بات وہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفائے راشدین

واحکام ائمہ کے مطابق ہو یا وہ بات نئی ہے جو ان سب کے خلاف لوگوں میں رائج ہو گئی ہو؟

(۶)......مکہ معظّمہ ومدینہ منورہ میں یہ اذان مطابق حدیث وفقہ ہوتی ہے یا اس کے خلاف اگر خلاف ہوتی ہے تو وہاں کے علمائے کرام کے ارشادات در بارۂ عقائد حجت ہیں یا وہاں کے تنخواہ دار مؤذنوں کے فعل اگر چہ خلاف شریعت وحدیث وفقہ ہوں؟

(۷)......سنت کے زندہ کرنے کا حدیثوں میں حکم ہے اور اس پر سو شہیدوں کے ثواب کا وعدہ ہے یا نہیں اگر ہے تو سنتِ زندہ، زندہ کی جائے گی یا سنتِ مردہ؟ سنت اس وقت مردہ کہلائے گی جب اس کے خلاف لوگوں میں رواج پڑ جائے یا جو سنت خود رائج ہو وہ مردہ قرار پائے گی؟

(۸)......علماء پر لازم ہے یا نہیں کہ سنت مردہ زندہ کریں اگر ہے تو کیا اس وقت ان پر یہ اعتراض ہو سکے گا کہ کیا تم سے پہلے عالم نہ تھے اگر یہ اعتراض ہو سکے گا تو سنت زندہ کرنے کی صورت کیا ہو گی؟

(۹)......جن مسجدوں کے بیچ میں حوض ہے اس کی فصیل پر کھڑے ہو کر منبر کے سامنے اذان ہو تو بیرون مسجد کا حکم ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

(۱۰)......جن مسجدوں میں منبر ایسے بنے ہیں کہ اس کے سامنے دیوار ہیں اگر مؤذن باہر اذان دے تو خطیب کا سامنا نہ رہے گا وہاں کیا کرنا چاہئے؟ امید کہ دسوں مسئلوں کا جدا جدا جواب مفصّل ومدلّل ارشاد ہو گا بینوا وتوجروا۔

marfat.com

## الجواب اللّٰھم ھدایۃ الحق والصواب

**جواب سوال اوّل:**۔ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ اقدس میں یہ اذان مسجد سے باہر دروازے پر ہوتی تھی۔

''سنن ابی داؤد شریف'' جلد اول صفحہ ۱۵۶ر میں ہے:

''عن السائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان یؤذن بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جلس علی المنبر یوم الجمعۃ علی باب المسجد و ابی بکر وعمر یعنی جب رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ کے دن منبر پر تشریف رکھتے تو حضور کے سامنے مسجد کے دروازے پر اذان ہوتی اور ایسا ہی ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانے میں''

اور کبھی منقول نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا خلفائے راشدین نے مسجد کے اندر اذان دلوائی ہو اگر اس کی اجازت ہوتی تو بیان جواز کے لئے کبھی ایسا ضرور فرماتے واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال دوم:**۔ جواب اوّل سے واضح ہو گیا کہ خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی مسجد کے باہر ہی ہونا مروی ہے اور یہیں سے ظاہر ہو گیا کہ بعض صاحب جو ''بین یدیہ'' سے مسجد کے اندر ہونا سمجھتے ہیں غلط ہے، دیکھو حدیث

marfat.com

میں ''بین یدیه '' ہےاور ساتھ ہی ''علی باب المسجد '' ہے یعنی حضور اقدس ﷺ وخلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے چہرۂ انور کے مقابل مسجد کے دروازے پر ہوتی تھی بس اسی قدر'' بین یدیه '' کے لئے درکار ہے واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال سوم** :- بیشک فقہ حنفی کی معتمد کتابوں میں مسجد کے اندر اذان کو منع فرمایا اور مکروہ لکھا ہے۔

''فتاوی قاضی خاں'' طبع مصر جلد اوّل صفحہ ۷۸ (پر ہے):

''لا یؤذن فی المسجد (یعنی) مسجد کے اندر اذان نہ دی جائے''

''فتاوی خلاصہ'' قلمی صفحہ ۶۲ (پر ہے):

''لا یؤذن فی المسجد (یعنی) مسجد میں اذان نہ ہو''

''خزانۃ المفتین '' قلمی فصل فی الاذان (میں ہے):

'' لا یؤذن فی المسجد (یعنی) مسجد کے اندر اذان نہ کہیں''

''فتاوی علمگیری'' طبع مصر جلد اوّل صفحہ ۵۷ (پر ہے):

'' لا یؤذن فی المسجد (یعنی) مسجد کے اندر اذان منع ہے''

''بحر الرائق'' طبع مصر جلد اوّل صفحہ ۲۶۸ (پر ہے):

'' لا یؤذن فی المسجد (یعنی) مسجد کے اندر اذان کی ممانعت ہے''

marfat.com

''شرح نقایہ'' علامہ برجندی صفحہ ۸۴ (پر ہے):

'' فیہ اشعار بانہ لایؤذن فی المسجد (یعنی) امام صدر الشریعہ کے کلام میں اس پر تنبیہ ہے کہ اذان مسجد میں نہ ہو''

''غنیۃ شرح منیہ'' صفحہ ۳۷۷ (پر ہے):

''الاذان انما یکون فی المئذنۃ او خارج المسجد و الاقامۃ فی داخلہ (یعنی) اذان نہیں ہوتی مگر منارہ پر یا مسجد کے باہر اور تکبیر مسجد کے اندر''

''فتح القدیر'' طبع مصر جلد اوّل صفحہ ۱۷۱ (پر ہے):

''قالوا لایؤذن فی المسجد (یعنی) علماء نے مسجد میں اذان دینے کو منع فرمایا ہے''

ایضاً باب الجمعۃ صفحہ ۴۱۴ (پر ہے):

'' ھو ذکر اللہ فی المسجد ای فی حدودہ لکراھۃ الاذان فی داخلہ (یعنی) جمعہ کا خطبہ مثل اذان ذکر الٰہی ہے مسجد میں یعنی حدود مسجد میں اس لئے کہ مسجد کے اندر اذان مکروہ ہے''

''طحطاوی علی مراقی الفلاح'' طبع مصر جلد اوّل صفحہ ۱۲۸ (پر ہے):

''یکرہ ان یؤذن فی المسجد کما فی القھستانی عن

النظم یعنی نظم امام زندوبستی پھر قہستانی میں ہے کہ مسجد میں اذان مکروہ ہے''

یہاں زمانۂ حال کے ایک عالم مولوی عبدالحئ صاحب لکھنوی ''عمدۃ الرعایہ حاشیہ شرح وقایہ'' جلد اوّل صفحہ ۲۴۵ ر میں لکھتے ہیں:

''قوله بين يديه اى مستقبل الامام فى المسجد كان او خارجه والمسنون هو الثانى یعنی'' **بين يديه** '' کے معنی صرف اس قدر ہیں کہ امام کے روبرو ہو مسجد میں خواہ باہر اور سنت یہی ہے کہ مسجد کے باہر ہو''

جب وہ تصریح کر چکے کہ باہر ہی ہونا سنت ہے تو اندر ہونا خلاف سنت ہوا تو اس کے یہ معنی نہیں ہو سکتے کہ چاہے سنت کے مطابق کرو چاہے سنت کے خلاف دونوں باتوں کا اختیار ہے ایسا کون عاقل کہے گا بلکہ معنی وہی ہیں کہ ''بین یدیہ'' سے یہ سمجھ لینا کہ خواہی نخواہی مسجد کے اندر ہو غلط ہے اس کے معنی صرف اتنے ہیں کہ امام کے روبرو ہو اندر باہر کی تخصیص اس لفظ سے مفہوم نہیں ہوتی لفظ دونوں صورتوں پر صادق ہے اور سنت یہی ہے کہ اذان مسجد کے باہر ہو تو ضرور ہے کہ وہی معنی لئے جائیں گے جو سنت کے مطابق ہیں۔

بہرکیف اتنا ان کے کلام میں بھی صاف مصرح ہے کہ اذان ثانی جمعہ بھی مسجد

marfat.com

کے باہر ہی ہونا مطابق سنت ہے تو بلا شبہ مسجد کے اندر ہونا خلاف سنت ہے وللہ الحمد

واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال چہارم** :- ظاہر ہے کہ حکم حدیث وفقہ کے خلاف رواج پر

اڑا رہنا مسلمانوں کو ہرگز نہ چاہئے واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال پنجم** :- ظاہر ہے کہ جو بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و

خلفائے راشدین واحکام فقہ کے خلاف نکلی ہو وہی نئی بات ہے اسی سے بچنا چاہیئے نہ کہ

سنت وحکم حدیث وفقہ سے واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال ششم** :- مکہ معظمہ میں یہ اذان کنارۂ مطاف پر ہوتی ہے

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مسجد الحرام شریف مطاف ہی تک تھی۔

''مسلک متقسط'' علی قاری طبع مصر صفحہ ۲۸۰ (پر ہے):

"المطاف هو ما كان في زمنه صلى الله تعالىٰ عليه و

سلم مسجدا" یعنی مطاف وہ ہے جو نبی کریم ﷺ کے زمانۂ

اقدس میں مسجد تھا۔ (فاروقی)

تو حاشیہ مطاف بیرون مسجد محل اذان تھا اور مسجد جب بڑھالی جائے تو پہلے

جو جگہ اذان یا وضو کے لئے مقرر تھی بدستور مستثنیٰ رہے گی ولہٰذا مسجد اگر بڑھا کر

کنواں کو اندر کرلیا وہ بند نہ کیا جائے گا جیسے زمزم شریف حالانکہ مسجد کے اندر کنواں

بنانا ہرگز جائز نہیں۔

''فتاوی قاضی خان وفتاوی خلاصہ وفتاوی علمگیریہ''صفحہ۴۰ (پر ہے):

" یکره المضمضة و الوضوء فی المسجد الا ان یکون ثمه موضع اعد لذلك و لایصلی فیه" یعنی مسجد میں کلی اور وضو کرنا مکروہ ہے مگر یہ کہ وہاں ایسی جگہ ہو جو اس کے لئے بنائی گئی ہو اور اس میں نماز پڑھنا جائز نہیں۔ (فاروقی)

وہیں ہے:

''لا یحفر فی المسجد بئر ماء ولو قدیمة تترك کبئر زمزم'' یعنی مسجد میں کنواں نہ کھودا جائے اور اگر پرانا ہو تو اسے یونہی باقی رکھا جائے جیسا کہ آب زمزم کا کنواں۔ (فاروقی)

تو مکہ معظّمہ میں اذان ٹھیک محل پر ہوتی ہے مدینہ طیبہ میں خطیب سے بیس بلکہ زائد ذراع کے فاصلہ پر ایک بلند مکبرہ پر کہتے ہیں طریق ہند کے تو یہ خلاف ہوا اور وہ جو'' بین یدیه '' وغیرہ سے منبر کے متصل ہونا سمجھتے تھے اس سے بھی رد ہو گیا تو ہندی فہم وطریقہ خود ہی دونوں حرم محترم سے جدا ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ یہ مکبرہ قدیم سے ہے یا بعد کو حادث ہوا اگر قدیم ہے تو مثل منارہ ہوا کہ وہ اذان کے لئے مستثنیٰ ہے جیسے کہ ''غنیۃ'' سے گزرا اور اسی طرح ''خلاصہ و

فتح القدیر و برجندی'' کے صفحات مذکورہ میں ہے کہ اذان منارہ پر ہو یا مسجد کے باہر مسجد
کے اندر نہ ہو اس کی نظیر موضع وضو چاہیں کہ قدیم سے جدا کر دیئے ہوں نہ اس میں حرج
نہ اس میں کلام اور اگر حادث ہے تو اس پر اذان کہنا بالائے طاق پہلے یہی ثبوب دیجئے
کہ وسط مسجد میں ایک جدید مکان ایسا کھڑا کر دینا جس سے صفیں قطع ہوں کس شریعت
میں جائز ہے قطع صف بلاشبہ حرام ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ عیہ وسلم فرماتے ہیں:

''من قطع صفا قطعه الله (یعنی) جو صف کو قطع کرے اللہ
اسے قطع کر دے'' رواه النسائی والحاکم بسند صحیح
عن ابن عمر رضی تعالیٰ عنهما''

نیز علماء نے تصریح فرمائی کہ مسجد میں پیڑ بونا منع ہے کہ نماز کی جگہ گھیرے گا نہ کہ یہ
مکبرہ کہ چار جگہ سے جگہ گھیرتا ہے اور کتنی صفیں قطع کرتا ہے بالجملہ اگر وہ جائز طور پر بنا تو
مثل منارہ ہے جس سے مسجد میں اذان ہونا نہ ہوا اور ناجائز طور پر ہے تو اسے ثبوت میں
پیش کرنا کیا انصاف ہے؟۔

اب ہمیں افعال مؤذنین سے بحث کی حاجت نہیں مگر جواب سوال کو گزارش کہ
ان کا فعل کیا حجت ہو حالانکہ خطیب خطبہ پڑھتا ہے اور یہ بولتے جاتے ہیں جب وہ
صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا نام لیتا ہے یہ بآواز ہر نام پر رضی اللہ عنہ کہتے جاتے ہیں

marfat.com

جب وہ سلطان کا نام لیتا ہے یہ بآواز دعا کرتے ہیں اور یہ سب بالاتفاق ناجائز ہے صحیح حدیثیں اور تمام کتابیں ناطق ہیں کہ خطبہ کے وقت بولنا حرام ہے۔

''درمختار وردالمحتار'' جلد اوّل صفحہ ۸۵۹ (پر ہے):

''اما ما یفعله المؤذنون حال الخطبة من الترضی ونحوه فمکروه اتفاقا یعنی وہ جو یہ مؤذن خطبے کے وقت رضی اللہ عنہ وغیرہ کہتے جاتے ہیں یہ بالاتفاق مکروہ ہے''

یہی مؤذن نماز میں امام کی تکبیر پہنچانے کو جس وضع سے تکبیر کہتے ہیں اسے کون عالم جائز کہہ سکتا ہے مگر سلطنت کے وظیفہ داروں پر علماء کا کیا اختیار، علمائے کرام نے تو اس پر یہ حکم فرمایا کہ تکبیر درکنار اس طرح تو ان کی نمازوں کی بھی خیر نہیں، دیکھو ''فتح القدیر'' جلد اوّل صفحہ ۲۶۲ و ۲۶۳ / و ''درمختار وردالمحتار'' صفحہ ۶۱۵ رخود مفتی مدینہ منورہ علامہ سید اسعد حسینی مدنی تلمیذ علامہ صاحب ''مجمع الانہر'' رحمہما اللہ تعالیٰ نے تکبیر میں اپنے یہاں کے مکبروں کی سخت بے اعتدالیاں تحریر فرمائی ہیں۔

دیکھو ''فتاوی اسعدیہ'' جلد اوّل صفحہ ۸ر آخر میں فرمایا ہے:

''اما حرکات المکبرین و صنعتھم فانا ابرؤ الی اللہ تعالیٰ منه یعنی ان مکبروں کی جو حرکتیں، جو کام ہیں میں ان سے اللہ تعالیٰ کی طرف برأت کرتا ہوں''

marfat.com

اور اوپر اس سے بڑھ کر لفظ لکھا پھر کسی عاقل کے نزدیک ان کا فعل کیا حجت ہو سکتا ہے نہ وہ علماء ہیں نہ علماء کے زیر حکم واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال ہفتم**:- بیشک احادیث میں سنت زندہ کرنے کا حکم اور اس پر بڑے ثوابوں کے وعدے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"من احیا سنتی فقد احبنی ومن احبنی کان معی فی الجنة (یعنی) جس نے میری سنت زندہ کی بے شک اسے مجھ سے محبت ہے وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا اللّٰھم ارزقنا رواہ الجزری فی الابانة والترمذی بلفظ من احب"

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"من احیا سنة من سنتی قد امیتت بعدی فان لہ من من الاجر مثل اجور من من عمل بہا من غیر ان ینقض من اجورھم شیئا (یعنی) جو میری کوئی سنت زندہ کرے کہ لوگوں نے میرے بعد چھوڑ دی ہو جتنے اس پر عمل کریں سب

کے برابر اسے ثواب ملے اور ان کے ثوابوں میں کچھ کمی نہ ہو

رواہ الترمذی و رواہ ابن ماجۃ عن عمر و بن عوف"

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"من تمسک بسنتی عند فساد امتی فلہ اجر مأۃ شہید (یعنی) جو فساد امت کے وقت میری سنت مضبوط تھامے اسے سو شہیدوں کا ثواب ملے" رواہ البیہقی فی الزہد"

اور ظاہر ہے کہ زندہ وہی سنت کی جائے گی جو مردہ ہوگئی اور سنت مردہ جب ہی ہوگی کہ اس کے خلاف رواج پڑ جائے واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال ہشتم** :- احیائے سنت علماء کا تو خاص فرض منصبی ہے اور جس مسلمان سے ممکن ہو اس کے لئے حکم عام ہے ہر شہر کے مسلمانوں کو چاہیئے کہ اپنے شہر یا کم از کم اپنی اپنی مساجد میں اس سنت کو زندہ کریں اور سو سو شہیدوں کا ثواب لیں اور اس پر یہ اعتراض نہیں ہوسکتا کہ کیا تم سے پہلے عالم نہ تھے یوں ہو تو کوئی سنت زندہ نہ کر سکے۔

امیر المؤمنین عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی سنتیں زندہ فرمائیں اس پر ان کی مدح ہوئی نہ کہ الٹا اعتراض کہ تم سے پہلے تو صحابہ و تابعین تھے رضی

اللہ عنہم واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال نہم:** -حوض کہ بانیٔ مسجد نے قبل مسجدیت بنایا اگرچہ وسط مسجد میں ہو وہ اور اس کی فصیل ان احکام میں خارج مسجد ہے لانہ موضع اعد للوضوء کما تقدم واللہ تعالیٰ اعلم

**جواب سوال دہم:** -لکڑی کا منبر بنائیں کہ یہ سنت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے اسے گوشۂ محراب میں رکھ کر محاذات ہو جائے گی اور اگر صحن کے بعد مسجد کی بلند دیوار ہے تو اسے قیام مؤذن کے لائق تراش کر باہر کی جانب جالی یا کواڑ لگالیں۔

مسلمان بھائیو! یہ دین ہے کوئی دنیوی جھگڑا نہیں دیکھو کہ تمہارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کیا ہے تمہاری مذہبی کتابوں میں کیا لکھا ہے حضرات علمائے اہل سنت سے معروض حضرات احیائے سنت آپ کا کام ہے اس کا خیال نہ فرمایئے کہ آپ کے ایک چھوٹے نے اسے شروع کیا وہ بھی آپ ہی کا کرنا ہے۔

آپ کے رب کا حکم ہے:

''تَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى'' نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔ (کنز الایمان)

اور اگر آپ کی نظر میں یہ مسئلہ صحیح نہیں تو غصہ کی حاجت نہیں بے تکلف بیان حق فرمایئے اور اس وقت لازم ہے کہ ان دسوں سوالوں کے جدا جدا جواب ارشاد ہوں اور

ان کے ساتھ ان پانچ سوالوں کے بھی:

(۱۱)......اشارت مرجوح ہے یا عبارت اور ان میں فرق کیا ہے؟

(۱۲)......کیا محتمل صریح کا مقابل ہو سکتا ہے؟

(۱۳)......تصریحات کتب فقہ کے سامنے کسی غیر کتاب فقہ سے ایک استنباط پیش کرنا کیسا ہے خصوصاً استنباط بعید یا جس کا منشا بھی غلط؟

(۱۴)......حنفی کو تصریحات فقہ حنفی کے مقابل کسی غیر کتاب حنفی کا پیش کرنا کیسا ہے؟

(۱۵)......قرآن مجید کی تجوید فرض عین ہے یا نہیں اگر ہے تو کیا سب ہندی علماء اسے بجالاتے ہیں یا سو میں کتنے؟ بینوا توجروا واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ محمد ن المعروف بحامد رضا خان قادری

ولد اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان قادری برکاتی مد ظلہم

الجواب صحیح مہر عبد المصطفیٰ احمد رضا خان محمدی سنی حنفی قادری

اصاب من اجاب مہر مولوی محمد مصطفیٰ رضا خان صاحب قادری

ذالک کذلک مہر مولوی امجد علی صاحب اعظمی رضوی

الجواب صحیح مہر مولوی محمد رضا خان صاحب قادری

marfat.com

# فتویٰ: سماحۃ الشیخ حضرت علامہ مفتی احمد الجزائری الحسینی مفتیٔ مالکیہ مدینہ منورہ

حامداً و مصلیاً مبسملاً

| | |
|---|---|
| ماقولکم ایھا العلماء الکرام القاطنین بدار المحبوب اوصلکم اللّٰہ الی المطلوب فی الاذان الثانی للخطبۃ الذی یؤذن بہ بین یدی الخطیب این یؤذن المؤذن افی داخل المسجد او خارج المسجد علی باب المسجد کما ورد فی الحدیث الشریف فی سنن ابی داؤد حدثنا النفیلی حدثنا محمد بن سلمۃ عن | کیا فرماتے ہیں دیار محبوب مدینہ منورہ کے ساکن علمائے کرام اللہ تعالیٰ آپ کو فائز المرام کرے اذان ثانی کے بارے میں جو خطبہ کے وقت خطیب کے سامنے دی جاتی ہے یہ اذان مؤذن کہاں دے؟ داخل مسجد یا خارج مسجد، مسجد کے دروازہ پر جیسا کہ وارد ہوا ہے۔ حدیث شریف جو سنن ابوداؤد میں ہے، حدیث بیان کی ہم سے نفیلی نے اور ان سے محمد بن سلمہ نے اور ان سے محمد بن اسحاق نے اور ان سے زہری نے اور وہ روایت کرتے ہیں |

marfat.com

محمد بن اسحاق عن
الزهری عن السائب بن
یزید قال کان یؤذن بین
یدی رسول الله صلی الله
تعالیٰ علیه وسلم اذاجلس
علی المنبر یوم الجمعة
علی باب المسجد وابی
بکر وعمر وما الامر
المسنون فیه واین کان
یؤذن به فی عهد رسول
الله صلی الله تعالیٰ علیه
وسلم و اصحابه رضوان
اللّٰه علیهم اجمعین وهل
صح الحدیث المذکورفی
سنن ابی داؤد العمل به
عمل السنةام لافقط

کرتے ہیں سائب بن یزید (رضی
اللہ تعالیٰ عنہم ) سے اذان دی جاتی
تھی رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم
کے سامنے جبکہ آپ منبر پر بیٹھتے تھے
جمعہ کے دن مسجد کے دروازے پر
اوار اسی طرح اذان دی جاتی تھی
حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر
فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانہ
خلافت میں ۔ امر مسنون اس میں
کیا ہے اور اذان کہاں دی جاتی تھی
رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ
کے اصحاب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم
اجمعین کے عہد میں . یہ حدیث جو
مروی ہوئی ہے ''سنن ابوداؤد'' میں
ہے یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں اور اس
پر اہل سنت و جماعت کا عمل ہے

marfat.com

بينوا بالكتاب تو جروا
يوم الحساب.

ہے یا نہیں؟ فقط بیان کیجئے بذریعہ
کتاب اور اجر پایئے بروز حساب.

المستفتی: خادم العلماء سید محمد عمر
ملک ہند پیلی بھیت محلہ احمد زئی

الجواب: وصلى الله
تعالىٰ على سيد نا محمد
وعلى آله وصحبه وسلم
تسليما الفقهاء رحمهم
الله تعالىٰ ادرى بمراتب
الحديث وبالاحكام
الشريعة وقد نصوا على ان
كلا من الاذانين الاوّل
والثانى لصلاة الجمعة
سنة والثانى اكد لانه الذى
كان فى زمنه صلى الله
تعالىٰ عليه وسلم ثم لما

الجواب: وصلی اللہ تعالیٰ علی سید
نا محمد وآلہ وصحبہ وسلم تسلیما، فقہاء رحمہم
اللہ تعالیٰ احکام شریعت اور حدیث
کے اقسام کو زیادہ جاننے والے ہیں
فقہاء نے صلوۃ جمعہ کے لئے ہردو
اذان یعنی اذان اوّل وثانی کا سنت
ہونا احادیث شریف سے ثابت کیا
ہے اور اذان ثانی زیادہ مؤکد ہے
کیوں کہ یہ اذان رسول اللہ صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک
میں تھی، جب آدمی زیادہ ہو گئے تو
حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

marfat.com

| | |
|---|---|
| كثـر الـنـاس زاد عثـمـان | نے دوسری اذان زیادہ کی اور اس پر |
| رضـى الـلـه عنه اذانا آخر | صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ عنہم نے موافقت |
| وواقفه الصحابة رضى لله | کی اور اس پر اہل حجاز اور اہل مصر اور |
| عنهم عـلـيـه وقد جرى | اہل شام وغیرہم کا عمل جاری ہوا۔ |
| عـمـل اهـل الـحـجـاز | حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے |
| ومـصـر والشـام على فعله | فعل اذان پر مسجد کے مکبرہ میں اس |
| فـى مـئذنـة الـمسجد و | حال میں کہ خطیب منبر پر ہو اور اس |
| الـخـطـيـب عـلـى المنبر | پر اہل مغرب کے شہر والوں اور |
| وجـرى عـمـل امـصـار | دیہاتیوں کا عمل جاری ہوا۔ تمامہ حضرت |
| الـمغـرب وقـراهـا قـا طبة | عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فعل اذان |
| عـلـى فـعـلـه على المنارة | پر منارہ پر اور وہی اصوب ہے اس لئے |
| وهـو الاصـوب، فـانـه فعله | فعل اذان فی المسجد کا کچھ فائدہ نہیں |
| فـى المسجد لاثمرة له من | ان لوگوں کو جو مسجد سے خارج ہیں |
| اسـمـاع الـخـارجين من | تا کہ ذکر اللہ کی طرف سعی کریں اور |
| الـمسجد ليسعوا الى ذكر | بیع (خرید وفروخت، کاروبار) کو چھوڑ |
| الـلّٰـه ويـذروا البيع وكل ما | دیں اور اس چیز کو جو نماز کے لئے |

marfat.com

يشغلهم واما الحاضرون
فى المسجد فلاحاجة
لهم بالاذان وكره مالك
رحمه الله تعالىٰ فعله فيه
وقال بعضهم انه بدعته
مضيعة لثمرته والله
سبحانه وتعالىٰ اعلم.

کے لئے مانع ہے اور حاضرین مسجد
کے لئے اذان کی حاجت نہیں ہے
اور مکروہ جانتا ہے امام مالک رحمۃ اللہ
تعالیٰ علیہ نے فعل اذان کو مسجد میں
اور کہا بعض نے بدعت مضیعہ (ضائع
ہونے والی یعنی وہ بدعت جس سے
کچھ حاصل نہیں) ہے واللہ تعالیٰ اعلم.

نمقه الفقير الى مولاه الغنى احمد الجزائرى الحسينى
مفتى المالكية بمدينة خير البرية.

صدق الله العظيم

# فتویٰ: فضیلۃ الشیخ حضرۃ العلام المفتی محمد توفیق ایوبی حنفی مدرس حرم نبوی شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب: الحمد لله تعالیٰ والصلوة والسلام على سيدنا محمد وآله وصحبه امّابعد فان هٰذا الحديث اخرجه البخاری فی صحيحه والامامان الشافعی واحمد و البخاری عن السائب بن يزيد رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال كان النداء يوم الجمعة اوّله اذاجلس الامام على المنبر على عهدرسول الله صلی اللّٰه تعالی علیه

الجواب: الحمدللہ تعالیٰ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ امّابعد! یہ حدیث جس کو روایت کیا ہے امام بخاری نے اپنی صحیح میں اور اسے امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امام احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی روایت کی ہے اور امام بخاری نے روایت کی ہے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ فرمایا: اذان اوّل جمعہ کے دن اس وقت ہوتی تھی جب امام منبر پر بیٹھتا تھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عہد میں

marfat.com

وسلم وفی روایة کان
یؤذن بین یدی رسول اللّٰه
صلی اللّٰه تعالیٰ علیه
وسلم اذا جلس علی
المنبر یوم الجمعة علی
باب المسجد وابی بکر و
عمر فلما کان عثمان و
کثر الناس زاد الندا ء
الثالث علی الزوراء فثبت
الامر من الجزء السابع
من "سبیل الهدی والرشاد
فی سیرة خیر العباد"
للعلامة محمد عابد
السندی ثم المدنی فی
کتب خانه الحمودیة
باب السلام و کذالک

اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اذان
دی جاتی تھی جس وقت کہ آپ جمعہ
کے دن منبر پر تشریف رکھتے تھے
مسجد کے دروازہ پر اور اسی طرح
حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر
فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانۂ
خلافت میں پس جب حضرت عثمان
غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانۂ خلافت
آیا اور لوگوں کی کثرت ہوئی تو آپ نے
اذان ثالث زیادہ فرمائی مقام زوراء میں۔
پس ثابت ہو گیا یہ امر "سبیل الہدی
والرشاد فی سیرۃ خیر العباد" کے جزء سابع
سے جو علامہ محمد عابد السندی ثم المدنی
کی تصنیف ہے اور یہ کتاب کتب خانہ
حمودیہ باب السلام میں ہے اور اسی

صرح به فی روایة الطبرانی
وھو یدل علی ان السنة
الثابتة عنه صلی الله تعالیٰ
علیه وسلم وعن سید ینا
ابی بکر و عمر انما ھو
التاذین علی باب المسجد
والمتبادر انھافی خارجه
لافی داخله ویؤ ید ذالک
مانقل عن مالکیة والحنفیة
من کراھة الاذان داخل
المسجد وان جعلت علی
بمعنی الاستعلاء الحقیقی
فیکون الاذان فوق الباب
و ھذالیس ببعید ایضاً اذ
فائدته اومر لان الاسماع
والاعلام به اتم والله

طرح تصریح کی ہے "طبرانی" کی ایک
روایت میں اور وہ تصریح دلالت کرتی
ہے اس امر پر کہ سنت ثابتہ عہد رسول
اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابو بکر
صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی
اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ ہے کہ اذان دینا
مسجد کے دروازہ پر ہی ہے اور تبادر امر
یہ ہے کہ اذان خارج مسجد ہے نہ داخل
مسجد اور اس کی تائید اس سے ہوتی
ہے جو نقل کیا گیا ہے مالکیہ اور حنفیہ
کا قول داخل مسجد اذان کی کراہت میں
اور اگر حرف "علی" کو استعلاء حقیقی
کے معنی میں لیا جائے تو پس ہوگی
اذان فوق الباب اور یہ بھی بعید نہیں
ہے کیونکہ اذان کا فوق الباب ہونا
اولیٰ ہے اس واسطے کہ اسماع اور اعلام

ازان دروازے پراتم ہے واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وھو ولی التوفیق.

سبحانه وتعالیٰ اعلم وهو ولی التو فیق .

کتبه الفقیر محمد تو فیق الایو بی الانصاری الحنفی

احد مدر سی الحرم الشریف النبوی .

صدق الله العظيم

# فتاویٰ حامدیہ

## کتاب الصّلٰوۃ

## باب القرأۃ

## والجماعۃ والجمعۃ

marfat.com

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ

وصل سورۃ تکبیر رکوع سے کرنا چاہئے یا نہیں؟ بینوا و توجروا۔

الجواب:- اگر ختم قرأت ثنائے الٰہی عز اسمہ پر ہو تو وصل بہتر ہے مثلاً سورۃ نصر میں "اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا" کی جگہ "تَوَّابَا نِ اللّٰہُ اَکْبَرُ" اور والتین میں "اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَحْکَمِ الْحَاکِمِیْنَ اللّٰہُ اَکْبَرُ" ورنہ فصل اولیٰ۔

"فتاویٰ عالمگیریہ" میں ہے:

"قال القاضی الامام السعید النجیب ابوبکر اذا فرغت من القرأۃ وتریدان تکبر للرکوع ان کان الختم بالثناء فالوصل باللّٰہ اکبر اولی ولو لم یکن فالفصل اولیٰ کقولہ تعالیٰ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَر ھکذا فی التاتارخانیۃ اھ" یعنی حضرت قاضی امام سعید نجیب ابوبکر نے فرمایا کہ جب قرأت سے فارغ ہو جائے اور رکوع کے لئے تکبیر کہنے کا ارادہ کرے اگر ثناء کے ختم پر ہو تو اللہ اکبر کے ساتھ وصل اولیٰ ہے اور اگر ختم پر نہ ہو تو فصل اولیٰ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول "اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَر" ایسے ہی "تاتارخانیہ" میں ہے۔ (فاروقی)

واللہ تعالیٰ اعلم

محمد ن المعروف بحامد رضا البریلوی

کتبہ

کان لہ اللہ تعالی بجاہ حبیبہ احمد المجتبی علیہ التحیۃ والثناء۔

marfat.com

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

چند آدمیوں کا اکٹھے ہوکر بآواز بلند تلاوت قرآن کرنا جائز ہے یا نہیں اور مسجد میں قرآن شریف یاد کرنا بآواز بلند بعد جماعت اولیٰ کے حالانکہ اور نمازی اپنی نماز ادا کررہے ہوں جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا۔

**الجواب**: استماع قرآن مجید فرض کفایہ ہے۔

قال (الله) تعالیٰ:

''وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْ لَهٗ وَاَنْصِتُوْالَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ''

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔ (کنز الایمان)

یہ آیۃ کریمہ اگرچہ دربارۂ نماز وارد ہے مگر ''اِذَا قُرِئَ'' عام ہے اور خصوص سبب کا لحاظ نہیں عموم لفظ کا اعتبار ہے اور انصات واجب بلکہ حسب تصریح امام برہان الدین مرغینانی صاحب ''ہدایہ'' فرض ''ردالمحتار'' میں ہے:

''قوله افتراض الانصات عبر بالافتراض تبعا للهداية و عبر فى النهر بالوجوب قال ط وهوالاولى لان تركه مكروه تحريما'' یعنی خاموشی کو فرض سے تعبیر کیا صاحب ''ہدایہ'' کی اتباع میں اور ''نہر'' میں وجوب سے تعبیر کیا، طحطاوی نے فرمایا: یہی اولیٰ ہے اس لئے اس کا ترک مکروہ تحریمی ہے۔ (فاروقی)

marfat.com

جب سب مل کر بآواز بلند پڑھیں گے رفض فرض و ترک واجب کے سبب مرتکب ہو کر گناہگار ہوں گے تلاوت نہیں قرآن عظیم میں منازعت ہے کہ ناجائز ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

"مالی انازع القرآن کذا فی المشکوٰۃ" یعنی مجھے کیا ہوا کہ میں قرآن میں جھگڑتا ہوں۔ (فاروقی)

"علمگیری" میں ہے:

"یکرہ للقوم ان یقرؤ االقرآن جملة لتضمنها ترك الاستماع والانصات المامور بهما كذا فی القنية" یعنی چند لوگوں کا قرآن پاک اس طرح پڑھنا کہ اس میں استماع و انصات کا ترک ہو مکروہ ہے۔ (فاروقی)

یونہی بلند آواز سے لوگوں کے اشتغال کے وقت بھی خواہ وہ کام دینی ہوں یا دنیوی تلاوت ممنوع ہے اور پڑھنے والا بوجوہ اضاعت حرمت قرآن عظیم گناہ گار ہوگا۔

"غنیۃ" صفحہ ۴۹۷ر میں ہے:

"فالاثم علی القاری لقرائه جهرا فی موضع اشتغال الناس باعمالهم" یعنی قاری گنہگار ہوگا اپنے کاموں میں مشغول لوگوں کے پاس بلند آواز سے قرأت کرنے کے سبب۔ (فاروقی)

واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ از: دلاور حسین صاحب موضع اٹنگا چاند پور پرگنہ نواب گنج ضلع بریلی شریف

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

اس موضع اٹنگا چاند پور پرگنہ نواب گنج میں دو مسجدیں پختہ اور ایک عیدگاہ پختہ موجود ہیں اور عرصہ چالیس سال سے نماز جمعہ بڑی مسجد میں اور عیدین عیدگاہ میں ہوتی ہیں اور پنجگانہ بھی ہوتا چلا آیا ہے اور عیدگاہ آٹھ سال سے تیار ہوئی ہے اور رمضان شریف میں تراویح اور قرآن شریف ہوتا ہے۔

اب بعض شخص کہتے ہیں کہ شرائط نماز جمعہ وعیدین یہاں موجود نہیں ہیں بموجب مذہب حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نماز جمعہ یہاں جائز نہیں اور نماز ظہر بھی فوت ہوتی ہے لہٰذا جمعہ وعیدین متروک ہونا چاہیے چونکہ اس بستی میں مسلمان بکثرت آباد ہیں اور عیدین میں مجمع کثیر مسلمانوں کا بیرون جات سے یہاں آکر جمع ہوتا ہے اور شوکت اسلام کی ایک صورت ہے پس اس صورت میں جمعہ وعیدین ترک کیا جائے یا بدستور سابق قائم رکھا جائے لیکن نماز جمعہ سے یہ فائدہ ہے کہ بہت شخص نماز پنجگانہ کے پابند نہیں ہیں مگر بضرورت جمعہ آٹھویں روز نماز ادا کرتے ہیں بحالت دیگر یہ لوگ تارک الصلوٰۃ رہیں گے اگرچہ یہاں بازار اور تھانہ نہیں ہے لیکن پانچ چھ دوکانیں ضروری اشیا کی موجود ہیں بینوا توجروا۔

الجواب: ـ جمعہ وعیدین کے لئے شہر یا متعلقات مثلاً کیمپ اسٹیشن کچہری چاند ماری پریڈ گھوڑ دوڑ کا میدان ہونا شرط ہے دیہات میں جمعہ وعیدین نہ فرض نہ اس کی ادا

marfat.com

جائز وصحیح بلکہ پڑھنے والے متعدد گناہوں کے مرتکب ہوں گے یہی ہے ظاہر الروایۃ اور ہمارا مذہب، مفتی کو مذہب سے عدول ناجائز واتباع قول مصحح وارجح واجب ہے۔

''ردالمحتار'' میں ہے:

''ولا یجوز العدول عنه لانه هو المذهب و علینا اتباع ما صححوه وما رجحوه ''یعنی اس سے عدول جائز نہیں اس لئے کہ یہی مذہب ہے اور ہم پر اس قول کی اتباع واجب ہے جس کی تصحیح وترجیح ہمارے ائمہ نے فرمائی۔ (فاروقی)

مگر علماء فرماتے ہیں کہ:

''من لم یعرف اهل زمانه فهو جاهل ''یعنی جو اپنے اہل زمانہ کو نہ پہچانے وہ جاہل ہے۔ (فاروقی)

آج کل عوام وجہال کا حال اور احکام الٰہیہ میں سستی وتوانائی بحد کمال دیکھ کر حضور اعلیٰ حضرت قبلہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اپنا دستور فرمایا ہے کما صرح به فی فتاواہ المبارکۃ کہ: خود نہ دیہات میں جمعہ وعیدین کا حکم دیں نا آپ انہیں پڑھنے سے روکیں نہ روکنے میں کوشش پسند فرمائیں مشاہدہ ہے کہ عوام کو جہاں اس سے روکا وہ فرائض بھی چھوڑ بیٹھتے ہیں تو بہتر یہ ہے کہ جس طرح وہ خدا اور رسول کا نام لینا چاہیں اس میں سدراہ نہ ہونا چاہیئے۔

سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الاسنیٰ نے ایک شخص کو بعد نماز عید نفل پڑھتے دیکھا

حالانکہ بعد عید نفل ناجائز و مکروہ ہیں کسی نے عرض کی کہ یا امیر المؤمنین آپ منع نہیں فرماتے فرمایا کہ مجھے ڈر لگتا ہے کہ میں مصداق اس آیت کا نہ ہو جاؤں۔

" اَرَاَیْتَ الَّذِیْ یَنْھٰی عَبْدًا اِذَا صَلّٰی کیا تو نے اسے دیکھا جو بندہ کو نماز سے منع کرتا ہے ذکرہ فی الدرالمختار"

آفتاب نکلتے وقت نماز ناجائز ہے مگر علماء فرماتے ہیں کہ عوام پڑھتے ہوں تو انھیں منع نہ کیا جائے کیوں کہ وہ چھوڑ بیٹھیں گے کہ ایک قول پر ادا کر لینا بالکل چھوڑ دینے سے بہتر ہے۔

''درمختار'' میں ہے:

"وکره تحريما صلاة مطلقا مع شروق الا العوام فلا يمنعون من فعلها لانهم يتركونها والاداء الجائز عند البعض اولىٰ من الترك كما فی القنية وغيرها ''یعنی طلوع آفتاب کے وقت نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے مگر عوام منع نہ کئے جائیں گے اپنے اس فعل سے ،اس لئے کہ وہ اسے ترک کردیں گے اور ادائے جائز اولیٰ ہے بعض کے نزدیک ترک سے جیسا کہ ''قنیہ'' وغیرہ میں ہے۔ (فاروقی)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

marfat.com

# فتاویٰ حامدیہ

# کتاب الصلوٰۃ

# باب

# الوتر والنوافل

marfat.com

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

فرض اگر جماعت سے نہ ملے تو جماعت وتر میں شریک ہونا چاہیے یا نہیں؟ ایک گلابی مولوی کہتے ہیں کہ اکیلے فرض پڑھے تو بھی جماعت وتر میں شریک ہوسکتا ہے، کیا فتویٰ مفتی عنایت احمد میں ایسا لکھا ہے؟ بینوا و توجروا.

الجواب: اگر تنہا فرض پڑھے یعنی نہ اس امام کے پیچھے نہ کسی دوسری جگہ کی جماعت میں تو جماعت وتر میں شریک نہیں ہوسکتا۔

''غنیہ شرح منیہ'' ابراہیم حلبی (۴۱۰) میں ہے:

"واذا لم یصل الفرض مع الامام فعن عین الأئمة الکرابیسی انه لا یتبعه فی التراویح ولا فی الوتر جب فرض امام کے ساتھ نہ پڑھے تو ائمہ کرابیسی سے مروی کہ جماعت وتر میں نہ ملے''

''تاتارخانیہ'' میں تتمہ سے ہے:

"سئل علی بن احمد عمن صلی الفرض والتراویح وحده او التراویح فقط هل یصل الوتر مع الامام فقال لاه (یعنی) علامہ علی بن احمد سے پوچھا گیا کہ جس نے فرض وتراویح اکیلے پڑھے ہوں وہ امام کے ساتھ وتر پڑھے؟ فرمایا نہیں''

marfat.com

''قہستانی'' میں ہے:

"اذا لم یصل الفرض مع الامام لا یتبعه فی الوتر (یعنی) جب امام کے ساتھ فرض نہ پڑھے ہوں تو وتر میں اس کی اقتدا نہ کرے"

ان مولوی صاحب نے شاید ''درمختار'' کا قولہ:

"ولولم یصلیها أی التراویح بالامام أو صلاها مع غیره له ان یصلی الوتر معه" یعنی اگر امام کے ساتھ تراویح نہ پڑھی یا کسی دوسری جماعت میں پڑھی ہو تو اس کا وتر جماعت سے پڑھنا جائز ہے۔ (فاروقی)

دیکھا اور اس کا مطلب نہ سمجھا، یہ قول صرف دربارۂ تراویح ہے فرض کے باجماعت اور بے جماعت ادا کرنے کی صورت سے اسے اصلاً کوئی علاقہ نہیں چنانچہ ''یصلیها'' کی ضمیر خود صاحب ''درمختار'' نے جانب تراویح پھیر کر مطلب صاف کر دیا ہے اور اب بھی تسکین نہ ہو تو اسی مقام پر ''ردالمحتار'' اٹھا کر دیکھ لی جائے اسی قول "ولولم یصلیها أی التراویح بالامام کے بعد شرح میں فرماتے ہیں:

''أی وقد صلی الفرض معه'' یعنی جبکہ فرض امام کے ساتھ پڑھی ہو۔ (فاروقی)

''تاتارخانیہ وقہستانی'' کی عبارات جو ہم نے اوپر ذکر کیں، انھوں نے نقل فرما کر مسئلہ مصرح فرمادیا اور مطلب کھول دیا ہے ہاں اگر اس جماعت کے علاوہ کسی دوسری جماعت میں فرض پڑھے ہوں جب بھی اس امام کے پیچھے جماعت وتر میں شریک ہونا درست ہے علامہ شامی اس قول کے بعد بطور استدراک فرماتے ہیں:

''لکن ینبغی ان یکون قول القھستانی معه احترازاً عن صلاتھا مفرداً اما لو صلاھا جماعة مع غیرہ ثم صلی الوتر معه لا کراھة تأمل'' یعنی لیکن مناسب ہے کہ قہستانی کا قول اس کے ساتھ مفرد نماز سے احتراز ہو بہرحال اگر اس نے کسی دوسری جماعت میں فرض پڑھی پھر اس کے ساتھ وتر پڑھی تو اس میں کوئی کراہت نہیں۔ (فاروقی)

جناب مولانا مفتی عنایت احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ ''الدر الفرید فی مسائل القیام والعید'' کے حاشیہ میں جو تحریر ہے کہ جس نے فرض با جماعت نہ پڑھے ہوں اسے جماعت وتر میں ملنا جائز ہے اور اس سے علامہ طحطاوی کی جانب منسوب کر دیا ہے، یہ سہو ہے کیونکہ بعد مراجعت حاشیہ ''علامہ طحطاوی علی الدر المختار'' معلوم ہوتا کہ اس میں اس کے لئے کوئی نص صریح نہیں صرف اتنا ہے کہ:

''قضیة التعلیل فی المسئلة السابقة بقولھم لأنھا تبع ان یصلی الوتر جماعة فی ھذہ الصورة لأنه لیس بتبع

marfat.com

للتراويح ولاللعشاء عند الامام رحمه الله انتهى حلبى

یعنی پچھلے مسئلہ کی علت ایسا چاہتی ہے کہ دریں صورت سب مقتدیوں کے جماعت تراویح ترک کرنے کے بھی وتر با جماعت جائز ہو کیوں کہ امام صاحب کے نزدیک وتر نہ تراویح کے تابع ہے نہ عشاء کے"

فقیر کہتا ہے اوّل تو خود علامہ طحطاوی نے کوئی حکم جزم نص صریح نہیں فرمایا صرف لفظ "للعشاء" سے اس کا ایہام ہوتا ہے کہ فرض بے جماعت پڑھے تو بھی وتر با جماعت جائز ہوں۔

دوسرے نصوص علماء کرام کے کتب فقہ سے ہم نقل کر آئے ان کے مقابل ایک خالی بحث کیا قابل قبول عند ذوی الاحلام۔

تیسرے یہ قضیہ تعلیل خود علیل۔

اولاً:- وتر کی اصالت ذاتیہ تبعیت عارضیہ کے منافی نہیں، ظاہر ہے کہ جماعت وتر رمضان کے ساتھ خاص ہے اگر ذاتی ہوتی، زمان دون زمان کی تخصیص کیوں کر ہو سکتی۔

ثانیاً:- تعلیل بالنفی ہمارے نزدیک تعلیلات فاسدہ سے ہے کما صرحوا به فی الاصول (یعنی جیسا کہ ائمہ کرام نے اصول فقہ میں اس کی تصریح

marfat.com

فرمائی )اور تعلیل بقضیة مذکورہ بالنفی۔

ثالثاً: -تبعیت میں حصر علت تسلیم نہیں ومن ادعی فعلیه البیان (یعنی جودعوی کرے اس کے ذمہ ثبوت پیش کرنا ہے)

رابعاً: -علامہ شامی نے فرمایا:

"سنیة الجماعة شرعت تابعة للتراویح" یعنی جماعت وتر کی مسنونیت تراویح کی تبعیت میں مشروع ہے۔(فاروقی)

خامساً: - علامہ برجندی نے "شرح نقایہ" میں فرمایا:

"ان الجماعةفیه تبعیة التراویح علی ماهو المشهور" یعنی وتر میں جماعت تراویح کی تابع ہے جو کہ قول مشہور ہے۔(فاروقی)

| | |
|---|---|
| وان شئت تحقیق الحق | یعنی اگر تو چاہے حق کی تحقیق اور تحقیق |
| وحق التحقیق بتقریر رشیق | کا حق خوبصورت تقریر اور صاف |
| وتحریر انیق تطبیق و توفیق | ستھری تطبیق وتوفیق والی تحریر سے اور |
| هدایة خیر رفیق. ممن | یہ کہ ہدایت تیرا خیر رفیق، ہو اس |
| یده ازمة التوفیق | سے جس کے قبضۂ قدرت میں |
| فعلیک بالعطایا النبویة | توفیق کی لگام ہے تو تم "العطایا |
| فی الفتاوی الرضویه فانه | النبویة فی الفتاوی الرضویة" |

marfat.com

ينجيك من دار المراء و
يرقيك من هواء الهواء
وهو شفا بكل عليل و
دليل لكل ضليل.

کو لازم پکڑو بے شک وہ تمہیں بچائے
گا شبہات کی بیماری سے اور خواہش
نفس سے، یہ ہر بیمار کے لئے شفا اور
رہنما ہے ہر گمراہ کے لئے (فاروقی)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم.

محمد ن المعروف بحامد رضا البریلوی
کتبہ
عفا الله عنه باكرام النبوى

صدق الله العظيم

marfat.com

# فتویٰ: حضرت علامہ مفتی محمد نواب مرزا بریلوی

مولٰینا المکرّم دام مجدکم ............ بعد سلام مسنون!

معلوم ہو کہ بندہ بفضلہٖ تعالیٰ بخیریت ہے جنگ بلقان کی وجہ سے قاری غلام نبی احمد صاحب امام مسجد صندل خانہ درگاہ شریف نے صبح کی نماز میں قنوت پڑھنا شروع کیا تھا ایک مولوی جن کا نام معین الدین ہے انھوں نے فتوی لکھ دیا کہ یہ قنوت مشروع نہیں ہے اس پر میں نے ''درمختار'' اور ''کبیری'' کی عبارت ان کو لکھ کر دی۔

اس کا جواب انھوں نے کتاب ''طحاوی'' سے پیش کیا ہے لہٰذا اس مسئلہ کا جواب شافی تحریر کر کے بھیجئے کہ مسلمانوں کو اس مسئلہ سے آگاہی ہو۔

راقم احمد حسین رامپوری از اجمیر شریف

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

حادثۂ عظیم اور نزول بلا کے وقت نماز فجر میں دعائے قنوت پڑھنا مشروع ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

**الجواب**: امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب میں سوائے نماز وتر کے کسی فرض نماز میں کسی حالت میں دعائے قنوت پڑھنا مشروع نہیں ہے چنانچہ مولانا بحر العلوم اپنی کتاب ''ارکان اربعہ'' میں صراحۃً مذہب امام مدلل فرماتے ہیں:

''عند نالیس مشروعا فی الصلوۃ المکتوبۃ وھو الاشبہ

marfat.com

بالصواب لماروی الامام ابو حنیفة بسنده عن ابن

مسعود ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم لم

یقنت فی الفجر قط الا شهراً واحداً لم یر قبل ذالك

ولا بعد وانما قنت فی ذالك الشهر یدعو علی ناس

من المشرکین وھذا صریح فی ان ذالك کان یسیراً

ثم صار متروکا" الخ یعنی ہمارے یہاں فرض نمازوں میں

قنوت مشروع نہیں اور وہی صواب سے زیادہ قریب ہے

جس کو روایت کیا امام اعظم نے اپنی سند سے کہ ابن مسعود

رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم نے کبھی فجر میں قنوت نہیں پڑھی سوائے ایک مہینہ

کے اور نہ اس سے پہلے کبھی پڑھی نہ اس کے بعد میں اور اس

مہینے میں آپ نے قنوت پڑھی جس میں مشرکین پر دعا

ہلاکت فرمائی اور یہی صریح ہے اس معاملے میں کہ وہ

آسانی کے لئے تھا پھر متروک ہو گیا۔ (فاروقی)

اگر کوئی حنفی کسی ضعیف روایت کو سند لا کر اس کے خلاف عمل کرے تو اس کو امامت

سے روکا جائے، علاوہ غیر مشروعیت کے بوجھ ناواقفیت اکثر متقدیوں کی نمازوں میں

marfat.com

فساد کا بھی اندیشہ ہے واللہ اعلم بالصواب

## نقل اعتراض بالفاظہ بر جواب مذکور

مجیب نے بمقابلۂ عبارات ذیل مندرجہ کتب فقہائے معتبرہ احناف کے جواو پر مسئلہ میں خلاف تحریر فرمایا ہے لہٰذا بعد از ملاحظہ تصحیح فرمادیں وھی ھذہ.

م: لا یقنت بغیرہ الا لنازلة ش: فیقنت الامام فی الجهریة وقیل فی الکل. درالمختار فتکون شرعیة مستمرة وھو محمل القنوت من قنت من الصحابة رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم بعد وفاته علیه السلام وھو مذھبنا وعلیه الجمهور قال الحافظ ابو جعفر طحاوی انما لا یقنت عند نافی الصلوة الفجر من غیر بلیة فان وقعت فتنة او بلیة فلا باس به فعله رسول اللّٰه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم. الکبیری، والله اعلم.

یعنی قنوت نہیں پڑھی جائے گی مگر نازلہ کے وقت تو امام قنوت پڑھے گا جہری نمازوں میں اور یہ بھی کہا گیا کہ تمام نمازوں میں تو اس کی مشروعیت مستمر ہوئی اور یہی قنوت کا محمل ہے جس کو پڑھا صحابہ نے حضور ﷺ کے وصال کے

marfat.com

بعد اور یہی ہمارا مذہب ہے اور اسی پر جمہور ہیں اور ابو جعفر طحاوی نے کہا کہ ”قنوت نہیں ہمارے نزدیک نماز فجر میں مگر کسی بلا میں تو جب کوئی مصیبت نازل ہو تو فجر میں قنوت پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ایسا ہی عمل فرمایا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے“۔ (فاروقی)

حافظ غلام نبی احمد امام مسجد صندل خانہ

## جواب اعتراض

اس سے پہلے جواب میں ”ارکان اربعہ“ مصنفہ حضرت ملک العلماء بحر العلوم مولانا عبد العلی قدس سرہ سے سند لکھی گئی تھی لیکن چونکہ اردو خواں مولوی صاحبان و نیز کم علم حضرات علامہ ممدوح کی وسیع النظری نہ جاننے سے بعض متون کو دیکھ کر معترض ہوئے لہٰذا ہم اس کتاب کا حوالہ درج کرتے ہیں جس سے اہل متون کو دھوکا ہوا اور اپنے دعویٰ کے ثبوت میں خلاف مسئلہ کتاب درج کر کے اس کا حوالہ دیا۔

معترض نے ”کبیری“ کی عبارت نقل کی ہے جس میں بحوالہ طحاوی صاحب ”کبیری“ نے لکھا ہے کہ ہمارے نزدیک نازلہ کے وقت فجر میں دعائے قنوت پڑھنا جائز ہے حالانکہ علامہ ابو جعفر طحاوی نے بہت روایات و آثار صحیحہ کے نقل کرنے کے بعد اخیر میں یہ تحقیق مقام لکھی ہے:

فثبت بما ذکرنا انه لا ینبغی القنوت فی الفجر فی حال الحرب و لا غیره قیاسا و نظرا علی ما ذکرنا من ذالك وھو قول ابی حنیفة و ابی یوسف و محمد رحمھم اللّٰہ تعالیٰ انتھی یعنی تو ثابت ہوا اس سے جس کو ہم نے ذکر کیا کہ ’’حالت جنگ اور غیر جنگ میں قنوت پڑھنا مناسب نہیں قیاسا اور نظر کرتے ہوئے اس کی طرف جس کو ہم نے ذکر کیا اور یہی قول امام اعظم، امام ابو یوسف امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ عنہم کا ہے۔ (فاروقی)

یہ تو تصریح امام طحاوی کی تھی جس کی وجہ سے صاحب ’’کبیری‘‘ اور شامی کا حوالہ طحاوی سے غلط ثابت ہوا۔

جب امام طحاوی جیسے رئیس الحنفیہ قنوت فی الفجر کے عدم جواز کا فتویٰ دے رہے ہیں اور ساتھ ہی اس کے یہ بھی نقل فرماتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی سند مشہور سے اس کے راوی ہیں اور اخیر میں یہ بھی تصریح فرماتے ہیں کہ یہی مذہب ہمارے علماء اور ائمہ ثلثہ ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ کوئی حنفی المذہب اس سے سرتابی کرے۔

marfat.com

''کبیری'' کے حوالہ کے مقابلہ میں علامہ بدرالدین عینی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا حوالہ زیادہ معتبر ہونا چاہیے جس کو تمام فقہائے احناف مانتے چلے آئے ہیں اور یہ علامہ عینی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ وہ ہیں جنھوں نے مذہب حنفی کے دلائل اس قدر کثرت سے پیش کئے ہیں کہ یہ کام انھیں کا تھا اور یہ کسی سے نہ ہوسکا۔

وہ شرح ''بخاری'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ: امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حدیث نقل کر کے جس کے راوی حضرت عبداللہ بن مسعود ہیں یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ عبداللہ بن مسعود اس امر کی خبر دیتے ہیں کہ قنوت صرف اس وجہ سے تھی کہ بعض قبیلۂ عرب پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بددعا فرمایا کرتے تھے پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قنوت ترک کر دیا پس قنوت منسوخ ٹھہرا۔

اسی وجہ سے بعد رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قنوت کبھی نہیں پڑھا ماسوا اس کے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ترک قنوت نقل فرماتے ہیں اور اس کے بعد خبر دیتے ہیں کہ آیۂ پاک ''لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ'' سے قنوت فی الفجر منسوخ ہو گیا پس عبداللہ بن عمر بھی ان اصحاب سے ہیں کہ جو قنوت فی الفجر کو منسوخ کہنے والے ہیں چنانچہ ان کا بھی عمل درآمد یہی رہا ہے کہ وہ بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے اور جو قنوت پڑھتا تھا اس کو منع فرماتے تھے۔

marfat.com

منجملہ اصحاب کے حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں انھوں نے بھی یہی کہا ہے کہ قنوت سے غرض حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مشرکین پر بددعا کرنا مقصود تھی اور وہ آیۂ مذکورہ سے منسوخ ہوئی۔

یہ امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عبارت کا خلاصہ ہے جس کو علامۂ عینی نے شرح ''صحیح بخاری'' میں نقل کیا ہے اور ''عینی'' میں عبارت اس طرح ہے:

وقال الطحاوی حدثنا ابن ابی داؤد حدثنا مقدمی حدثنا ابو معشر حدثنا ابو حمزة عن ابراهیم عن علقمة عن ابن مسعود وقال قنت رسول اللّٰه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شهرا یدعو علی عصیة وذکوان فلما ظهر علیهم ترك القنوت وکان ابن مسعود لا یقنت فی صلاته ثم قال فهذا ابن مسعود یخبران قنوت رسول اللّٰه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الذی کان یقنته انما کان من اجل من کان یدعو علیه وانه قد کان ترك ذالك فصار القنوت منسوخا فلم یکن هو من بعد رسول اللّٰه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقنت وکان احد من روی

marfat.com

ایضاً عن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبداللہ بن
عمر رضی اللہ عنہ ثم اخبرھم ان اللہ عزوجل
نسخ ذالک حین انزل علی رسولہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم (لَیْسَ لَکَ مِنَ الاَمْرِشَیْءٌ اَوْیَتُوْبَ عَلَیْھِمْ
اَوْیُعَذِّبَھُمْ فَاِنَّھُمْ ظَالِمُوْنَ الآیۃ) فصار ذالک عند ابن
عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ منسوخا ایضاً فلم یکن
ھو یقنت بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم وکان ینکر علی من یقنت وکان احد من
روی عنہ القنوت عن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
عبد الرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
فاخبر نی حدیثہ بان ما کان یقنت بہ رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دعا علی من کان
یدعو علیہ وان اللہ عزوجل نسخ ذالک بقولہ
(لَیْسَ لَکَ مِنَ الاَمْرِشَیْءٌ اَوْیَتُوْبَ عَلَیْھِمْ اَوْیُعَذِّبَھُمْ
فَاِنَّھُمْ ظَالِمُوْنَ. الآیۃ) ففی ذالک ایضاً وجوب ترک
القنوت فی الفجر انتھی. فان قلت قد ثبت عن

marfat.com

ابی هریرة انه کان یقنت فی الصبح بعد النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فکیف تکون الآیة ناسخة لجملة القنوت قلت یحتمل ان ابا هریرة علم لم یکن نزول ھذہ الآیة فکان یعمل علی ماعلم فعل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم وقنوته الی ان مات لان الحجة لم تثبت عندہ بخلاف ذالك الا ترٰی الی ان عبد اللّٰہ بن عمرو عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهم لماعلمابنزول ھذہ الآیة وعلماکو نہاناسخة لما کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم یفعله ترك القنوت انتھیٰ یعنی امام طحاوی نے فرمایا کہ ''ہم سے حدیث بیان کی ابو معشر نے ان سے حدیث بیان کی ابو حمزہ نے وہ روایت کرتے ہیں ابراہیم سے وہ روایت کرتے ہیں علقمہ سے وہ روایت کرتے ہیں ابن مسعود سے وہ فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینہ قنوت پڑھی عصیہ اور ذکوان پر تو جب ان پر

marfat.com

غالب ہو گئے تو اسے ترک فرما دیا اور ابن مسعود قنوت نہیں
پڑھتے تھے اپنی نماز میں پھر فرمایا کہ ابن مسعود اس امر کی
خبر دیتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قنوت پڑھنا
مشرکین پر آپکے دعائے ہلاکت فرمانے کی وجہ سے تھا اس
کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قنوت ترک فرما دیا
پس قنوت منسوخ ٹھہرا! تو کبھی ایسا نہیں ہوا کہ حضور ﷺ
کے بعد انھوں نے قنوت پڑھی ہو اور ان میں سے ایک
عبداللہ ابن عمر ہیں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم سے روایت کی ہے پھر اس امر کی خبر دی کہ اللہ
تعالیٰ نے قنوت منسوخ فرما دیا جب حضور ﷺ پر آیہ کریمہ
"لیس لک من الامر شیٔ" نازل ہوئی تو فجر میں قنوت
پڑھنا حضرت ابن عمر سے بھی منسوخ ہوا تو رسول اللہ ﷺ
بعد کے انھوں نے کبھی قنوت نہیں پڑھی اور قنوت پڑھنے
والوں کو منع فرماتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
سے قنوت نقل کرنے والوں میں سے ایک عبدالرحمٰن ابن
ابو بکر ہیں وہ خبر دیتے ہیں کہ رسول اللہ قنوت تھے پڑھتے

مشرکین پر بد دعا کے لئے تو اللہ تعالیٰ نے اسے منسوخ فرما دیا اپنے قول "لیس لک من الامر شیٔ" سے تو اس میں بھی ترک قنوت فی الفجر کا وجوب ہے، اگر تو یہ اعتراض کرے کہ ابو ہریرہ سے ثابت ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد قنوت پڑھتے تھے تو یہ آیت کیوں کر ناسخ ہوگی؟ میں کہوں گا کہ احتمال ہے کہ حضرت ابو ہریرہ کو اس آیت کے نزول کا علم نہ ہوا ہو تو وہ عمل کرتے رہے اس پر جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے انھیں معلوم تھا اور پڑھتے رہے یہاں تک کہ وصال فرمایا اس لئے کہ حجت ان کے نزدیک ثابت نہیں بخلاف اس کے، کیا تو نہیں دیکھتا کہ عبد اللہ ابن عمر اور عبد الرحمن ابن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب اس آیت کے نزول کو جان لیا اور جان لیا کہ یہ آیت ناسخ ہے اس کی جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کرتے تھے تو انھوں نے قنوت ترک فرما دیا انتہیٰ (فاروقی)

اور اسی باب میں دوسری جگہ علامہ عینی تحریر فرماتے ہیں کہ: جس کا حاصل یہ ہے کہ ترک قنوت پر وہ روایت دلالت کرتی ہے کہ جو ابو داؤد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے انس

marfat.com

بن مالک سے نقل کی ہے کہ:

"ان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قنت شھرا ثم ترکہ"

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینہ قنوت پڑھی پھر ترک فرمایا۔ (فاروقی)

اس کے بعد تحریر فرماتے ہیں کہ یہ جملہ "ثم ترکہ" اس پر دال ہے کہ قنوت فرائض میں تھا پھر منسوخ ہوگیا۔

اس کے بعد وہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی یہ اعتراض کرے "ثم ترکہ" کا یہ مطلب ہے کہ چار نمازوں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قنوت ترک کر دیا و لیکن نماز فجر میں نہیں ترک کیا اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کلام تعصب سے بھرا ہوا ہے جس پر کوئی دلیل نہیں اس واسطے کہ "ترکہ" میں ضمیر قنوت کی طرف لوٹتی ہے جس پر لفظ "قنت" کا دلالت کرتا ہے اور وہ جمیع قنوت کو شامل ہے خواہ کسی نماز فرض میں ہو۔

اس میں سے فجر کی تخصیص بلا دلیل ہے علامہ عینی کی عبارت یہ ہے کہ:

"اعلم ان عبارۃ کلام انس یدل علی ان القنوت کان فی الصلوٰۃ المغرب والفجر ثم ترکہ ویدل علیہ ما رواہ ابو داؤد حدثنا حماد ابن سلمۃ عن انس بن سیرین عن انس بن مالک ان النبی صلی

marfat.com

اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قنت شہر اثم ترکہ انتہی و قولہ ثم ترکہ یدل علی ان القنوت کان فی الفرائض ثم نسخ فان قلت قال الخطابی معنی قولہ ثم ترکہ ای ترك الدعاء علی ھٰؤلاء القبائل المذکورۃ فی حدیث ابن عباس او ترك القنوت فی الصلوٰۃ الاربع ولم تیرکہ فی صلوۃ الفجر قلت ھذا کلام متحکم متعصب بلادلیل فان الضمیر فی ترکہ یرجع الی القنوت الذی یدل علیہ لفظ قنت وھو عام یتناول جمیع القنوت الذی کان فی الصلوٰۃ وتخصیص الفجر من بینھا بلادلیل یدل علیہ باطل انتہی **یعنی جان لو کہ کلام** انس کی عبارت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قنوت مغرب اور فجر کی نماز میں تھا پھر اسے ترک فرمادیا اور اس پر وہ حدیث دلالت کرتی ہے جس کو ابوداؤد نے روایت کیا فرماتے ہیں ہم حدیث بیان کی حماد ابن سلمہ نے وہ روایت کرتے ہیں انس ابن سیرین سے وہ روایت کرتے ہیں انس ابن

marfat.com

مالک سے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
قنوت پڑھی ایک مہینہ تک پھر اسے ترک فرمادیا: اور راوی
کا قول "ثم ترکہ" اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ قنوت فرائض
میں تھا پھر منسوخ ہوگیا تو اگر تو کہے کہ خطابی نے کہا 'ثم ترکہ'
کا معنی یہ ہے کہ ان قبائل پر بددعا فرمانا ترک کردیا جو حدیث
ابن عباس میں مذکور ہیں یا قنوت کو ترک فرمادیا چاروں
نمازوں میں اور فجر میں ترک نہیں کیا تو میں کہوں گا یہ دعویٰ
بلادلیل ہے جو تعصب سے پُر ہے اس لئے کہ "ترکہ"
کی ضمیر قنوت کی طرف راجع ہے جس پر لفظ "قنت"
دلالت کرتا ہے اور وہ عام ہے شامل ہے ان تمام قنوت کو
جو نمازوں میں تھیں اور اس میں صرف فجر کی تخصیص بلادلیل
ہے جو اس کے بطلان پر دلالت کرتی ہے۔ (فاروقی)

اب یہ دو حضرات کہ جو رئیس الاحناف میں سے ہیں وہ مطلقاً قنوت فی الفجر کو منسوخ لکھ رہے ہیں اور علامہ عینی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تو امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی نسبت یہ بھی تحریر کررہے ہیں کہ وہ بھی نسخ کے قائل ہیں اور لطف یہ کہ امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عبارت بھی نقل کردی ہے اور وہ اس میں پائی بھی گئی برخلاف صاحب

marfat.com

''کبیری'' کہ اس نے حوالہ تو دیا لیکن وہ حوالہ نہیں پایا گیا بلکہ اس کے خلاف موجود پایا اور اگر ایک آدھ فقرہ ہوتا تو بھی صبر کر لیتے لیکن امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تو پورے تین ورق میں اس کو ثابت کیا ہے کہ نماز فجر میں بھی قنوت منسوخ ہے خواہ حرب میں ہو یا غیر حرب میں یعنی نازلہ اور غیر نازلہ دونوں میں ناجائز ہے پھر بڑی ناانصافی کی بات ہے کہ حنفی ہو کر ایسے دو بزرگوار رئیس الاحناف کے قول کو نہ مانا جائے کہ جو احادیث اور آثار سے بھی کام لے رہے ہیں۔

اور ان کے اقوال کو مانا جائے کہ جو امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا حوالہ دیتے ہیں لیکن بعد تفتیش معلوم ہوتا ہے کہ وہ موجود نہیں ہے اور اگر ذرا تامّل کیا جائے تو معلوم ہو جائے گا کہ امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اتنے بڑے شخص ہیں کہ صاحب ''کبیری'' اور شامی کو اتنی جرأت نہیں ہوئی کہ اپنی رائے دیتے امام طحاوی کی طرف ان کو رجوع کرنا پڑا اور امام طحاوی نے تین ورق اسباب میں لکھ دیئے ہیں کہ قنوت ہر صورت میں منسوخ ہے۔

ان کو اعتماد تھا تو طحاوی پر اور طحاوی میں یہ عبارتیں نکلیں جو اوپر نقل کی گئیں ہیں اب منصف شخص کو کیا تامّل ہے کہ صاحب ''کبیری'' کے حوالہ کو غلط مانے اور امام طحاوی کی تحقیق پر سر تسلیم خم کرے۔

اگر اس مسئلہ کی کوئی تفصیل چاہے تو ''عینی شرح بخاری'' اور ''شرح معانی الآثار'' طحاوی کی طرف رجوع کرے حنفی المذہب اور منصف کے لئے تو ان دونوں کتابوں

marfat.com

کا مطالعہ کافی ہے لیکن لامذہب اور ہٹ دھرم کا ہمارے پاس کوئی علاج نہیں ہے. بہت سے لامذہب اس زمانہ میں ایسے بھی پیدا ہو گئے ہیں کہ اپنے کو حنفی کہتے ہیں لیکن درحقیقت امام صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مقلد نہیں ہیں فقط واللہ اعلم بالصواب.

المجیب العبد المسکین معین الدین الاجمیری کان اللہ

**الجواب:**- وقت نزول نوازل وحلول مصائب ان کے دفع کے لئے نماز فجر میں قنوت پڑھنا احادیث صحیحہ سے ثابت اور جمہور شراح محققین کے نزدیک اس کی شرعیت مستمر غیر منسوخ!

فتح القدیر میں ہے:

"مشروعیة القنوت لنازلة مستمرة لم تنسخ قال وبه جماعة من اهل الحدیث وحملوعلیه حدیث ابی جعفر عن انس رضی اللّٰه تعالیٰ عنه مازال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم یقنت حتی فارق الدنیااى عند النوازل وماذكر من اخبار الخلفاء یفید تقرره لفعلهم ذلك بعده صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم وقد قنت الصدیق فی محاربة الصحابة رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم مسیلمة

الکذاب وعند محاربة اهل الکتاب و کذلك
قنت عمرو علی رضی الله تعالیٰ عنهمافالقنوت
عند نافی النازلة ثابت و ذکرفی السراج الوهاج
قال الطحاوی ولایقنت فی الفجر عند نامن غیر
بلیة فان وقعت بلیة فلاباس به کمافعل رسول
اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم فانه قنت
شهرافیهایدعوعلی رعل وذکوان وبنی الحیان ثم
ترکه کذافی الملتقط انتہی "یعنی مصیبتوں کے وقت
قنوت پڑھنے کا جواز مستمر ہے منسوخ نہیں ہوااوراسی پر
محدثین کی ایک جماعت کا اجماع ہے اوراسی پر محمول
ہے ابوجعفر کی وہ حدیث جو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنوت
پڑھتے رہے یہاں تک کہ دنیا سے تشریف لے گئے یعنی
مصیبتوں کے نزول کے وقت اور وہ حدیث جواخبار خلفاء
میں مذکور ہے ثبوت قنوت کا افادہ کرتی ہے رسول اللہ ﷺ
کے بعداس پر عمل کرنے کی وجہ سے اور حضرت صدیق اکبر

marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسیلمہ ابن کذاب کی جنگ میں قنوت پڑھی اور کتابیوں سے جنگ کے وقت اور ایسے ہی حضرت عمر و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے قنوت پڑھی تو قنوت پڑھنا ہمارے نزدیک مصیبتوں کے نزول وقت ثابت ہے ''سراج الوہاج'' میں ہے کہ علامہ طحاوی نے فرمایا کہ ہمارے نزدیک فجر میں قنوت نہیں بغیر کسی مصیبت کے اور اگر کوئی مصیبت کا نزول ہو تو قنوت پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں جیسا کہ عمل کیا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ انھوں نے رعل وذکوان اور بنی حیان پر بد دعا کے لئے ایک مہینہ قنوت پڑھی پھر اسے ترک فرمادی ایسے ہی ملتقط میں ہے۔ (فاروقی)

غنیہ شرح منیۃ میں ہے:

''قال الحافظ ابو جعفر الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی صلاۃ الفجر من غیر بلیۃ فاذا وقعت فتنۃ او بلیۃ فلا باس بہ یعنی حافظ ابو جعفر طحاوی نے فرمایا کہ نہیں پڑھی جائے گی قنوت ہمارے نزدیک نماز صبح میں

سوائے کسی مصیبت کے تو جب کوئی فتنہ یا کوئی مصیبت نازل ہو تو قنوت پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ (فاروقی)

شرح نقایہ برجندی میں ہے:

"قال الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی صلاۃ الفجر من غیر بلیۃ فاذا وقعت فتنۃ او بلیۃ فلا باس بہ" یعنی امام طحاوی نے فرمایا کہ نہیں پڑھی جائے گی قنوت ہمارے نزدیک نماز صبح میں سوائے کسی مصیبت کے تو اگر کوئی فتنہ یا کوئی مصیبت نازل ہو تو قنوت پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (فاروقی)

بحرالرائق میں ہے:

"وفی شرح النقایۃ معزیا الی الغایۃ وان نزل بالمؤمنین نازلۃ قنت الامام الخ." یعنی شرح نقایہ میں غایہ سے ہے کہ اگر مسلمانوں پر کوئی مصیبت نازل ہو تو امام قنوت پڑھے۔ (فاروقی)

منحۃ الخالق میں بحوالہ شرح شیخ اسمٰعیل بنایہ امام عینی سے ہے:

"اذا وقعت نازلۃ قنت الامام فی الصلاۃ الجھریۃ

marfat.com

قال الطحاوی لا یقنت عند نافی صلاۃ الفجر من غیر بلیة اما اذا وقعت فلا باس به ۱۶؎“، یعنی جب کوئی مصیبت نازل ہو تو امام قنوت پڑھے جہری نمازوں میں امام طحاوی نے فرمایا کہ نہیں پڑھی جائے گی قنوت ہمارے نزدیک نماز صبح میں سوائے کسی مصیبت کے تو جب کوئی فتنہ یا کوئی مصیبت نازل ہو تو قنوت پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (فاروقی)

اسی میں ہے:

”قوله و لهما انه منسوخ قال العلامة النوح آفندی هذا علی اطلاقه مسلم فی غیر النوازل واما عند النوازل فی القنوت فی الفجر فینبغی ان یتابعه عند الکل لان القنوت فیها عند النوازل لیس بمنسوخ علی ماهو التحقیق کمامر الخ“

یعنی ان کا قول: ان دونوں کی دلیل یہ ہے کہ یہ منسوخ ہے، علامہ نوح آفندی نے فرمایا کہ اس کا اطلاق مسلم ہے غیر نوازل میں، رہا نوازل کے وقت تو قنوت فی الفجر

marfat.com

جائز ہے تمام کے نزدیک اس لئے کہ قنوت فی الفجر نوازل کے وقت منسوخ نہیں ہے اور یہی تحقیق ہے جیسا کہ گزرا۔ (فاروقی)

اشباہ والنظائر میں ہے:

"فی فتح القدیر ان مشروعیة القنوت للنازلة مستمرة لم تنسخ" یعنی فتح القدیر میں ہے کہ نازلہ کے وقت قنوت کی مشروعیت مستمر ہے منسوخ نہیں ہوئی۔ (فاروقی)

مراقی الفلاح شرح نورالایضاح میں غایہ سروجی کا کلام نقل کر کے فرمایا:

"فتکون مشروعیة مستمرة هو محمل قنوت من قنت من الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم بعد وفاته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وهو مذهبنا و علیه الجمهور وقال الامام ابو جعفر الطحاوی رحمه الله تعالیٰ الخ" یعنی قنوت اس کی مشروعیت مستمر ہوئی قنوت کا محمل وہی ہے جس کو پڑھا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد اور یہی ہمارا مذہب ہے اور اسی پر جمہور ہیں اور امام ابو جعفر

طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی یہی کہا۔ (فاروقی)

درمختار میں ہے:

"لایقنت لغیرہ الاالنازلة" قنوت نہیں پڑھی جائے گی سوائے وتر کے مگر نازلہ کے وقت۔ (فاروقی)

طحطاوی حاشیۂ دُر میں ہے:

"قال العلامة نوح آفندی بعد کلام قدمه فعلی هذا لایکون القنوت فی صلاة الفجر عندو قوع النوازل منسوخا بل یکون امرامستمراثابت اویدل علیه قنوت من قنت من الصحابة بعده صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فیکون المراد بالنسخ نسخ عموم الحکم لا نسخ نفس الحکم قال فی الملتقط قال الطحاوی الخ (ثم قال) قال بعض الفضلاء هو مذهبنا و علیه الجمهور" یعنی علامہ نوح آفندی نے فرمایا بعد اس کلام کے جو گزرا تو اس بنا پر قنوت نماز فجر میں نوازل کے وقوع کے وقت منسوخ نہ ہوگا بلکہ امر مستمر اور ثابت ہے یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

marfat.com

علیہ وسلم کے بعد قنوت پڑھنا اس پر دلالت کرتا ہے تو نسخ سے مراد عموم حکم کا نسخ ہے نہ کہ نفس حکم کا نسخ اس کو ملتقط میں طحاوی سے ذکر کیا پھر کہا کہ بعض فضلاء نے فرمایا کہ یہی ہمارا مذہب ہے اور اسی پر جمہور ہیں۔ (فاروقی)

**اقول** امام طحاوی کی تصنیف صرف ایک ''شرح معانی الآثار'' ہی نہیں بلکہ یہ کتاب وہ ہے جس میں وہ ذکر احادیث فرماتے اور مجتہدانہ بحث کرتے ہیں اس کے علاوہ ان کی اور کتابیں بھی ہیں ازاں جملہ مختصر طحاوی ہے جس میں انھوں نے نقل مذہب حنفی کیا اور وہ متون مذہب سے ایک متن ہے تو ''شرح معانی الآثار'' کی جو عبارت مجیب نے نقل کی اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ علماء نے جو ان سے جواز قنوت فی الفجر نقل فرمایا وہ نقل غلط ہے ان اکابر نے ''شرح معانی الآثار'' کا کام نہ لیا بلکہ ''قال الطحاوی'' فرمایا تو کیوں کر جان لیا گیا کہ اکابر نے ''شرح معانی الآثار'' سے ہی اسے نقل کیا، نہ ان کی اور کتب مثلاً ''مختصر'' سے جو نقل مذہب کے لئے ہے یہ مجیب کی ہمت و جرأت ہے کہ اتنی سی نظر و علم پر علامہ محقق ابرہیم حلبی صاحب ''کبیری'' کے حوالہ کی تغلیط کردی۔

حالانکہ وہ اس نقل میں متفرد نہیں بلکہ امام طحاوی سے یہ ناقل امام ناصر الدین محمد بن یوسف سمرقندی متوفی ۵۵۶ھ میں ملتقط اور ان سے ''سراج الوہاج'' اور اس سے علامہ برجندی نے ''شرح نقایہ'' اور محقق زین بن نجیم مصری نے ''اشباہ والنظائر'' میں نیز بحوالہ

marfat.com

''ملتقط'' علامہ نوح آفندی اور ان سے علامہ سید طحطاوی نیز امام طحاوی سے امام محمود عینی نے ''بنایہ'' اور علامہ شرنبلالی نے ''مراقی الفلاح'' اور علامہ سید ابوالسعو داز ہری نے ''فتح اللہ المعین'' میں اور ان کے سوا اور اکابر نے نقل فرمایا، صرف ایک کتاب دیکھ کر اتنے اکابر علماء کے نقول کو غلط و باطل ٹھہرا دینا کس قدر عقل کے خلاف ہے اور یہیں سے ''شرح صحیح بخاری'' میں عبارت امام عینی سے استدلال کا جواب واضح ہو گیا۔

شروح حدیث اور چیز ہیں اور کتب فقہ اور علماء نے تصریح فرمائی ہے کہ شروح حدیث میں جو بات کتب فقہ کے مخالف ہو وہ مذہب نہیں، مذہب وہ ہے جو کتب فقہ میں ہے امام طحاوی و امام عینی دونوں اکابر نے کتب فقہ میں یہی لکھا کہ نازلہ میں قنوت جائز ہے اور اکابر اجلہ محققین شراح نے اس پر اتفاق کیا تو حنفی کو چاہیے کہ امام طحاوی و امام عینی و جماہیر شراح محققین ہی کی تحقیق پر سر تسلیم خم کرے اور یہاں سے اس کی بھی کیسی پوری نظیر واضح ہو گئی دیکھو یہی امام عینی کہ کتاب شرح حدیث میں وہ کچھ لکھ آئے جو مجیب نے نقل کیا اور کتاب فقہ میں صاف صاف اس کا جواز لکھا۔

یونہی اگر امام طحاوی نے ''شرح معانی الآثار'' میں وہ لکھا اور ''مختصر فقہ'' میں حکم جواز دیا کیا مستبعد ہے اور کیوں کر اس بنا پر ان تمام اکابر علماء کی نقول کی تکذیب ہو سکتی ہے طرفہ یہ کہ یہی امام عینی جو کتاب شرح حدیث میں امام طحاوی سے عدم جواز کے ناقل وہی امام عینی انھیں امام طحاوی سے کتاب فقہ میں جواز کے ناقل۔

marfat.com

تو کھل گیا کہ وہ ایک بحث حدیثی ہے اور یہ مذہب فقہی مجیب صاحب شاید امام عینی کی تکذیب کرتے تو ڈریں گے جن کی خود اتنی تعریف لکھ چکے اور فرما آئے ہیں کہ ان کے حوالہ کو تمام فقہائے احناف مانتے چلے آئے ہیں۔

یہ معلوم تھا کہ وہی عینی کتاب فقہ میں تصریح جواز فرما رہے ہیں اور نہ خود بلکہ انھیں امام طحاوی سے نقل فرماتے ہیں تو اب کیوں کر سرتابی کیجئے گا کہ ان کا حوالہ تو تمام فقہائے احناف مانتے چلے آئے ہیں۔

باقی اس مسئلہ کی تفصیل تام سیدی واستاذی ومرجعی وملاذی اعلیٰ حضرت مولانا مولوی محمد احمد رضا خاں صاحب قبلہ مدظلہم الاقدس کے صاحبزادۂ والا جاہ جناب مولٰینا مولوی محمد حامد رضا خاں صاحب کے رسالہ " اجتناب العمال عن فتاوی الجہال " میں ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

عبید النبی نواب مرزا عفی عنہ

کتبہ

بجاہ المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

# رسالہ
# اجتناب العمال
# عن
# فتاوی الجہال

marfat.com

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ

مسئلہ: از شہر دمن عملداری پرتگیز مرسلہ ضیاء الدین صاحب ۲۶ / جمادی الاخریٰ ۱۳۱۶ھ

زید وہابی نے اوّل چند رسائل عقائد وہابیت و گستاخیٔ شان معظمان دین پر مشتمل طبع کیے جس پر علمائے بمبئی وغیرہ نے ۱۳۱۳ھ میں اس کی وہابیت پر فتوی دیا اس نے باصرار جماعت اہل سنت مجبور ہو کر اپنے تحفظ کے لئے ربیع الاول ۱۳۱۴ھ میں ایک پرچہ باظہار توبہ چھاپ کر شائع کر دیا، جب اہل سنت اس کی طرف سے مطمئن ہو گئے تو اس نے اپنے اسی زمانہ سابق وہابیت کے تحریرات میں سے ایک تحریر حال کی بتا کر ظاہر کی جس کا تاریخی نام ''ضروری سوال'' لکھا ہے جس سے وہی ۱۳۱۳ھ پیدا ہے اگرچہ آخر میں ۱۳۱۵ھ لکھ دیا ہے اس تحریر پر وہ طالب مباحثہ ہے اور چند شرائط بحث لکھے ہیں وہ تحریر خاص اس کے قلم کی لکھی ہوئی مع توبہ نامہ و شرائط مباحثہ حضرات علمائے اہل سنت کے ملاحظے میں حاضر کر کے چند امور کا استفسار ہے!

(۱)......اس تحریر میں جو حکم اس نے قرار دیا کہ نماز فجر میں قنوت پڑھنا وقت فتنہ و فساد و غلبہ کفار جائز و باقی و غیر منسوخ ہے اور باقی کسی سختی مثل طاعون و وبا وغیرہ کے وقت جائز نہیں، یہ حکم تفصیلی ہمارے ائمہ کا ہے یا اس شخص کا اپنا اختراع ہے؟

(۲)...... طاعون یا وباء کیلئے قنوت ماننے کو کذب و بہتان بتانا علمائے کرام و فقہائے اعلام کی شان میں گستاخی ہے یا نہیں؟

marfat.com

(۳)......اس تحریر کے مضامین والفاظ وطرز بیان واملا وانشا سے اس شخص کا بے علم و جاہل اور منصب فتوی کے نا قابل ہونا ظاہر ہے یا نہیں؟

(۴)......اگر ظاہر ہے تو نا اہل کو مفتی بننا حلال ہے یا حرام اور اس کے کسی فتوے پر عوام کو اعتماد چاہیے یا نہیں؟

(۵)......اس نے اس تحریر میں جو سندیں تقریریں لکھی ہیں اگر ان سے اس کا مطلب ثابت نہیں تو آیا یہ امر صرف اس کی جہالت و بے علمی سے ہے یا کہیں بد دیانتی اور عوام کو فریب دہی بھی پیدا ہوتی ہے؟

(۶)......جو اس تحریر ضروری سوال کو صحیح و درست بتائے وہ جاہل و نافہم ہے یا نہیں؟

(۷)......شرائط مباحثہ جو اس نے لکھے ہیں وہ اس کے اگلے اشتہار توبہ کے خلاف ہیں یا نہیں؟ اور ان سے اس کی قدیم وہابیت کی بو پیدا ہوتی ہے یا نہیں بینوا توجرا۔

**الجواب اللھم لک الحمد**:۔ تحریرات مذکورہ نظر سے گذریں ''ضروری سوال'' میں جو حکم اختیار کیا ہے محض خلاف تحقیق ہے ہمارے ائمۂ کرام کی تصریحات کتب متون دیکھئے تو عموماً یہ ارشاد ہے کہ غیر وتر میں قنوت نہیں ان میں وقت غلبۂ کفار کا بھی کہیں استثنا نہیں اور اگر تحقیقات جمہور شارحین کرام پر نظر ڈالیے تو مطلقا نازلہ کے لئے قنوت لکھتے ہیں خاص فتنہ و غلبۂ کفار کی ہرگز قید نہیں لگاتے۔

''غنیہ شرح منیہ'' میں ہے:

marfat.com

''قال الحافظ ابو جعفر الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی صلاۃ الفجر من غیر بلیۃ فاذا وقعت فتنۃ او بلیۃ فلا باس بہ یعنی امام ابوجعفر طحاوی نے فرمایا نماز فجر میں ہمارے یہاں قنوت نہ ہونا اس وقت ہے کہ کوئی بلا و مصیبت نہ ہو جب کوئی فتنہ یا کسی قسم کی بلا واقع ہو تو نماز صبح میں قنوت پڑھنا کچھ مضائقہ نہیں''

''شرح نقایہ برجندی'' میں ہے:

''فی الملتقط قال الطحاوی فذکر نحوہ یعنی امام ناصر الدین محمد سمرقندی نے ''ملتقط'' میں امام طحاوی کا قول مذکور نقل فرمایا''

''بحرالرائق'' میں ہے:

''وفی شرح النقایۃ معزیاالی الغایۃ وان نزل بالمسلمین نازلۃ قنت الامام الخ یعنی علامہ شمنی نے شرح نقایہ میں بحوالہ غایہ امام سروجی بیان کیا کہ اگر مسلمانوں پر (معاذ اللہ) کوئی سختی آئے تو امام قنوت پڑھے''

''منحۃ الخالق'' میں ہے:

marfat.com

''کذا فی شرح الشیخ اسمٰعیل لکنه عزاه الی غایة البیان و لم اجد المسئلة فیها فعله اشتبه علیه غایة السروجی بغایة البیان لکنه نقل عن البنایة مانصه اذاوقعت نازلة قنت الامام فی الصلاة الجهریة وقال الطحاوی لا یقنت عندنا فی صلوٰة الفجر فمن غیر بلیة اما اذا وقعت فلا باس به **یعنی اسی طرح یہ مسئلہ شرح شیخ اسمٰعیل ''للدرر والغرر'' میں ہے انہوں نے اسے غایۃ البیان علامہ اتقانی کی طرف نسبت کیا مگر مجھے ''غایۃ البیان'' میں نہ ملا شاید ''غایہ سروجی'' سے اشتباہ ہوا۔**

**اورانہوں نے بنایہ امام عینی سے نقل کیا کہ جب کوئی سختی واقع ہوا امام قنوت پڑھے اورامام طحاوی کا وہی ارشاد ذکر فرمایا''**

**اسی میں ہے:**

"قوله و لهما انه منسوخ قال العلامة نوح آفندی هذا علی اطلاقه مسلم فی غیر النوازل واما عند النوازل فی القنوت فی الفجر فینبغی ان یتابعه عند الکل لان القنوت فیها عند النوازل لیس بمنسوخ علی ماهو التحقیق کما مر الخ **یعنی علامہ نوح آفندی نے فرمایا جب**

marfat.com

حنفی کسی شافعی کے پیچھے نماز فجر پڑھے تو بغیر کسی نازلہ کے قنوت میں اس کا اتباع نہ کرے کہ وہ ہمارے نزدیک منسوخ ہے اور بلاؤں کے وقت صبح میں ہمارے سب اماموں کے طور پر مقتدی کو باتباع امام قنوت پڑھنا چاہئے کہ تحقیق یہی ہے کہ سختیوں کے وقت نماز صبح میں قنوت منسوخ نہیں"

''اشباہ والنظائر'' میں ہے:

"فی فتح القدیر ان مشروعیة القنوت للنازلة مستمرة لم تنسخ یعنی فتح القدیر میں ہے کہ دفع سختی کی لئے قنوت پڑھنے کی شرعاً اجازت برابر چلی آئی ہے منسوخ نہ ہوئی"

اسی میں ہے:

"ذکر فی السراج الوھاج قال الطحاوی الخ یعنی 'سراج وہاج' میں امام طحاوی کا وہ ارشاد ذکر کیا کہ کوئی بلا آئے تو قنوت فجر میں حرج نہیں"

''مراقی الفلاح شرح نورالایضاح'' میں غایہ سروجی کا کلام نقل کرکے مثل علامہ ابراہیم حلبی شارح ''منیہ'' نے فرمایا:

" فتکون مشروعیته مستمرة وھو محمل قنوت من قنت من الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنھم بعد و فاته

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھو مذھبنا وعلیہ الجمھور وقال الامام ابو جعفر الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ الخ یعنی تو سختیوں کے وقت قنوت کا مشروع ہونا باقی ہے اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بعد وفات اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو قنوت پڑھی اس کا موقع یہی ہے یعنی سختی کے وقت پڑھتے تھے ہمارا اور جمہور ائمہ کا یہی مذہب ہے ''امام طحاوی'' فرماتے ہیں کوئی فتنہ یا بلا ہو تو قنوت میں مضائقہ نہیں''

''حاشیہ مراقی للسید الطحطاوی'' میں ہے:

" قولہ وھو محمل الخ ای حصول نازلۃ قولہ وھو مذھبنا ای القنوت للحادثۃ" یعنی کسی سختی کے وقت ''قنوت'' پڑھنا ہمارا مذہب ہے۔ (فاروقی)

''درمختار'' میں ہے:

" لا یقنت لغیرہ الا النازلۃ یعنی وتر کے سوا کسی نماز میں قنوت نہ پڑھے مگر کسی سختی کے لئے"

''فتح اللہ المعین'' حاشیہ کنز للعلامۃ السید ابی السعود الازہری میں امام طحاوی کا ارشاد مذکور کہ ''کسی بلا کے وقت قنوت فجر میں حرج نہیں'' نقل کر کے فرمایا:

"وظاهره انه لو قنت فی الفجر لبلية انه يقنت قبل الركوع حموی یعنی علامہ سید احمد حموی نے فرمایا امام طحاوی کے اس ارشاد سے ظاہر یہ ہے کہ اگر کسی بلا کے سبب نماز فجر میں قنوت پڑھے تو رکوع سے پہلے پڑھے"

"طحطاوی حاشیہ در" میں ہے:

"قال العلامة نوح بعد كلام قد مه فعلى هذالايكون القنوت فی صلاة الفجر عند وقوع النوازل منسوخا بل يكون امرا مستمرا ثابتا و يدل عليه قنوت من قنت من الصحابة بعده صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم فيكون المراد بالنسخ نسخ عموم الحكم لا نسخ نفس الحكم قال فی الملتقط قال الطحاوی الخ (ثم قال) قال بعض الفضلاء هو مذهبنا وعليه الجمهور یعنی علامہ نوح نے ایک کلام ذکر کر کے فرمایا تو اس تقدیر پر بلائیں اترتے وقت نماز فجر میں قنوت منسوخ نہ ہوگی بلکہ باقی و ثابت ہوگی اور اس کی دلیل صحابہ کا بعد نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قنوت پڑھنا ہے تو ہمارے علما جو قنوت فجر کو منسوخ بتاتے ہیں

marfat.com

اس کی مراد یہ ہے کہ سختی وغیر سختی ہر صورت میں قنوت کا عموم منسوخ ہوگیا نہ یہ کہ قنوت رہا ہی نہیں "ملتقط" میں ہے امام طحاوی نے فرمایا کوئی فتنہ یا بلا ہو تو فجر میں قنوت پڑھ سکتے ہیں بعض علماء نے فرمایا یہ ہمارا اور جمہور کا مذہب ہے"

"ردالمحتار" میں عبارات "بحر و شرنبلالی[1] و شرح شیخ اسمعیل و بنایہ و اشباہ و غایہ و غنیہ" ذکر کے فرمایا:

" قنوت النازلة عندنا مختص بصلاة الفجر سختی کے لیے قنوت ہمارے نزدیک نماز فجر سے خاص ہے"

"مرقاۃ شرح مشکوٰۃ شریف" میں ہے:

"قال الخطابی فیه دلیل علی جواز القنوت فی غیر الوتر قلت لکن یقید بما اذا نزلت نازلة و حینئذلا خلاف فیه یعنی نماز فرض میں قنوت خاص اس صورت میں ہے جب کوئی سختی اترے اور اس وقت اس میں خلاف نہیں"

میں یہاں مسئلہ قنوت نوازل اور اس کے اجماعی یا خلافی ہونے کی بحث میں نہیں۔

---

[1] عدل عن قول الشامی الشرنبلالیة الیٰ ھذا الانھافی اصطلاح الدرو حواشیه تطلق علی غنیة ذوی الاحکام حاشیة الشرنبلالی علی الدرر و الغرر و لم اره فیھانعم ذکره الشرنبلالی فی شرح منیة نورالایضاح ۱۲ منه

| | |
|---|---|
| وقد تقدم عن الشرنبلالی والحلبی ونوح آفندی و الطحطاوی نسبته الی الجمهور المشعرة بحصول خلاف و افاد الامام ابن الھمام فی الفتح و تبعه الحلبی فی الغنیة ان قنوت النوازل امر مجتھد فیه و ذکر کلا النظرین. | پہلے کلام علامہ شرنبلالی وحلبی اورنوح آفندی و علامہ طحطاوی سے جمہور کی نسبت گزرا جو اختلاف کی طرف مشعر ہے، امام ابن ہمام نے ''فتح'' میں افادہ فرمایا اور حلبی نے ان کی اتباع کرتے ہوئے ''غنیہ'' میں کہا کہ قنوت نازلہ اجتہادی معاملہ ہے اور دونوں کے دلائل ذکر کئے گئے۔ (فاروقی) |

کلام اس میں ہے کہ:

اولاً:- ان سب عبارات میں نازلہ بلیہ حادثہ سب لفظ مطلق ہیں کسی میں فتنہ و غلبۂ کفار کی تخصیص نہیں نا: لہ ہر سختی زمانہ کو کہتے ہیں جو لوگوں پر نازل ہو۔

''اشباہ'' میں ہے:

"قال فی المصباح النازلة المصیبة الشدیدة تنزل بالناس انتھی وفی القاموس النازلة الشدیدة انتھی و فی الصحاح النازلة الشدیدة من شدائد الدھر تنزل بالناس انتھی" ''یعنی مصباح میں کہا کہ ''نازلہ'' وہ مصیبت شدیدہ ہے

جولوگوں پرنازل ہوتی ہے اور قاموس میں فرمایا کہ ''نازلہ'' ہر سختی ہے اور صحاح میں فرمایا کہ ''نازلہ'' زمانے کی سختیوں میں سے ایک سختی ہے جولوگوں پرنازل ہوتی ہے۔ (فاروقی)

خود مصنف ''ضروری سوال'' کو اقرار ہے کہ:

''عندالنازلہ کی قید سے ہر سختی سمجھی جاتی ہے''

بایں ہمہ برخلاف اطلاقات علماء اپنی طرف سے خاص فتنہ وفساد و غلبۂ کفار کی قید لگانا اور کہنا کہ ''ہر ایک نازلہ نہیں'' کلام علماء میں تصرف بیجا ہے۔

ثانیاً:- میں اطلاق سے احتجاج کرتا ہوں کلمات علما میں صاف تعمیم موجود ہے عامہ عبارات مذکورہ دیکھئے لفظ ''نازلہ'' یا ''بلیہ'' نکرہ موضع شرط میں واقع ہوا کہ گر کوئی سختی یا کسی قسم کی بلا آئے تو نماز فجر میں قنوت پڑھے یہ صراحۃً ہر مصیبت ناس کو عام ہے: لما نصوا علیه ان النکرة فی حیز الشرط تعم تو زید کا ان کے معنی میں وہ حکم لگا دینا کلمات علماء کا بگاڑنا بدلنا ہے۔

ثالثاً:- ابن حبان نے اپنی صحیح مسمّٰی ''بالتقاسیم والانواع'' میں بطریق ابراہیم بن سعد عن الزہری عن سعید وابی سلمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی:

''قال کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا یقنت فی صلاة الصبح الاان یدعو لقوم او علی قوم

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح میں قنوت نہ پڑھتے

marfat.com

مگر جب کسی قوم کے لئے ان کے فائدے کی دعا فرماتے یا
کسی قوم پر ان کے نقصان کی دعا کرتے''

''فتح القدیر وغنیہ ومرقاۃ شرح مشکوۃ'' میں فرمایا:

"وهو سند صحیح یہ سند صحیح ہے"

خطیب بغدادی نے ''کتاب القنوت'' میں بطریق محمد بن عبداللہ الانصاری حدثنا سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی:

"ان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم کان لا یقنت الا اذا دعا لقوم او دعا علی قوم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنوت نہ پڑھتے مگر جب کسی قوم کے لئے یا کسی قوم پر دعا فرمانی ہوتی''

کتب ثلثہ مذکورہ میں ہے:

"هذا سند صحیح قاله صاحب تنقیح التحقیق یہ سند صحیح ہے، صاحب تنقیح التحقیق نے اس کی تصریح کی''

امام زیلعی ''نصب الرایہ'' میں یہ دونوں حدیثیں ذکر کر کے فرماتے ہیں:

"قال صاحب التنقیح وسند هذین الحدیثین صحیح وهما نص فی ان القنوت مختص بالنازلة یعنی صاحب تنقیح نے کہا ان دونوں حدیثوں کی سند صحیح ہے اور ان میں

صاف تصریح ہے کہ قنوت وقت مصیبت کے ساتھ خاص ہے"

یہ دونوں حدیثیں بھی مطلق ہیں ان میں کوئی تخصیص فتنہ وغلبۂ کفار کی نہیں اور شک نہیں کہ مثلاً رفع طاعون دفع وباز وال قحط کے لئے دعا بھی "دعالقوم" کے اطلاق میں داخل کہ یہ بھی مسلمانوں کے لئے دعائے نفع ہے تو صحیح حدیثوں سے اس کا جواز ثابت ہوا۔

فان اعتل بحمل المطلق علی المقید قلنا لیس ھذا محله فان ذکر واقعة عین داخلة فی اجمال بیان لا یحصره فیھا عند احد علی انه انما ھو مسلک الشافعیة وانت تظھر من نفسک الاعتماد علی مذھب الحنفیة و قد انبأت فی غضون کلامک انک ھھنا بصدد اثبات مذھبھم و صرحت فی آخر الرسالة انھا علی

اگر کوئی یہ علت بیان کرے کہ مطلق کومقید پر محمول کیا گیا ہے تو ہم کہیں گے: یہ اس حمل کا محل ہے ہی نہیں اگر کوئی مخصوص واقعہ ایسا ذکر کرے جو بیان اجمال میں داخل ہو تو اس بات کا حصر مخصوص واقعہ میں کسی کے یہاں درست نہیں، علاوہ ازیں یہ تو شوافع کا مسلک ہے حالانکہ آپ مذہب حنفیہ پر اپنے اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں، آپ کی یہ گفتگو اس امر کی غمازی کررہی ہے کہ آپ ان کا مذہب ثابت کرنے کی کوشش میں ہیں اور آخر رسالہ میں آپ نے یہ واضح بھی کردیا ہے کہ "یہ رسالہ

marfat.com

| | |
|---|---|
| اصــول مــذهـب امـامـنـا | ہمارے امام ابوحنیفہ نعمان رضی اللہ تعالیٰ |
| الاعـظـم ابو حنيفة النعمان | عنہ کے اوران کے مقلدین کے اصولوں |
| رضـی الـلّٰـه عـنـه وعـن | پر ہے''اویہ آپ کے اپنے الفاظ ہیں |
| مـقـلـديهم او بلفظک مع | حالانکہ صحیح مسئلہ اصول میں ہمارا قول |
| ان الـصـحـيح فی المسألة | ہے ہمارے ائمۂ کرام نے اس پر |
| الاصـولـية قـولـنـا فقد اقام | ایسے دلائل قائم فرمائے ہیں کہ کوئی |
| ائـمتنا عليها براهين لاقبل | ان پر قیل وقال نہیں کرسکتا، پس الزام |
| لاحـد بهـا فيتم الالـزام | تام ہوااوراس کے بعداس میں کسی |
| ولايبقى لاحد مجال كلام. | کوکلام کی مجال نہیں ۔ (فاروقی) |

رابعاً:- ''مرقاۃ شرح مشکوۃ''میں ہے:

''قـال ابـن حجر اخذ منه الشافعی انه يسن القنوت
فی اخيرة سائرالمكتوبات للنازلة التی تنزل بالمسلمين
عـامة كـوبـاء و قـحـط و طاعون او خاصة ببعضهم
كـاسـر الـعـالـم او الـشـجـاع ممن تعدی نفعه وقول
الـطـحـاوی لم يقل به فيها غير الشافعی غلط منه بل
قنت علی رضی الله تعالیٰ عنه فی المغرب بصفين اه
و نسبة هذا القول الی الـطحاوی علی هذا المنوال

غلط اذ أطبق علماء نا علی جواز القنوت عند النازلة"

یعنی علامہ ابن حجر مکی نے فرمایا کہ انکی حدیث سے حضرت امام شافعی نے یہ مسئلہ اخذ کیا کہ قنوت مسنون ہے تمام فرض نمازوں کی آخری رکعت میں، جب عام مصیبت کے مسلمانوں پر نازل ہو جیسے وباء، قحط اور طاعون یا کوئی خاص مصیبت جو ان میں سے بعض لوگوں پر نازل ہو مثلاً کسی عالم کا یا بہادر (جنگجو) کا گرفتار کیا جانا، جن سے دوسروں کو فائدہ پہنچتا ہے، اور امام طحاوی کا قول کہ اسے کسی غیر شافعی نے نہیں کہا یہ ان کی طرف سے غلطی ہے بلکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (جنگ) صفین کے موقع پر نماز مغرب میں قنوت پڑھی اور اس قول کی نسبت امام طحاوی کی طرف اس طور پر غلط ہے کہ قنوت عند النازلہ کے جواز پر ہمارے علماء متفق ہیں۔ (فاروقی)

اسی میں ہے:

"قال الامام النووی القنوت مسنون فی صلاۃ الصبح دائما واما فی غیرھا ففیه ثلثة اقوال و الصحیح المشھور انه اذا نزلت نازلة کعدو او قحط

او وبـاء او عطش او ضرر ظاهر فی المسلمین و نحو ذلك قنتوا فی جمیع الصلوات المکتوبة والافلا ذکره الطیبی و فیه ان مسنونیته فی الصبح غیر مستفادة من هذا الحدیث" یعنی حضرت امام نووی نے فرمایا کہ قنوت پڑھنا ہمیشہ مسنون ہے نماز صبح میں اور رہی بات فجر کے علاوہ نمازوں کی تو اس میں تین اقوال ہیں اور صحیح مشہور یہ ہے کہ جب کوئی سختی نازل ہو جیسے دشمن کا غلبہ یا قحط یا وباء یا تشنگی یا مسلمانوں کو کوئی (جانی یا مالی) مضرت ہو اور ایسی ہی دوسری مصیبتیں تو قنوت پڑھی جائے گی تمام فرض نمازوں میں اور اگر مذکورہ صورتیں نہیں تو جائز نہیں، اسے علامہ طیبی نے ذکر کیا اور اسی میں ہے کہ قنوت کی مسنونیت صلاۃ صبح میں اس حدیث سے مستفاد نہیں۔ (فاروقی)

دیکھو مولانا علی قاری نے امام ابن حجر مکی سے تصریح صریح نقل فرمائی کہ جس نازلہ کے لیے قنوت پڑھی جاتی ہے وہ وباء قحط و طاعون وغیرہا سب کو شامل ہے اور امام طیبی سے انہوں نے امام اجل ابوزکریا نووی سے نقل کیا کہ نازلہ میں قحط و وباء و تشنگی وغیرہا سب داخل ہیں اور ان اقوال کو مسلم و مقرر رکھا اور بعض بیان کے خلاف مذہب سمجھے ان پر اعتراض کر دیا اسے برقرار رکھا بلکہ نازلہ کے معنیٔ مذکور نقل کر کے صاف

marfat.com

فرمادیا کہ امام طحاوی کی طرف قنوت نازلہ کا انکار اس طرح نسبت کردینا ٹھیک نہیں کہ اس کے جواز پر تو ہمارے علماء کا اتفاق ہے۔

اس سے صاف مفہوم کہ وہی نازلہ جس کے معنی ابھی بیان ہو چکے کہ قحط وباء و طاعون سب اس میں داخل ہیں اسی کے لئے ہمارے علماء جواز قنوت کے قائل ہیں۔

خامساً: کیوں راہ دور سے نشان معنی مقصود دیجئے کلمات علماء سے صاف صریح تصریحیں لیجئے۔

اسی ''مرقاۃ شریف'' میں ہے:

''قال ابن الملك وهذا يدل على ان القنوت فى الفرض ليس فى جميع الاوقات بل اذا نزلت بالمسلمين نازلة من قحط وغلبة عدو وغيره ذلك یعنی علامہ ابن فرشتہ نے فرمایا اس حدیث سے ثابت ہے کہ فرض میں قنوت ہمیشہ نہیں بلکہ خاص اس وقت ہے جب معاذ اللہ مسلمانوں پر کوئی سختی آئے جیسے قحط اور دشمن کا غلبہ وغیرہ''

علامہ زین العابدین بن ابراہیم بن محمد مصری نے ''کتاب الاشباہ'' میں ''غایہ و شمنی و فتح'' کے عبارات کہ ''نوازل میں قنوت روا ہے'' نقل کر کے فرمایا:

''فالقنوت عندنا فى النازلة ثابت وهو الدعاء برفعها ولا شك ان الطاعون من اشد النوازل یعنی ان عبارات

علماء سے ثابت ہوا کہ ہمارے نزدیک بلا کے وقت قنوت
پڑھنا ثابت ہے اور وہ یہی ہے کہ اس بلا کے دفع کی دعا کی
جائے اور شک نہیں کہ طاعون سخت تر بلاؤں میں سے ہے''

اسی طرح علامہ سید احمد مصری نے حاشیہ ''نور الایضاح'' اور علامہ سید محمد دمشقی نے حاشیہ ''شرح تنویر'' میں دفع طاعون کے لیے قنوت پڑھنے کی تصریح فرمائی اور انہیں بحر محقق صاحب ''بحر'' کا حوالہ دیا اول کی عبارت انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب آتی ہے اور ثانی نے زیر قول شارح مدقق نے ''**لایقنت لغیرہ الالنازلة**'' فرمایا:

''قال فی الصحاح النازلة الشدیدة من شدائد الدهر ولا شك ان الطاعون من اشد النوازل''اشباہ

یعنی صحاح میں فرمایا کہ ''نازلہ'' زمانے کی سختیوں میں سے ایک سختی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ طاعون شدید تر بلاؤں میں سے ہے۔ (فاروقی)

**تنبیہ**:- ان بیانوں سے چند امر روشن ہوئے!

**اوّل**:- یہ کہ طاعون و وبا اور ان کے مثل ہر بلیہ عامہ کے لئے قنوت صحیح حدیثوں کے اطلاقات سے ثابت ہے تو زید یعنی مصنف ''ضروری سوال'' کا قنوت نوازل کو جائز و ثابت مان کر اسے بعض نازلہ سے خاص کرنا اور باقی کی نسبت کہنا کہ:

marfat.com

''جب تک شریعت میں کسی کام کی اصل نہ ملے وہ
کام یا تو بدعت ہوگا یا گناہ؟''

محض بے معنی ہے کیا اطلاق احادیث اس شخص کے نزدیک کوئی اصل شرعی نہیں کہ اس کے حکم کو بے اصل و گناہ مانتا ہے؟۔

دوم:۔ قنوت طاعون و وبا کو نہ صرف اطلاقات کلام علما بلکہ ان کی صاف تعمیمیں شامل جن میں خود امام اجل ابو جعفر طحاوی بھی داخل تو اس کی نسبت زید کا ادعا کہ:

''نہ اقوال خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم سے ثابت اور نہ ہمارے
امام صاحب کے توابعین[1] کے اقوال سے وہ ایک زائد بات ہے''

صریح نافہمی ہے۔

سوم:۔ اطلاق و عموم سے استدلال نہ کوئی قیاس ہے نہ مجتہد سے خاص:

كما بينه خاتمة المحققين سيدنا الجد قدس سره الامجد فى كتابه المستطاب "اصول الرشاد لقمع مبانى الفساد"

جیسا کہ ہمارے جد امجد خاتم المحققین قدس سرہ نے اپنی کتاب مبارک ''اصول الرشاد لقمع مبانی الفساد'' میں بیان فرمایا۔ (فاروقی)

---

[1] آج تک جمع سالم مذکر یہ مؤنث سنی تھی یہ مصنف ''ضروری سوال'' کی جمع مخنث ہے اول تو منتہی الجموع کی پھر جمع مذکر سالم بنائی دوسرے تابع وصف مذکر عاقل کو توابع پر جمع کیا حالانکہ صفت ذوی العقول میں وہ جمع تابعۃ مؤنث کی ہے جیسے ضوارب جمع ضاربۃ پھر اس جمع مؤنث کو یا و نون سے جمع بنا کر مذکر بنایا تذکیر و تانیث جمع فرما کر جمع مخنث کا رنگ جمایا زہے ملائی ۱۲ محمد ضیاء الدین المکنی بابی المسکین۔

marfat.com

مثلاً اس اخیر زمانۂ فتن میں طرح طرح کے نشے قسم قسم کے باجے ایسے پیدا ہوئے جن کی حرمت کا ذکر نہ قرآن مجید میں ہے نہ حدیث شریف میں نہ اقوال ائمہ میں مگرانہیں حرام ہی کہا جائے گا کہ وہ:

"کل مسکر حرام" یعنی ہر نشہ آور شئے حرام ہے۔ (فاروقی)

کے عموم اور حدیث:

"یستحلون الحر والحریر والخمر و المعازف" یعنی وہ لوگ ریشم، شراب اور مزامیر کو حلال سمجھیں گے (فاروقی)

وآیۂ کریمہ

"وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ" اور کچھ لوگ کھیل کی باتیں خریدتیں ہیں۔ (کنزالایمان)

کے شمول واطلاق میں داخل!

اب اگر کوئی جاہل کہہ اٹھے کہ یہ تو تم قیاس کرتے ہو احادیث میں کہیں تصریح نہیں پائی جاتی نہ ہمارے امام صاحب کے تابعین سے ہمارا تمہارا قیاس مسائل فقہیہ دینیہ میں بیکار ہے تو اس سے یہی کہنا چاہیئے کہ اے ذی ہوش یہ قیاس نہیں بلکہ جب ایک حکم مطلق یا عام احادیث وکلمات علمائے کرام میں وارد ہے تو اس کے دائرے میں جو کچھ داخل سب کو وہ حکم محیط وشامل تو ثابت ہوا کہ زید کا "ضروری سوال" میں خود ہی یہ سوال قائم کرنا کہ:

marfat.com

''جب قنوت عند النازلہ ثابت اور جائز ہوئی تو ہر قسم
کی بلا اور مصیبت پر جائز ہونی چاہئے'' اور اس کا یہ
مہمل جواب دینا کہ ''ہمارا تمہارا قیاس مسائل فقہیہ دینیہ
میں بیکار ہے احادیث میں کہیں تصریح نہیں پائی جاتی
نہ ہمارے امام صاحب کے تو ابعین کے اقوال سے''

صریح نادانی ہے۔

**چہارم:** -اگر صرف یہی اطلاق و عموم احادیث و اقوال ائمہ ہوتے تو ثابت کہنے کے لیے کافی تھے ایسے مسئلے کو ہرگز کذب و بہتان نہیں کہہ سکتے دوسرے دلائل کی نظر سے راجح و ارجح کا اختلاف دوسری بات ہے مگر آپ اوپر سن چکے کہ طاعون و وبا و قحط وغیرہا کے لیے قنوت کی صاف صریح تصریحیں امام اجل ابوزکریا نووی شارح صحیح مسلم شریف (جن کی جلالت شان پر علمائے جمیع مذاہب حقہ کا اجماع ہے) اور امام جلیل شرف الدین حسن بن محمد طیبی شارح ''مشکوۃ'' امام شہاب الحق والدین احمد بن حجر مکی ہیتمی و علامہ عبداللطیف بن عبدالعزیز شہیر بن فرشتہ از اجلہ علمائے حنفیہ و محقق فقیہ زین بن نجیم مصری عمدۂ حنفیہ و مولانا علی بن سلطان محمد ہروی قاری مکی حنفی و فاضل جلیل سید احمد مصری طحطاوی حنفی و عالم نبیل سید محمد آفندی شامی حنفی نے فرمائیں اور امام ابن حجر مکی نے اسے امام مجتہد عالم قریش سیدنا امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا تو مصنف ''ضروری سوال'' کا قول کہ:

marfat.com

''طاعون یا وباء کے لیے قنوت ثابت نہیں وہ ایک قسم کا
کذب اور بہتان ہے اگر خطاءً ایسا کلمہ بے موقع کسی سے
سرزد ہو جائے جناب الٰہی میں توبہ واستغفار جلد کر لے''

محض کذب و بہتان اور ان ائمہ کرام و علمائے اعلام کی جناب میں گستاخی وتوہین شان ہے، زید پر لازم ہے کہ اپنی اس خطا اور بے موقع کلمے سے جلد جناب الٰہی میں توبہ واستغفار کرے۔

اگر بفرض باطل یہ قنوت نوازل صرف امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہوتا اور ہمارے ائمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بالاتفاق اس سے انکار فرماتے تو غایت یہ کہ مسئلہ ائمہ مجتہدین اختلافیہ اور ہمارے مذہب کے خلاف ہوتا اسے کذب و بہتان کہنا اس حالت میں بھی حلال نہ تھا نہ کہ اس صورت میں کہ خود ہمارے ائمہ و علماء کے بھی اطلاق و عموم ونصوص سب کچھ موجود اور اگر اسے خصوص نقل فعل کا منکر ٹھہرائے تو اولاً تو یہاں اس کا محل نہیں کہ اس خصوص کا مدعی کون تھا جس کے رد میں زید یہ الفاظ لکھتا ثانیاً اوپر واضح ہو چکا کہ عدم نقل فعل نہ زید کو مفید نہ اس کے مخالف کو مضر تو اس کا ذکر محض فضول و نادانی ہے۔

بالجملہ آفتاب کی طرح واضح ہوا کہ زید نے اس تحریر ''ضروری سوال'' میں نہ ہمارے متون مذہب کے ظاہر پر عمل کیا نہ ہمارے شارحین اعلام کا قول لیا بلکہ اپنی طرف سے ایک نیا فتویٰ گڑھ دیا:

marfat.com

بلى قد وقع مايوهمه فى كلام بعض ائمة الحديث فى تقرير مذهب الا مام احمد بن حنبل رضى الله تعالىٰ عنه و فى كلام بعض ائمتنا فى توجيه مذهب بعض الصحابة رضوان الله تعالىٰ عليهم ثم لم يعتمده ولا جعله مذهب علمائنا و لا ذكره فى تقرير كلامهم مع انه قد اثر عنه التعميم صريحاً فيتحمل ان يكون القصر ههنا وقع وفاقاًلاحصرا وايا ما كان فجعلُ هذا مذهباً لنالا سلف لزيد فيه فيما اعلم والله سبحانه وتعالىٰ اعلم.

ہاں مذہب امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تفصیل کرتے ہوئے بعض ائمۂ حدیث کے کلام میں اور بعض صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے مذہب کی توجیہ کرتے ہوئے ہمارے بعض ائمہ کے کلام میں ایسی گفتگو واقع ہوئی ہے جو وہم کو راستہ دیتی ہے پھر بھی اس پر کسی نے اعتماد نہیں کیا نہ یہ ہمارے علماء کا مذہب ہے نہ ہی یہ ان کے کلام میں مذکور ہے باوجودیکہ ان کے عموم پر تصریح منقول ہے لہذا یہاں یہ ممکن ہے کہ یہاں قصر اتفاق واقع ہو گیا ہو اور حصر مقصود نہ ہو جو بھی ہوا ہوا سے ہمارا مذہب بنا دیا گیا، جہاں تک میں سمجھتا ہوں اس میں زید کے لئے کوئی فائدہ نہیں۔ (فاروقی)

marfat.com

''ضروری سوال'' کے اظہار خطا کو اسی قدر بس تھا بے حاجت شرعیہ ناقصوں قاصروں کی جہالتوں سفاہتوں کا شمار اپنا شیوہ نہیں لقولہ تعالیٰ:

''وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِیْنَ'' یعنی اور جاہلوں سے منہ پھیرو۔

(کنزالایمان)

مگر امور متعلقہ بہ دین میں بعد سوال سائل بیان امر حق ضروری اور یہاں مصلحت دینی اس کی طرف داعی کہ جب ایک ایسا بے علم وکم فہم ومشکوک ومتہم شخص اپنے آپ کو مفتی ومصنف بنائے ہوئے ہے اور بعض عوام اسے عالم وقابل اعتماد سمجھے ہیں تو اس کے پُر جہل ونا اہل ہونے کا آشکارا کرنا انشاء اللہ تعالیٰ دین عوام کو نافع اور ضلالت وجہالت میں پڑنے کا دافع ہوگا وباللہ التوفیق۔

زید کی ترکیب وبندش الفاظ وانشاء واملا اگرچہ سب میں خطاہائے فاحشہ موجود ہیں مگر ان سے تعرض داب محصلین نہیں لہذا انہیں چھوڑ کر اس کے باقی کثیر وبسیار اغلاط وجہالات سے صرف بعض کا اظہار کیا جاتا ہے۔

**جہالت ۱:** - حدیث مذکورہ ابن حبان کہ زید کے دعوے تخصیص کا صاف رد تھی براہ نادانی اپنی دلیل بنا کر لکھی اور اس پر فائدہ جما دیا کہ:

''یہاں سے سمجھا گیا کہ کفار ظلم کریں تو نصرت
چاہے طاعون کے لئے قنوت ثابت نہیں''

عقلمند سے پوچھا جائے کہ اس حدیث میں ظلم کفار کی تخصیص کہاں ہے اور اس کے ذکر سے سواضرر کے تجھے کیا فائدہ حاصل ہوا؟

**جہالت ۲:**۔ قنوت فجر کے بارے میں ہمارے مشائخ کرام تصریح فرماتے ہیں: کہ منسوخ ہے ولہذا حکم دیتے ہیں کہ حنفی اگر فجر میں شافعی کی اقتدا کرے قنوت میں اس کا اتباع نہ کرے کہ منسوخ میں پیروی نہیں اس قدر پر تو کلمات علما متفق ہیں ہاں محل نظر یہ ہے کہ یہاں ''عموم نسخ'' ہے یا ''نسخ عموم'' عموم نسخ یہ کہ نازلہ و بے نازلہ کسی حال میں قنوت فجر کی مشروعیت باقی نہیں عموماً نسخ ہو گیا اور ''نسخ عموم'' یہ کہ نازلہ بے نازلہ ہر حال میں عموماً قنوت کا پڑھا جانا یہ منسوخ ہوا صرف بحالت نازلہ باقی رہا۔

''نسخ عموم'' پر تو بہت احادیث صحیحہ دلیل ہیں جن کی تفصیل امام محقق علی الاطلاق نے ''فتح القدیر'' میں افادہ فرمائی اور ''مسند احمد و صحیح مسلم و سنن نسائی ابن ماجہ'' میں انس رضی اللہ عنہ سے ہے:

"ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قنت شهرا يدعو على احياء من احياء العرب ثم تركه

(یعنی) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینے تک نماز صبح میں قنوت پڑھی عرب کے کچھ قبیلوں پر دعائے ہلاکت فرماتے تھے پھر چھوڑ دی"

”زاد ابن ماجة فی صلاۃ الصبح وھو عند البخاری فی المغازی بزیادۃ بعد الرکوع وترک ثم ترکہ“ یعنی ابن ماجہ نے یہ زیادہ کیا کہ ”نماز صبح میں قنوت پڑھتے تھے“ اور بخاری کے کتاب المغازی میں یہ اضافہ ہے کہ ”قنوت رکوع کے بعد تھی“ اور ”پھر اسے ترک فرمادیا“ کے الفاظ کو انھوں نے چھوڑ دیا۔ (فاروقی)

اور صحاح ستہ میں بضمن[1] حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے کہ ترک کا سبب نزول آیۂ کریمہ:

”لَیۡسَ لَکَ مِنَ الۡاَمۡرِ شَیۡءٌ اَوۡ یَتُوۡبَ عَلَیۡھِمۡ اَوۡ یُعَذِّبَھُمۡ فَاِنَّھُمۡ ظٰلِمُوۡنَ“ یہ بات تمہارے ہاتھ نہیں یا انھیں توبہ کی توفیق دے یا ان پر عذاب کرے کہ وہ ظالم ہیں۔ (کنز الایمان)

ہے یہاں نظر دو طرف جاتی ہے اگر معنی آیت مطلقاً ممانعت اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ترک فرمانا بر بنائے ارتفاع شرعیت ہو یعنی فجر میں قنوت اصلاً

---

[1] زاد کلمۃ ضمن لان بیان نزول الآیۃ فی ھذا الباب لیس من قول ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ وانما ھو مدرج فی الحدیث من قول الزھری ذکرہ بلاغا والاصح نزولھا فی واقعۃ احد حین دعا النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم علی الذین ادموا وجھہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کما ثبت فی صحیح مسلم کذا حققہ الحافظ فی الفتح وکذلک قال الشیخ المحقق فی شرح المشکوۃ ان الاکثرین علی نزولھا یوم احد واللہ تعالی اعلم ۱۲ منہ

marfat.com

مشروع نہ رہی تو عموم نسخ ثابت ہوگا اور اب قنوت نازلہ بھی منسوخ ٹھہرے گی اور اگر معنی آیت ان خاص لوگوں پر دعائے ہلاک سے ممانعت ہو کہ ان میں بعض علم الٰہی میں مشرف باسلام ہونے والے تھے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ترک انہیں کے بارے میں ہو نہ مطلقاً تو صرف نسخ عموم ہی ثابت ہوگا اور قنوت نازلہ مشروع رہے گی۔

یہی دونوں نظریں امام محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر پھر ان کی تبعیت سے علامہ محقق حلبی نے ''شرح کبیر'' میں افادہ فرمائیں، ان دونوں کتابوں اور ''مرقاۃ شرح مشکوۃ'' میں ہے:

"واذا ثبت النسخ و جب حمل الذی عن انس من روایة ابی جعفر (هوالرازی) ونحو (کدینار بن عبد الله خادم انس رضی اللّٰه عنه ما زال رسول الله صلی الله علیه وسلم یقنت فی الصبح حتی فارق الدنیا) اماعلیٰ الغلط (لان الرازی کثیرالوهم قاله ابوزرعة ودینارقدقیل فیه ماقیل) اوعلی طول القیام فانه یقال علیه ایضا اویحمل علی قنوت النوازل ویکون قوله (ای قول انس رضی الله تعالیٰ عنه) ثم ترکه فی الحدیث الآخر (المروی فی الصحاح) یعنی الدعاء علی اولٰئك القوم لا مطلقاً اه مختصرامزیداًمنّی مابین هلالین" یعنی جب نسخ ثابت ہوتو

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت حضرت ابو جعفر (رازی) اور اس کی مثل دیگر روایات (جیسے دینار بن عبداللہ خادم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح میں قنوت پڑھتے تھے یہاں تک کہ دنیا سے تشریف لے گئے) کویا تو غلطی پر محمول کیا جائے گا (کیونکہ بقول رازی ابوزرعہ کثیر الوہم ہیں اور دینار کے بارے میں جو کچھ کہا گیا وہی کچھ ہے) یا طول قیام پر محمول کیا جائے گا کیونکہ "قنوت" کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے یا اسے "قنوت نازلہ" پر محمول کیا جائے گا اور ان (یعنی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا قول دوسری حدیث (جو صحاح میں موجود ہے) میں کہ "پھر اسے ترک کر دیا گیا" یعنی قوم کے خلاف دعا ترک کر دی نہ کہ ہر دعا؟ اھ مختصرا۔

اور میری (یعنی حجۃ الاسلام کی) طرف سے وہ اضافہ ہے جو قوسین میں ہے۔ (فاروقی)

نیز کتابیں مذکورین میں ہے:

" فیجب کون بقاء القنوت فی النوازل مجتهدافیه و ذالك ان هذا الحديث (ای حديث ابن مسعود

marfat.com

رضی اللہ تعالی عنه بطريقى حماد بن ابى سليمن و
ابى حمزة العقاب عن ابراهيم عن علقمة عنه قال لم
يقنت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فى
الصبح الا شهرا ثم تركه لم يقنت قبله ولا بعده و
لفظ حماد لم يرقبل ذالك ولا بعد) لم يؤثر عنه صلى
الله تعالى عليه وسلم من قوله ان لا قنوت فى نازلة
بعد هذه بل مجرد العدم بعدها فيتجه الا جتهاد بان
يظن ان ذلك انما هو لعدم وقوع نازلة بعد ها
تستدعى القنوت فتكون شرعية مستمرة وهو
محمل قنوت من قنت من الصحابة بعد وفاته صلى
الله تعالىٰ عليه وسلم اوان يظن رفع الشرعية نظر
الى سبب تركه صلى الله تعالیٰ علیه وسلم وهوا نه
لما نزل قوله تعالى لَيۡسَ لَكَ مِنَ الۡاَمۡرِ شَیۡءٌ ترك والله
سبحانه وتعالى اعلم اھ بزيادة" یعنی نازلہ کے وقت ''قنوت''
باقی رکھنے کو اجتہادی قرار دینا واجب ہے کیونکہ یہ حدیث (یعنی
حدیث ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ دو طریقوں سے مروی ہے
حماد بن ابو سلیمان اور ابو حمزہ قصاب سے انھوں نے ابراہیم

marfat.com

سے انھوں نے علقمہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قنوت نہیں پڑھی سوائے ایک مہینے کے پھر اسے ترک فرمادی اس سے پہلے کبھی آپ نے قنوت نہیں پڑھی اور نہ اس کے بعد میں اور حماد کے الفاظ یہ ہیں کہ نہ اس سے پہلے کبھی دیکھا اور نہ بعد میں) اور نہ ہی حضور ﷺ سے یہ قول منقول ہے کہ اس کے بعد سخت مصیبت میں بھی قنوت نہیں پڑھی جائے گی بلکہ اس کے بعد عدم بھی منقول نہیں تو اس مسئلے میں اجتہاد کی ضرورت ہوئی بایں طور کہ غالب گمان ہے کہ اس کے بعد کوئی ایسی شدید مصیبت نازل نہیں ہوئی جو ''قنوت'' کا تقاضا کرتی لہٰذا ''قنوت'' دائماً جائز ہوگی اور یہی محل ہے اس ''قنوت'' کا جو حضور جان نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال مبارک کے بعد صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول ہے یا اس طور پر کہ غالب گمان ہے کہ جواز ''قنوت'' کا ختم ہونا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ترک کے باعث ہوا اور وہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا قول ''لَیۡسَ لَکَ مِنَ الۡاَمۡرِ شَیۡءٌ'' نازل ہوا آپ نے اسے ترک فرما دیا واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فاروقی)

marfat.com

روش علم تو یہ ہے مگر مصنف ''ضروری سوال'' کی سخت نافہمی کہ دو متنافی باتوں کو ایک کر دیا اور کچھ نہ سمجھا کہ خود اسی کا ایک کلام دوسرے کو رد کر دے گا۔

مسلک تو وہ اختیار کیا کہ قنوت نازلہ باقی ہے منسوخ نہیں اگرچہ نازلہ معنیٰ خاص فتنہ وفساد غلبۂ کفار کے لئے!

ایک جگہ لکھا:

''عند النازلہ بدعت نہیں مداومت بدعت اور دین میں نیا کام ہے''

پھر لکھا:

''دلیل اوپر نسخ قنوت کے مداومت کے طور پر اور دلیل واسطے جواز قنوت کے عند النازلہ''

پھر لکھا:

''مداومت کے طور پر منسوخ اور عند النازلہ غیر منسوخ''

اور مزے سے وہی آیۂ کریمہ اور وہی حدیث بحوالۂ صحیحین ذکر کر کے کہہ دیا:

''اسی آیت سے اور حدیث متفق علیہ سے نسخ قنوت عموماً ثابت ہوا سوائے قنوت وتر کے''

ذی ہوش سے پوچھا جائے کہ اس حدیث میں کس چیز پر قنوت مذکور تھی نازلہ پر اور نزول آیت کس قنوت کے بارے میں ہوا قنوت نازلہ میں اگر آیت وحدیث سے

marfat.com

اس کا نسخ ثابت مانتا ہے تو قنوت نازلہ کہاں باقی رہی وہی تو صراحۃ ان سے منسوخ ہوئی یہ طرفہ تماشا ہے کہ وہی منسوخ وہی باقی **ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم.**

**جہالت ۳:-** حدیث طارق اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ در بارۂ انکار قنوت فجر (جس طرح معمول شافعیہ ہے) نسائی نے اس طرح روایت کی کہ:

"میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی کسی نے قنوت نہ پڑھی وہ بدعت ہے"

اور "ترمذی وابن ماجہ" نے یوں کہ:

"ان کے صاحبزادے سعد ابو مالک نے ان سے پوچھا آپ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وخلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نمازیں پڑھیں کیا وہ فجر میں قنوت پڑھتے تھے فرمایا نئی نکالی ہوئی ہے"

ایک ہی حدیث ایک ہی مضمون ایک ہی صحابی ایک ہی مخرج اور مصنف "ضروری سوال" نے اسے بلفظ "اوّل" ذکر کر کے "نسائی وابن ماجہ وترمذی" سب کی طرف نسبت کیا اور لفظ "دوم" کو بے نسبت چھوڑ کر کہہ دیا:

"ان دونوں حدیثوں میں لفظ بدعت اور محدث کا وارد ہے"

ایسی حدیث کو دو حدیثیں کہنا اصطلاح فقہاء درکنار اصطلاح محدثین پر بھی ٹھیک نہیں آسکتا یہ زید کی بے خبری وغفلت ہے۔

**جہالت ۴**:- قنوت مذکور ائمہ شافعیہ ائمہ مالکیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو حدیث مذکور سے بدعت بتا کر آگے حاشیہ جمایا:

"اور حکم بدعت کا یہ ہے کہ کل محدث بدعة و کل بدعة ضلالة و کل ضلالة فی النار" یعنی ہر محدث بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی اور ہر گمراہ ناری ہے۔

قطع نظر اس سے کہ جملہ اولیٰ حکم بدعت نہیں حکم بہ بدعت ہے، اجتہادیات ائمہ دین کو ایسے احکام کا مورد قرار دینا کیسی بے باکی وجرأت ہے، حاشا ائمہ کرام اہل سنت کا کوئی مسئلہ ضلالت وفی النار کا مصداق نہیں وہ سب حق وہدایت وسبیل جنت ہے۔

**جہالت ۵ تا ۸**:- حدیث عاصم بن سلیمان ذکر کی:

"قلنا لانس بن مالك أن قوما يزعمون ان النبی صلى الله تعالىٰ علیه وسلم لم يزل يقنت فی الفجر فقال كذبوا انما قنت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم شهرا واحدا يدعو على احياء من احياء المشركين"

اور اس کا ترجمہ کیا:

''ہم نے پوچھا انس بیٹے مالک سے یہ کہ مقرر ایک
قوم گمان کرتی ہے یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ
قنوت پڑھتے تھے نماز فجر میں سو جواب دیا مالک نے
کہ وہ لوگ اپنے گمان میں جھوٹے ہیں سوائے اس
کے نہیں کہ قنوت پڑھی آپ نے مہینہ ایک سو بھی
بددعا کرنے کو اوپر قبیلوں کے قبیلوں سے مشرکین کے''

**اولاً:۔** محاورہ عرب میں زعم بمعنی مطلق قول بھی شائع یہاں تک کہ صحیح حدیث میں ''زعم جبریل'' تک واقع۔

**ثانیاً:۔** کلام نامحقق یا خلاف تحقیق بھی مراد ہو تو یہ حکم اس قائل کی نزدیک ہوتا ہے جو اسے بلفظ ''زعم'' تعبیر کرتا ہے اس سے یہ مستفاد نہیں کہ وہ زاعم خود بھی اسے مشکوک یا مظنون سمجھتا ہے زید نے زبردستی ''یزعمون'' کے معنی یہ بنالئے کہ جو قنوت فجر کی بقا کے قائل ہیں خود ہی اسے شک وگمان کے مرتبے میں جانتے ہیں اور اسی بنا پر ''کذبوا'' کا ترجمہ کیا کہ:

''وہ اپنے گمان میں جھوٹے ہیں''

**ثالثاً:۔** یہ نیو جما کر اب اس پر فائدہ جڑا:

''اس حدیث سے یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ زمانہ
تابعین میں قنوت کا فقط گمان ہی گمان تھا یقینی امر

نہ تھا پس جتنی روایات ان روایات کے مخالف ہیں وہ
سب ظنیات ہونی چاہئے واللہ اعلم بالصواب"

افسوس کہ جو کہنا چاہا تھا وہ بھی کہ نہ جانا عقلمند سے پوچھا جائے کہ قائلان قنوت مالکیہ وشافعیہ نے کس دن کہا تھا کہ قنوت فجر یقینی ہے یا مانعان قنوت حنفیہ وحنبلیہ کب کہہ سکتے ہیں کہ عدم قنوت قطعی ہے مسائل اجتہادیہ دونوں طرف ظنیات ہوتے ہیں پھر یہ کون سا فائدہ آپ نے نکالا اور اس سے بحث میں کیا نفع حاصل ہوا۔

**رابعاً**:- اس سب سے قطع نظر کیجیے تو "ان قوما یزعمون" لفظ قوم نکرہ حیز اثبات میں ہے جس کا مفاد صرف اس قدر ہوگا کہ کچھ لوگ بطور وہم بقائے قنوت مانتے ہیں اس سے کب لازم ہوا کہ زمانہ تابعین میں سب قائلان قنوت اسے اسی درجے میں جانتے۔

**جہالت ۹**:- حدیث ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

"نهى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن القنوت فى الفجر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قنوت فجر سے منع فرمایا"

جس میں تین راوی ضعیف وشدید الضعف ہیں ذکر کر کے تضعیف رواۃ کا جواب دیا کہ:

"امام صاحب کی تحقیق کو وہ مانع نہیں دوم یہ کہ انس بن مالک

نے بدعت اور محدث کہا تو گمان یہ ہوسکتا ہے کہ آپ
کو اس ''نہی'' کی ضرور خبر ہوگی اگر چہ بدعت اور
محدث کی جگہ لفظ "نہی" کا نہ ذکر کیا ہو اور اسی پر اکتفا کیا''

قطع نظر اس سے کہ بدعت یا محدث کے قائل حضرت طارق اشجعی ہیں نہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نو پیدا کہنے سے اس گمان کی راہ کدھر سے ملی کہ ضرور انہیں اس ''نہی'' کی خبر ہوگی انہوں نے صراحۃً نو پیدا ہونے کی وجہ ارشاد فرمادی تھی کہ:

''میں نے سید عالم وخلفائے کرام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم و
سلم سب کے پیچھے نماز پڑھی کسی نے قنوت نہ پڑھی''

اے فرزند وہ نئی نکلی ہے اس میں ''نہی'' پر اطلاع کی بو بھی نہیں نکلتی نہ کہ اس سے گمان ہو کہ ضرور نہیں معلوم ہوگی بلکہ انصافاً اس سے یہی متبادر کہ ''نہی'' یا تو واقع ہی نہ ہوئی یا ہوئی تو انہیں خبر نہ تھی ورنہ عدم فعل کا ذکر نہ کرتے صاف جواب دیتے کہ ''رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے منع فرما چکے ہیں'' جواب مسئلہ میں دلیل اقوی کا ترک کیوں کیا جاتا۔

**جہالت ۱۰:**۔ ایک حدیث کی سند ذکر کی:

'' عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما ''

اور ترجمے میں بھی لکھا:

''اس نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے''

marfat.com

عالم صاحب کو اتنی خبر نہیں کہ ''صحابیت'' در کنار مسعود سرے سے مسلمان ہی نہ ہوا جاہلیت میں مرا اسے رضی اللہ عنہ میں شامل کرنا کیسی جہالت اور دانستہ ہو تو سخت تر آفت!

**جہالت ۱۱:-** آگے لکھا:

''فتح القدیر میں تحت حدیث عبد اللہ بن مسعود کے بیان کیا ہے چنانچہ لم یکن انس نفسه یقنت فی الصبح کما رواه الطبرانی و اذا ثبت النسخ وجب حمل الذی عن انس من روایة ابی جعفر اما علی الغلط او علی طول القیام فانه یقال علیه ایضًا فی الصحیح عنه علیه الصلوة والسلام افضل الصلوة طول القنوت ای القیام'' یعنی خود حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فجر میں ''قنوت'' نہیں پڑھتے تھے اسے طبرانی نے روایت کی اور جب نسخ ثابت ہو گیا تو وہ روایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو حضرت ابو جعفر سے مروی ہے یا تو اس غلطی پر محمول کیا جائے گا یا طول قیام پر کیونکہ حدیث صحیح میں اس پر بھی ''قنوت'' کا اطلاق ہوتا ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز میں افضل ترین عمل

marfat.com

''طول قنوت''یعنی طول قیام ہے۔ (فاروقی)

قطع نظر اس سے کہ تحت حدیث فلاں یا زیر آیت چناں اہل علم کے محاورے میں اس معنی پر بولا جاتا ہے کہ اس آیت و حدیث کی تفسیر و شرح یا اس کی بحث میں ایسا کہا یہاں مبحوث عنہ حدیث ابی جعفر رازی ہے اسی کی تحت اسی کی بحث میں حدیث ابن مسعود و حدیث طبرانی وغیرہما مذکور ہیں نہ کہ ایک دوسرے کی تحت ہیں عبارت فتح کا صاف مطلب جسے ہر حرف شناس عربی بے تکلف پہلی ہی نگاہ میں سمجھ لے، یہ ہے کہ حدیث ابی جعفر میں جو دوام قنوت مذکور ہوا ممکن کہ وہاں قنوت سے طول قیام مراد ہو کہ لفظ ''قنوت'' اس معنی پر بھی بولا جاتا ہے۔

دیکھو حدیث صحیح میں ارشاد ہوا کہ ''بہتر نماز طول قنوت ہے'' یعنی جس میں قیام دیر تک ہو!

مصنف ''ضروری سوال'' ایسی سلیس عبارت کے واضح معنی کو خاک نہ سمجھا لفظ ''ایضاً'' کو کہ صراحۃً ''یقال'' کی طرف ناظر تھا اس سے قطع کر کے مابعد سے ملایا اور ''ایضاً فی الصحیح'' کو سند جداگانہ ٹھہرایا و لہٰذا لفظ ''ایضاً'' پر نشان (-) کہ علامت فصل ہے لگایا اور عبارت کا ترجمہ یوں فرمایا:

''کیونکہ وہ لفظ قنوت کا مقرر بولا گیا ہے او پر طول قیام کے اور بھی بیچ صحیح حدیث کے وہ لفظ قنوت کا آیا ہے جو مروی ہے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ

والسلام سے کہ افضل ترین نمازوں کی وہ نماز ہے جس میں قنوت یعنی قیام دراز ہو"

اس جہالت کی کچھ حد ہے؟ اور ذرا یہ حسن ادا بھی قابل لحاظ کہ:

"نہ کچھ صحیح حدیث کے وہ لفظ قنوت کا آیا ہے"

گویا یہاں اس کی بحث تھی کہ حدیث میں کہیں لفظ قنوت آیا ہے یا نہیں۔

**جہالت ۱۲:-** اسی عبارت "فتح" کے آخر میں تھا:

"والاشكال نشأ من اشتراك لفظ القنوت بين ماذكرو بين الخضوع والسكوت والدعاء وغيرها"

یعنی یہاں لفظ "قنوت" کے طول قیام اور خضوع وسکوت اور دعاء وغیرہ کے درمیان معانی میں مشترک ہونے کی وجہ سے اشکال پیدا ہوا ہے۔ (فاروقی)

یہاں "ماذکر" سے مراد وہی طول قیام تھا اور اس کے معطوفات خضوع وسکوت ودعا وغیرہا یعنی قنوت کا لفظ جب کہ ان سب معانی پر بولا جاتا ہے اس وجہ سے حدیث ابی جعفر میں قائلان قنوت فجر کو اشتباہ پیش آیا اس سے دعا سمجھ لئے حالانکہ مراد طول قیام تھا کہ "ہمیشہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز فجر میں قیام طویل فرمایا" یہ ایسے صاف معنی ہیں کہ عربی کا ہر مبتدی بے تامل سمجھ لے۔

اب مصنف صاحب کا علم دیکھئے عبارت صرف "ماذکر" تک نقل کی اور ترجمہ فرمادیا:

marfat.com

''اور وہ جو مشکلیں پیدا ہوئی ہیں وہ لفظ قنوت کے مشترک[1]

المعنی کے سبب اور وجہ سے درمیان اس چیز کے جو مذکور ہوئی

یعنی اپنے محل پر پورا ہوا ترجمہ فتح القدیر کی عبارت کا''

گویا آپ کے نزدیک ''بین'' صرف شیٔ واحد پر داخل ہوتا ہے معطوف کی حاجت ہی نہیں ماذکر کے معنی یہ کہ اپنے محل پر مذکور ہوئی ہے اسی پر مطلب تمام ہوگیا۔

جہالت ۱۳۱:-- سوال قائم کیا جب نسخ قنوت ثابت ہوا تو عند النازلہ جواز کہاں رہا اور اس کے جواب میں لکھا:

''جواب بصورت اجمالیہ اجماعیہ یہ ہے فی فتح القدیر

وتر و نوافل کی بحث میں قولہ ان مشروعیة القنوت

فی النازلة مستمرة لم ینسخ الخ تحقیق[2] کے

جائز ہونا قنوت کا بیچ وقت سختی کی؟ منسوخ نہیں''

''فتح القدیر'' سے استناد اور قنوت نازلہ کے اجماعی ہونے کا ادعا'' بکف چراغ دارد'' کا تماشا ہے ''فتح القدیر'' کی اسی عبارت میں صراحۃً فرمایا کہ نازلہ میں بقائے قنوت مجتہد فیہ ہے منسوخ ہونا نہ ہونا دونوں طرف نظر جاتی ہے۔

---

[1] یہ ''مشترک المعنی'' بھی نئی گڑھت ہے علما لفظ کو مشترک کہا کرتے ہیں ان صاحب کے نزدیک اس کے معنی دو معنی یا شاید دو لفظوں میں مشترک ہوتے ہوں گے ۱۲ منہ

[2] کاف بیانیہ کو یونہی لکھا ہے اس نادانی کا کچھ ٹھکانا ہے ایسی غلطی کبھی نومشق اطفال سے بھی سرزد نہ ہوگی ۱۲ ابوالمسکین

marfat.com

وقد تقدم نصه فی بیان الجهالة الثانیة.

اس کی دلیل جہالت نمبر۲ر کے بیان میں گزر چکی ہے۔ (فاروقی)

اسی عبارت منقولہ زید کے بعد بلا فصل فرمایا تھا:

"وبه قال جماعة من اهل الحدیث" یعنی محدثین کی ایک جماعت نے یہی فرمایا ہے۔ (فاروقی)

کہاں ایک گروہ محدثین کا قول ہونا اور کہاں اجماع!

## جہالت ۱۴:-

"جوقنوت دونوں حضرات نے نماز فجر میں پڑھی وہ دربارۂ اصلاح ذات البین کے تھی نہ بددعا"

بددعا نہیں مگر دعائے وصول مکروہ اور شک نہیں کہ فریقین میں ہر ایک کو اپنی مغلوبی مکروہ ہوتی ہے اور شک نہیں کہ دونوں جماعتیں اپنا غلبہ مانگتی تھیں۔

مصنف ابو بکر بن ابی شیبہ میں امیر المؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ہے:

"انه لما قنت فی الصبح انکر الناس علیه فقال استنصرنا علی عدونا" یعنی انھوں نے (حضرت علی نے) نماز صبح میں "قنوت" پڑھی تو لوگوں نے آپ پر اعتراض کیا تو آپ نے فرمایا: ہم نے دشمن پر مدد مانگی ہے۔ (فاروقی)

marfat.com

محررِ مذہب سیدنا امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ "کتاب الآثار" میں فرماتے ہیں:

"قال ابراهيم (هو النخعی) وان اهل الكوفة انما اخذو القنوت عن علی قنت يدعو علی معوية حين حاربه واما اهل الشام فانما اخذوا القنوت عن معاوية قنت يدعو علی علی حين حاربه قال محمد و بقول ابراهيم ناخذ وهو قول ابی حنفية" یعنی حضرت ابراہیم (نخعی) نے فرمایا کہ: اہلِ کوفہ نے "قنوت" حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اخذ کی ہے کیوں کہ انھوں نے اس وقت "قنوت" پڑھی جب حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کی جنگ ہوئی اور اہلِ شام نے حضرت معاویہ سے "قنوت" اخذ کی کیوں کہ وہ بھی حضرت علی سے جنگ کے وقت "قنوت" پڑھتے تھے، حضرت امام محمد نے فرمایا کہ: حضرت ابراہیم کے قول پر ہمارا عمل ہے اور یہی قول حضرت امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی ہے۔ (فاروقی)

**جہالت ۱۵:-** بعید نہیں کہ ان حضرات نے قنوت اس مضمون کی پڑھی ہو کہ:

"اللّٰھم اصلح بيننا و بين قومنا فانهم اخوانا بغوا علينا"
یعنی اے اللہ ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان صلح

marfat.com

فرمادے کیوں کہ وہ ہمارے بھائی ہیں انھوں نے ہمارے خلاف بغاوت کردی ہے۔ (فاروقی)

امیر المؤمنین کی طرف سے یہ قنوت محتمل کیا امیر معاویہ بھی معاذ اللہ امیر المؤمنین کو باغی سمجھتے تھے یہ نرا جاہلانہ افتراء ہے، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صاف تصریح بسند صحیح موجود ہے کہ مجھے خلافت میں نزاع نہیں نہ میں اپنے آپ کو مولیٰ علی کا ہمسر سمجھتا ہوں:

"وانی لاعلم انه افضل منی واحق بالامر ولکن الستم تعلمون ان عثمن قتل ظلما وانا ابن عمه وولیه اطلب بدمه میں خوب جانتا ہوں کہ امیر المؤمنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ مجھ سے افضل اور احق بہ امامت ہیں مگر کیا تمہیں خبر نہیں امیر المؤمنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ظلماً شہید ہوئے میں ان کا ولی اور ابن عم ہوں ان کا قصاص مانگتا ہوں رواہ یحییٰ بن سلیمن الجعفی استاذ الامام البخاری فی کتاب صفین بسند جید عن ابی مسلم الخولانی" یعنی اسے امام بخاری کے استاد یحییٰ بن سلیمان الجعفی نے ''کتاب صفین'' میں سند جید کے ساتھ ابو مسلم خولانی سے روایت کیا ہے۔ (فاروقی)

marfat.com

**جہالت ۱۶:-** خود ہی سوال میں لکھا:

''جب قنوت عند النازلہ جائز ہوئی تو ہر مصیبت پر جائز ہونی چاہئے جس طرح قلت باراں یا کثرت باران وسیلاب زلزلہ آندھی امراض مختلفہ خاص کر وبا اور طاعون کہ وہ اشد النازلۃ ہے''

اور جواب دیا:

''ہمارا تمہارا قیاس بیکار ہے ان مصیبتوں کے لئے شارع علیہ السلام نے جدا جدا طریقہ بتا دیا اور ان کا حکم بھی سنا دیا چنانچہ کتب فقہ ان سے مملو ہیں الخ''

اسے قیاس بتانے کی جہالت اوپر مذکور ہو چکی مگر طاعون کو خود ''اشد النازلہ'' لکھنے نے رہا سہا اور بھی جہل کا پردہ کھول دیا جب ''قنوت نازلہ'' ثابت اور طاعون سب سے سخت تر نازلہ ہے تو اس کے لئے ''بدلالۃ النص'' ثابت اور ''دلالۃ النص'' سے اثبات کو قیاس بتانا سخت جہالت۔

اب مصنف ''ضروری سوال'' کی مثال اس ذی ہوش کی طرح ہے جس سے کہا جائے والدین کو مارنا حرام ہے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا:

''لَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ ماں باپ سے ہوں نہ کہہ''

marfat.com

جب ہوں کہنے سے ممانعت ہے تو مارنا اس سے سخت تر ہے بدرجۂ اولیٰ منع

ہے! وہ کہے:

''ہمارا تمہارا قیاس مسائل فقہیہ دینیہ میں بیکار ہے''

قرآن میں تو کہیں والدین کو مارنے کی ممانعت نہیں ولاحول ولا قوۃ الا

باللہ العلی العظیم۔

**جہالت ۱۷:-** قطع نظر اس سے کہ قلت وکثرت بارانٖ وسیلاب وزلازل و

ریاح وامراض مختلفہ سب کے لئے جدا جدا طریقہ شارع ﷺ نے کہاں بتایا اگر اس بیان

پر مصنف سے مطالبہ کیا جائے تو خود ہی اپنی جہالت کا اقرار کرنا پڑے بالفرض جدا جدا

طریقے ارشاد بھی ہوئے ہوں تو سب کے لئے ایک طریقہ عامہ ہونے کے کیا منافی

ہے پھر اس مہمل بات سے سوا اپنے اظہار علم کے اور کیا حاصل ہوا۔

**جہالت ۱۸:-**

''اشباہ والنظائر'' والے صاحب نے فرمایا ہے کہ

۹۹۹ھ نو سو ننانوے میں مصر القاہرہ میں لوگوں نے

مجھ سے پوچھا تھا طاعون میں قنوت پڑھنے سے سو

میں نے جواب دیا کہ اس کی تصریح کہیں نہیں

میں حکم کر نہیں سکتا چنانچہ قولہ سئلت عنہ فی

الطاعون سنة تسع و تسعين و تسع مائة

بالقاهرة فاجبت بانی لم اره صریحا"

صاحب ''اشباہ'' رحمہ اللہ تعالیٰ کا انتقال ہشتم رجب ۹۷۰ھ نوسوستر کو ہوا، علامہ حموی ''شرح اشباہ'' فن ثانی ''کتاب الوقف'' میں نقل فرماتے ہیں:

"قد توفی المصنف رحمه الله لثمان مضين من

رجب سنة سبعين و تسعمائة" یعنی مصنف رحمہ اللہ کا

وصال آٹھ رجب ۹۷۰ھ کو ہوا۔ (فاروقی)

آپ ۹۹۹ھ کا واقعہ ان سے لکھوا رہے ہیں حقیقۃً ''اشباہ'' میں یہاں " سنة تسع و ستین و تسع مائة" ہے یعنی ۹۶۹ھ نوسوانہتر جسے آپ ۹۹۹ھ بنارہے ہیں۔

## جہالت ۱۹:۔

اور پھر بیان کیا (یعنی صاحب اشباہ نے) کہ اگر کوئی قنوت

پڑھنا چاہے تو اکیلا دو رکعت نماز نفل کی نیت کر کے پڑھے

چنانچہ یقنت للطاعون لانه اشد النوازل[1] بل ذکره[2]

انه یصلی رکعتین فرادی و ینوی رکعتی[3]

---

[1] ضروری سوال میں یونہی لکھا اور اسی غلطی کی بنا پر طاعون کو خود بھی اشد النازلہ کہا حالانکہ اشباہ میں من اشد النوازل ہے ۱۲/ [2] هکذا بخطه وصوابه بل بذکر ۱۲/ [3] هکذا بخطه و صوابه رکعتین ۱۲۔

marfat.com

لدفع الطاعون ترجمہ قنوت پڑھے واسطے دفع
طاعون کے کیونکہ مقرر وہ بڑی سخت ہے سختیوں سے
مگر جماعت سے نہ پڑھے بلکہ پڑھے دو دو رکعتیں
اکیلے اکیلے اور نیت کرے دو رکعت نفل کی واسطے دفع
طاعون کے پورا ہوا حاصل مطلب اشباہ والے کا''۔

قطع نظر اس سے کہ یہ عبارت اشباہ کی نہیں بلکہ صاحب اشباہ سے[1] ناقل کی ہے اور اس میں ''بل ذکر'' کی ضمیر خود صاحب ''اشباہ'' ہی کی طرف ہے جسے آپ نے ''چنانچہ'' کہہ کر عبارت اشباہ ہونے کا اشعار کیا اور ''بل ذکر'' کا مطلب کچھ نہ بنا لہذا اسے ترجمے سے خارج کر دیا۔

طرفہ سخت جہالت فاحشہ یہ ہے کہ دو رکعت پڑھنے کے مسئلے کو مسئلہ قنوت کا تتمہ بنا دیا کہ:

''قنوت پڑھا چاہے تو اکیلا دو رکعت نفل کی نیت
کر کے پڑھے''

---

[1] ظاہر کہیں طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح دیکھنے کو مل گئی اس میں انہوں نے فرمایا تھا ''فی الاشباہ یقنت للطاعون لانہ من اشد النوازل بل ذکر انہ یصلی لہ رکعتان فرادی وینوی رکعتا رفع الطاعون'' یہ صاحب اپنی خوش فہمی سے سمجھے کہ یہ سب عبارتیں ''فی الاشباہ'' کی تحت میں داخل ہے ۱۲ منہ

اور اسی لئے ترجمے میں اپنی طرف سے ''مگر'' تراش لیا کہ ''مگر جماعت سے نہ پڑھے'' حالانکہ کوئی کم علم بھی عبارت ''اشباہ'' خواہ عبارت مذکورہ ناقل عن الاشباہ دیکھ کر کسی طرح اس جہالت کا گمان بھی نہ کرے گا۔

''اشباہ'' میں تو قنوت طاعون ثابت فرما کر نماز طاعون کا مسئلہ ہی جدا شروع فرمایا اور جداگانہ دلیلوں سے اس کا ثبوت دیا:

حیث قال صرح فی الغایة بانه اذا نزل بالمسلمین نازلة قنت الامام فی صلاة الفجر فالقنوت عندنا فی النازلة ثابت ولا شك ان الطاعون من اشد النوازل و فی السراج الوهاج قال الطحاوی لا یقنت فی الفجر عندنا من غیر بلیة فان وقعت بلیة فلا باس به کذا فی الملتقط انتھی فان قلت هل له صلاة قلت هو کالخسوف لما فی منیة المفتی فی الخسوف والظلمة فی النهار و اشتداد الریح و المطر والثلج والافزاع وعموم المرض یصلی وحدانا انتهی ولا شك ان الطاعون من قبیل عموم المرض فتسن له رکعتان فرادی مختصراً'' یعنی یوں فرمایا ''غایہ'' میں تصریح ہے کہ: جب مسلمانوں پر کوئی بڑی مصیبت نازل ہو تو امام نماز فجر میں ''قنوت'' پڑھے پس

marfat.com

''قنوت'' ہمارے یہاں ثابت شدہ امر ہے اور بے شک طاعون بڑی مصیبتوں میں سے ہے ''سراج الوھاج'' میں ہے کہ طحاوی نے فرمایا کہ بغیر کسی مصیبت کے ہمارے یہاں فجر میں ''قنوت'' نہ پڑھی جائے اور اگر کوئی مصیبت نازل ہو جائے تو پڑھنے میں کوئی حرج نہیں جیسا کہ ''ملتقط'' میں ہے انتہیٰ اگر آپ پوچھیں کہ اس کے لئے نماز ہے تو میں کہتا ہوں کہ طاعون کا معاملہ خسوف ہی کی طرح ہے ''منیۃ المفتی'' کے باب الخسوف میں ہے کہ: سخت تاریکی، شدید طوفان، شدید بارش، شدید گولہ باری، شدید خوف یا مرض عام لاحق ہو جائے تو تنہا نماز ادا کریں انتہیٰ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ طاعون ایسا مرض ہے کہ جو عام لوگوں کو لاحق ہو جاتا ہے لہٰذا اس کے رفع کے لئے بھی دو رکعات تنہا ادا کرنا سنت ہو گا اھ مختصراً۔ (فاروقی)

اور ناقل نے بھی '' بل ذکر '' لکھ کر اسے جدا کر دیا تھا مگر جب آدمی کو سہل سہل عبارات کا ترجمہ سمجھنے کی لیاقت نہ ہو تو مجبور ہے۔

جہالت ۲۰: - اس سے بھی سخت تر جہالت یہ کہ صاحب اشباہ کا مطلب وہ ٹھہرایا کہ:

## ’’طاعون میں قنوت کی تصریح کہیں نہیں میں حکم نہیں کرسکتا‘‘

اور عبارت یہ نقل کی کہ ’’ **یقنت للطاعون**‘‘ جس کا آپ ہی ترجمہ کیا کہ:

### ’’قنوت پڑھے واسطے دفع طاعون کے‘‘

کیوں حضرت کیا یہ حکم نہ ہوا؟

واقعی جو بزرگوار اپنا لکھا آپ نہ سمجھ سکے پورا معذور ہے یہ سردست **بیس جہالتیں** ہیں اور شروع کلام میں **اولاً** سے **خامساً** اور اس کے بعد **تنبیہ** میں **اوّل** سے **چہارم** تک جو سخت وجوہ قاہرہ سے ’’ضروری سوال‘‘ کی بطالتین جہالتیں ثابت کی گئیں انہیں شامل کیجئے تو یہاں تک **۲۹/ جہالات** شدیدہ بیان ہوئیں۔

**اب تیسویں جہالت** سب سے بڑھ کر ’’**سفاہت**‘‘ ملاحظہ ہو۔

’’ضروری سوال‘‘ کی ساری محنت وجانکاہی اپنے اس ادعائے باطل کے اثبات کو تھی کہ فتنہ وغلبۂ کفار کے سوا طاعون وغیرہ نوازل کی قنوت کذب، باطل و بہتان، بے ثبوت و گناہ و بدعت وضلالت وفی النار ہے جو اسے ثابت مانے اس پر حکم تعجیل توبہ و استغفار ہے ’’ساڑھے پانچ ورق‘‘ کی تحریر میں دس صفحے اسی مضمون میں سیاہ کئے یہ سب کچھ لکھ لکھا کر اب چلتے وقت حاشیئے پر ایک فائدہ کا نشان دیا:

### ’’ف: زمانۂ طاعون میں نماز پڑھنے کی ترکیب‘‘

اور متن میں لکھا:

marfat.com

"ھذہ الکیفیة لصلوة الطاعون پہلے دل میں نیت
کر کے زبان سے کہے: نویت ان اصلی للّٰہ تعالیٰ
رکعتین صلوة النفل لدفع الطاعون متوجھا الی
جھة الکعبة الشریفة اللہ اکبر پھر دوسری رکعت کے
آخر رکوع[1] میں جو قنوت ماثورہ[2] ہو پڑھے کہ مشتمل ہو
اوپر طاعون کے اور اگر ایسی قنوت اس کو یاد ہی نہ ہو تو
رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا
عَذَابَ النَّار پڑھے یہ آیہ وافی ہدایہ جامع جمیع ادعیہ کی
ہے اللہ تعالیٰ دلوں کے ارادے سب جانتا ہے"

چلئے وہ اگلا پچھلا لکھ لکھایا بھولنا درکنار یہی یاد نہ رہا کہ "ضروری سوال" کی تحریر کس غرض کے لئے تھی، کس بات کا دعویٰ، کاہے سے انکار تھا اپنے زعم میں کیا جنت کا راستہ کیا طریق نار تھا خود ہی کذب و بہتان بنانے لگے ضلالت و فی النار کی ترکیبیں بتانے لگے یارب مگر اسے اختلال حواس کے سوا کیا کہیے طرفہ یہ کہ اوپر سوال قائم کیا تھا:

"بارادۂ دفع طاعون یا وبا کون سی قنوت ہے؟"

اور جواب دیا تھا "کہیں پتا نہیں" اب حکم ہوتا ہے کہ:

---

[1] یہ ترکیب بھی نئی ہے قنوت میں علما مختلف ہیں کہ قبل رکوع ہے یا بعد آپ فرماتے ہیں خود رکوع میں پڑھے ۱۲ [2] تحریر زید میں یونہی ہے جیسے کچہریوں میں پنچ کو پنچ متبولہ کہتے ہیں ۱۲ منہ۔

# ’’قنوت ماثورہ پڑھے کہ مشتمل ہو اوپر طاعون کے‘‘

اب خدا جانے کہاں سے اس کا پتا لگ گیا۔

**اغلاط تصحیف:-** یعنی عبارت کچھ ہے اور پڑھیں کچھ، یوں تو زیادت ونقص و تبدیل ہر قسم کی خطا اس ’’ضروری سوال‘‘ میں موجود! یہیں **’’قنا ربنا عذاب النار‘‘** کو آیت بتا دیا حالانکہ قرآن عظیم میں ’’قنا‘‘ کے بعد لفظ ’’ربنا‘‘ کہیں نہیں۔

’’من اشد النوازل‘‘ سے ’’من‘‘ اڑا کر طاعون کو ’’اشد النازلة‘‘ کہا اور اپنے ہی پاؤں میں تیشہ مارا۔

عبارت ’’اشباہ‘‘ میں ’’سبعین‘‘ کو ’’تسعین‘‘ بنایا مگر زیادہ اظہار علم کی تصحیفیں یہ ہیں ’’شیبان بن فروخ‘‘ کو اصل عبارت سند اور ترجمہ دونوں میں ’’شیبان بن فرخ[1]‘‘ لکھا یہ نام صحیح مسلم وسنن ابی داؤد سنن نسائی میں خدا جانے کتنی جگہ آیا ہے اگر یہ کتابیں پڑھی ہوتیں تو ایسی غلطی شاید نہ ہوتی۔

’’اللّٰھم اشدد وطأتک علی مضر‘‘ دو جگہ آیا دونوں جگہ ’’وطائک‘‘ بہمزہ[2] بجائے ’’تا‘‘ بنایا اور قبیلۂ ’’قارہ‘‘ کو کہ یہ لفظ بھی دو جگہ وارد ہوا تھا دونوں جگہ صاف ’’فارہ[3]‘‘ بحرف فا بجائے قاف تحریر کیا اور سب میں اخیر کا لطیفہ یہ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مناجات مروی ہے:

---

[1] یعنی چوزہ ۱۲ منہ / [2] یعنی نشیب ۱۲ منہ / [3] یعنی چوہا ۱۲ منہ۔

marfat.com

"اللّٰھم لا قَابِض لما بسطت و لا باسط لما قبضت
و لا مانع لما اعطیت و لا معطی لما منعت و لا
ھادیٰ لمن اضللت و لا مضل لمن ھدیت و لا
مقرب لما باعدت و لا مباعد لما قربت" یعنی اے
اللہ! جس چیز کو تو نے کشادہ فرمایا اسے کوئی سمیٹنے والا نہیں
اور جسے تو نے بند فرما دیا اسے کوئی کھولنے والا نہیں اور جسے
تو نے ہدایت دی ہے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور
جسے تو نے گمراہ کیا اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور جسے
تو نے عطا کیا اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک نے
لیا اسے کوئی عطا کرنے والا نہیں اور جسے تو نے دور کر دیا
اسے کوئی قریب کرنے والا نہیں اور جسے تو نے قریب فرما لیا
اسے کوئی دور کرنے والا نہیں۔ (فاروقی)

آپ اسے لکھتے ہیں:

"اللّٰھم یا قابض لما بسطت و یا باسط لما قبضت"
اہل علم کی غلطی اس طرح کی نہیں ہوتی اتنا بھی نہ سمجھا کی یوں ہوتا تو:

" یا قابضاً لما بسطت و یا باسطا لما قبضت"

marfat.com

نصب کے ساتھ ہوتا نہ بالضم کہ بوجہ حصول معمول کلمۂ شبہ مضاف ہو کر مفرد نہ رہا اور نصب واجب ہوا" کقولک یا طالعا جبلا و یا خیرا من زید" اور یہ تو تم سے کیا کہا جائے کہ یہ حدیث جو آپ نے نقل کی جس میں یہ مناجات مذکور ہوئی علمائے ناقدین اسے سخت منکر بتاتے ہیں یہاں تک کہ امام ذہبی فرماتے ہیں:

"اخاف ان لا یکون موضوعا میں ڈرتا ہوں کہیں موضوع نہ ہو"

خاتم الحفاظ امام جلیل سیوطی "جمع الجوامع" میں اسے نقل کر کے مقرر رکھتے ہیں۔

**اغلاط ترجمہ:** -گزری جہالتوں کے بیان میں متعدد جگہ واضح ہوا کہ زید کو سیدھی سادی عبارت عربی سمجھنے اور اس کا ٹھیک ترجمہ کر لینے کی استعداد نہیں اور میں ایسے ترجموں کا شاکی بھی نہیں کہ "ان یدعو لقوم او علی قوم" کے ترجمے میں لکھا:

"واسطے دعا کرنے کے کسی قوم کے لئے یا اوپر بد دعا کرنے کے کسی قوم پر"

یا "سندہ صحیح" کا ترجمہ "سند اس حدیث کی بہت صحیح ہے" یا "عن ابی مالک سعد بن طارق الاشجعی" کا ترجمہ "روایت کی مالک سعید بیٹے طارق اشجعی نے" لطیف خوش فہمیوں کے ترجمے وہ ہیں جن کا بیان ذکر جہالات ۵ و ۶ و ۸ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۹ میں گزرا علی الخصوص ثلثۂ اخیرہ اور اسی قبیل سے ہے حدیث:

marfat.com

”اللھم انج الولید بن الولید وسلمة بن ھشام
وعیاش بن ابی ربیعة والمستضعفین من
المؤمنین وغفار غفر اللّٰہ لھا واسلم سالمھا اللّٰہ“

کا ترجمہ:

”اے پروردگار خلاصی بخش ولید اور سلمہ اور عیاش کو
اور ناتواں مومنوں کو اور قبیلۂ غفار کو مغفرت کرے
اللہ ان کی اور قبیلۂ اسلم کو سلامت[1] رکھے اللہ ان کو
یعنی شر سے اعداء کے“

”غفار غفر اللّٰہ لھا واسلم سالمھا اللّٰہ“ دو مستقل جملے جداگانہ خبریہ یا دعائیہ ہیں۔

اقول والاوّل عندی اولی
لقول رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ
تعالیٰ علیہ وسلم اسلم
سالمھا اللّٰہ وغفار غفر اللّٰہ
لھا اما واللّٰہ ما اناقلته ولکن

یعنی میں کہوں گا میرے نزدیک پہلا
احتمال اولیٰ ہے کیوں کہ حضور صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلم
ہے اللہ تعالیٰ نے مصالحت فرمائی
اور غفار کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت

---

[1] ”سالمھا اللّٰہ“ کا ظاہر ترجمہ اللہ نے ان سے صلح کی علیہ درج فی اشعة اللمعات وفی الصراح مسالمة مصالحة وفی القاموس سالما صالحا وفی تاج العروس ومنه الحدیث اسلم سالمھا اللّٰہ وھو من المسالمة وترک الحرب وفی مجمع البحار اسلم سالمھا اللّٰہ ھو المسالمة وترک الحرب ۱۲ منه

الله قاله رواه مسلم عن
ابی هریرة واحمد و
الطبرانی فی الکبیر و
الحاکم عن سلمة بن
الاکوع وابو بکر بن ابی
شیبة عن خفاف بن ایماء
الغفاری و ابو یعلی
الموصلی عن ابی برزة
الاسلمی رضی الله تعالیٰ
عنهم.

فرمائی، خبردار! خدا کی قسم میں نے یہ
بات خود نہیں کہی بلکہ اللہ تعالیٰ نے
ارشاد فرمائی ہے، اسے امام مسلم نے
ابوہریرہ سے رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
روایت کی اور امام احمد اور طبرانی نے
''کبیر'' میں اور امام حاکم نے سلمہ بن
اکوع اور ابوبکر بن شیبہ نے خفاف
ابن ایماء غفاری سے اور ابویعلیٰ موصلی
نے ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہم
سے روایت کی ہے۔ (فاروقی)

مصنف ''ضروری سوال'' نے اپنی نادانی سے ''غفار واسلم'' کو ''ولید'' پر معطوف اور ''انج'' کے نیچے داخل سمجھا گویا یہ قبائل انصار بھی مثل ولید و سلمہ و عیاش و ضعفائے مومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین دست کفار میں گرفتار تھے ان سب کی نجات کے لئے دعا فرمائی جاتی تھی حالانکہ یہ حدیث اس حدیث سے جدا ہے۔

''صحیح بخاری شریف'' صفة الصلاة میں بے ذکر ''غفار و اسلم'' صرف حدیث اول روایت فرمائی اور استسقاء میں کہ اسے اس کے ساتھ روایت کیا صاف فصل بتا دیا:

"حیث قال عن ابی ہریرة ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم کان لخلوفع رأسہ من الرکعة الآخرة یقول اللھم انج عیاش بن ابی ربیعة اللھم انج سلمة بن ھشام اللھم انج الولید بن الولید اللھم انج المستضعفین من المؤمنین اللھم اشدد وطأتک علی مضر اللھم اجعلھا سنین کسنی یوسف وان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال غفار غفر اللہ لھا و اسلم سالمھا اللہ تعالیٰ" یعنی بایں طور فرمایا: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ: جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخری رکعت سے سر اٹھاتے تو یہ فرماتے "اے اللہ! نجات دے عیاش ابن ابو ربیعہ کو، اے اللہ! نجات دے سلمہ ابن ہشام کو، اے اللہ! نجات دے ولید ابن ولید کو، اے اللہ! نجات دے ضعیف مؤمنوں کو، اے اللہ! تو اپنی گرفت سخت فرما مضر پر، اے اللہ! ان پر قحط مسلط فرما جیسا قحط یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں ہوا تھا" اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے غفار کی مغفرت فرمائی اور اسلم سے اللہ تعالیٰ نے صلح فرمائی۔ (فاروقی)

marfat.com

''فتح الباری وعمدة القاری وارشاد الساری شروح صحیح بخاری'' میں ہے:

"قولہ وان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم الخ حدیث اٰخر وھو عند البخاری بالاسناد المذکور فکانہ سمعہ ھکذا فاوردہ کما سمعہ زاد العینی وقد اخرجہ احمد کما اخرجہ البخاری" یعنی ان کا قول "ان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم" الخ یہ دوسری حدیث ہے اور یہ امام بخاری کے یہاں مذکورہ سند کے ساتھ ہی مروی ہے گویا انھوں نے اسی طرح سن کر شامل کرلیا اور ''عینی'' نے یہ بات زیادہ کی کہ: اسے امام احمد نے بھی تخریج کی جس طرح امام بخاری نے تخریج کی ہے۔ (فاروقی)

ذی ہوش نے یہ بھی نہ دیکھا کہ روایت میں ''غفار'' مرفوع ہے نہ منصوب تو ''ولید'' پر عطف کیوں کر ممکن۔

**اغلاط روایت:-** ''ضروری سوال'' میں واقعۂ بیر معونہ بطور خود ذکر کیا جسے بے اصل اغلاط سے بھر دیا خلاصۂ عبارت یہ ہے:

''ایک عامر بیٹا مالک کا دو گھوڑے دو اونٹ پیمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہدیہ لایا حضور نے فرمایا ہم کافر کا ہدیہ قبول نہیں کرتے وہ اسلام تو نہ لایا مگر انکار بھی نہ کیا اور بولا اے

حبیب خدا میرے پیچھے ایک قوم ہے آپ چند اصحاب ہمراہ دو تو امید کہ وہ سب مسلمان ہو جائیں آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ستر یا چالیس جوان انصار[1] سے جو سب کے سب قرآن مجید کے حافظ تھے عامر کے ہمراہ کر دیئے اور ایک راہبر بھی ہمراہ ہو لیا ان پر منذر کو سردار کیا اور بنام عامر بن طفیل ایک خط لکھوا کر حوالہ منذر کے کر دیا یہ صحابہ بیر معونہ کے قریب پہنچ کر وہیں قیام کیا پھر ایک شخص کے ہاتھ وہ خط عامر بن طفیل کے پاس بھجوا دیا جب وہ خط عامر بیٹے طفیل نے پڑھا آگ کا شعلہ بن گیا اور جھپٹ کر خط پہنچانے والے کو قتل کر ڈالا پھر اپنے تمام حلیفوں اور قبیلوں کی کمک ان صحابہ کو قتل کر ڈالا اور منذر کو زندہ قید کر لیا''

قطع نظر اس سے کہ:

**اوّلاً:-** عامر بن مالک ابو براء نے ''اے حبیب خدا'' ہرگز نہ کہا کہ یہ خاص کلمۂ اسلامی تھا۔

---

[1] سب انصاری نہ تھے بعض مہاجر تھے ''خمیس'' میں ہے: کان اکثرھم من الانصار و اربعة من المھاجرین "مدارج" میں ہے اکثر ایشان از انصار بودند وبعضے از مہاجران، نیز ''خمیس'' میں ہے: لم یکن القراء المذکورون کلھم من الانصار بل کان بعضھم من المھاجرین مثل عامر بن فھیرة مولی ابی بکر الصدیق و نافع بن بادیل بن ورقاء الخزاعی و غیرھما رضی اللہ تعالیٰ عنھم ۱۲۔

**ثانیاً:** -ہمراہ ہولیا سے ظاہر یہ کہ بطور خود ساتھ ہولیا حالاں کہ حدیث میں ہے خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مطلب سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رہبری کے لئے ہمراہ فرمادیا تھا:

"فقد اخرج الطبرانی من طریق عبد الله بن لهیعة عن ابی الاسود عن عروة قال ثم بعث النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المنذر بن عمرو الساعدی وبعث معه المطلب السلمی لیدلهم علی الطریق الحدیث ذکره فی الاصابة فی ترجمة المطلب" یعنی طبرانی نے عبداللہ بن لہیعہ کے طریق سے تخریج کی انھوں نے ابوالاسود سے انھوں نے عروہ سے روایت کی وہ فرماتے ہیں کہ: پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منذر بن عمرو ساعدی کو (رؤسائے نجد و بنی عامر کے پاس) بھیجا اور ان کے ساتھ مطلب سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو روانہ فرمایا تاکہ وہ ان کی رہنمائی کریں الحدیث، اس حدیث کو "الاصابة فی تمیز الصحابة" میں مطلب کے عنوان کے تحت ذکر کیا۔ (فاروقی)

marfat.com

**ثالثاً:**- فرمان اقدس خاص بنام عامر بن طفیل نہ تھا، بلکہ رؤسائے نجد و بنی عامر کے نام تھا۔

''خمیس'' میں ہے:

''وکتب کتابًا الی رؤساء نجد وبنی عامر'' یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رؤسائے نجد و بنی عامر کے نام خط لکھا۔ (فاروقی)

''مدارج'' میں ہے:

''مکتوبے بروسائے نجد و بنی عامر نوشت'' یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک خط روسائے بنی عامر کو تحریر فرمایا۔ (فاروقی)

**رابعاً:**- حافظ قرآن کے اگر یہ معنی کہ قرآن مجید سے کچھ یاد تھا تو اس میں ان صحابہ کی کیا خصوصیت انہیں قراء نام رکھنے کی یہ وجہ نہیں ہوسکتی اور اگر یہ مراد کہ جس قدر قرآن مجید اس وقت تک اترا وہ سب ان سب کو یاد تھا تو اس کا کوئی ثبوت نہیں بلکہ انہیں قراء کہنے کی وجہ یہ کہ شب کو درس وتلاوت قرآن مجید میں بکثرت مشغول رہتے۔

''صحیح بخاری'' میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

marfat.com

"یتدارسون القرآن باللیل ویصلون" یعنی وہ راتوں کو درس قرآن اور نمازوں مشغول رہتے تھے (فاروقی)

''عمدالقاری'' کتاب الجہاد باب العون بالمدد میں ہے:

"سموابه لکثرة قرائتهم" یعنی تلاوت قرآن کریم کی کثرت کے سبب انھیں ''قراء'' کے نام سے موسوم کیا گیا۔ (فاروقی)

**خامساً:**- عامر بن طفیل کے خاص اپنے قبیلۂ بنی عامر نے ہرگز کمک نہ دی بلکہ صاف انکار کر دیا کہ: تیرا چچا عامر بن مالک انہیں اپنی پناہ میں لے چکا ہے، ہم اس کا ذمہ ہرگز نہ توڑیں گے۔

''مواہب لدنیہ'' میں ہے:

''استصرخ علیهم بنی عامر فلم یجیبوه وقالوا لن نخفر ابابراء وقد عقد لهم عقدا وجوارا" یعنی عامر بن طفیل نے مسلمانوں کے خلاف قبیلۂ بنو عامر کو مدد کے لئے پکارا تو انھوں نے اس کی مدد کرنے سے انکار کر دیا اور کہا ہم ابو براء کے معاہدے کو ہرگز نہ توڑیں گے کہ اس نے مسلمانوں کو پناہ دینے کا عہد کر رکھا ہے۔ (فاروقی)

''سیرت ابن ہشام'' میں ہے:

marfat.com

"استصرخ علیهم بنی عامر فابوان یجیبوه الی مادعا هم الیه وقال لن نخفر الیٰ اخرمامر" یعنی عامر بن طفیل نے مسلمانوں سے مقاتلہ کے لئے بنو عامر کو پکارا تو انھوں نے اس سے انکار کر دیا اور کہا ہم تیرے چچا ابو براء کے معاہدے کو ہرگز نہ توڑیں گے۔ (فاروقی)

"خمیس" میں ہے:

"استصرخ عامر بن الطفیل بنی عامر علی المسلمین فامتنعوا وقالوا لا نخفر ذمة ابی براء عمك الخ" یعنی عامر بن طفیل نے مسلمانوں کے خلاف قبیلۂ بنو عامر کو قتال کے لئے پکارا تو انھوں نے اس سے صاف انکار کر دیا اور کہا ہم تیرے چچا ابو براء کے ذمہ کو ہرگز نہ توڑیں گے۔ (فاروقی)

"مدارج" میں ہے:

"تمامۂ بنی عامر از جنگ مسلمانان ابا آوردند" یعنی تمام بنو عامر نے مسلمانوں سے جنگ کرنے سے انکار کر دیا۔ (فاروقی)

**سادساً:-** عامر بن طفیل کا حامل فرمان اقدس حرام بن ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کرنا بھی خلاف تحقیق ہے بلکہ ان کا قاتل اور شخص تھا کہ بعد کو اسلام لے آیا۔

marfat.com

كما رواه الطبرانی عن ثابت البنانی عن انس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه.

یعنی جیسا کہ طبرانی نے اس حدیث کو ثابت بنانی سے انھوں نے اسے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا (فاروقی)

اورعدو اللہ عامر بن طفیل کفر پر مرا۔

كما فی صحیح البخاری عن اسحق بن ابی طلحة عن انس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه.

یعنی جیسا کہ بخاری میں یہ حدیث اسحاق ابن ابوطلحہ سے مروی ہے انھوں نے انس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ (فاروقی)

''صحیح بخاری شریف''میں ہے:

"جعل یحدثهم فاومأوا الی رجل فاتاه من خلفه فطعنه یعنی حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کافروں کو پیام اقدس پہونچاتے۔اوران سے باتیں فرمارہے تھے کہ انہوں نے کسی کو اشارہ کیا اس نے پیچھے سے آکر نیزہ مارا''

امام حافظ الشان عسقلانی نے''فتح الباری''میں فرمایا:

لم اعرف اسم الرجل الذی طعنه مجھے اس نیزہ مارنے والے کا نام نہ معلوم ہوا''

marfat.com

''زرقانی شرح مواہب''میں ہے:

"فی الطبرانی من طریق ثابت عن انس ان قاتل حرام بن ملحان اسلم و عامر بن الطفیل مات کافرا کما تقدم انتھی من الفتح" یعنی طبرانی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حرام بن ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل اسلام لے آیا اور عامر بن طفیل کافر مرا جیسا کہ ''فتح'' سے گزرا۔ (فاروقی)

**سابعاً:**- ان سب سے قطع نظر کے بعد اس میں ایک غلطی یہ ہے کہ:

''جب وہ خط عامر نے پڑھا آگ کا شعلہ بن گیا''

کتب سیر میں تصریح ہے کہ اس خبیث نے فرمان اقدس دیکھا تک نہیں ''سیرت ابن اسحاق و سیرت ابن ہشام و مواہب لدنیہ'' میں ہے:

"لما اتاہ لم ینظر فی کتابہ" یعنی جب نبی اکرم ﷺ کا نامۂ مبارکہ عامر بن طفیل کو پہنچا تو اس نے اس پر نظر بھی نہیں ڈالی۔ (فاروقی)

''خمیس''میں ہے:

"لم ینظر عامر بن الطفیل فی کتاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" یعنی عامر بن طفیل نے رسول اللہ

ﷺ کے فرمان عالی شان کو دیکھا تک نہیں۔ (فاروقی)

''کامل'' میں ہے:

"لما اتاه لم ينظر الى الكتاب" یعنی جب عامر بن طفیل کے پاس حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نامۂ مقدسہ لایا گیا تو اس نے اس کی طرف نہیں دیکھا۔ (فاروقی)

**ثامناً:** -سخت غلطیٔ فاحش یہ ہے کہ منذر کو زندہ قید کرلیا حالانکہ منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عین معرکہ میں شہید ہوئے ہیں۔

''معالم التنزیل'' میں ہے:

"قتل المنذر بن عمرو واصحابه الا ثلثة نفر كانوا فى طلب ضالة لهم الخ" یعنی منذر ابن عمرو اور ان کے ساتھی شہید کردیئے گئے سوائے تین افراد کے جو کسی گم شدہ کی تلاش میں گئے ہوئے تھے۔ (فاروقی)

''مدارج'' میں ہے:

''تمامۂ اصحاب شہید شدند الا منذر بن عمرو با او گفتند اگر خواہی ترا امان دہیم او امان ایشان را قبول نکرد و با ایشان را مقاتلہ کردتا شہید شد'' یعنی تمام ساتھی شہید ہوگئے سوائے حضرت منذر ابن عمرو کے، بنو عامر نے آپ سے کہا اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کو

امان دیدیں؟ آپ نے ان کی یہ پیش کش قبول نہ فرمائی اور ان سے جنگ کی یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔ (فاروقی)

''سیرتین ابنائے اسحاق وہشام'' میں ہے:

''لما راؤهم اخذوا سيوفهم ثم قاتلوهم حتى قتلوا من عند اخرهم يرحمهم اللّٰه الا كعب بن زيد اخا بنى دينار بن النجار فانهم تركوه وبه رمق فارتث من بين القتلى فعاش حتى قتل يوم الخندق شهيدا يرحمه الله'' یعنی جب کفار نے مسلمانوں کو دیکھا تو اپنی تلواریں تان لیں پھر ان سے جنگ کی یہاں تک کہ ان سب کو شہید کر دیا اللہ ان پر رحمت فرمائے سوائے کعب ابن زید دینار ابن نجار کے بھائی کے کہ ان کو انھوں نے زخمی حالت میں چھوڑ دیا اور ان کی آخری سانس چل رہی تھی تو انھیں مقتولین میں سے اٹھایا گیا پھر وہ زندہ رہے یہاں تک کہ جنگ خندق میں شہید ہوئے، اللہ ان پر رحمت فرمائے۔ (فاروقی)

''مواہب'' میں ہے:

marfat.com

"قتلوا الیٰ اخرھم الا کعب بن زید الخ"یعنی انھوں نے سارے مسلمانوں کو شہید کردیا سوائے کعب ابن زید کے۔ (فاروقی)

"خمیس"میں ہے:

"قتلوا من عنداخرھم الا کعب بن زید الخ"یعنی کافروں نے سارے مسلمانوں کو شہید کر دیا سوائے کعب ابن زید کے۔ (فاروقی)

خود حدیث میں ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی:

"ان اخوانکم لقوا المشرکین فاقتطعوھم فلم یبق منھم احد و انھم قالوا ربنا بلغ قومنا انا قد رضینا و رضی عنا ربنا فانا رسولھم الیکم قد رضوا اورضی عنھم رواہ الحاکم عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ" یعنی تمہارے بھائی کفار سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوں گے،تو ان میں سے کوئی نہ بچا اور انھوں نے کہا:اے ہمارے رب!ہماری طرف سے ہماری قوم کو یہ پیغام پہنچادے کہ ہم اللہ سے راضی ہوئے اور اللہ ہم سے راضی ہوا،حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:میں ان کا پیغام تمہیں پہنچارہا ہوں

marfat.com

کہ وہ اللہ سے اور اللہ ان سے راضی ہوا، اس حدیث کو حاکم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فاروقی)

**فریب دہی عوام:۔** جہالات واغلاط کثیرہ کے ساتھ فریب دہی عوام بھی ''ضروری سوال'' میں ضرور ہے۔

**فریب ۱:۔** حدیث مذکور ابن حبان ذکر کی جو صراحۃً مطلق تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح میں قنوت نہ پڑھتے مگر جب کسی قوم کے نفع یا ضرر کی دعاء فرمانی ہوتی، مصنف ''ضروری سوال'' نے اس کا ترجمہ لکھ کر معاً جوڑ لگا دیا:

''یعنی سوا اس کے پیمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اور مصیبت پر قنوت نہیں پڑھتے تھے''

جس سے عوام سمجھیں حدیث میں کسی خاص مصیبت کا ذکر ہے اسی کے لئے قنوت پڑھنے کا ثبوت ہے باقی بے ثبوت۔

اس مغالطے سے جو فائدہ اٹھانا چاہا اسے یہیں ظاہر بھی کر دیا کہ:

''اب یہاں سے سمجھا گیا کہ کفار ظلم کریں تو نماز فجر میں
نصرت چاہے طاعون یا وبا کے لئے قنوت ثابت نہیں''

حالانکہ ہر ابجد خواں عربی بتا سکتا ہے کہ یہ محض دھوکہ دیا ہے حدیث میں اصلاً کسی مصیبت خاص کا نام نہیں جس کے غیر پر نفی قنوت ہو۔

**فریب ۲**:- قنوت نازلہ خود بھی تو غیر منسوخ مانی ہے اگر چہ خاص ایک نازلے میں، اب جو اس پر سند پیش کرنی ہوئی تو علامہ طحطاوی و علامہ شامی و محقق سامی بحر طامی صاحب اشباہ نامی کا دامن پکڑا کہ:

"چنانچہ حاشیۂ درمختار طحطاوی و شامی و اشباہ و النظائر وغیرہ وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے"

حالاں کہ اوپر واضح ہو چکا کہ یہ علمائے کرام تو نہ صرف تعمیم نوازل بلکہ خاص طاعون ہی کے لئے قنوت ثابت کرتے ہیں جس کے سبب معاذ اللہ اس شخص کے نزدیک کذب و بہتان میں پڑے ہیں، ان کے کلام پورے نقل نہ کرنا درکنار جو عبارت ان کے نام سے نقل کی اسی میں دو کاروائیاں کیں۔

**ایک** یہ کہ خود ان کے ترجمۂ کلام میں وہ الفاظ ملا دیئے جو اپنے ساختہ مذہب کے مطابق تھے۔

**دوسرے** یہ کہ ایک عربی عبارت اپنی طرف سے بنا کر اس کلام سے ملا دی اور سب کا ایک ساتھ ترجمہ کر دیا جس سے ناواقف کو دھوکہ ہو کہ یہ سارا کلام ان علمائے کرام کا ہے وہ نقل و ترجمہ ملخصاً یہ ہے:

"وغیرہ وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے اور وہ یہ ہے کہ

وقد قنت ابو بکر الصدیق و عمر و علی و معٰویۃ

marfat.com

فالقنوت فی النازلة ثابت فافهم واغتنم قلت والمراد بالنازلة هناك هوالذی مذکور فی الاحادیث ولا یقاس علی غیره و اللّٰه اعلم

ترجمہ: اور مقرر قنوت پڑھی ابوبکر الصدیق اور عمر فاروق اور حضرت علی اور حضرت معٰویہ نے پس قنوت بیچ واقع ہونے سختی اور فتنہ اور فساد اور غلبۂ کفار اشرار کے ثابت ہے سو سمجھ اور غنیمت جان اب کہتا ہوں میں کہ مراد نازلہ سے اس جگہ وہی نازلہ مراد ہے جو مذکور ہوا ہے حدیثوں میں اور نہیں قیاس کیا جائے[1] گا اوپر غیر اس نازلہ کے اعنی ہر ایک نازلہ نہیں''

ترجمۂ اصل میں فتنہ وفساد وغلبۂ کفار اشرار کے لفظ بڑھا دئے کہ نرے بے علم کہیں دیکھو جو بات مولوی صاحب نے کہی تھی وہی ان کتابوں میں لکھی ہے ورنہ اصل عبارت علماء میں نہ ان لفظوں کا اصلاً پتہ نہ اس غرض فاسد کے سوا ترجمے میں اس پیوند کا کوئی منشا پھر ''قلت'' سے آخر تک ایک عبارت عربی گڑھ کر عبارت سے ملادی اور

---

[1] اس خوبیٔ علم کو دیکھئے کہنا یہ مقصود ہے کہ لایقاس علیہ غیرہ اور نازلہ اس پر قیاس نہ کیا جائے گا اور کہا یہ کہ ''لایقاس علی غیرہ نہ قیاس کیا جائے اوپر غیر اس نازلہ کے'' ۱۲ منہ۔

اس کا ترجمہ ترجمے سے کہ ناواقف کم علم جانیں یہ "قلت" انھیں علماء نے فرمایا ہے ورنہ یہ کہیں کا ادب نہیں کہ اردو رسالے میں جو بات اردو ہی زبان میں ظاہر کرنی ہوا سے پہلے عربی میں بولیں پھر اپنی عربی کی اردو کریں اور کلام علماء میں "قلت" ہزار جگہ ہوتا ہے تو صاف اسی طرف ذہن جائے گا کہ یہ کلام بھی انھیں کا ہے۔

**فریب ۳۲** :- اشباہ میں فرمایا تھا:

"فائدۃ فی الدعاء برفع الطاعون سئلت عنه فاجبت بانی لم اره صریحاً **یعنی فائدہ طاعون دور ہونے کی دعاء میں مجھ سے اس کا سوال ہوا تھا میں نے جواب دیا کہ اس کی تصریح میں نے نہ دیکھی**"

پھر "غایہ و شمنی و فتح القدیر" کی وہ عبارتیں نقل فرمائیں کہ "نازلہ کے لئے قنوت پڑھے" پھر فرمایا:

"فالقنوت عندنا فی النازلۃ ثابت و لا شك ان الطاعون من اشد النوازل **یعنی ان عبارات سے واضح کہ ہمارے نزدیک بلا میں قنوت ثابت ہے اور شک نہیں کہ طاعون سخت تر بلاؤں میں سے ہے**"

پھر اس دعوے کے ثبوت کو کہ نازلہ ہر سختی و شدت کو عام ہے "مصباح و قاموس و

marfat.com

صحاح" کی عبارات مذکورہ سابق نقل فرمائیں پھر عبارت "سراج وہاج وملتقط" وکلام امام طحاوی سے ثبوت مؤکد قائم فرمایا کہ جوکوئی بلا ہواس کے لئے قنوت پڑھنے میں حرج نہیں کسی عاقل غیر مجنون کے نزدیک اس کلام کے معنی سوااس کے کچھ نہیں ہو سکتے کہ طاعون کے لئے قنوت پڑھے جانے کو فرمارہے ہیں۔

لاجرم علامہ سید شریف طحطاوی نے "حاشیہ مراقی الفلاح" میں فرمایا:

"فی الاشباہ یقنت للطاعون لانہ من اشدا لنوازل یعنی اشباہ میں ہے کہ طاعون کے لئے قنوت پڑھے اس لئے کہ وہ سخت تر بلاؤں میں سے ہے"

اب مصنف "ضروری سوال" کی سنئے:

"اشباہ والنظائر والے صاحب نے فرمایا ہے لوگوں نے مجھ سے پوچھا طاعون میں قنوت پڑھنے سے سو میں نے جواب دیا کہ صریح مسئلہ اس کا کہیں نہیں دیکھا میں حکم کرنہیں سکتا"

اوّل تو سوال خاص قنوت طاعون سے ہونا بنایا کہ جو جواب گڑھا جائے گا وہ بالتخصیص صراحۃً اسی پر وارد ہو پھر جواب میں یہ لفظ اپنی طرف سے بڑھا دئے کہ "میں حکم کرنہیں سکتا" حالانکہ عبارت اشباہ میں اس کا وجود مفقود بلکہ بالتصریح اس میں قنوت کا

حکم دینا موجود اسے کس درجے کی تحریف و بددیانتی و مغالطہ وفریب دہی کہا چاہیے

والعیاذ باللہ رب العلمین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔

**مخالفت توبہ نامہ**:- خود اس ''ضروری سوال'' سے بھی پیدا!

**اولاً**:- اس میں اپنے طرفداروں کے ایک رسالے کی نسبت لکھا تھا کہ:

''اس میں سادات کرام وعلمائے عظام کی شان و عظمت کے خلاف الفاظ رکیکہ برتے گئے ہیں واقعی یہ کمال درجے کی بے ادبی میرے طرفداروں سے تو گویا مجھی سے ہوئی میں للہ ان کل حضرات بابرکات سے معافی چاہتا ہوں خواہ حضرات سادات وعلمائے اہل سورت خواہ اہل بمبئی خواہ آفاقی''

وہاں تو آج کل کے علماء کو جو آپ کے طرفداروں نے کچھ الفاظ رکیکہ لکھے اس سے معافی چاہی اور ''ضروری سوال'' میں خود آپ اکابر سابقین علمائے عظام وفقہائے کرام وسادات فخام مثل امام نووی وامام ابن حجر وامام طیبی وعلامہ ابن ملک ومحقق زین العابدین بن نجیم ومولانا علی قاری مکی وسید علامہ طحطاوی وسید علامہ شامی وامثالھم کو معاذ اللہ کذب وبہتان کی طرف نسبت فرمارہے ہیں شاید یہ الفاظ رکیکہ نہ ہوں گے۔

**ثانیاً**:- اس میں لکھا تھا:

marfat.com

"واللہ باللہ میں مذاہب اربعہ حقہ کو سچے دل سے حق جانتا ہوں"

یہاں صراحۃً قنوت فجر کو کہ مذہب امام مالک وامام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہے بدعت وضلالت وفی النار بتایا، ادھر قنوت وطاعون وبا کو کذب وبہتان ٹھہرایا۔

شراح حنفیہ سے قطع نظر بھی کیجئے تو ائمہ شافعیہ کے یہاں اس کی صریح تصریحیں موجود اور امام ابن حجر مکی نے خود امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیان مذہب میں اسے ذکر فرمایا۔

ثالثاً: اس میں لکھا تھا:

"جمہور علماء کا اتباع اختیار کیا اولیائے کرام کی نذر ونیاز عرفی میں جبکہ فقہائے کرام نے تصفیہ کر دیا ہے اور مستحسن رکھا ہے تو ہم انھیں کی پیروی کریں یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے لیکن بندہ اپنے پرانے خیالات سے باز آ کر اولیاء کی نذر ونیاز عرفی جو فی زماننا خاص وعوام میں مروج ہے اس کو مستحسن جانتا ہوں سوا اس کے میری تصانیف میں جو بات خلاف اقوال جمہور علماء ہو اس کو واپس لیتا ہوں اور عہد کرتا

ہوں کہ آئندہ علمائے کرام کے مخالف کوئی مسئلہ
نہیں لکھوں گا''

اور یہاں نہ ظاہر ارشاد جمیع متون پر اقتصار لیا نہ طریقۂ مصرحۂ جمہور شارحین اختیار کیا سب کے مخالف مسئلہ لکھ دیا یہ ''ضروری سوال'' کی مخالفتیں تھیں۔

رابعاً:- شرائط بحث میں تو صراحۃً اس توبہ کو توڑ دیا، نذر و نیاز عرفی اولیائے کرام قدست اسرارہم جو فی زماننا مروج ہے ظاہر ہے کہ زمانۂ صحابہ و تابعین و تبع تابعین میں اس پر کوئی نزاع قائم نہیں ہوئی نہ اس کا کوئی تصفیہ اس وقت کے فقہائے کرام نے کیا تو لاجرم توبہ نامے میں جمہور علمائے متاخرین ہی کی پیروی کو لکھا اور ان کی مخالفت کا عہد کیا تھا اب شرائط بحث میں قرون ثلثہ کے سوا متاخرین متقدمین سب کو بالائے طاق رکھ کر صاف لکھ دیا کہ:

''سند دین میں اصول و فروع مسائل میں زمانۂ
خیر القرون کی ہونی چاہیئے یعنی صحابہ و تابعین و تبع
تابعین اور اس پر عمل بھی جاری ہوا ہو''

**بوئے وہابیت** پیدا ہونے کو اولاً و ثانیاً ''ضروری سوال'' ہی کی وہ تقریریں کہ یہ ارشاد فقہاء کذب و بہتان ہے اور وہ مذہب ائمہ بدعت و ضلالت و فی النار ہی کافی تھیں۔

marfat.com

**ثالثاً**: مگر شرائط بحث میں تو صاف صاف وہی معمولی تقریر وہابیہ کہ قرون ثلثہ کی سند معتبر ہے باقی سب باطل صراحۃً لکھ دی اور اس کے ساتھ اور تنگی بڑھا دی کہ صحابہ وتابعین کی سند بھی مقبول نہیں جب تک اس پر عمل نہ جاری ہوا ہو یہ باتیں ضرور وہابیت کی ہیں۔

**رابعاً**: اور شرط لگائی کہ:

''کوئی مسئلہ کسی کتاب میں بے سند لکھا ہو وہ بغیر اسناد کے تسلیم نہ کیا جائے گا''

ہر شخص جانتا ہے کہ کتب فقہیہ متون وشروح وفتاویٰ کسی میں ذکر اسناد نہیں ہوتا تو اس شرط میں صاف بتا دیا کہ کتب فقہ مہمل وناقابل عمل ہیں ان کا مسئلہ تسلیم نہ کیا جائے گا یہ اول نمبر کی وہابیت غیر مقلدی ہے۔

ان وجوہ سے ضرور ظاہر ہوتا ہے کہ زید اپنی قدیم وہابیت پر باقی ہے والعیاذ باللہ تعالیٰ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

## بالجملہ

ان تمام بیانات جلیلہ سے واضح ہوا کہ ''ضروری سوال'' کی تحریر ہمارے علمائے کرام کے خلاف ہے وہ سراسر غلطیوں سے بھری ہے جو اسے صحیح ودرست بتائے سخت جاہل ونافہم ہے ''ضروری سوال'' کا مصنف علم دین سے بہرہ نہیں رکھتا وہ نہ عبارت سمجھ

marfat.com

سکتا ہے نہ ترجمے کی لیاقت رکھتا ہے پھر مطلب سمجھنا تو بڑا درجہ ہے وہ خود اپنا لکھا نہیں سمجھتا نہ نافع و مضر میں تمیز کرتا ہے اور اس کے ساتھ کلمات علماء کو بدلنا گھٹانا بڑھانا مغالطۂ عوام کو کچھ کا کچھ مطلب بنانا علاوہ ہے ایسا بے علم و کج فہم ہرگز فتویٰ دینے کی قابلیت نہیں رکھتا نہ اس کے فتوے پر اعتماد ہو سکتا ہے۔

''صحیح بخاری و صحیح مسلم و مسند امام احمد و جامع ترمذی و سنن ابن ماجہ'' میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

" اتخذ الناس رؤ ساجهالا فسئلوا فافتو بغير علم فضلوا واضلوا لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے ان سے مسئلے پوچھے جائیں گے وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے آپ بھی گمراہ ہوں گے اوروں کو بھی گمراہ بنائیں گے''

اس صحیح حدیث سے ثابت ہوا کہ جو ایسے شخص کے فتوے پر اعتماد کرے گا گمراہ ہو جائے گا نیز اس کے اقوال و کلمات سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ وہ فقہائے کرام کی شان میں گستاخ ہے ارشاداتِ علماء کو کذب و بہتان بتاتا اور مذہب ائمۂ اہل حق کو ضلالت و فی النار بتاتا اور تمام کتب فقہ کو مہمل و بے کار ٹھہراتا ہے اس نے اپنی توبہ توڑی اور قدیمی وہابیت اب تک نہ چھوڑی مسلمانوں کو اس کی صحبت سے احتراز چاہیے کہ بحکم حدیث صحیح گمراہی میں پڑنے کا اندیشہ ہے۔

marfat.com

ایسی حالت میں جو اس کی اعانت کرے گمراہی کی بنیاد قائم کرتا ہے ہاں اگر وہ پھر از سر نو ان تمام حرکات سے تائب ہو اور ایک زمانہ ممتد گزرے جس میں اس سے وہ باتیں صادر ہوں جن سے اس کی توبۂ دوم کا برخلاف توبۂ اول سچا ہونا ظاہر ہو تو اس وقت اس سے تعرض نہ کیا جائے مگر اس کے فتوے پر اعتماد پھر بھی نہیں ہو سکتا کہ اس قدر سے اس کا جہل زائل ہو کر عالم نہ ہو جائے گا۔

لاکھوں عوام سنی المذہب بحمد اللہ تعالیٰ ایسے ہیں جس سے تمام عمر میں کبھی کوئی بات بد مذہبی یا گستاخی شان ائمہ وفقہاء وکتب فقہیہ کی صادر ہی نہ ہوئی مگر جب کہ وہ بے علم ہیں مفتی نہیں بن سکتے۔

اللہ عزوجل خذلان سے بچائے اور بطفیل خاکپائے بندگان بارگاہ بیکس پناہ حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توفیق علم و عمل عطا فرمائے آمین آمین آمین!

والحمد للہ رب العلمین وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ اجمعین آمین واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم احکم۔

کتبہ

محمدن المعروف بحامد رضا البریلوی

عفی عنہ بمحمدن النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

marfat.com

## تصدیق: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری بریلوی

فی الواقع یہ تفصیل کہ قنوت نازلہ جائز ہے مگر اس کا جواز صرف ایک نازلہ سے خاص باقی سب میں ناجائز ہمارے ائمہ کرام کا مذہب نہیں، مصنف ''ضروری سوال'' کی تحریروں سے اس کی جہالت و بطالت صاف ظاہر ہے بیشک ایسے شخص کو مفتی بننا حلال نہیں نہ اس کے فتوے پر اعتماد جائز مجیب سلمہ القریب المجیب نے جو امور بالجملہ میں لکھے ضرور قابل لحاظ و مستحق عمل ہیں مسلمانوں کو ان کی پابندی چاہیئے کہ باذنہ تعالیٰ مضرت دینی سے محفوظ رہیں و باللہ العصمۃ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا بریلوی

عفی عنہ بمحمدن المصطفےٰ النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم

## تصدیق: حضرت علامہ محمد وصی احمد قادری محدث سورتی

الحمد للہ والصلاۃ والسلام علی حبیب الالہ میں نے ''ضروری سوال'' کو حرفاً حرفاً دیکھا اس کو فاحش غلطیوں سے بھرا ہوا اور اس کے لکھنے والے کو علم سے بے بہرہ اور غایت گستاخ اور جہالت سے مالا مال پایا ایسے مغوی غبی وہابی خفی کے فتوے پر عمل کرنا ناجائز، اور اس کا حکم احکام شرعیہ میں غیر نافذ، اس کی تحریروں پر اہل سنت و الجماعت کو اعتماد کرنا ناروا، خصوصاً ''ضروری سوال'' جیسی اس کی پوچ تحریر کو درست سمجھنا اور اس کے مطابق کاربند ہونا تو نہایت ہی نادرست اور برا ہے ایسے شخص کو جگہ دینا

marfat.com

اپنے پاس رکھنا حرام اور اس کی مدد اور اس کی تائید اور اعانت کرنا اور اس کے اقوال بدعت وضلالت مآل کو رواج دینا موجب ناخوشی حضور اقدس علیہ الصلاۃ والسلام اور پوری مخالفت صحابۂ کرام وعلمائے فخام کی ہے۔

الغرض علامہ مجیب دام ظلہ نے جو تفصیل جواب میں افادہ فرمایا وہ اس میں مصیب ہیں اور امور جو کہ انھوں نے بالجملہ کے ذیل میں ثبت فرمائے ہیں وہ سب قرین صواب اور واجب العمل ہیں:

| | |
|---|---|
| واللہ الھادی العزیز العلیم یھدی من یشاء الی صراط مستقیم و صلی اللہ تعالیٰ علی من وصفہ الشریف ونعتہ المنیف ھو الاول والآخر والظاھر و الباطن وھو بکل شئی علیم فقط. | یعنی اللہ ہادی عزیز علیم وہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے صراط مستقیم کی اور اللہ درود بھیجے ان پر جن کو شرافت و بلندی سے متصف کیا، وہی اوّل اور وہی آخر ہے اور وہی ظاہر وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ (فاروقی) |

حررہ العبد المسکین المتشبث بزیل سید المرسلین
وصی احمد الحنیفی الحنفی السنی حماہ اللہ تعالیٰ
عن شر کل غبی وغوی

marfat.com

# تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد سلامۃ اللہ صاحب

اقول وباللہ سبحانہ احول وبحولہ وقوتہ اصول جو شخص ذکی منصف بنظر انصاف اصل معانی تحریر جواب فاضل محقق مولوی حامد رضا خان صاحب کو ملاحظہ کرے گا میری طرح اس کے منہ سے بے ساختہ یہی جملۂ جمیلہ نکلے گا کہ:

"نعم الجواب وحبذ التحقیق" یعنی کیا ہی اچھا جواب ہے اور کیا ہی عمدہ تحقیق ہے۔ (فاروقی)

اور جو ادنیٰ فہم والا بھی رسالۂ موسومہ "ضروری سوال" کو دیکھے گا بے تامل و بے تحاشا اس مصرع کا مضمون اس کے ذہن میں مخطور ہو گا کہ: ؎

صغری خندد وکبری فروگرید بہ برہانش

اس واسطے کہ اوّل سے آخر تک ہر دعویٰ بے ضبط، ہر دلیل بے ربط، مطلب خبط مقصود حبط، اگر کوئی منصف مصنِّف و مصنَّف دونوں کی شان میں یہ داد دے خود غلط، املا غلط، انشاء غلط، تو صحیح اور بجا ہے اور مطابق مثل مشہور کے:

ہر جیسے کو تیسا جیسی روح ویسا فرشتہ

ہر چند کہ مجھ کو فرصت تفصیلاً دیکھنے کی ہاتھ نہ آئی مگر نظر اجمالی میں جس قدر خدشات ظاہر ہوئے اگر میں ان کو قلم بند کرنا چاہوں تو ان کے لئے بھی دفاتر درکار ہیں حق تعالیٰ فاضل جلیل و عالم بے عدیل فخر بیت الاماثل مجیب مصیب کو اس جواب باصواب کا اجر عظیم عطا فرمائے کہ نصرت اہل سنت کی اس مسئلے میں پوری فرمائی ورنہ

marfat.com

''ضروری سوال'' کے مغالطوں سے بہت سے لوگوں کو دھوکہ ہوتا، خصوصًا عوام کو جو نظر علمی سے عاری ہیں وہ بے شبہ اس سے گمراہی میں پڑتے اور بعضے مخالف کج فہم اس کو اپنی سند مستند جان کر اس پر اڑتے۔

فاضل مجیب نے دھجیاں اڑا کر مخالفین کے پر کاٹ دیئے میں اپنی نظر سرسری کے خدشوں میں سے ایک دو بطور مشتے نمونہ پیش کر کے اس تصور کی تصدیق چاہتا ہوں مصنف ''ضروری سوال'' اپنی جان کو آخر رسالہ میں حنفی نقشبندی لکھتا ہے اور مدعی ہے اس امر کا، کہ یہ رسالہ موافق اصول مذہب امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہے اور اس مضمون کے اظہار کے واسطے عربی عبارت میں قابلیت جھاڑی ہے:

''علی اصول مذھب امامنا الاعظم ابو حنیفة رضی اللّٰہ عنہ''

یعنی یہ رسالہ اصول مذہب امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے موافق ہے۔ (فاروقی)

حالانکہ رسالۂ مذبور اوّل سے آخر تک سراسر مخالف ہے اصول حنفیہ کے اس واسطے کہ اصول حنفیہ سے ہے۔

''رسم المفتی'' میں ہے:

''الحکم والفتیا بالقول المرجوح جھل و خرق للاجماع ولا یجوز العمل عندنا بالمرجوح حتی

لنفسه" یعنی قول مرجوح پر حکم اور فتویٰ دینا جہالت اور اجماع کو توڑنا ہے اور ہمارے یہاں قول مرجوح پر عمل جائز نہیں حتی کہ اپنے نفس کے لئے بھی نہیں۔ (فاروقی)

اور مصنف رسالہ نے قول استمرار شرعیت قنوت فی النوازل علی الاطلاق کو جو مذہب جمہور اور راجح تھا چھوڑ کر اس کے خلاف کو جو مرجوح تھا اختیار کیا اور اس کا فتویٰ دیا۔

''شرح منیہ'' وغیرہا میں مصرح موجود ہے:

"فیکون شرعیته ای شرعیة القنوت فی النوازل مستمرة و هو محل قنوت من قنت من الصحابة بعد وفاته علیه الصلاة والسلام وهو مذهبنا وعلیه الجمهور" یعنی مشروعیت قنوت نوازل میں جاری ہے اور محل قنوت وہ ہے جسے پڑھی صحابۂ کرام نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال مبارک کے بعد اور یہی ہمارا مذہب ہے اور اسی پر جمہور کا عمل ہے۔ (فاروقی)

اور ''مرقاۃ شرح مشکوۃ'' میں ہے:

"اطبق علماؤنا علی جواز القنوت عند النازلة" یعنی ہمارے علماء قنوت عند النازلہ کے جواز پر متفق ہیں۔ (فاروقی)

marfat.com

اس سے کئی باتیں واضح ہوئیں۔

**اوّل:** - عدم لیاقت افتاء مصنف رسالہ کی کہ اس کو رسم المفتی تک کی خبر نہیں۔

**دوسری:** - مصنف رسالہ کو جب لیاقت سمجھنے جواز اور عدم جواز کی نہ ہوئی تو ایسے شخص کو فتویٰ دینا کیوں کر جائز ہوگا؟

**تیسری:** - ایسے شخص عدیم اللیاقت کے فتوے پر جو عمل کرے گا وہ عمل اس کا مردود ہوگا۔

**چوتھی:** - اصول حنفیۂ مذکورہ کی شہادت سے ثابت ہوا کہ مصنف رسالہ اور اس کے متبعین مسئلہ متنازع فیہا میں جاہل و نادان اور خارق اجماع یعنی مخالفت کرنے والے اجماع کے ہیں۔

**پانچویں:** - اس اصل سے مبرہن ہوا کہ ایسے شخص بلکہ اس کے متبعین کو بھی جاہل کہنا درست اور اس کی باتوں غلط و بیہودہ کو جہالت کے ساتھ تعبیر کرنا جائز ہے۔

**چھٹی:** - اس سے مدلل ہوا کہ مصنف رسالہ کو فقہ میں اتنی مہارت اور نظر نہیں ہے کہ منیہ اور شرح منیہ کے مسائل و اقوال پر احاطہ ہو اور جس کو فقہ میں اس قدر بھی پونجی نہ ہو اس کا مسئلہ فقہیہ میں بحث کرنا فی المثل سونٹھ کی گرہ کی پنساری کا مصداق ہے۔

**ساتویں:** - یہ دعوے کہ رسالہ مذکور موافق اصول حنفیہ کے ہے اس کے کذب صادق کا مصدق ہے۔

marfat.com

**آٹھویں:** - مصنف رسالہ اور اس کے سب متبعین جو اس مسئلے میں اس کے لکھنے کے موافق عمل کرنے والے ہیں یا مثل اس تحریر کے جو اور کوئی اس کی تحریر اسی قسم کی ہو اس پر چلنے والے سب گنہگار ہیں اس واسطے کہ جب اس کا قول اور اس کی تحقیق مخالف اجماع ہوئی اور مخالفت اجماع کی معصیت ہے اس واسطے کہ موافقت اجماع اور اطاعت اجماع واجب ہے تو مصنف اور سارے تابعدار اس کے تارک واجب ٹھہرے اور تارک واجب قطعاً گنہگار ہے۔

**نویں:** - جب مصنف رسالہ اور اس کے متبعین کا قول وعمل معصیت ٹھہرا اور مصنف مع اپنے چیلوں کے اس معصیت کا مرتکب ہوا تو دو حال سے خالی نہیں اس معصیت کو بعد مطلع ہونے کے خواہ میری تحریر سے ہو یا کسی اور کی تحریر یا تقریر سے معصیت جانیں گے یا نہیں؟ اگر معصیت جان کر اس پر مصر ہیں تو ادنیٰ اس معصیت کا صغیرہ ہے تنزلاً، اور اصرار سے صغیرہ کبیرہ ہو جاتا ہے تو اس تقدیر پر سب کے سب مرتکب کبیرہ ہوئے اور مرتکب کبیرہ فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز مکروہ ہے اور اگر اس طور سے کہیں بلا تنزل کہ اس میں ترک واجب ہے اور ترک واجب حرام ہے تو حرام کو حلال جاننے والے کا حال مسلمانوں کو معلوم ہے اور اگر معصیت نہ جانا اور اس کو طاعت قرار دیا تو اس کے طاعت ہونے پر دلیل شرعی کے ذمہ دار ہیں:

ولم یجدوا الن یجدوا ابدا الدھر    یعنی نہیں پائیں گے اور ہرگز کبھی نہیں پائیں گے۔ (فاروقی)

marfat.com

بہر حال یا تو حنفیت سے استعفیٰ دینا پڑے گا یا فسق وغیرہ لزومی کا الزام لینا پڑے گا۔

دسویں:- مصنف رسالہ عند التحقیق نہ مذہب حنفی کے موافق رہا نہ مذہب اہل حدیث کے اس واسطے کہ نسخ اور تخصیص کا قول مخترع اس کا صریح مخالف ہے دونوں کے مذہب حنفی کی مخالفت واضح ہو چکی مذہب اہل حدیث کی مخالفت سنئے!

"بحر الرائق" میں ہے:

"قال جمهور اهل الحديث القنوت عند النوازل مشروع فى الصلوات كلها انتهى" یعنی جمہور محدثین نے کہا کہ قنوت عند النوازل تمام نمازوں میں مشروع ہے۔ (فاروقی)

گیارہویں:- اس مسئلے میں جس طرح مسلک مصنف رسالہ نہ موافق مذہب حنفی کے ہے نہ مطابق مذہب ارباب حدیث اسی طرح مخالف ہے اقوال وافعال جمہور صحابہ خصوصاً خلفائے راشدین کے اس تقدیر پر یہ شخص مع متبعین جس طرح تارک ہوا اجماع کا تارک ہوا حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا:

"عليكم بسنتى وسنة الخلفاء الراشدين المهديين عضوا عليها بالنواجذ" یعنی تم پر میری اور میرے خلفائے راشدین مہدیین کی پیروی واجب ہے اس پر سختی کے ساتھ قائم رہو۔ (فاروقی)

marfat.com

دو مخالفتوں کا حال معلوم ہو چکا، مخالفت صحابہ کی سند لو۔

''حجة الله البالغة'' میں مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

''وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وخلفاؤہ اذا نابھم امر دعو اللمسلمین وعلی الکافرین بعد الرکوع او قبلہ ولم یترکوہ'' یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے خلفاء جب ان پر کوئی سختی آتی تو مسلمانوں کے لئے دعاء خیر اور کافروں پر دعائے ہلاکت فرماتے رکوع کے بعد یا اس سے پہلے اور اسے نہیں ترک فرمایا۔ (فاروقی)

**بارھویں:**- جب مصنف رسالہ مع اپنے اتباع کے مخالف ہوا مذہب حنفی اور مذاہب اہلحدیث اور مذہب صحابہ کا تو مخالف ہوا سواد اعظم کا اور اتباع سواد اعظم واجب تھا، موافق فرمان واجب الاذعان رسول انس وجان صلی اللہ علیہ وسلم کے:

''اتبعو السواد الاعظم'' یعنی سواد اعظم کی اتباع کرو۔ (فاروقی)

پس تارک واجب ہوا اور تارک واجب حال معلوم ہو چکا۔

**تیرھویں:**- جب مصنف اور اتباع اس کے مخالف ہوئے اہل حدیث اور صحابہ کے بلکہ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے تو تارک سنت ہوئے اور تارک سنت خصوصاً جو ناپسند رکھ کر ترک کرے سنت کو وہ ملعون ہے لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم:

marfat.com

"ستة لعنهم الله ولعنتهم الزائد فی کتاب الله الی قوله صلی الله علیه وسلم والتارك لسنتی" یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: چھ لوگوں پر اللہ لعنت فرماتا ہے ان میں سے ایک وہ جو کتاب اللہ پر زیادتی کرے اور ایک وہ جس نے میری سنت چھوڑ دی (فاروقی)

**چودھویں**:- جب بوجہ مخالفت محققین احناف اور مخالفت محدثین اور مخالفت صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین مصنف رسالہ اور اس کے تابعدار تارک اتباع سواد اعظم ہوئے تو مستحق ہوئے اس وعید شدید کے:

"فانه من شذشذ فی النار" یعنی جو سواد اعظم سے الگ ہوا وہ جہنمی ہوا۔ (فاروقی)

اس واسطے کہ یہ جملہ حدیث اتبعوا کا تتمّہ ہے۔

**پندرھویں**:- جب مصنف نہ حنفی ٹھہرا نہ محدثین میں سے اور اپنے منہ سے میاں مٹھو یعنی دعویٔ حنفیت سے معلوم ہوا کہ شافعی مالکی حنبلی بھی نہیں تو اس وقت میں لامذہب ہونا اس کا قطعاً مبرہن ہو گیا اور جب مصنف کا لامذہب ہونا ثابت ہو گیا تو اس کے تابعداروں کا لامذہب ہونا علی ہذا القیاس مدلل اور واضح ہو گیا۔

**سولھویں**:- اپنے محل میں یہ بات ثابت اور محقق ہے کہ موافق "اتبعوا السواد الاعظم" کے مومنین کا رستہ وہی ہے جو جمہور اور عامۂ مومنین کا رستہ ہے

اور جو مخالف ہوا اس رستے کے جو رستہ ہے جمہور اور عامۂ مومنین کا وہ مستحق دوزخ ہے موافق فرمان حق تعالیٰ کے:

"وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَاتَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ يَتَّبِعْ غَيْرَسَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَاتَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيْرًا" یعنی اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔ (کنز الایمان)

اور جب مصنف رسالہ "ضروری سوال" مع اتباع اپنے تارک ہوا مذہب جمہور کا تو متبع ہوا غیر سبیل المؤمنین کا اور جو متبع ہو غیر سبیل المومنین کا وہ لائق دخول جہنم ہے پس مصنف اور متبعین سب مستحق ہوئے اس عتاب اور عذاب الٰہی کے نعوذ باللہ منہا۔

ستر ہویں:- جب مصنف اور اس کے تابعدار بوجہ مخالفت مذاہب مجتہدین اور مذاہب محدثین اور صحابۂ کرام اور احادیث رسول اللہ اور آیت کتاب اللہ مستحق ٹھہرے عذاب اخروی کے تو ایسے گمراہوں کا اتباع کس طرح جائز ہوگا؟۔

اٹھارہویں:- اس تنقیح سے واضح ولائح ہوا کہ مصنف رسالۂ مسطور اپنے ائمہ کا جن کا نام لیوا ہے متبع بھی نہیں اس واسطے کہ اقوال اس کے اوّلاً اپنے اقوال سے

marfat.com

معارض ومتناقض ثانیاً جمہور حنفیہ سے مخالف ثالثاً حدیث سے غیر مطابق رابعاً آیت سے غیر موافق پس جب اس میں تابع ہونے کا مضمون متحقق نہ ہوا تو اس کو متبوع بنانا کس طرح صحیح اور درست ہوگا؟ اس لئے کہ شرع میں متبوع ہونے کے واسطے اولاً تابع ہونا شرط ہے:

واذا فات الشرط فات المشروط . یعنی جب شرط فوت ہو جائے تو مشروط بھی فوت ہو جاتا ہے۔(فاروقی)

**انیسویں**:۔بعد احاطہ ان سب امور کے بنظر امور مسطورہ اور دیگر وجوہ مبقیہ ومبنیۂ مجیب اگر کہیں کہ تحریر اس کی فاحش غلطیوں سے پر ہے تو بجا ہے اور اگر لکھیں کہ لکھنے والا اس کا علوم دین سے خصوصاً علم فقہ واصول وحدیث سے اندھا بہرا یعنی بے بہرہ ہے تو روا ہے اور بایں ہمہ اس کے استدلال کی نسبت جو نقل احادیث سے کیا ہے جن کے تراجم غلط پر اس کی جرأت اور کمال بے باکی باعث ہے کہا جائے کہ ''غایت گستاخ ہے'' تو ہرگز گستاخی نہیں اور اگر موافق عبارت اصول ''رسم المفتی'' کے حکم کریں کہ ''جہالت سے مالا مال ہے'' تو واقعی اس کو اس کے مال سے مالا مال کر دینا ہے اور اس خیال سے کہ جب وہ مصنف ہے تو مطلب اس کا اس سے بمقتضائے غایت غباوت اشاعت اپنے مخترعات کا ہے جو موجب ہے اغوائے عوام اور ضلالت خاص و عام کا بجہت اخفائے توہب کے اپنے تسمیۂ حنفی میں کہ ''اس کام میں صرف نام ہے'' اور اس نام میں سارا اپنا کام ہے ایسے شخص کو مغوی غبی چھپا وہابی کہیں تو کھلی ہدایت اہل

marfat.com

سنت و جماعت ہے اور اگر فتوی دیں کہ ایسے شخص کے فتوے پر عمل اور اعتماد ناجائز ہے تو جائز ہے اور اس کا ہر حکم جملہ احکام شرعیہ میں بر تقدیر نافذ غیر نافذ اور عامل غیر فائز۔

عموماً اس کی کسی تحریر پر اہل سنت کو اعتماد کرنا بدعت خصوصاً ''ضروری سوال'' کی پوچ ولچر تقریر کا پرتال فاضل مجیب کے جواب سے سوال ضروری، اگر کوئی ناسمجھ اس نا سمجھ کی تحریر کو درست سمجھے تو نادرست اور جو اس کے مطابق کار بند ہو تو حکم شرع سے اس کا کار بند: ایسے شخص کو جگہ دینا اپنی تشخیص اس کے لئے تشخص لا کلام ہے، اپنے پاس رکھنا کوئی حلال جانے تو حرام مدد اس کی بد، تائید اس کی رد، اعانت اس کی معاونت ''عَلَى الاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ'' مخالف حکم قرآن خلاف مرضیٔ رحمٰن اس کے اقوال بدعت نشان ضلالت توأمان کی ترویج اور اعلان سراسر خسران دو جہان ہر بسر موجب ناخوشی حضرت رسول انس وجان علیه صلوات الرحمٰن مادام الملوان اور بالکل مضادت صحابۂ کرام کے ساتھ اور پوری محادت علمائے اعلام کے ساتھ خصوصاً حضرات احناف متبعین امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کی مخالفت تو گویا مبناء ہے تصنیف کا اور منشاء ہے تالیف کا اور مقصود اصلی اور غرض مخفی اور قوی اشاعت لامذہبی اور ہدایت غیر مقلدی ہے جیسا کہ طور تحریر اور طرز تقریر سے روشن اور ظاہر ہے ؎

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش

من انداز قدت را می شناسم

**حاصل کلام** وخلاصۂ مرام یہ ہے کہ علامۂ علیم وفہامۂ حکیم مجیب مظفر ومصیب مفخر جن کی صور تقریر سے مخالفین قیامت زاد ہائے آہ در بر، جن کا رعد تحریر اعدائے دین کے ہوش وحواس کے لئے برق انداز محشر اداماللہ ظلالہ وعم العلمین نوالہ و خص العلمین با فضالہ و متع اللہ المسلمین بطول حیاتہ و افاضاتہ نے مقدمات جواب کی تنقیح وتحقیق میں جس توضیح وتفصیل سے فیصلہ لکھا اس میں ان کی رائے صائب اور اصابت رائے کا مرافعہ عند العلماء الربانیین بحال اور جو تلویح با لجملہ کے جملے میں تصریح افادہ فرمائی جملہ قرین صواب بلکہ ایجاب عمل در آمد کا فرمان شاہی بے قیل وقال:

| | |
|---|---|
| واللہ سبحانہ ولی الھدایۃ | یعنی اللہ پاک ہے جس نے مجھے |
| بارسال حبیبہ الھادی | ہدایت فرمائی اپنے حبیب کو بھیج کر جو |
| لجمیع الخلق الی جمیع | تمام مخلوق کے نشاۃ وکمال کے ہادی |
| المعاد و المبادی نشأۃ و | ہیں دنیا وآخرت میں ان کے استعداد |
| کما لاً علی حسب مراتب | کے مطابق خواہ وہ ماضی میں ہو یا |
| الاستعداد ما ضیا و مستقبلا | مستقبل میں یا حال میں اور جو اللہ عزیز |
| و حالاً و من کان بھذا الشان | کے نزدیک ایسا بلند رتبہ اور شان والا |
| و رفعۃ المکان عند اللہ العزیز | ہو تو کوئی عزیز ان سے عزیز تر نہیں |
| فلا عزیز اعز منہ بل لا عزۃ | بلکہ کسی کے لئے کوئی عزت نہیں مگر |

marfat.com

لاحد الامن جنابه المقدس
فهو العزيز الكامل المطلق
الغالب المتصرف فی ملکوت
جزئيات الكائنا ت و کليا تها
ايجادًا و اعدا ما يعلم مابين
ايديهم و ما خلفهم فيفيض
الوجود على من يستحقه
من المعدومات و يعطی منافع
الوجود لمن يستعده من
الموجودات فارباب السعادة
رضوا ما اٰتاهم الله و رسوله
من فضله و ارضوهما فقالوا
حسبنا الله و رسوله واصحاب
الشقاوة ما نقموا الا ان اغناهم
الله و رسوله من فضله فسخطوا
اسخطو هما وماهم بضارين
به الاانفسهم فيعز صلی الله

اسی کی بارگاہ اقدس سے تو وہ عزیز کامل
مطلق ہیں غالب ہیں وہ ساری کائنات
کے جزئیات وکلیات کی سلطنت کے
وجود وعدم میں تصرف کرنے والے
ہیں وہ جانتے ہیں جو کچھ ان کے آگے
ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے معدومات
میں سے جو وجود کے مستحق ہیں ان کو
وجود بخشتے ہیں اور موجودات میں سے
مستحقین کو وجود کی منفعتیں عطا فرماتے
ہیں تو اہل سعادت اللہ اور اس کے
رسول کی عطا پر راضی ہوئے جو اپنے
فضل سے عطا فرمایا اور انھوں نے اللہ
ورسول کو راضی کیا اور بولے: اللہ اور اس
کے رسول ہمیں کافی ہیں اور اہل شقاوت
کو یہی برا لگا کہ اللہ ورسول نے اپنے
فضل سے ان کو غنی کر دیا تو وہ خود ناراض
ہوئے اور اللہ ورسول کو بھی ناراض کیا

عليه وسلم من يشاء وهو يعلم
ما فی اعزازه من المصالح
والحكم و يذل من يشاء وهو
اعلم بماله و ما عليه من وجوه
الاذلال والعدم فهو العليم
بعلم الله و القادر بقدرة الله
فالله ورسوله اقدروا علم
فيهدى صلوات الله وسلامه
عليه بقدرته و علمه من
يشاء من اهل الجمال الى
صراط العرفان و المشاهدة
المستقيم وهو صراط الذين
انعم عليهم فى الازل من غير
علة بتجلی ذاته و صفاته
فرش عليهم من نورامانة
العشق و المحبة فصاروا
حاملين لهذه الامانة التی لما

اور اس سے وہ خود کو ہی نقصان پہنچاتے
ہیں تو رسول اللہ ﷺ جسے چاہتے ہیں
عزت عطا فرماتے ہیں اور اعزاز کی
مصلحتوں اور حکمتوں کو بھی جانتے ہیں
اور جسے چاہتے ہیں ذلت دیتے ہیں
اور خوب جانتے ہیں اسباب ذلت کو
اور اس کے نفع ونقصان کو تو وہ جانتے
ہیں اللہ کے سکھانے سے اور قادر ہیں
اللہ کی قدرت دینے سے تو اللہ ورسول
زیادہ قدرت والے اور زیادہ علم والے
ہیں رسول صلوات اللہ وسلامہ علیہ
تو اہل جمال میں سے جسے چاہتے ہیں
اپنی قدرت وعلم سے راہ عرفان ومشاہدۂ
مستقیم کی طرف راہنمائی فرماتے
ہیں ان لوگوں کا راستہ جن پر اللہ تعالیٰ
نے انعام فرمایا ازل میں بلا کسی کمی
کے اپنی ذاتی وصفاتی تجلی کے ذریعہ، تو

marfat.com

غير اسمه تعالىٰ شانه فهو
مُحَمِّدٌ و مُحَمَّدٌ بكل تحميد
من كل حامدٍ ازلا وابدًا فهو
صلى الله عليه وسلم محمد
بمحامد الله و محامد الانبياء
و محامد الملائكة و محامد
الجن و البشر و محامد كل
ذرة من سكونات جميع العوالم
فمحمد فى كتاب الله و محمد
على لسان الانبياء و محمد
على السنة الملائكة اجمعين
وان من شئٍ الا يسبح بحمده
ولكن لا تفقهون تحميد هم
و تسبيحهم فهو الاول السابق
فى الخلق و الوجود على
جميع الخلق و الموجودات

جانے کے سبب مخلوق میں سب سے
پہلے جبکہ آپ مُحَمِّدُ (میم کے
کسرہ کے ساتھ) بھی ہیں اور محمد
بالفتح حقیقت میں اللہ جل مجدہ نے
خدا نے کمال غیرت محبت کے سبب
اپنے حبیب کے نام کا اپنے نام کے
علاوہ ہونا پسند نہیں فرمایا تو وہ مُحَمَّدُ
و مُحَمِّدُ ہیں ہر حامد کی تحمید کے ساتھ
ازلاً وابداً تو آپ ﷺ محمد ہیں اللہ کی
تعریفات اور تمام انبیاء و ملائکہ،
جن و بشر اور عالم کے ہر ذرے کی
تعریفات کے ساتھ تو وہ محمد ہیں
کتاب اللہ میں، محمد ہیں تمام انبیاء
کی زبانوں میں، محمد ہیں تمام ملائکہ
کی زبانوں میں اور کوئی ایسی چیز
نہیں جو انہیں سراہتی نہ ہو اور ان

marfat.com

| | |
|---|---|
| وهو السابق فی العرفان و | کی پاکی نہ بولتی ہو ہاں تم ان کی تسبیح |
| التحمیدو جمیع الصفات | وتحمید نہیں سمجھ سکتے تو وہی اوّل و |
| الکمالیة لقوله تعلیٰ وَمَآ | سابق ہیں تمام مخلوقات وموجودات |
| اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ | کے خلق ووجود میں وہ سابق ہیں |
| فهو صلی الله علیه وسلم و | عرفان اور تحمید میں اور تمام صفات |
| اسطة مطلقة لجمیع العوالم | کمالیہ میں بسبب ارشاد باری تعالیٰ |
| وجوداً وعدماً وضرا و نفعًا | وَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ |
| ولقوله صلی الله علیه وسلم | کے تو رسول اللہ ﷺ تمام عالم کے وجود |
| اول ما خلق الله نوری | وعدم، نفع ونقصان کے وسلیہ مطلق |
| الذی هو المظهر الجامع | ہیں اور فرمان نبی ﷺ اوّل ماخلق |
| لجمیع الصفات الحقیقیة | اللہ نوری کے سبب تمام صفات |
| الذاتیة والاضافیة و الثبوتیة | حقیقیہ، ذاتیہ، اضافیہ ثبوتیہ اور سلبیہ |
| والسلبیة وهو الاخر الخاتم | کے مظہر جامع ہیں وہی آخر ہیں، |
| الذی ختم به النبیون و ختم | وہی خاتم ہیں جن پر نبیوں کا سلسلہ |
| به جملة الکمال المنتظر | ختم ہوا اور تمام کمال جو اپنے ظہور کے |
| ظهوره من الازل الی الابد | منتظر تھے ازل سے ابد تک انھیں پر |

marfat.com

فلا شیء یسبق علی
الاول والا لم یکن الاول
اولا ولا شئی یخرج من
الآخر والالم یکن الآخر
آخرا فاذن جمیع الاشیاء
محاط بالاول والآخر وھو
معنی قولہ صلی اللّٰہ علیہ
وسلم نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ
ای الآخرون کما لاً ووجودًا
وظہورا وبطونا الیٰ ابدالآباد
وکذا السابقون سبقۃ ذاتیۃ و
اضافیۃ علی کل مقدم وکل
مؤخر وکل ظاہر وکل باطن
من ازل الآزال واذا لم یخرج
شئی من احاطۃ الاول والآخر
ونبیناصلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم

ختم فرمایا اور کوئی شیٔ اوّل پر سابق
نہیں ہوتی ورنہ اوّل اوّل نہ رہے
گا اور آخر کے بعد کوئی شیٔ ظاہر
نہیں ہوتی ورنہ آخر آخر نہ رہے گا
تو اس وقت تمام اشیاء اوّل وآخر کے
احاطے میں ہیں اور یہی معنی ہے نبی
کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
فرمان نحن الآخرون السابقون
کا یعنی آخر ہیں کمال میں، وجود میں
ظہور میں اور بطون میں تا ابدالآباد،
ایسے ہی سابق ہیں ہر مقدم اور ہر
مؤخر پر تمام ظاہر و باطن پر ازل الآزال
سے خواہ وہ سبقت ذاتی ہو یا اضافی
جب اوّل وآخر کے احاطے سے کوئی
شیٔ خارج نہیں اور ہمارے نبی کریم
ﷺ ہی اوّل وآخر ہیں تو ظاہر ہو گیا

هوا لاول و الآخر فظهر انه صلى الله عليه وسلم هو الظاهر فى مرايا المظاهر وهو السراج الوهاج النور المنير المنور المنور فى قناديل وجودات الاشياء بحذا فيرها نقيرها وقطميرها ولنعم ماقيل ؎

کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام مظاہر کے آئینوں میں جلوہ گر ہیں چمکتے ہوئے سورج ہیں، نور ہیں اور منور کرنے والے ہیں اور تمام کی تمام اشیاء کے وجودات کی قندیلوں میں تاباں و درخشاں ہیں، کیا ہی خوب کہا ہے کسی کہنے والے نے ؎

جهان مرآت حسن شاهد ماست

نشاهد وجهه فی کل ذرّات

دنیا ہمارے محبوب کے حسن کا آئینہ ہے

ہر ذرے میں اسی کے جلوہ کا مشاہدہ کرتے ہیں

فما من كمال فى مظهر الا وهو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ظاهر فيه ظهورا تاما كاملا فى مرتبته اٰية مرتبة كانت وهو احد المحامل

کسی بھی مظہر میں کوئی کمال نہیں مگر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام وکمال کے ساتھ اس میں ظاہر ہیں، اور یہ فرمان نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ''میں مبعوث کیا گیا بنی آدم

من معانی قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بُعِثت فی خیر قرون بنی آدم قرنا بعد قرن فهو المبعوث حقیقة فی قوالب الانبیاء علیهم السلام وهو المعنی من صورهم فی کل زمان و مکان بل هوالظاهر صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی کل شیءٍ من الکائنات فالظاهر واحد احد والمظاهر کثیرة متعددة . ع

کے قرنا بعد قرن خیر قرون میں'' کے معانی کے محامل میں سے ایک ہے تو وہی مبعوث ہیں حقیقۃً انبیاء کے قالبوں میں اور یہی معنیٰ ہے ''من صورهم فی کل زمان ومکان'' کا (یعنی ان کی صورتوں میں ہر زمان ومکان میں) بلکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی ظاہر ہیں کائنات کی ہر شئ میں تو ظاہر واحد واحد ہے اور مظاہر متعدد وکثیر ہے

السلام اے آنکہ نامد درہمہ کون و مکان
تیز بینان را بجز نور تو در چشم شہود

سلام ہوتم پر اے وہ ذات جو جلوہ گر ہے تمام کون ومکاں میں
بصیرت والوں کو چشم ظاہر میں بھی تیرے نور کے سوا کچھ نہیں دکھتا

وکمانه صلی الله علیه وسلم

جس طرح نبی کریم ﷺ ظاہر ہیں

ظاهر فی جمیع المظاهر و
الا کوان فکذلک هو الباطن
المستور بسره فی حقائق
المکونات لساری بمادته
النوریة و کلیته الروحیة
فی کل شی من الموجودات
فلما کان صلی اللہ علیه وسلم
اول کل شی واخر کل شیءٍ
و ظاهر کل شیء و باطن کل
شی لاجرم کا ن شاهدا کل
شیءٍ کان ومایکون من الا
رواح والاجرام العلویة و
السفلیة و غیرها فلا یشذ
عنه شاذ مما یمکن لاحد من
خلق اللہ درکه سواء کان
من اسرار افعال اللہ تعالیٰ او

تمام مظاہر واکوان میں ایسے ہی باطن
ومستور ہیں اپنے سر کے ساتھ کائنات
کے حقائق میں اور اپنے مادۂ نوری
وکلیہ رُوحی کے ساتھ موجودات کی
ہر شیٔ میں سرایت کئے ہوئے ہیں تو
نبی کریم ﷺ ہر شیٔ کے اوّل، ہر شیٔ
کے آخر، ہر شیٔ کے ظاہر اور ہر شیٔ کے
باطن ہیں یقیناً وہ شاہد ہیں ہر اس
شیٔ کے جو ہو چکی اور جو ہونے والی
ہے ارواح واجرام علویہ وسفلیہ
وغیرہ میں سے، ہر وہ شیٔ جس کا
درک اللہ کی مخلوق میں سے کسی کے
لئے ممکن ہے ان کے علم سے جدا نہیں
خواہ وہ افعال خداوندی کے اسرار
ہوں یا اس کی کاریگری کے عجائب
یا اس کی قدرت کے غرائب اور

marfat.com

عجائب صنعه او غرائب
قدرته ولا يعزب عنه
مثقال ذرةٍ فی السمٰوٰت
والعرش و فوقه والارضين
و تحتها ولا ادنی من ذٰلک
ولا اكثر الا وهو معلوم له
صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم
ولا يشارکه صلی اللّٰه تعالیٰ
عليه وسلم فی هذا غيره فهو
صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم
وحده بکل شئٍ کان و ما
يکون من ازل الأزال الی
ابد الأباد عليم بعلم اللّٰه تعالیٰ
و تعليمه وهو قوله تعالیٰ فلا
يُظْهِرُ عَلیٰ غَيْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا
مَنِ ارْتَضیٰ مِنْ رَّسُوْلٍ و قوله

آسمانوں وعرش اور اس کے اوپر ہے
زمین اور جو اس کے نیچے ہے ان
میں کا ادنی اور اکثر نبی کریم ﷺ کو
معلوم ہے اور کوئی ان کا غیر اس میں
شریک نہیں تو نبی کریم ﷺ منفرد ہیں
ہر شئ میں جو ہو چکی اور جو ہونے والی
ہے ازل الآزال سے ابد الآباد تک،
علیم ہیں علم خداوندی اور اس کی تعلیم
سے اور یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے قول
فلا يظهر علی غيبه احدا الا من
ارتضی الآیۃ سے اور اللہ عزوجل کا قول
انا ارسلنک شاهداً مطلق ہے
شہود دون شہود سے مقید نہیں اور اللہ
سبحانہ کا قول ليکون الرسول
عليکم شهيداً مطلق بے شہادت
عامہ، جامعہ، محیطہ باحاطۂ تامہ کے

marfat.com

عز من قائل اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ
شَاهِدًا مطلقا غير مقيد
بشهود دون شهود و قوله
سبحانه لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ
شَهِيْدًا مطلقا بشهادة عامة
جامعة محيطة احاطة تامة
و قوله تعالىٰ وَعلمكَ مَالَمْ
تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللهِ
عَلَيْكَ عَظِيْمًا ولقوله صلى
الله تعالىٰ عليه وسلم علمنى
ربى وضع يده بين كتفى
فانكشف لى ما كان و مايكون
وعُلِّمْتُ علم الاولين والآخرين
رواه صاحب اصح الكتب بعد
كتاب الله اللهم صل عليه وسلم
وعلى اله و صحبه عدد

ساتھ اور اللہ کا قول ''وعلمک
مالم تکن تعلم و کان فضل
اللہ علیک عظیما'' اور فرمان
نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ''علمنی
ربی ...... الحدیث'' یعنی مجھے
میرے رب نے علم عطا فرمایا اپنے
دست قدرت کو میرے دونوں
شانوں کے درمیان رکھا تو مجھ پر
منکشف ہوگئی ہر وہ چیز جو ہو چکی
اور جو ہونے والی ہے اور مجھے
اوّلین وآخرین کا علم عطا کیا گیا''
اسے صاحب اصح کتب بعد کتاب
اللہ نے روایت کی ہے۔
اے اللہ اپنے کلمات اور اپنی
مخلوق کی تعداد کے برابر جو تجھے
پسند ہو عرش جیسا عظیم المرتبت

marfat.com

| | |
|---|---|
| خلقک و رضی نفسک و | دائمی اور مقبول درود و سلام اپنے |
| زنة عرشک ومداد کلماتک | نبی پر اور ان کی آل واصحاب پر |
| صلاة دائمة مقبولة تؤدی | نازل فرما جس سے ان کا حق |
| بها عنا حقه کما تحب و | ہماری طرف سے اس طور پر ادا |
| ترضی فقط. | ہو جائے جو تجھے محبوب و پسند ہو۔ |

وانا العبد المذنب الاواہ ابو الذکاء سراج الدین

محمد سلامة الله شاہ عفا اللہ عنه ما جناہ

بحرمة سید الثقلین و سیلتنا فی الدارین اعظم. گڑھی اسلام

فوری وطنا رامپوری اقامة حنفی مذهبا نقشبندی مجددی مشربا

## تصدیق: حضرت علامہ محمد اعجاز حسین رامپوری

نحیف نے رسالہ ''ضروری سوال'' کو دیکھا قنوت فی النازلہ پڑھنے پر اکثر شروح متون کتب فقہ حنفی کا اتفاق ہے اس کی مخالفت کرنا مصنف صاحب رسالہ مذکور کو مناسب نہیں قنوت نازلہ دفع ہر قسم کی آفت اور مصیبت کے واسطے پڑھنا جائز ہے جیسا کہ مجیب مصیب نے بطرز عمدہ تحریر فرمایا وللہ در المجیب قد آتی بجواب عجیب واللہ سبحانہ اعلم بالصواب.

العبد محمد اعجاز حسین رامپوری

marfat.com

## تصدیق: حضرت علامہ محمد عبد الغفار خاں رامپوری

بمقتضائے تصریح شارحین فقہائے حنفیہ قنوت نازلہ جائز ہے "ضروری سوال" کی تحریروں میں غلطیاں کھلی ہوئی موجود ہیں و اللہ تعالیٰ اعلم

محمد عبد الغفار خاں

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد ظہور الحسین رامپوری

| | |
|---|---|
| ما تفوه به صاحب ضروری | یعنی صاحب "ضروری سوال" نے |
| السوال لیس الاخذ عبیلا | جو کچھ کہا ہرگز ماننے کے قابل نہیں |
| یتضمن مخالفة الجماهیر | کیوں کہ وہ جمہور کی مخالفت اور |
| واباطیلا فلله در رد المجیب | بطلان پر مشتمل ہے تو اللہ ہی کے |
| حیث اصاب فی الرد واتی | پاس ثواب ہے مجیب کے رد کرنے |
| بجواب فصل فیه تفصیلا | کا کہ انھوں نے درست رد کیا |
| وعول فیه علی المرویات | اور مفصل جواب دیا اور اس میں |
| عن جماهیر الفقهاء وائمة | انھوں نے مدد لی جمہور فقہاء اور |
| الحدیث تعویلا و یوافقه ما | محدثین سے مرویات پر اور یہ |
| قال فی الدر المختار (ولا یقنت | موافق ہے اس کے جو "در مختار" |
| لغیره الا لنازلة فیقنت الامام | میں کہا (قنوت نہیں پڑھی جائے |

marfat.com

فی الجهرية و قيل فی الكل
انتهی قال العلامة الشامی
فی رد المحتار قوله الالنازلة)
قال فی الصحاح النازلة
الشديدة من شدائد الدهر
ولاشک ان الطاعون من
اشد النوازل اشباه قوله
فيقنت الامام الخ يوافقه
مافی بحر و الشرنبلالية
عن شرح النقاية عن الغاية
وان نزل بالمسلمين نازلة
قنت الامام فی صلاة الجهر
وهو قول الثوری واحمد
وكذا ما فی شرح الشيخ
اسمٰعيل عن البناية اذا
وقعت نازلة قنت الامام

گی مگر نازلہ کے وقت تو امام قنوت
پڑھے گا جہری نمازوں میں اور یہ
بھی کہا گیا کہ تمام نمازوں میں انتہی اور
علامہ شامی نے ''ردالمحتار'' میں ﴿ماتن
کے قول النازلة﴾ کے تحت کہا)
صحاح ستہ میں کہا کہ ''نازلہ زمانے
کی سختیوں میں سے ایک سختی ہے''
اور اس میں کوئی شک نہیں کہ طاعون
سخت تر بلاؤں میں سے ہے اشباہ اور
﴿ماتن کے قول فیقنت الامام الخ﴾
کے تحت کہا کہ ''اس کی موافقت کی
ہے بحر اور شرنبلالیہ میں شرح ''نقایہ''
اور ''غایہ'' سے کہ اگر مسلمانوں پر
کوئی مصیبت نازل ہو تو امام جہری
نمازوں میں قنوت پڑھے اور یہی قول
امام ثوری اور امام احمد کا ہے اور یونہی

فی الصلاة الجهرية لكن
فی الاشباه عن الغاية
قنت فی صلاة الفجر
يؤيده مافی شرح المنية
حيث قال بعد كلام
فتكون شرعيته فی النوازل
مستمرة وهو محمل
قنوت من قنت من الصحابة
بعد وفاته صلی الله تعالیٰ
عليه وسلم وهو مذهبنا
وعليه الجمهور قال
الحافظ الطحاوی انما
لا يقنت عندنافی صلاة
الفجر من غيربلية فان
وقعت فتنةاوبلية فلا باس
به فعله رسول الله صلی

شیخ اسماعیل کی شرح میں ''بنایہ'' سے
ہے کہ جب کوئی مصیبت نازل ہو.
تو امام (تمام) جہری نمازوں میں
میں قنوت پڑھے لیکن ''اشباہ'' میں
ہے کہ صرف نماز فجر میں قنوت پڑھے
اور اسی کی تائید شرح ''منیہ'' میں ہے
چنانچہ کچھ کلام کے بعد کہا کہ نوازل
میں قنوت پڑھنے کی مشروعیت
مستمر ہے اور یہی قنوت پڑھنے کا محمل
ہے جس کو صحابہ نے سرکار دوعالم
ﷺ کے وصال مبارک کے بعد پڑھا
اور یہی ہمارا مذہب ہے اور اسی پر
جمہور ہیں، حافظ الشان طحاوی نے
فرمایا کہ ہمارے نزدیک قنوت نہیں
پڑھی جائے گی نماز فجر میں بغیر مصیبت
کے تو اگر کوئی فتنہ یا بلا نازل ہو تو

| | |
|---|---|
| الله عليه وسلم واما القنوت | قنوت پڑھنے میں کوئی حرج نہیں کہ |
| فی الصلوات کلها للنوازل | رسول اللہ ﷺ نے ایسا عمل فرمایا ہے |
| فلم یقل به الا الشافعی | اور رہا قنوت کا پڑھنا تمام نمازوں |
| رضی اللّٰه تعالیٰ عنه وهو | میں تو اسے نہیں کہا مگر امام شافعی رضی اللہ عنہ |
| صریح فی ان القنوت للنازلة | نے اور وہ صریح ہے اس بات میں |
| عندنا مختص بصلاة الفجر | کہ قنوت نازلہ کے وقت ہمارے |
| دون غیرها من الصلوات | نزدیک خاص ہے نماز فجر میں نہ کہ |
| الجهریة او السریة انتهی | تمام سری و جہری نمازوں میں انتہی |
| مختصراً والله تعالى اعلم. | مختصراً واللہ تعالیٰ اعلم (فاروقی) |

وانا العبد المفتاق الی رافة رب المشرقین

محمد ظهور الحسین عفی عنه فی الدارین

للمدرس للدرجة الثانیة فی المدرسة العالیة

الواقعة فی الریاسة الرامفوریة

## تصدیق: حضرت علامہ خواجہ احمد صاحب رامپوری

| | |
|---|---|
| الجواب صحیح والمجیب | یعنی جواب صحیح ہے اور مجیب کامیاب |
| مصیب والراد نجیح و | اور رد کرنے والا درست ہے اور |

marfat.com

| | |
|---|---|
| ضروری سوال مردود | "ضروری سوال" مردود و قبیح ہے اور |
| وقبیح و کاتبہ مغالط صریح | اس کا لکھنے والا صریح دھوکے باز ہے |
| واللہ تعالیٰ اعلم. | واللہ تعالیٰ اعلم. (فاروقی) |

العبد خواجہ احمد عفی عنہ

## تصدیق: حضرت علامہ ارشد علی صاحب رامپوری

بلاشبہ قنوت واسطے کسی حادثۂ عظیم مثلاً وباوغیرہ ہے جائز ہے "درالمختار" اور اس کے حاشیہ "ردالمختار" میں پوری تصریح موجود ہے اس کے خلاف جو کوئی قول کرے سراسر باطل اور مخالف جماہیر فقہاء کے ہے:

| | |
|---|---|
| كما فى الدر المختار ولا | یعنی جیسا کہ "درمختار" میں ہے کہ: |
| يقنت لغيره الا لنازلة | قنوت نہیں پڑھی جائے گی مگر کسی |
| وفى حاشيته ولا شك | مصیبت کے وقت اور اس کے حاشیئے |
| ان الطاعون من اشد | میں ہے کہ: کوئی شک نہیں کہ طاعون |
| النوازل اشباه. | سخت تر بلاؤں میں سے ایک ہے. |

اور وقت قرأت عند الحنفیۃ صلاۃ فجر ہے:

| | |
|---|---|
| كما قال فيه وهو صريح فى | یعنی جیسا کہ اسی (درمختار) میں فرمایا |
| ان القنوت للنازلة عندنا | کہ نازلہ کے وقت قنوت پڑھنا ہمارے |
| مختص بصلاة الفجر دون | نزدیک خاص ہے نماز فجر میں نہ کہ |

marfat.com

غیرھا من الصلوٰت الجھریة والسریة الخ واللّٰہ تعالیٰ اعلم.

تمام سری اور جہری نمازوں میں الخ واللہ تعالیٰ اعلم. (فاروقی)

العبد محمد ارشد علی عفی عنه

مدرس مدرسه عالیه واقع رامپور

## تصدیق: حضرت علامہ رکن الدین مبارک اللہ

بیشک قنوت پڑھنا کسی حادثۂ عظیم میں موافق مذہب محدثین وفقہا جائز ہے تغلیط ''ضروری سوال'' کی اہل تحقیق کو ضروری اور اظہار نا قابلیت مصنف رسالۂ مذکور کا صاحب علم کامل کو قابل قبول ومنظوری واللہ تعالیٰ اعلم

العبد ابو المعالی رکن الدین محمد المدعو

بمبارك الله عفا الله عنه پیپلسانوی مراد آبادی

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی عبدالباقی لکھنوی

حقیقت میں ائمہ حنفیہ کی تحقیق قنوت فجر نزول نازلہ مَیں مختص بنازلة دون نــازلةٍ نہیں بلکہ طاعون ووبا ودیگر نوازل کو بھی شامل ہے اور نا اہلوں کو فتویٰ دینا ناجائز ہے واللہ تعالیٰ اعلم

نمقه خادم العلماء تراب اقدام العرفاء الحقير

محمد عبد الباقی حفه الله بلطفه يوم التلاقی

marfat.com

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد عبدالمجید لکھنوی

واقعی علمائے حنفیہ کے نزدیک نماز فجر میں قنوت مخصوص بفتنہ وفساد غیر طاعون ووباء نہیں ہے جیسا کہ کتب فقہ میں مذکور ہے اور نا اہل کو فتویٰ دینا درست نہیں واللہ اعلم بالصواب حررہ ۔

ابو الغناء محمد عبد المجید غفرله الله الوحید

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد قیام الدین صاحب

اصاب المجیب واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا الله عنه

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد عبدالحمید لکھنوی

لاشک ان القنوت لیس مشروعا عند نا فی الفجر الا اذا نزلت نازلة کالطاعون وغیره فان الامام حینئذ یقنت فی الفجر خاصة کما فصله فی الاشباه والنظائر کما لا یخفی علی اولی البصائر ولا یجوز الافتاء

یعنی بلاشبہ قنوت ہمارے نزدیک مشروع نہیں مگر جب کوئی مصیبت نازل ہو جیسے طاعون وغیرہ بے شک امام کا ایسی صورت میں قنوت پڑھنا خاص ہے جیسا کہ اس کی تفصیل ''اشباہ والنظائر'' میں ہے اور اہل نظر پر پوشیدہ نہیں اور فتویٰ دینا اس کو جائز نہیں جو اس کا اہل

marfat.com

لمن ليس اهلا له فقد قال النبي المختار و سيد الاخيار صلى الله تعالىٰ و تبارک وسلم و بارک عليه وعلى اله و صحبه أناء الليل والنهار اجرائكم على الفتيا اجرائكم على النار والله اعلم و حكمه احكم.

نہیں بے شک نبی مختار سید اخیار صلی اللہ تعالیٰ وتبارک وسلم وبارک علیہ وعلی آلہ وصحبہ اناء اللیل والنہار نے فرمایا کہ: تم میں سے جوفتویٰ دینے پر زیادہ جری ہے وہ جہنم میں جانے پر زیادہ جری ہے اور اللہ ہی زیادہ جاننے والا اور اسی کا حکم زیادہ حکمت والا ہے۔(فاروقی)

حررہ الفقیر الحقیر الاثیم المنیب الی الرب الحکیم الحلیم خادم العلماء والعرفاء ابو الحامد محمد عبد الحمید غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ بفضلہ المزید

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد عبد العلی لکھنوی

اس میں کچھ شک نہیں کہ مصنف پرچہ ''ضروری سوال'' علوم دینیہ کی استعداد اور فہم فتویٰ نویسی کے سواد سے بالکل بے بہرہ اور خالی ہے بلکہ رندلاابالی ہے نہ اس کا علماء میں شمار نہ مفتیوں میں اعتبار نہ اس کی تحریر وتقریر معقول نہ اس کی توبہ مقبول ؎

ہمانا توبہ زین توبہ کہ باطن کفر و ظاہر دین
درون تصدیق شرک حق برون قرار توحیدے

پس جو کچھ اس کے حق میں مفتی لبیب نے تحریر فرمایا مقرون بصواب ہے اور مستند بسنت وکتاب ہے واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد الاسی الآسی محمد عبد العلی المدراسی ثم الکنوی المصحح لاصح المطابع الواقع فی محمود نگر لکنوی تجاوز اللہ عن ذنبہ الصوری والمعنوی

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد ہدایت رسول لکھنوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و شفیع العاصین محمد وآلہ واصحابہ اجمعین امّابعد! قادر مطلق مقلب القلوب خدا ہدایت خواہ لعنت کرے ہمارے اوندھی کھوپڑی بے نور آنکھوں والے قسی القلب ابلیس طینت خودسر وہابیہ حضرات پر سچ تو یہ ہے کہ ان بزرگوں کے دم سے بھی دنیا میں عجب چہل پہل ہے تجربہ کاروں کا مقولہ ہے کہ جس سرزمین پر اس طائفہ شریفہ سے کوئی بزرگ نحوست افزاہیں وہاں میاں ڈاکٹر ایل ایل ڈی سی ایس آئی سرعزازیل خان بہادر علیہ ماعلی النیاچر کی چنداں ضرورت نہیں ان کے ہتھکنڈے ان کے داؤ پیچ کچھ ایسے مؤثر ثابت ہوئے ہیں جن کے سوچنے سمجھنے کیلئے ڈاکٹر سر ابلیس خان بہادر کو بھی کچھ وقت چاہیئے۔

marfat.com

ان حضرات کی ادنیٰ توجہ اور سرسری کوشش کا نتیجہ جماعت اسلام میں تفرقہ، بزرگان دین اور سلف صالحین پر لعن طعن، انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی جناب میں گستاخی، اصحاب اخیار احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دعویٰ برابری، اولیائے کاملین وعرفائے واصلین کی حضور میں خطاب بدعتی، فضلائے معاصرین کے لئے تحفۂ سب وشتم وہدیۂ مغلظات، ائمہ مجتہدین و حامیان دین متین کی خدمت میں صدہا صلوات، جہاں اپنا کام چلتا اور مطلب نکلتا دیکھا وہاں ایک سڑیل سے جاہل کو غوث الاعظم اور قطب عالم، خدائے جبار سے ہاتھ ملا کر باتیں کرنے والا انبیاء علیہم السلام سے افضل صحابہ رضی اللہ عنہم سے اعلیٰ بنا دینا اور جہاں نفسانیت والحاد کا کفش خوار بھوت ان بزرگوں کے سر بے مغز پر سوار ہوا وہاں اولوالعزم انبیاء بلکہ محبوب کبریا علیہم التحیۃ و الثناء کو ''بڑا بھائی'' بلکہ ''خطرساں چپراسی'' اور راسخ العقیدہ دین دار مسلمانوں کو مشرک وجہنمی فرما دینا، پھر ان ابلیسی عقائد میں جو کچا رہا وہ نکھٹو ذلیل سا وہابی ہوا اور جو ادھ کچرا اور پہلوں سے زیادہ بے غیرت بندۂ نفس نکلا وہ غیر مقلد بنا اور جو بے دین وآزاد مشربی میں ان دونوں سے دس جوتے آگے بڑھ گیا وہ پکا دشمن اسلام کٹا نیچری ٹھہرا، یہ وہ کارستانیاں ہیں جن میں ڈاکٹر سر ابلیس خان بہادر سیدنا باوا آدم علیہ السلام کے زمانے سے چٹ لنگوٹ کس کس کر زور لگا رہے تھے۔

خصوصاً تیرہ سو سال اس طرف تو تمام ابلیسی خاندان اور اس کی سرکار سے توسل رکھنے والے مذکورۃ الصدر معاملات میں ہمہ تن مصروف ومستغرق تھے مگر کشودکار

جیسا کہ چاہیے میسر نہ تھا یعنی کسی معتقد رسالت نے اپنے مقدس و بزرگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار پاک و تبرکات اشرف سے بت وغیرہ قرار دیکر گستاخی و شرارت نہیں کی تھی اس کے خوش نصیب و خدا دوست ہم نشین و حواریوں کو باوجود اعتقاد ہم نشینی کے بدعتی نہیں کہا تھا، سو بارہویں صدی کے نجدی و ہندی وہبڑوں نے ؎

اگر پدر نتواند پسر تمام کند

مصداق صحیح بن کر اس ناشائستہ و لعنتی کام میں اپنے از کار رفتہ اور بوڑھے خرانٹ جد امجد کا جیسا کہ ایک ہونہار بیٹے کو چاہیے خوب ہاتھ بٹایا اور امت مرحومہ کے گمراہ کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ فرمایا، اس عزازیلی طائفے کو رد و قبول حق سے بھی چنداں بحث نہیں بلکہ مطلب دلی و مقصود اصلی ان اعداء الدین کا صرف جماعت حضرات اہل سنت میں نفاق پیدا کرانا اور وارثان علم دین و نائبان حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے معائب و قبائح شائع کر کے دشمنان لعین کو ہنسوانا، اپنے حلوے مانڈے درست کرنے اور باؤلے گاؤں میں اونٹ بننے کو تمام اہل سنت سے ڈیڑھ اینٹ کی جدا چننا ہے، جیسا کہ اس طائفہ مخذولہ قاتلھم اللہ کے گرو گھنٹال ماضی و حال کی نفاق و شرارت انگیز تحریروں سے ظاہر ہے۔

چونکہ ان اشقیا کے مورث اعلیٰ واتالیق اولیٰ نے ان ظالموں کو یہ پٹی پڑھا دی ہے کہ میاں اپنی غرض نکالنے اور دنیا کے ٹھگنے کو جیسا دیس ویسا بھیس کر لیا کرو! اور مناسب وقت بہروپ بھر لیا کرو لہٰذا ہر موقع پڑنئی جون بدل لینا اس ڈاکٹر سرا بلیس خانی

marfat.com

فرقے کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے چنانچہ لقب وہابی پر اس طائفے کے نباش اوّل کو بڑا ناز تھا اور ہر ایک دمباز کے لب پر یہ مصرع باسوز وگداز تھا۔ ؎

وہابی کے معنی ہیں رحمٰن والا

مگر جب اس منحوس ومفسد لقب پر لے دے شروع ہوئی تب ان راندۂ درگاہ حضرات نے دوسری جون بدلی جس میں ایک جدید لقب تراشا یعنی اپنے کو موحد واہل حدیث وعامل بالحدیث ومحمدی اور خدا معلوم کیا کیا مشہور فرمایا، آخر تیسرے نمبر پر انہیں پہلے دیوتا کی دم سے ایک اور نیم گڈام صاحب تحقیقات جدید کا بگل پھونکتے اور نئی روشنی کا لیمپ دکھاتے ہوئے نکلے جو بظاہر گو نباش اولی کا دم بھرتے تھے مگر الحاد وتزندق ،کفر وتدہر میں اپنے پیشروں سے کئی جوتے بڑھے ہوئے رہے۔

عقائد اہل سنت پر بڑے زور شور سے حملے ہونے لگے، صحابہ وتابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ڈالی ہوئی بنیادیں کھودی جانے لگیں، یاران رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسردارن امت رحمہم اللہ تعالیٰ کو بدعتی واہل ہوا کے خطاب عطا ہوئے، صوفیائے کرام کو ضال ومضل اور فقہائے عظام کو دشمن کتاب وسنت اور مقلدین مذہب معین کو مشرک فی النبوۃ وغیرہ قرار دیا گیا، حضرت شیخ اکبر ومولانائے رازی وفاضل غزالی ایسے بے نظیر محققین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی موشگافیوں پر ٹھٹے لگائے اور قہقہے اڑائے جانے لگے، کلام ربانی کی تفسیر کفار یورپ **قاتلھم اللہ و غضب اللہ علیھم** کے مسلک پر ہونے لگی۔

marfat.com

الغرض حاصل اس ابلیسی کدوکاوش کا یہ تھا کہ جس طرح ہو سکے مسلمانوں میں فتنے کی آگ بھڑکائی جائے اوران کے مقدس و پرنور دلوں سے عظمت اسلام کوحرف غلط کی طرح مٹادیا جائے۔

چنانچہ جو حضرات ہمارے دعوے کا ثبوت چاہیں وہ ہمارے توبہ شکن دمنی صاحب کے ''ضروری سوال'' کوملاحظہ فرمائیں اس میں بطور مشتے نمونہ ازخروار کے یہ باتیں قریب قریب سب یا اکثر ملیں گی اس میں دھوکے باز محقق صاحب نے قنوت فجر کومخصوص بفتنہ وفساد کفار فرمایا ہے اور طاعون وغیرہ کے بارے میں بڑے شدومد سے انکار کیا ہے پھر یہ شوخی و بیبا کی اس پراور بھی غضب ہے کہ حضرات مجوزین سے توبہ واستغفار طلب ہے، محقق صاحب نے صرف اسی پر بس نہیں کیا بلکہ اس جگہ پر اپنے حمار طبع کو کچھ ایسا سرپٹ چھوڑ دیا کہ فقہائے عالی مقام احناف کو کذب و بہتان کی طرف بھی منسوب کردیا، صفحہ ۵ رمیں اور بھی غضب ڈھایا ہے کہ ائمہ شافعیہ مالکیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے اقوال کوصاف صاف ضلالت وفی النار کا مصداق ٹھہرایا ہے، واہ جناب شیخ نجدی صاحب واہ۔ ؎

این کاراز تو آید و شیطان چنین کنند

پھر صفحہ ۱۰ رمیں تو زید صاحب نے ''اشباہ'' کی عبارت نقل کر کے اپنی جان کواور بھی آفت خریدی لطف یہ کہ جب کچھ بنتے اور کام چلتے نہ دیکھا تو س میں تصرف بیجا کی

marfat.com

ٹھہرائی اور طاعون میں ایک نئی ترکیب گڑھ کر قنوت کو ثابت کر دیا جو سراسر زید صاحب کی منشا کے خلاف تھا۔ ؎

تخالف ہو تو ایسا ہو تجاہل ہو تو ایسا ہو

یہ ''ضروری سوال'' کے تین چار مقام کی ضروری کیفیت تھی جو بطور نمونے کے بیان ہوئی باقی اسی قیاس پر خیال کن زگلستان او بہارش را، مگر محالست کہ ہنر مندان بمیرند و بے ہنراں جائے ایشان گیرند ؎

کس نیاید بزیر سایۂ بوم
ور ہما از جہان شود معدوم

گو اسلام کے حامی اور مسلمانوں کے سچے خیر اندیش، قوم کے باخبر پاسبان اس وقت ایک کمزوری و بے کسی کی حالت میں ہیں مگر للہ الحمد کہ ان کا حمایتی تو نہایت قوی قول کا سچا زبردست حکمت والا ہے وہ حسب وعدہ ضرور اپنے محبوب کے پاک دین کی حمایت و حفاظت فرمائے گا اور اس کو کامل و مضبوط کرے گا گو دشمن اس کو کیسا ہی مکروہ کیوں نہ رکھیں:

وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ. یعنی اور اللہ کو اپنا نور پورا کرنا پڑے برا مانیں کافر۔ (کنز الایمان)

خداوند کریم کا کروڑ کروڑ احسان ہے کہ اس گئے گزرے پر آشوب زمانے میں

بھی دشمنان دین کے ٹکڑے اڑانے کو محمدی کچھار کے وہ غراں شیر موجود ہیں جن کے قیامت تک قائم و غالب رہنے کا مژدہ سلطان عالم حضرت مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان مقدس اور برگزیدہ الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے:

"لایزال طائفۃ من امتی ظاھرین حتیٰ یأتیھم امر اللّٰہ"

یعنی ہمیشہ ایک جماعت میری امت میں سے ظاہر ہوتی رہے گی یہاں تک کہ ان کے پاس اللہ حکم آجائے۔ (فاروقی)

الحمد للہ علی احسانہ کہ حضرت مجیب مصیب حامی سنت ماحی بدعت قامع اساس لامذہباں جناب خیر و برکت مآب مولانا مولوی حامد رضا خان صاحب دام فیضہ خلف الرشید و فرزند سعید مخدوم الانام، حجۃ الاسلام، افضل المحققین، فخر المتقدمین، تاج العلماء، سراج الفقہا، خاتم المحدثین، سند المفسرین، جامع علوم ظاہری و باطنی، واقف حقائق خفی و جلی، صاحب حجت قاہرہ، مجدد مایۃ حاضرہ، عالی جناب مولانا المولوی احمد رضا خان صاحب قادری بریلوی مدظلہم العالی کی ذات بابرکات کو اللہ رب العزۃ جل جلالہ نے اپنے مقدس محبوب کی پیشین گوئی کے مطابق اسی مقدس و مظفر طائفے سے بنایا ہے جس کا نیزۂ قلم ذوالفقار حیدری اور جس کے حجج باہرہ و براہین قاطعہ معجزات احمدی کا جلوہ دکھا رہے ہیں۔

خداوند قدیر اس محمدی پہلوان اور حنفی شیر کو مقدس اہل سنت کے سروں پر سایہ

marfat.com

افگن اور سلامت رکھے، جس کے نام سے شیاطین انس کے پر جلتے اور دشمنان اہل سنت کے دم نکلتے ہیں پس جو کچھ اس خدا کے شیر نے تحریر فرمایا ہے وہ سراسر حق و بجا ہے، اس پر عمل ضروری اور انحراف خسران ابدی ہے اور زید بے قید سرآمد جہال ہے تحریر اس کی حماقت و تزندق سے مالامال ہے اس کے قول پر عمل کرنا ابلیس کی روح کو شاد اور دین کو برباد کرنا ہے، جب تک یہ خرانٹ بزرگ توبہ نہ کرے مسلمان اس کے پیچھے نماز نہ پڑھیں واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد العاجز خادم علمائے اہل سنت

محمد ہدایۃ الرسول لکھنوی صانہ اللہ

تعالیٰ عن شر کل شقی

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد عبداللہ صاحب پٹنوی

مجھ کو اپنے جوان صالح فخر اماثل مفتی و فاضل عالم بے ہمتا، علامۂ یکتا حضرت مولانا مولوی حامد رضا خانصاحب خلف اشرف مخدوم و مولیٰ مجدد وقت حضرت اقدس مولانا عبدالمصطفیٰ احمد رضا خان صاحب مدظلہ و دامت برکاتہ کی مقدس تحریر کے حرف حرف سے اتفاق ہے اللہ جل جلالہ اس رئیس ملت اور مقتدا و مرشد اہل سنت کو دارین میں جزائے خیر عطا فرمائے آمین ہندوستان میں کس اہل علم کو یہ جرأت ہو سکتی ہے کہ اس سلطان الفقہاء کے مقابلے میں قلم اٹھا سکے افسوس ہے دشمن اسلام زید بے قید کے

حال پر جس شقی و بد بخت کی وہ تحریر ہو جس کا رد حضرت مولانا ایسے یکتائے روزگار متبحر کو لکھنا پڑے ان شامت زدہ وہابیہ کا تو یہ مسلک ہے کہ۔ ؎

بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا

ان اشقیاء کو خدا کا ڈر اور مخلوق کی شرم تو ہے نہیں بلکہ ڈیڑھ اینٹ کی جدا چننے سے مطلب ان کا صرف عوام اہل اسلام کو گمراہ کرنا اور اپنا نام جتانا ہے، جو آرزو خلاف اہل حق کے ہوگی ان شاء اللہ العزیز کبھی پوری نہ ہوگی الحق یعلو و لا یعلی واللہ تعالیٰ اعلم۔

خاکسار محمد عبد اللہ

سابق مدرس اعلی مدرسہ اہل سنت پٹنہ بخشی محلہ

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد نجم الدین دانا پوری

| | |
|---|---|
| الحمد للہ الذی جعل العلماء | یعنی تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے |
| ورثۃ النبیین وادبھم فاحسن | جس نے علماء کو نبیوں کا وارث بنایا |
| تادیبھم فجعلھم حجج الدین | اور انھیں عمدہ ادب سکھایا اور انھیں |
| و اسس بھم عمارات الدین | دین کی حجت بنایا اور انھیں سے دین |
| الھدی وافشابھم انوار البدر | کی عمارتوں کی بنیاد رکھی اور انھیں |
| الذی طلع من ام القری فی | کے ذریعہ انوار بدر کو ظاہر فرمایا جو مکہ |

marfat.com

ليلة اسودت ذوائبها العظمى
فهم من آيات ربهم الكبرى
والشرع المتين و استاصل
بهم الطائفة الضالة القديمة
والجديدة من النجدية و
الوهابية والنيچرية والندوية
ومن اهل الهوى و اعداء
الدين والصلاة على الرسول
الذى علم علم الاولين و
الآخرين وعلى اٰله واصحابه
الذى سعلو فى مناهج الصدق
و بلغوا معارج الحق واليقين.

امّا بعد! فاعلموا يا معشر
المسلمين من اهل السنة
والجماعة ان ما افاد الفاضل
ابن الفاضل امام اهل السنة

معظّمہ سے طلوع ہوا اس رات میں
جس کے گیسوئے دراز سیاہ ہوگئے
تھے تو وہ اپنے رب کی اور شرع مبین
کی بڑی نشانیوں میں سے ہیں اور
اللہ نے ان کے ذریعہ اکھاڑ پھینکا
فرقۂ قدیمہ وجدیدہ میں سے نجدیوں
وہابیوں، نیچریوں ندویوں کو اور ان
کو جو اہل ہواء اور دشمنان دین ہیں
اور درود وسلام ہو اس رسول پر جنہیں
اللہ نے اوّلین وآخرین کا علم عطا
فرمایا اور ان کے آل واصحاب پر جو
کامیاب ہوئے سچائی کے راستے
میں اور حق ویقین کے عروج کو پہنچے

امّابعد! تو جان لوا ے مسلمانان
اہل سنت والجماعۃ بے شک جو افادہ
فرمایا فاضل ابن فاضل امام اہل

marfat.com

البريلوى سلمه الله تعالىٰ
بالبركات والحسنات حق
وصحيح موافق بالكتاب
وسنة سيد المرسلين لا
ينكره الا من انكر الدين
كيف لا و تحقيقات
الفهقاء وتصريحات
المحدثين دالة على ان
القنوت ثابت عند النوازل
سيما عند الطاعون لانه من
اشد النوازل كما بينه المجيب
الفاضل بالتحقيق و التفصيل
من كتب المحققين وما زعم
المصنف للسوال الضرورى
فهو باطل جداوهل هو الا
جهل او افتراء على المذهب
المبين لا يجوز له الافتاء

سنت بریلوی سلمہ اللہ تعالیٰ بالبرکات
والحسنات نے وہ حق اور صحیح ہے
موافق کتاب اللہ اور سنت رسول
اللہ ہے ،اس سے انکار نہ کرے
گا مگر وہ جو منکر دین ہے، کیوں نہ
ہو تحقیقات فقہاء اور تصریحات
محدثین اس بات پر دال ہیں کہ
قنوت عند النوازل ثابت ہے خاص
کر طاعون کے وقت کہ وہ سخت
تر بلاؤں میں سے ہے جیسا کہ
فاضل مجیب نے کتب محققین سے
تحقیق و تفصیل کے ساتھ بیان
فرمایا اور جو مصنف ''ضروری سوال''
نے گمان کیا وہ باطل محض ہے اور وہ
جہالت ہے اور مذہب مبین پر
افتراء ہے اس کے لئے فتویٰ دینا
جائز نہیں اور نہ ہی لوگوں کے لئے

ولیس للناس ان یعدوه من المفتیین و الله تعالیٰ اعلم

جائز کہ وہ ایسوں کو مفتیوں میں شمار کریں واللہ تعالیٰ اعلم ۔ (فاروقی)

کتبہ العبد المعتصم بحبل اللہ المتین

محمد نجم الدین الدانا فوری صانہ اللہ عن

الشر المعنوی والصوری مدرس مدرسہ اہل سنت پٹنہ

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد وحید فردوسی عظیم آبادی

الحمد لولیه والصلاة علی اهلها هذا هوعین التحقیق وما سواه باطل سحیق فقد اصاب من اجاب و من انکر فقدخسر و خاب بلا شک وارتیاب والله اعلم بالصدق والصواب وعنده حسن الثواب والیه المرجع والمآب الزاجی رحمة ربه الوهاب .

یعنی تمام تعریفیں لائق حمد (اللہ) کو اور درود و سلام ہو اس کے اہل (حضور ﷺ) پر، یہی تحقیق کا چشمہ ہے اور اس کے سوا باطل محض ہے تو وہ کامیاب ہوئے جنھوں نے جواب دیا اور جس نے اس سے انکار کیا وہ بلا شک وشبہ خائب وخاسر ہوا اور اللہ صدق وصواب زیادہ جانتا ہے اسی کے پاس بہتر ثواب ہے اور وہی مرجع و مآب ہے، اپنے رب وہاب کی رحمت کا امیدوار...

خادم السنة واهل السنة عبد الصدیق محمد وحید

الحنفی الفردوسی العظیم الآبادی ناظم التحفة الحنفیه ومهتمم مدرسة الحنفیه

marfat.com

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد عبدالواحد قادری پٹنوی

بسم اللہ حامداً و مصلیاً

امابعد! رفع طاعون ووبا کے لئے قنوت جائز ہے کیوں کہ بحرالرائق وفتح القدیر وردالمختار وغیرہا کتب معتمد علیہا میں مطلقاً نازلہ کے وقت قنوت کو مشروع لکھا ہے کسی خاص فتنہ ومصیبت کی قید نہیں پس طاعون بھی اس میں داخل ہے چنانچہ صاحب الاشباہ والنظائر نے اس امر کی تصریح فرمادی ہے کہ طاعون سخت ترین مصائب ہے انتہی. پس زید کا رفع طاعون ووباء کے لئے قنوت ماننے کو کذب و بہتان بتانا اس کے کمال علم دیانت پر یایوں سمجھئے کہ جہالت وسفاہت وبددیانتی پر دلالت کرتا ہے حق تعالیٰ اس کو توفیق توبۂ نصوح عطافرمائے آمین!

کتبہ ابوالاصفیاء محمد عبدالواخد قادری مجددی

## تصدیق: حضرت علامہ مفتی محمد نبی بخش عظیم آبادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| نحمد اللّٰه وبه نستعين و | یعنی ہم تعریف کرتے ہیں اللہ کی اور اسی |
| نصلى على رسوله خاتم | سے مدد چاہتے ہیں اور ہم درود وسلام |
| النبيين وعلى آله اصحابه | بھیجتے ہیں اس کے رسول خاتم النبیین |
| اجمعين امابعد!فان القنوت | پراوران کے تمام آل واصحاب پر |
| فى صلاة الفجر لرفع الطاعون | امّابعد! بے شک نماز فجر میں قنوت |

marfat.com

| | |
|---|---|
| جائز کماحققه الفاضل | جائز ہے رفع طاعون کے لئے جیسا کہ |
| البریلوی فللّٰہ درہ حیث | مجیب فاضل بریلوی نے ثابت فرمایا تو |
| حقق الحق و ابطل الباطل | اللہ ہی کے پاس اس کا ثواب ہے، جس نے |
| واللّٰہ اعلم بالصواب و الیه | حق کو حق اور باطل کو باطل کیا اور درست |
| المرجع و الماب. | اللہ ہی زیادہ جانتا ہے وہی مرجع ومآب ہے |

کتبه ابوطاہر نبی بخش بہاری عفاعنه الباری

## تقریظ وقطعہ تاریخ طبع اجتناب العمال عن فتاوی الجہال

## از نتائج طبع: ادیب اہلسنت حضرت علامہ محمد ضیا الدین صاحب

حمدِ بیکراں اس باغبانِ گلزار کائنات کو سزاوار جس نے اشجارِ گونا گوں اثمارِ بوقلموں کو استار مسطورہ سے نکال کر اظہار فرمایا اور تماشا اپنی نیرنگیٔ قدرت و بے رنگی بے چونی خالقیت کا دکھایا اور ہزاراں ہزار گلہائے شکر اس صانع حقیقی کی ذات مستجمع جمیع صفات پر نثار کہ انسان ضعیف البنیان کو خلعت " ولقد کرّمنا بنی آدم " پہنایا اور تمام مخلوقات سے معظم بنایا اور نفحاتِ دُرودنا معدود اس سید المرسلین خاتم النبین کے نذر جو پیدائش گلستان عالم کا باعث بنا اور سرتاج بنی آدم ٹھہرا۔

اسرارِ مکنونِ پروردگار کا رازدار امورِ ما کان وما یکون پر خبردار خزانۂ ارزاق تحتِ اختیار بلکہ کل اشیاء کا مختار، مالک حوضِ کوثر شافع یوم محشر غرض کہ وہ ایسا بشر کہ بشر اس کی درکِ کنہٗ ماہیت میں ششدر۔ ع

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

| | |
|---|---|
| فصلی اللہ علیه وعلی اله | یعنی اللہ درود و سلام بھیجے حضور ﷺ پر |
| المکرمین وصحبه المعظمین | اور ان کے آل کرام اور اصحاب |
| وعلی من تبعهم باحسان | عظام پر اور ان پر جنھوں نے احسان |
| من الائمة المجتهدین الباذلین | کے ساتھ ائمۂ مجتہدین باذلین کی |
| وسعهم فی استنباط الاحکام | پیروی کی اور ان پر جنھوں نے آیت |
| من الآیة وسنة سیّد المرسلین | اور سنت سید المرسلین سے احکام |
| سیما علی امام الائمة سراج | کے استنباط میں کوشش کی خاص کر |
| الامة الامام الاعظم و | امام الائمہ سراج الامۃ امام اعظم |
| الهمام الاقدم الافخم ابی | ہمام اقدم الافخم ابوحنیفہ تابعین کے |
| حنفیة سیّد التابعین. | سردار پر۔ (فاروقی) |

امابعد! خامۂ دلفگار رونالہ کناں صفحۂ قرطاس پر اشک خونی ریزاں کہ اسلام کی شگفتہ کلی مرجھا گئی پژمردگی چھا گئی، بادسموم لا مذہبی اپنا پورا اثر دکھا گئی، آتش بددینی دینداری کی سرسبزی و شادابی کو جلا گئی، اب اسلام برائے نام باقی فرق باطلہ نے بیخ کنی شریعت ٹھانی، کوئی اس کے بھیس میں دنیا کماتا رہا سہا نام مٹاتا کوئی دامِ جہل مرکب میں پھنسا اس سے ہاتھ دھویا کسی پر خباثت باطنی خواہش نفسانی غالب آئی، اپنی نشست

علیحدہ بنائی، کسی نے صلحاء وابرار خاصانِ کردگار بلکہ اخص الخواص محبوب پروردگار شفیع روز شمار سے دشمنی پیدا کی، اپنی عاقبت بگاڑی سنت کی توہین کو دین و آئین قرار دیا جماعت اہلسنت سے بغض پیدا کیا، جہالت و بددینی کا بھوت سر پر چڑھا، ہماری عقل سلیم نے پرواز کیا نورِ ایمان نے جواب دیا لباس اسلام اتار کر پھینکا شتر بے مہار کے طرح جو جی میں آیا کیا، آزادانہ جو چاہا بکا:

خذلھم اللّٰہ تعالیٰ فی الدنیا والاخری. یعنی اللہ تعالیٰ اسے دنیا اور آخرت میں رسوا کرے۔ (فاروقی)

چنانچہ دمنی صاحب کو از سرِ نو جوش پیدا ہوا، باسی کڑھی میں اُبال آیا، چھ ورقی ایک رسالہ مسمّٰی بہ ''ضروری سوال'' لکھ مارا، اچھا خاصا بھانمتی کا تھیلا ہر ورق میں ایک نیا تماشا کسی ورق میں قنوتِ طاعون کی ممانعت کسی میں اس کے پڑھنے کی اجازت کسی میں محبوبان الٰہی علمائے ربانی کی شانِ عالی میں گستاخی کسی میں اپنی وہابیت کھولی سابق کی توبہ توڑی کسی میں عوام کو فریب دیا، چالاکی سے کام لیا، رسالہ کیا لکھا گویا مجموعہ جہالات گلدستہ مزخرفات بنایا، ان لوگوں نے اپنی قوت بھر شمع اسلام کے گل کر دینے میں کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا۔

اگر شہسوارانِ سنت نگہبانان بوستان شریعت کی چند متبرک صورتیں نہ پڑتیں تو نہ معلوم دشمنانِ دین متین کی کس قدر ہمتیں بڑھتیں آخر ایک شیر بیشۂ شریعت، عالم اہل سنت ماحی بدعت اٹھ کھڑا ہوا، جملہ روباہ بازیوں کو آن کی آن میں نیست و نابود کر دیا حالات اندرونی و بیرونی کو آشکارا کیا، یعنی ''ضروری سوال'' کا جواب لاجواب سراپا

marfat.com

صدق وصواب مسمی باسم تاریخی "اجتناب العمال عن فتاوی الجہال" اس خوبی سے تحریر فرمایا کہ مخالفین نے بھی نعرۂ مرحبا بلند کیا، حسن لیاقت کی کامل داد دی، تحقیق انیق کی بہت کچھ تعریف کی۔

اے قادر توانا حضرت مجیب لبیب مولانا مولوی **محمد حامد رضا** خان صاحب کو دارین میں جزائے خیر عنایت فرما جنھوں نے حمایت شریعت اعانت اہل سنت و جماعت فرما کے بہت سے سنیوں کو ورطۂ گمراہی سے نکالا۔

## قطعۂ تاریخ

کہاں ہے وہ نجدیٔ فرخندہ خو ☆ کہ امسال جاگے ہیں جس کے نصیب
بچھایا تھا عرصے سے دام فریب ☆ کہ لوگوں کو پھانسے بنا کر حبیب
دوورقی رسالہ بھی اک لکھ دیا ☆ جہالات اس میں بھر وہ عجیب
کہ اطفال سن کر ہنسیں اور کہیں ☆ اسی مادّے پر یہ بنا ہے ادیب
انھوں نے لکھا اس رسالے کا رد ☆ جو بیماریٔ جہل کے ہیں طبیب
کھلی سب حقیقت ہوا راز فاش ☆ جسے شک ہو دیکھے جواب مجیب
وہ ایسا چھپا صاف اور بے نظیر ☆ ہیں تعریف کرتے فہیم ولبیب
ضیاء کو ہوئی فکر تاریخ کی ☆ خرد نے کہا سن لے میرے حبیب
تجھے فکر کیوں ہے یہ مشہور ہے ☆ لکھا ہے یہ اچھا جواب غریب
۱۳ ء ............... ۲۰

# فتاویٰ حامدیہ

# کتاب

# البیوع

marfat.com

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

ایک شخص دھان اس طرح فروخت کرتا ہے کہ اگر نقد روپیہ ہو تو بازار کے بھاؤ یعنی ۱۶ ارسولہ سیر کے اور اگر قرض ہو تو ۱۰ ارسیر کے، آیا اس قسم کی بیع جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** - اگر نفس عقد میں شرط لگائی کہ نقداً اتنے اور نسیۃً اتنے کو تو فاسد ہے کہ بیع ہرگز ایسی جہالت ثمن کا تحمل نہیں کرسکتی۔

**فی الخلاصۃ:**

"رجل باع شیئاً علی انه بالنقد بکذا او بالنسیة بکذا لم یجز" یعنی اگر کسی شخص نے اس طور پر بیع کی کہ نقد اتنے روپے میں اور ادھار اتنے روپے میں تو یہ بیع جائز نہیں۔ (فاروقی)

ہاں اگر نفس عقد میں کوئی شرط نہ کی اور مشتری کو قرض لیتا دیکھ کر دبایا اور نقد قیمت سے زائد کو بیع کیا تو اگرچہ بیع صحیح بلا کراہت ہوئی لیکن خلاف اولیٰ ہوئی۔

''ردالمحتار'' میں ذکر بیع ''عِینَہ'' میں زیر قول ''وھو مکروہ'' فتح سے نقل کیا:

"ان لم یعد (ای العین الی البائع) کما اذا باعه المدیون فی السوق فلا کراهة فیه بل خلاف الاولی اھ مختصراً" یعنی مبیع بائع کی طرف نہیں لوٹایا

جائے گا جیسے کہ جب مدیون نے اسے بازار میں بیچا تو اس بیع میں کوئی کراہت نہیں ہے بلکہ خلاف اولیٰ ہے۔ (فاروقی)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

محمد ن المعروف بحامد رضا البریلوی

کان لہ اللہ تعالی بجاہ حبیبہ احمد المجتبی علیہ التحیۃ والثناء

صدق اللہ العظیم

marfat.com

# فتاویٰ حامدیہ

# کتاب

# الحظر والاباحۃ

marfat.com

## حضور پرنور مرشد برحق سیدی ومولائی حجۃ الاسلام شیخ الانام مولانا المفتی الشاہ محمد حامد رضا خانصاحب قبلہ

دامت برکاتہم القدسیۃ ومتع اللہ المسلمین بطول بقائہم ...... السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

بعد اشتیاق آستانہ بوسی معروض، حضور والا اس وقت مسلم لیگ مسلمانان اہلسنت کے دین وایمان کے لئے جس قدر تباہ کن وبیخکن ثابت ہورہی ہے، کسی سنی مسلمان پر مخفی نہیں، اس کے چاروں مقاصد اساسیہ مشتمل بر محرمات وضلالات و بطالات بلکہ منجر بکفریات ہیں اس کے آل انڈیا لیڈران اپنی تقریروں میں کھلم کھلا کہہ رہے ہیں کہ اہلسنت ووہابیہ وروافض کے تفرقے مٹادو سب کو آپس میں ملادو، صاف صاف پکار رہے ہیں کہ ساڑھے تیرہ سو برس پیشتر کے سوالات کو اس وقت مسلمانوں کے سامنے پیش کرنے سے افتراق واختلاف پیدا ہوتا ہے لہٰذا ساڑھے تیرہ سو برس پہلے کے سوالات کو دفن کردینا چاہئے، مولویوں نے مذہب کی دوکانیں کھول رکھی ہیں ہمیں اس وقت ان کا بائیکاٹ کردینا چاہیئے، خاکساروں سے بڑھ کر مرتدین وکفار اس زمانے میں اور کون ہوں گے جن پر حکیم الامتہ الوہابیہ اشرف علی تھانوی کو بھی فتوئ تکفیر دینا پڑا۔

مگر مسلم لیگ کے ذمہ دار لیڈران ان کفار خاکسار کو اسلام کا رازدار بتارہے ہیں کانگریس کے مقابلے میں خاکساروں کی حمایت ودلسوزی کے مرثیئے گارہے ہیں

marfat.com

لیگی اخبارات شور مچارہے ہیں کہ عنایت اللہ خاں مشرقی نے ''تذکرہ'' میں قرآن پاک کے حقائق ومعارف ظاہر کئے ہیں والعیاذ باللہ تعالیٰ ایسی حالت میں ہر ایک سنی مسلمان پر روشن ہے کہ مسلم لیگ اس وقت سنی مسلمانوں کے دین ومذہب کی کانگریس سے بھی زیادہ دشمن ہے۔

سنی علماء پرفرض ہے کہ وہ کانگریس کے ساتھ ساتھ اس لیگ خبیث کا بھی واضح طور پر ردفرمائیں اورسنی مسلمانوں کولیگ کے فتنۂ عظمٰی سے بچائیں مگرنہایت ادب کے ساتھ معافی مانگتے ہوئے خدمت اقدس میں عرض کرتا ہوں کہ یہاں یہ خبرملی ہے کہ سرکاروالاتبارخاک بدہن بدمذہباں مسلم لیگ پرردفرمانے سے سکوت فرماتے ہیں، بلکہ جولوگ مسلم لیگ پرردکررہے ہیں حضوروالاان پرناراض ہیں بلکہ یہاں تک یہاں کہاجاتا ہے کہ حضوروالاشرکت مسلم لیگ کومخمصہ وضرورت کے ماتحت لاکرمعاذاللہ سنی مسلمانوں کواس کی رخصت شرعیہ دیتے ہیں ہم خدام بارگاہ رضوی کوبالخصوص مجھ سگ آستانہ رضویہ کوظن غالب ہےاورجس مسندپاک پرسرکارجلوہ گرہیں اس کودیکھتے ہوئے یقین کامل ہے کہ یقیناًیہ خبرجھوٹی ہوگی۔

لہٰذاعرض کرتا ہوں کہ اس الزام سے حضوروالااپنی ذات مقدس صفات کی تبریت بہت جلدتحریرفرمائیں اس تحریرمنیرپرسرکارکے دستخط شریف اورمہراقدس ضرور ثبت ہوں تاکہ ہم غلاموں کواطمینان حاصل ہواورجن لوگوں نے یہ خبروحشت اثردی

marfat.com

ہے ان کی زبان بند کی جا سکے، یہ عریضہ نیاز جناب مولانا مولوی سردار احمد صاحب قادری گورداسپوری زید مجدہم کی معرفت حاضر خدمت کرتا ہوں تاکہ وہ ایسے وقت جو حضور والا کی فرصت کا ہو خدمت اقدس میں پیش کریں اور حضور والا اس کا جو کچھ جواب عطا فرمائیں وہ میرے نام روانہ فرمائیں والسلام مع التبجیل والاکرام۔

حضور والا کا حلقہ بگوش حاجی عثمان عبداللہ کھتری قادری رضوی حامدی عفی عنہ

رضوی ... پ فیکٹری جام جودھپور کاٹھیاواڑ شنبہ ۷ رمضان المبارک ۱۳۵۸ھ

مکرر عرض ہے کہ یہ عریضہ نیاز پہلے جناب مولانا مولوی سردار احمد صاحب کی معرفت بذریعہ رجسٹری حاضر خدمت کیا تھا اب تک اس کے جواب سے مشرف نہ ہوا لہٰذا آج دوبارہ یہی عریضہ براہ راست خدمت اقدس میں حاضر کرتا ہوں والسلام مع التعظیم والاکرام.

چہار شنبہ ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۵۸ھ

(الجواب) برخوردار سعادت آثار حامیٔ سنت عزیز طریقت سیٹھ عثمان عبداللہ سلمہ المولیٰ تعالیٰ، آپ کا مسرت نامہ موصول ہوا حالات مندرجہ سے آگاہی ہوئی تمہاری خیرت معلوم ہو کر مسرت ہوئی، میں ضعیف ونحیف تمہیں معلوم ہے کہ ایک مدت مدیدہ تک علالت شدیدہ برداشت کر کے مولیٰ تعالیٰ نے حیات تازہ عطا فرمائی، میں اپنے دل ودماغ کی کمزوری کے باعث کوئی دماغی محنت کرنے کے ناقابل ہوں۔

marfat.com

میرے اوپر جو افترأت واتہامات اٹھائے جارہے ہیں ان کی نسبت صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ "اِلَی اللّٰہِ الْمُشْتکٰی" یعنی اللہ ہی کی طرف شکوہ ہے مفتریوں کو یہ وعید قرآنی کافی ہے کہ:

اِنَّمَا یُفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَایُؤْمِنُوْنَ بِآیَاتِ اللّٰہِ یعنی جھوٹ بہتان وہی باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے۔ (کنزالایمان)

میرے احباب کو ضرور ان افترأت سے روحانی صدمہ وقلبی اذیت پہنچی ہوگی اور قرآن عظیم ارشاد فرماتا ہے:

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَیْرِ مَااکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُھْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا یعنی اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بے کئے ستاتے ہیں انھوں نے بہتان اور کھلا گناہ اپنے سر لیا۔ (کنزالایمان)

ان باتوں سے جو آپ نے مجھ کو لکھیں مجھے سخت اذیت اور روحی صدمہ پہنچا۔ حدیث میں ہے:

"من اذی مسلما فقد اذانی" یعنی جس نے کسی مسلمان کو اذیت دی بے شک اس نے مجھے اذیت دی۔ (فاروقی)

marfat.com

میں خوب سمجھتا ہوں کے یہ مراسلہ آپ کا مراسلہ نہیں ع

کب سلیقہ ہے فلک کو یہ ستمگاری میں ☆ اور ہی کوئی ہے اس پردۂ زنگاری میں

خیر وہ کوئی بھی ہو اسے ایک یہ حدیث پہنچا دیجئے:

"ملعون من ضار مومنااومکر جو مسلمان کو مضرت پہنچائے یا اس کے ساتھ مکاری کرے تاجدار دو عالم ﷺ کی بارگاہ سے وہ ملعون ہے رواہ الترمذی عن ابی بکرالصدیق (رضی اللہ تعالی عنہ) وقال ھذاحدیث غریب"

دوسری حدیث میں ہے:

"من ضار مومناضار اللہ بہ ومن شاق شاق اللہ علیہ یعنی جس نے مسلمان کو مضرت پہنچائی یا پھوٹ ڈالی وہ ملعون ہے اللہ اسے مضرت دے گا"

قرآن عظیم نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَاوَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمْ عَذَابًامُّھِیْنًا یعنی بے شک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ ان کے لئے ذلت

marfat.com

کاعذاب تیار کررکھاہے۔ (کنزالایمان)

عزیزم! حضور تاجدار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم کاارشاد سنا کہ جس نے کسی مسلمان کوایذادی اس نے مجھے ایذادی اور جس نے مجھے ایذا پہنچائی اس نے اللہ عزوجل کوایذا پہنچائی ارشاد قرآنی سنا کہ جولوگ ایمان والے مردوں، عورتوں کو اذیت دیتے ہیں وہ لوگ اللہ عزوجل کوایذادیتے ہیں انہوں نے اپنے سرلیا کھلا بہتان اوراس ارشادربانی میں صاف صاف ارشادہوا کہ:

"اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنۡیَاوَالۡاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَہُمۡ عَذَابًامُّہِیۡنًا" یعنی بے شک جوایذادیتے ہیں اللہ اوراس کے رسول کوان پر اللہ کی لعنت ہے دنیااورآخرت میں اوراللہ ان کے لئے ذلت کا عذاب یارکررکھاہے۔ (کنزالایمان)

یہ سارے کرتوت اہلسنت میں پھوٹ ڈالنے اور امام اہلسنت حضور پرنوراعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز کے قلب انورکوان کے مزار اطہر میں اذیت پہنچانے والے ہیں وہ یقیناً اللہ کے سچے محبوب عاشق رسول سچے نائب غوث الوریٰ جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وعلیٰ ابنہ الکریم وبارک وسلم تھے اور بحمدہ تعالیٰ انھوں نے مجھے اپنا سچا جانشین کیااور میں نے مولانا عبدالباری لکھنوی کے ساتھ انھیں کی روش برتی جبکہ وہ لکھنؤ کے ریلوے

اسٹیشن پر میرے استقبال کے لئے آئے تھے اوران کے ہمراہ لکھنؤ کے بڑے بڑے جاگیر داراور روساء و علماء سینکڑوں کی تعداد میں تھے میری گاڑی کے آنے پر میرے سیکنڈ کلاس کے ڈبے کے پاس بسرعت آئے اور جب میں اترا انہوں نے سلام کیا میں نے جواب نہ دیا انہوں نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا میں نے ہاتھ مصافحہ کو نہ دیا میں ویٹنگ روم کی طرف بڑھا وہ میرے پیچھے پیچھے آئے اور دیر تک میری شرکت کے لئے اصرار کرتے رہے میں نے صاف کہہ دیا کہ جب تک میرے اور آپ کے درمیان مذہبی صفائی نہ ہو جائے میں آپ سے نہیں مل سکتا نہ آپ کے جلسے میں شرکت کروں نہ آپ سے میل جول رکھوں اور بحمدہ تعالیٰ میری اس روش سے انہیں متاثر ہونا پڑا اور انہوں نے صدرالافاضل مولانا مولوی نعیم الدین صاحب کے بالمشافہ توبہ نامہ تحریر فرمایا اس کے بعد میں ان سے ملا۔

عزیزی مولوی حشمت علی صاحب اس کے شاہد ہیں عزیزم پھر مجھ پر یہ افتراء کہ میں بد مذہبوں کے ساتھ میل جول اتحاد وارتباط روا رکھتا ہوں، کہاں تک قابل یقین ہوسکتا ہے؟ میں ہرگز ہرگز مسلم لیگ میں شریک نہیں ہوا تھا واللہ علی ما اقول وکیل۔

بلاشبہ بحالت موجودہ لیگ قابل اصلاح ہے، اس میں بہت سی شرعی خامیاں ہیں، میں نے ہرگز آج تک کسی سے اس کی شرکت کو نہ کہا وکفی باللہ شہیدا ہاں

بعض اوقات جب مجھ سے اس کے متعلق سوال ہوا تو میں نے اس کے شرعی نقائص پر روشنی ڈالی، ہاں اتنا ضرور کہ جو سنی رضوی اس میں کسی غرض شرعی یا محض ناواقفی سے اس میں شریک ہو گئے ہیں ان کی نسبت میں کوئی سخت حکم نہیں لگاتا اور یہ شرعی نقطۂ نظر سے کہتا ہوں اس کے لئے میرے ذہن میں دلائل ہیں، اس سے مجھے لیگ کی حمایت مقصود نہیں بلکہ اپنے سنی رضوی بھائیوں کو تکفیر و تضلیل و تفسیق سے بچانا مقصود ہے، میرے سامنے حضور پرنور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روش ہے، مدرسہ (منظر اسلام) بحیثیت تبلیغ دین اور جماعت (رضائے مصطفیٰ) بحیثیت تبلیغ عقائد اہلسنت بفضلہ تعالیٰ اسی روش اور اسوۂ حسنۂ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ہیں۔

حضور پرنور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے مولوی عبدالباری صاحب کی دعوت پر اس جلسے میں بھیجا تھا جس کے دعوت نامے میں مولانا عبدالباری صاحب وغیرہ علمائے فرنگی محل کے ساتھ مجتہدین روافض کے بھی نام تھے اور یہ وہ وقت ہے جب مانٹ گو وزیر ہند ہندوستان آیا تھا اور سیلف گورنمنٹ کا ہندوستان میں ایک شور غوغا مچا ہوا تھا، مولانا عبدالباری صاحب نے تحریر فرمایا تھا کہ اس وقت اگر ہماری آواز کوئی وزن نہ رکھے گی تو دیوبندی تمام مسلمانوں کے نمائندے بن کر اہل سنت کو مضرت پہنچانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھیں گے۔

میرے ہمراہ حضرت مولانا ظہور حسین صاحب رامپوری صدر دار العلوم اور

marfat.com

جناب مولانا مولوی رحم الٰہی صاحب اور صدر الشریعہ مولانا امجد علی صاحب خلفائے اعلیٰ حضرت بھی تھے اور ہمیں اس جلسے میں جانا پڑا تھا جس میں روافض وو ہابیہ وغیرہ بھی شریک تھے تو کیا تحفظ حقوق کے لئے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہمیں اجازت شرکت دینا عیاذ ابالمولیٰ تعالیٰ گمراہی وفسق کہا جا سکتا ہے اور کیا ہم سب شریک ہونے والے کسی گمراہی وفسق کے مرتکب ہوئے تھے؟ حاشا!

"الامور بمقاصدها وانما الاعمال بالنيات ولكل امری مانوی یعنی امور اپنے مقاصد کے ساتھ معتبر ہوتے ہیں اور اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جو اس نے نیت کی" (فاروقی)

عزیزم ان افترائات کا سبب صرف اور صرف یہی ہے کہ میں نے اس مسئلہ کے متعلق محض بطور افہام وتفہیم تبادلۂ خیالات کرنا چاہا تھا میں اہل سنت میں تفریق اور رضویوں پر فتوئ تضلیل وتفسیق ہرگز پسند نہیں کروں گا، میرے نزدیک جو اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سچے حلقہ بگوش ہیں وہ اگر کسی غرض شرعی سے شریک ہوگئے ہیں تو ان پر میری فقہی نظر میں کوئی شرعی الزام نہیں ہاں جن کے عقائد فاسد ہوں جیسے عقائد رکھتے ہوں ویسے ہی حکم تکفیر یا تضلیل یا تفسیق کے مستحق ہوں گے۔

عزیزم میں نے تو اس بلائے عظیم کو دیکھتے ہوئے چاہا تھا کہ اہل سنت کی تشکیل

marfat.com

ہو جائے اور علمائے کرام ایک تنظیم کے تحت اپنی وہ آواز حق بلند کریں جو حضور پر نور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آواز تھی یعنی کفار و مشرکین سے موالات حرام ہونا اور یہ آواز حضور پر نور ہی کی آواز نہیں اللہ و رسول جل جلالہ وصلی المولیٰ تعالیٰ علیہ وسلم کی صدائے برحق ہے۔

ہماری آواز پر اہلسنت لبیک کہیں گے اور ہماری منظم جماعت کی آواز ملک وقوم میں اپنے سر کے کانوں ہی تک نہیں دلوں کی گہرائیوں میں اثر کرے گی، مسلمان لیگ وغیرہ کی رو میں نہ بہیں گے بلکہ ہمارے ساتھ ہم آواز ہوں گے اس طرح ہم لیگ کے شریک نہ سمجھے جائیں گے بلکہ لیگ ہماری آواز اٹھانے والی ہوگی، اس ''منظم جماعت علماء'' کی ہدایات لیگ اور تمام ادارات اسلامیہ کو مذہباً ماننا پڑیں گی، مسلمان ان مفاسد شرعیہ سے محفوظ ہو جائیں گے جن کا خطرہ اب محسوس کیا جاتا ہے۔

عرس سراپا قدس امام اہل سنت رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں جو اکابر علمائے اہل سنت تشریف لائے تھے میں نے ان سب کو جمع کر کے اس تنظیم کی تحریک کی تھی مگر شومیٔ قسمت سے بعض حضرات کو ایک آنکھ نہ بھائی، مجلس مشاورت سے انھوں نے اس تفریق کو نظر استحسان سے دیکھا۔

پیارے عثمان! کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ میں نے جو یہ راہ عمل نکالی تھی اس میں کوئی شرعی نقص تھا؟ یا کوئی کفر و گمراہی کا راستہ تھا جس کی یوں تخریب روا رکھی گئی؟ مجھے اس کی

marfat.com

ان صاحبوں سے ضرور شکایت ہوئی اور ہے جب یہ سب بنا بنایا کھیل بگاڑ دیا تو مجبوراً میں اور دوسرے صاحبان بھی اٹھ کر چلے آئے، زمانہ شناسی اگر ہوتی تو اس وقت دیو بندیوں پر بری بنی تھی جگہ جگہ انھیں ذلت و رسوائی کا سامنا تھا، مسلمان ان سے متنفر ہو رہے تھے اگر یہ "تنظیم علمائے اہلسنت" ہو جاتی تو ہماری آواز نہ صرف کانگریس کے لئے زلزلہ افگن ہوتی بلکہ احرار "جمیعۃ العلماء" دہلی اور تمام کانگریسی دیو بندی مولوی سب سے مسلمان جدا ہو کر اہلسنت کے ساتھ ہوتے اور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آواز حق بلند کرتے ان کی سچی غلامی کا دم بھرتے میں ضرور اس کی ضرورت محسوس کرتا تھا اور اس وقت جو مہلکے کی حالت مسلمانوں کے لئے ہے وہ کھلی آنکھوں کے سامنے ہے، مشرکین ہمارے دین اور مساجد کی توہین کر رہے ہیں، قربانی گاؤ اور اذان جیسے شعائر دین بند کئے جا رہے ہیں، مسلمانوں کی جان و مال و عزت و آبرو سخت خطرے میں ہے، اسلام کے نام لیوا محض اس جرم پر کہ "مسلمان" ہیں ذبح کئے جا رہے ہیں، کیا اب بھی ضرورت شرعی کا تحقق نہیں ہوتا؟

حضرت سید محمد میاں صاحب نے مارہرہ شریف میں خود اس کا اعتراف کیا کہ حالت مخمصہ ہے، میں نے اس مسئلہ میں تنقیح کے متعلق بحث و تمحیص کے طور پر تقریر کی تھی، اس سے میری غرض کسی کی موافقت یا مخالفت ہرگز نہ تھی، میری اس تقریر کی بنا پر اتہامات و افترائات کئے جا رہے ہیں، میں اب بھی یہ کہنے کو تیار ہوں کہ ضرورت شرعیہ

marfat.com

کے وقت بہت سے محظورات مباح ہو جاتے ہیں بلکہ محرمات قطعیہ حتی کہ کلمۂ کفر بھی زبان پر لانا حلال وروا ہو جاتا ہے۔

خود قرآن کریم ارشاد فرماتا ہے:

"اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِیْرِ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَا اِثْمَ عَلَیْهِ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ"۔ یعنی اس نے یہی تم پر حرام کئے ہیں مردار اور خون اور سؤر کا گوشت اور وہ جانور جو غیر خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا تو ناچار ہو نہ یوں کہ خواہش سے کھائے اور نہ یوں کہ ضرورت سے آگے بڑھے تو اس پر گناہ نہیں بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (کنز الایمان)

"تفسیرات احمدیہ" میں حضرت ملا احمد جیون قدس سرہ فرماتے ہیں:

"ثم هذه المحرمات انما حرم اكلها اذ كان في حالة الاختيار واما في حالة الاضطرار فحكمها الرخصة على ما صرح به في قوله تعالى فمن اضطر الآية. يعنى فمن اضطر من جوع او شرب بحيث يخاف تلف نفس" یعنی ان محرمات کا کھانا اس صورت میں حرام ہے

جبکہ حالت اختیار میں ہو اور اگر حالت اضطرار ہو تو حکم رخصت ہے جیسا کہ اللہ کے اس قول ''فمن اضطر الآیۃ'' سے مصرح ہے یعنی اس قدر بھوک اور پیاس کا غلبہ ہو کہ جان پر بن آئی ہو۔ (فاروقی)

اس آیت کریمہ میں تحریم میتہ ودم مسفوح وگوشت خنزیر اور جو چیز کہ غیر خدا کے نام پر ذبح کی گئی ہو بنص قطعی بیان فرمائی گئی پھر ارشاد فرمایا گیا کہ یہ حرمت حالت اختیار میں ہے مگر حالت اضطرار میں ان کا استعمال بقدر ضرورت روا ہے یعنی سخت بھوک یا پیاس کے وقت جبکہ اندیشۂ ہلاکت ہو تو جان بچانے کیلئے بقدر سد رمق حیات سؤر یا مردار یا ایسی چیز جس پر وقت ذبح غیر خدا کا نام لیا گیا ہو کھانے کی رخصت ہے، ہمارے اکثر ائمۂ کرام کا مناسب مذہب یہی ہے کہ حرمت اصلاً باقی نہ رہی حتی کہ اگر صبر کیا اور اسی حالت میں مر گیا تو گنہگار مر گیا۔

اسی ''تفسیرات احمدیہ'' میں ارشاد فرمایا:

''وذھب اکثر اصحابنا الی انہ یرتفع الحرمۃ اصلاحتی لو صبر و مات یموت آثما'' یعنی ہمارے اکثر ائمۂ کرام کا مذہب یہ ہے کہ حرمت اصلاً باقی نہ رہی یہاں تک کہ اگر وہ اسی حالت میں مر گیا تو گنہگار مرا۔ (فاروقی)

marfat.com

ہمارے یہ حضرات ائمۂ کرام قرآن کریم کی اس آیت کریمہ سے استدلال فرماتے ہیں:

"وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ" یعنی وہ تم سے مفصل بیان کر چکا جو کچھ تم پر حرام ہوا مگر جب تمہیں اس سے مجبوری ہو۔ (کنزالایمان)

اور جو کلام مقید باستثناء ہوتا ہے وہ صادر امر مستثنیٰ سے تعبیر ہوتا ہے تو ثبوت حرمت صرف حالت اختیار میں ہوا اور قبل تحریم اباحت تھی تو حالت اضطرار میں وہ بحالہا باقی رہی اور حرمت مرتفع ہوگئی کما افید فی التفسیر المذکور.

یہ تو ارتکاب محرمات قطعیہ کا جواز وقت ضرورت صحیحۂ شرعیہ تھا جس کا ثبوت میں نے قرآن کریم سے دے دیا میں نے کہا تھا کہ اجرائے کلمۂ کفر کی بھی ایسی حالت میں اجازت ہے، اسے بھی قرآن کریم ہی سے سن لیجئے۔

قال تعالیٰ:

"مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ" یعنی جس نے کفر کیا اللہ کے ساتھ بعد ایمان لانے کے مگر وہ کہ مجبور کیا گیا حالانکہ قلب اس کا ایمان کے ساتھ مطمئن تھا۔ (کنزالایمان)

اس آیت کریمہ کا شان نزول یہ ہے کہ جب کفار قریش نے ضعفائے مسلمین مثل حضرت بلال و خباب و عمار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم پر قابو پالیا تو ان کو باکراہ و اجبار ارتد اد و کفر پر مجبور کیا حتیٰ کہ والدین حضرت عمار نے شہادت قبول فرمائی اور ایمان پر ثابت قدم رہے، کفار کے اکراہ کا کچھ اثر نہ لیا مگر حضرت عمار چونکہ ضعیف و نحیف تھے اور کوئی مفر کی صورت نہ تھی تو انہوں نے اپنی زبان پر کلمۂ کفر کا اجرا فرمایا مگر ان کا قلب مبارک ایمان کی تسلی و سکون سے مملو تھا، یہ بات حضور تاجدار دو عالم ﷺ تک پہنچائی گئی اور کہا گیا کہ معاذ اللہ عمار کافر ہو گئے، تو ارشاد فرمایا:

"کلا ان عمار امتلیٔ ایمانا من قرنه الی قدمه واختلط الایمان بلحمه و دمه یعنی عمار سر سے پاؤں تک نور ایمان سے پُر ہے اور ایمان اس کے گوشت اور خون میں مخلوط ہے"

اس کے بعد حضرت عمار روتے ہوئے حاضر ہوئے تو رحمت عالم ﷺ نے ان کا خون پونچھا اور ان کی چشمان مبارک اپنے ملبوس اقدس سے صاف فرمائیں اور ان سے ارشاد کیا کہ:

"یا عمار کیف وجدت قلبك حین اکرهت اے عمار جب تم مجبور کئے گئے تو تم نے اپنے قلب کو کیسا پایا؟"

تو عرض کیا کہ مطمئن بالا یمان، ارشاد فرمایا کہ:

"ان عادوا لك فعدلهم اگر پھر تمہارے ساتھ کریں تو تم
ان کے ساتھ ایسا ہی کرو، یعنی پھر تم سے بالا کراہ کلمۂ کفر
کہلوائیں تو تم باطمینان قلب کہہ لو"

اس پر آیت کریمہ نازل ہوئی، یہاں بھی "الامن اکرہ" استثناء متصل ہے یعنی:

"من اکرہ علی اجراء کلمۃ الکفر علی لسانہ و کان قلبہ
مطمئنا بالتصدیق فانہ لیس بکاذب او مفتر او مغضوب"
یعنی جو اپنی زبان پر اجرائے کلمۂ کفر کے لئے مجبور کیا جائے
اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو تو نہ وہ جھوٹا ہے نہ
مفتری نہ مغضوب۔ (فاروقی)

ہاں یہاں صرف رخصت ہے، عزیمت یہی ہے کہ صبر کرے اور اجرائے کلمۂ کفر زبان پر نہ کرے یہاں تک کہ قتل کیا جائے اور شہید مرے۔

علامہ مرغینانی صاحب "ہدایہ" نے "کتاب الاکراہ" میں فرمایا اگر اللہ کے ساتھ کفر یا سب نبی پر مجبور کیا جائے اور اسے اپنی جان یا کسی عضو کے کٹ جانے کا خوف ہو تو اسے جائز ہے کہ جس بات پر مجبور کیا جا رہا ہے اسے ظاہر کرے اور اپنے دل میں ایمان کو مخفی رکھے لحدیث عمار المذکور.

کفار نے حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ اگر تم اسلام سے منحرف

marfat.com

ہو جاؤ تو ہم تمہاری جاں بخشی کر دیں گے تو حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم اگر تمام دنیا کی دولت میرے قدموں میں ڈال دی جائے تو بھی میں اسلام سے روگردانی نہ کروں گا، یہاں تک کہ سولی دئے گئے، حضور سرور کونین ﷺ نے ''سید الشہداء'' کا خطاب عطا فرمایا اور ایسے لوگوں کی نسبت ارشاد ہوا:

''ھو رفیقی فی الجنة'' (یعنی وہ جنت میں میرے ساتھی ہیں۔ (فاروقی)

فقہائے کرام کے اقوال مبارکہ اس بارے میں بیش از بیش ہیں انہوں نے ضرور خود ایک اصل شرعی وضع فرمائی اور ارشاد فرمایا:

''الضرورات تبیح المحظورات'' یعنی ضرورات شرعیہ سے ممنوعات شرعیہ مباح ہو جاتے ہیں۔ (فاروقی)

اور حدیث ''صحیح مسلم'' میں فرمایا:

''من ابتلی ببلیتین فلیختر اھو نھما یعنی جو شخص دو بلاؤں میں مبتلا ہو جائے تو وہ ان میں سے آسان کو اختیار کرے''

فقط۔ فقیر محمد حامد رضا قادری رضوی بریلوی غفرلہ

خادم سجادہ و گدائے آستانہ رضویہ بریلی شریف

marfat.com

## از آستانہ رضویہ عالیہ قدسیہ محلہ سوداگران بریلی شریف

بملاحظہ حامیٔ سنت جناب بابا لعل صاحب سلمہ المولیٰ تعالیٰ............

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں لیگ کو بحالت موجودہ کہ اس کے اندر شرعی مفاسد ہیں اور بہت سے گمراہ بد مذہب بد دین شریک ہیں نظر استحسان سے نہیں دیکھتا اور اس بنا پر میں نے آج تک کسی کو اس کی شرکت کی اجازت نہیں دی مگر اس کے ساتھ ہی جو لوگ اس میں خالص سنی رضوی شریک ہو گئے ہیں ان پر سخت حکم دینے کو بھی اچھا نہیں سمجھتا کہ جب ان کی شرکت کسی شرعی نقطۂ نظر سے ہو تو تکفیر کیا معنی تضلیل و تفسیق کا بھی شرعاً حکم نہیں دیا جا سکتا۔

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ ہے کہ اگر کفار کے مذہبی میلوں میں مسلمان بغرض تجارت چلا جائے تو شرعاً جائز ہے، سائل نے دریافت کیا کہ کافر و مرتد و مبتدع و بد مذہب و فاسق کو اگر جیسے ہیں ویسا ہی مانے تو ایسے لوگوں کو ابتدا بسلام کرنا، دوستی رکھنا وغیرہ وغیرہ کا کیا حکم ہے؟

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ان کو بے ضرورت ابتدأ بسلام اور بلا وجہ شرعی مخالطت حرام، ان کے لئے افعال تعظیمی بالفاظ تعظیمی کا بھی یہی حکم فرمایا اور پھر فرمایا فاسق کا حکم آسان ہے مصالح دینیہ پر نظر کی جائے گی اس کے بعد

فرمایا اور مرتد مبتدع سے بالکل ممانعت، ان سب کے بعد صاف صاف ارشاد فرمایا کہ ضرورت شرعیہ ہر جگہ مستثنیٰ ہے فان الضرورات تبیح المحظورات یعنی ضرورت شرعی سے ممنوع شرعی مباح ہو جاتا ہے میں اسے بہت تفصیل سے لکھنے کا قصد کرتا ہوں اللہ تعالیٰ مدد فرمائے۔

الغرض میں اپنوں کو جو خالصاً صحیح العقیدہ سچے سنی ہیں انہیں کافر فاسق گمراہ کہنا شرعی نقطۂ نظر سے ہرگز جائز نہیں رکھتا جو اس کے خلاف ہو وہ میرے خیال میں فقہ سے نابلد ہے جو مجھے اور دار العلوم منظر اسلام اور جماعت رضائے مصطفیٰ کو لیگی کہے وہ مفتری کذاب ہے کسی تحریر و تقریر سے وہ ہرگز ثابت نہیں کر سکے گا فقط۔ ع

من آنچہ شرط بلاغ ست با تو میگویم　　　تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

فقیر محمد حامد رضا قادری رضوی بریلوی غفرلہ

خادم سجادہ وگدائے آستانہ، رضویہ بریلی شریف

## سوال آمدہ ۲۱ / رجب المرجب ۱۳۵۸ھ متعلق مسلم لیگ

الجواب:- ملاحظہ حامیٔ سنت ماحیٔ بدعت مکرمی حاجی ابو بکر حاجی احمد صاحب سکریٹری انجمن تبلیغ صداقت بمبئی سلمہ المولیٰ تعالیٰ۔

بعد تحیۂ مسنونہ وادعیۂ خلوص مشحونہ، آپ کا کرمنامہ وصول ہوا ہر سہ رسائل مذکورہ ''مسلم لیگ کی زرین بخیہ دری، واحکام نوریہ شرعیہ بر مسلم لیگ'' اور ''الجوابات

السنیۃ علی زھاء السوالات الیگیۃ" مجھے ملے تھے مگر بعض دوسرے صاحب ان کو دیکھنے کی غرض سے مستعار لے گئے تھے انہیں آج تک نہ دیکھ سکا اس لئے ان کے متعلق اب تک کوئی اظہار خیال نہ کرسکا۔

میری حالت سے آپ غالباً آگاہ نہیں میں نہایت سخت علیل تھا سات آٹھ مہینے تک صاحب فراش رہا حیات مستعار کی قطعاً امید باقی نہ تھی زندگی سے دور موت سے قریب تھا ابھی تک پوری صحت کافی قوت حاصل نہ ہوئی تھی کہ اس اثناء میں میرے گھر میں سخت علالت ہوئی اور وہ جانبر نہ ہوسکیں نیز میری علالت ہی میں میری ایک جوان بھتیجی اور میری ایک نواسی انتقال کرگئی پھر میرے عم محترم مولانا محمد رضا خانصاحب نے انتقال کیا اس بنا پر ہجوم افکار اور اس کے ساتھ کثرت کار نے مجھے بیکار کررکھا، پھر ابھی تک بوجہ ضعف ونقاہت پیرانہ سالی اور دماغی کمزوری کی وجہ سے کوئی دماغی محنت کا کام کرنے سے معذور ہوں، ذرا دیر کتاب دیکھنے سے دماغ ماؤف ہوجاتا ہے، یہ وجوہ ہیں کہ میں ضروری سے ضروری مراسلات کے جوابات نہیں دے سکتا اور تعویق وتاخیر پیش آجاتی ہے۔

میں لیگ کو بحالت موجودہ اچھا نہیں سمجھتا اس میں ضرور شرعی مفاسد ہیں جن کی اصلاح کی ضرورت ہے، میں نے اس کی اصلاح کو محسوس کیا تھا کہ علماء اہلسنت اس کی طرف متوجہ ہوں اور عوام جو سیلاب کی طرح بد مذہبوں، مرتدوں کے پنجوں میں پھنس

marfat.com

رہے ہیں اس سے محفوظ رہیں۔

کانگریس کی شاہی مسلمانوں کے لئے پیام موت تھی اس کا مجھے قلق تھا مگر علمائے اہل سنّت کی طرف سے کوئی متفقہ آواز اس کے خلاف میں نہ اٹھی یہ کام کا وقت تھا کانگریسی مولوی اور دیوبندی اس وقت نہایت سخت ذلت و رسوائی کے گڑھے میں گر رہے تھے، ان کی کانگریس میں شرکت مسلمانوں کو ان سے نفور کر رہی تھی، جگہ جگہ ان پر لوگ حملہ آور ہوئے، داڑھیاں پکڑ پکڑ کر کفش کاوی کرتے۔

مگر افسوس ہمارے علماء کا جمود نہ ٹوٹا ان کی کوئی آواز مسلمانوں کے کان تک نہ پہنچی، کوئی صاحب اسلامی جھنڈا لے کر نہ اٹھے۔ کہ تمام سنی اس کے نیچے جوق در جوق آجاتے اور ہماری ملک میں ایک آواز گونج جاتی، کفار و مشرکین گمراہ بددین جماعتوں کے مقابل خالص اہل سنت کا ایک محاذ قائم ہو جاتا، جماعت رضائے مصطفٰے بریلی شریف سے خبیث کانگریس کی شرکت کی حرمت پر ایک نہایت مدلل فتویٰ قرآن کریم کے براہین کے ساتھ شائع ہوا حسین احمد وغیرہ تمام دیوبندی مولویوں کو میں نے بھی چیلنج دیا تھا کہ اس کی شرکت کا جواز ثابت کریں اور جن آیات قرآنیہ سے اس کی حرمت کا ثبوت دیا گیا ہے ان کا جواب دیں، کانگریس کے مظالم اس قابل نہیں کہ مسلمان بھول سکیں، افسوس صد ہزار افسوس کہ ہمارے علمائے اہل سنت و زعمائے ملت و اُمنائے سنت شریعت سوتے ہی رہے، اور وقت ضائع کر دیا۔

marfat.com

میں نے عرس اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تنظیم اہل سنت کے لئے بہت سے اکابر علماء کو جمع کر کے چاہا تھا کہ ہماری ایک متفقہ آواز ملک سے مسلمانوں کی حمایت کے لئے اٹھے، اور مسلمان ہمارے علماء کی آواز پر لبیک کہیں، اور بیدینوں کے پنجے سے اس طرح انہیں نجات ملے اور اغیار کی قیادت سے نکل کر علمائے اہل سنت کی قیادت میں ہم اپنا کام کریں مگر اس کی تخریب کردی گئی جس کے مخرّب ہمارے ہی بعض افراد تھے، یہ ہماری غایت درجہ کی عاقبت نااندیشی اور زمانہ ناشناسی تھی۔

میں لیگ کو بحالت موجودہ کہ اس کے اندر شرعی مفاسد ہیں اور بہت سے گمراہ بدمذہب بددین شریک ہیں نظر استحسان سے نہیں دیکھتا اور اس بناء پر میں نے آج تک کسی کو اس کی شرکت کی اجازت نہیں دی مگر اس کے ساتھ ہی جو لوگ اس میں خالص سنی رضوی شریک ہو گئے ہیں ان پر سخت حکم دینے کو بھی اچھا نہیں سمجھتا کہ جب ان کی شرکت کسی شرعی نقطۂ نظر سے ہو تو تکفیر کیا معنی تضلیل و تفسیق کا بھی شرعاً حکم نہیں دیا جاسکتا۔

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ ہے کہ اگر کفار کے مذہبی میلوں میں مسلمان بغرض تجارت چلا جائے تو شرعاً جائز ہے، سائل نے دریافت کیا کہ کافر و مرتد و مبتدع و بدمذہب و فاسق کو اگر جیسے ہیں ویسا ہی مانے تو ایسے لوگوں کو ابتدأ بسلام کرنا، دوستی رکھنا وغیرہ وغیرہ کا کیا حکم ہے؟

marfat.com

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ان کو بے ضرورت ابتدأ بسلام اور بلا وجہ شرعی مخالطت حرام، ان کے لئے افعال تعظیمی بالفاظ تعظیمی کا بھی یہی حکم فرمایا اور پھر فرمایا فاسق کا حکم آسان ہے مصالح دینیہ پر نظر کی جائے گی اس کے بعد فرمایا اور مرتد مبتدع سے بالکل ممانعت، ان سب کے بعد صاف صاف ارشاد فرمایا کہ ضرورت شرعیہ ہر جگہ مستثنیٰ ہے فان الضرورات تبیح المحظورات یعنی ضرورت شرعی سے ممنوع شرعی مباح ہو جاتا ہے میں اسے بہت تفصیل سے لکھنے کا قصد کرتا ہوں اللہ تعالیٰ مدد فرمائے۔

الغرض میں اپنوں کو جو خالصاً صحیح العقیدہ سچے سنی ہیں انھیں کافر فاسق گمراہ کہنا شرعی نقطۂ نظر سے ہرگز جائز نہیں رکھتا جو اس کے خلاف ہو وہ میرے خیال میں فقہ سے نابلد ہے جو مجھے اور دار العلوم منظر اسلام اور جماعت رضائے مصطفےٰ کو لیگی کہے وہ مفتری کذاب ہے کسی تحریر و تقریر سے وہ ہرگز ثابت نہیں کر سکے گا فقط۔ ع

من آنچہ شرط بلاغ ست باتو میگویم
تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

فقیر محمد حامد رضا قادری رضوی بریلوی غفرلہ

خادم آستانہ رضویہ وگدائے سجادہ عالیہ بریلی شریف

marfat.com

## کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ

(۱)...... مذہبی نقطۂ نظر سے پارلیمنٹری بورڈ کیسا ہے؟ اور اس کی شرکت اور اعانت وحمایت کا کیا حکم ہے؟

(۲)...... اگر کسی عالم سے کوئی مذہبی سوال ہو تو اس کا کسی کی رورعایت سے جواب نہ دینا کیسا ہے بینوا وتوجروا۔

الجواب:- گاندھی گردی کی نامبارک مردہ تحریکوں کے اواگون کی جون خلافت کمیٹی تھی اس کی ٹکٹی نکل جانے پر دوسری جون یونٹی بورڈ بدلی، اب اسی نے تیسری جون مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کے نام سے جنم لیا ہے۔ ؎

بہر رنگے کہ خواہی می پوش
من انداز قدت رامی شناسم

بلاشبہ مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کانگریس کا طفل نوزائیدہ ہے، اس کے ارباب بست وکشاد وہی ہیں جو خلافت کمیٹی کے تھے، ان کی اسلام فروشیوں، کفرنوازیوں کے کارنامے "تحقیقات قادریہ" وغیرہ رسائل اہل سنت میں مفصل درج ہیں کس نے نہ دیکھا کہ بریلی میں جو پارلیمنٹری بورڈ کا جلسہ ہوا اس میں چوٹی کے وہابیہ دیوبندیہ خذلہم اللہ تعالی ہی بھرے ہوئے تھے وہی اس کے گل سرسبد واہل حل وعقد تھے جو جماعت اللہ ورسول کو گالیاں دینے والوں کی جماعت ہو اللہ ورسول اس سے بیزار وبری

marfat.com

ہیں (جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) وہ ہرگز مسلمان کی جماعت کہلانے کا حق نہیں رکھتی اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہ نے جو احکام قرآن وحدیث کے دلائل وبراہین کی روشنی میں خلاف کمیٹی کے متعلق دیئے تھے وہی پارلیمنٹری بورڈ کے متعلق ہیں۔

کیا عزیزان اہل سنت ان سے نابلد ہیں؟ کیا وہ ارشادات عالیہ فراموش کردینے کے قابل ہیں؟ فقیر اپنے زاویۂ نگاہ سے پارلیمنٹری بورڈ کو سخت نفرت کی نگاہ سے دیکھتا اور اس کے ساتھ تعاون وشرکت عمل، اس کی حمایت واعانت کو مذہبی نقطۂ نظر سے ناجائز وحرام جانتا ہے، الیکشن کی اہمیت ہرگز ناسخ احکام شریعت نہیں ہوسکتی۔ ؎

من آنچہ شرط بلاغ ست باتو می گویم
تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

(۲)...... کسی مذہبی سوال کا بے عذر شرعی جواب نہ دینا گناہ ہے اس کے متعلق وعید شدید آئی ہے حدیث میں ہے:

"من سئل عن علم فکتمه الجم بلجام النار یعنی جس سے کوئی مسئلہ پوچھا گیا اور اس نے اس کو چھپایا تو اس کے منہ پر آگ کی لگام چڑھائی جائے گی"

دوسری حدیث میں فرمایا:

"الساکت عن الحق شیطان اخرس یعنی حق سے خاموش

رہنے والا گونگا شیطان ہے"

مذہب میں رو رعایت مداہنت حرام ہے قال تعالیٰ:

"وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ یعنی وہ تو اس آرزو میں ہیں کہ کسی طرح تم نرمی کرو تو وہ بھی نرم پڑ جائیں" (کنز الایمان)

واللہ تعالیٰ اعلم

فقیر محمد حامد رضا قادری رضوی بریلوی غفر لہ

خادم سجادہ وگدائے آستانۂ رضویہ بریلی شریف

## چہ می فرمایند علمائے دین اندریں مسئلہ کہ

مسلمانے دیگر یک مسلمان معروف النسب را ناحق دشنامہائے ناسزا یعنی حرام زادہ و بدطینت گفت وزنے محصنہ پاکیزہ را متہم بزنا کرد و استفتائے شریعت را ہم انکار نماید یعنی چوں او را عالمے گفت کہ برہمچنیں قول تو بحسب شرع فتوی باشد گفت کہ "من چندیں استفتہائے شرع را حدث کردہ بر باد دادہ ام و نیز خواہم داد" پس بحسب شرع شریف و دین منیف چہ حکم دارد و مخالطت و مجالست با او روا باشد یا نہ بینوا توجروا۔

**الجواب:** - سب و شتم مسلم بے وجہ شرعی سخت کبیرہ است حرام قطعی۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

"سباب المسلم فسوق دشنام دادن مسلمان را معصیت ست

marfat.com

کبیره رواه البخاری و مسلم والترمذی والنسائی وابن

ماجة والحاکم عن ابن مسعود رضی اللّٰه تعالیٰ عنه''

وی فرمایند صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

''ساب المسلم کالمشرف علی الهلکة مسلم را دشنام

دہندہ گویا در ہلاکت زنندہ رواه الامام احمد و البزار عن

عبد اللّٰه بن عمرو رضی اللّٰه تعالی عنهما بسند جید''

نیز می فرمایند صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

''من اذی مسلماً فقد اذانی ومن اذانی فقدا اذی الله

کسے کہ مسلمان را ایذا داد مابدولت را ایذا داد (سرت گردم و

قربانت شوم) و ہر کہ مابدولت را ایذا داد منتقم حقیقی را ایذا داد

(عز جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) رواه الطبرانی فی الاوسط

عن انس رضی الله تعالیٰ عنه بسند حسن''

واو تعالیٰ شانہ می فرماید:

''وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ''

وی فرید جل جلالہ:

''اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا

وَالآخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً مُّهِيناً لاریب کسانیکه اللہ ورسول را

ایذامی دہند خدای ایشان رالعنت کردہ است در دنیا وآخرت

مہیا کردہ است مرایشان راعذاب دردناک وخوار کنندہ''

پس از فرمان حضور سرور دوجہاں علیہ التحیۃ والثنا کہ بروفق شکل اولست نتیجہ کہ

حاصل شد'' من اذی مسلما فقد اذی اللّٰہ ''صغری کنیم وآیۂ کریمہ'' ان الذین

یوذون الآیہ'' راکبری پنداریم نتیجہ بہیجہ برمی خیزد کہ برناحق شاتم مسلم بلاہا بی ریزد و

ہمچنیں است حکم قذف محصنہ کی بے حجت شرعیہ معصیت ست کبیرہ سزا یش ہستاد درہ و

نامقبول شہادت ابدیدت برآن طرہ۔

پس درصورت مستفسرہ ایں کس ناکس فاسق ست وبرفسقش خودقرآن ناطق:

''وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْ

هُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَداً وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ''

وآنچہ نسبت فتاوی شرعیہ چنیں وچناں گفت وبصریح استخفاف گل دیگر شگفت از

اثم وفسوق بالا تاخت وسند آن کفر برجام ایمانش انداخت بتوبہ وانابت پرداز دوکلمۂ

شہادت بصدق قلب برزبان راند ورنہ عجب نے کہ شامت ایں کلمات کفر بسوئے خاتمہ

انجامد وبرہمیں ارتداد جان از دست باز د۔

marfat.com

در ''خلاصہ'' می فرماید:

''لوقال مرابا مجلس علم چہ کار اوقال من یقدر علی اداء ما یقولون یکفر اھ''

در ''عالمگیری'' ست:

''لو القی الفتوی علی الارض وقال ایں چہ شرعست کفراھ ملخصًا''

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری در ''شرح فقہ اکبر'' ارشاد می نماید:

''القی الفتوی علی الارض ای اھانۃ کما یشیر الیہ عبارۃ الالقاء او قال ماذا الشرع ھذا کفراھ''

الحاصل ایں کس ناکس فاسق یعنی چہ فاش مرتد ست ومخالطت ومجالست باو بالاجماع حرام وموجب ہزاراں آثام: و نسئل اللّٰہ عفو والعافیۃ فی الدین و الدنیا و الآخرۃ واللّٰہ سبحٰنہ و تعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم و احکم.

کتبہ محمد ن المعروف بحامد رضا

کانہ لہ اللہ تعالیٰ بجاہ جلیبہ المجتبی علیہ افضل التحیۃ الثناء

# ترجمہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ

ایک مسلمان نے ایک دوسرے معروف النسب مسلمان کو ناسزا گالیاں دیں یعنی

حرام زادہ اور بدطینت کہا اور ایک پاکباز محصنہ عورت کو زنا سے متہم کیا اور شرعی استفتاء کا بھی انکار کرتا ہے یعنی جب ایک عالم نے اس سے کہا کہ تیرے اس قول پر حسب شرع فتویٰ لگے گا اس نے کہا میں نے شریعت کے ایسے فتوؤں کو پھاڑ کر کے بہادیا اور بہادوں گا، پس ایسے شخص پر بحسب شریعت و دین منیف کیا حکم ہے؟ اس سے ملنا جلنا اس کے ساتھ نشست و برخاست جائز ہے یا نہیں؟ بیان کیجئے اور ثواب پایئے!

**الجواب:** - بلاوجہ شرعی کسی مسلمان کو گالی دینا برا بھلا کہنا حرام قطعی گناہ کبیرہ ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''مسلمان کو گالی دینا گناہ کبیرہ ہے اس حدیث کو امام بخاری و مسلم و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و حاکم نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا''

اور رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

''مسلمان کو گالی دینے والا ہلاکت میں پڑنے والا ہے اس کو امام احمد اور بزاز نے عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سند جید سے روایت کیا''

نیز رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

''جس نے کسی مسلمان کو ایذا دیا اس نے مجھ کو ایذا دیا اور

marfat.com

جس نے مجھ کو ایذا دیا مالک حقیقی کو ایذا دیا (عز جلالہ وصلی
اللہ علیہ وسلم) اس حدیث کو طبرانی نے اوسط میں انس رضی
اللہ تعالیٰ عنہ، سے سند حسن سے روایت کیا''

اور اللہ تعالیٰ جل شانہ، فرماتا ہے:

''جو لوگ اللہ کے رسول ﷺ کو ایذا دیتے ہیں ان کے لئے
درناک عذاب ہے''

نیز فرماتا ہے:

''جو شخص اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتا ہے اس پر دنیا اور
آخرت میں خدا کی لعنت ہے اس کے لئے درناک اور دشوار
کن عذاب تیار کیا گیا ہے''

تو فرمان حضور سرور دو جہاں علیہ التحیۃ والثناء کے مطابق شکل اوّل پر نتیجہ حاصل ہوا ''من اذی مسلماً فقد اذی اللہ'' کو ہم صغریٰ بناتے ہیں اور آیت کریمہ ''ان الذین یوذونُ اللہ'' کو کبریٰ بناتے ہیں تو ایک صاف ستھرا روشن نتیجہ نکل آتا ہے کہ بلاوجہ شرعی کسی مسلمان کو گالی دینے والے پر مصائب نازل ہوتے ہیں۔

یہی حکم محصنہ پاکدامن عورت پر تہمت لگانے والے کا ہے کہ بلاوجہ شرعی معصیت کبیرہ ہے اور اس کی سزا اسّی کوڑے اور اس پر طرہ یہ کہ ہمیشہ کے لئے ''مردود الشہادہ'' رہے گا۔

marfat.com

تو صورت مستفسرہ میں یہ شخص فاسق اور خود قرآن اس فسق پر ناطق اور وہ جو اس نے فتوئ شرعیہ کے بارے میں چیں و چنابکا اور استخفاف صریح میں ایک اور ہی گل کھلایا اور گناہ و فسق کو بلائے طاق رکھ دیا، اثم و فسوق کے لئے بھی اونچی چھلانگ لگائی اور اپنے جامۂ ایمان پر کفر کی سند چسپا کر لی تو بہ و استغفار کرے اور صدق دل سے کلمۂ شہادت زبان پر لائے ورنہ عجب نہیں کہ یہ کلمۂ کفر خاتمہ کی طرف پہنچے اور اسی ارتداد پر جان ہاتھ سے دھو بیٹھے۔

''خلاصہ'' میں فرماتے ہیں:

''اگر کسی نے یہ کہا: مجھے مجلس علم سے کیا کام، یا یہ کہا کہ ''کون قادر ہے اس کی ادائیگی پر جو یہ (علماء) لوگ کہتے ہیں کافر ہو گیا''

''عالمگیریہ'' میں ہے:

''اگر فتوی کو زمین پر پھینک دیا اور کہا یہ کیا شریعت ہے کافر ہو گیا اھ ملخصاً''

علامہ علی قاری ''شرح فقہ اکبر'' میں ارشاد فرماتے ہیں:

''فتوی کا زمین پر پھینکنا یعنی اہانت کرنا جیسا کہ ''القی'' کے لفظ سے اشارہ ہوتا ہے یا کہا کہ یہ کیا شرع ہے یہ کافر ہو گیا''

marfat.com

**الحاصل** یہ شخص فاسق اور کھلا مرتد ہے اور اس سے میل جول اور اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا بالاجماع حرام اور ہزاروں گناہوں کا موجب ہے:

ونسئل اللّٰہ العفو والعافیۃ فی الدین والدنیا والآخرۃ واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جلّ مجدہ اتم واحکم.

یعنی ہم اللہ سے بخشش وعافیت کا سوال کرتے ہیں دین ودنیا اور آخرت میں اور اللہ اس کی ذات پاک وبلند ہے وہی زیادہ جانتا ہے اور اسی کا علم وبزرگی بلندی میں اکمل واحکم ہے.

کتبہ محمدن المعروف بحامد رضا

کانہ لہ اللّٰہ تعالیٰ بجاہ جلیبہ المجتبی علیہ افضل التحیۃ الثناء

بحمد اللّٰہ تمّ

marfat.com













شبیر برادرز ۴۰ اردو بازار لاہور